رجسٹری شدہ

باہتمام

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

یہ کتاب لاجواب

من تصنیف فقیر حقیر محمد اصغر علی خلف حاجی جھنڈے مرحوم لودیانوی

الموسوم بہ

گنجینہ طبیب

(پانچواں اڈیشن)

حسب فرمایش چند احباب برائے افادہ خاص و عام

بہ صحت تمام

سنہ ۱۹۰۹ء

در مطبع ... لودیانہ باہتمام حکیم محمد صغیر علی طبع شد

۱۳۲۷ھ

تعداد ۲۰۰۰ جلد | قیمت فی جلد عمہ

هُوَ الشَّافِی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عرض

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہٖ محمدٍ وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین اما بعد مخفی نہ رہے کہ فقیر حقیر سراپا تقصیر احقر العباد محمد اصغر علی خلف حاجی جھنڈو بودیانوی کا مدت سے ارادہ تھا کہ ایک طب کی ایسی مختصر کتاب چھپوائی جائے جس میں ہر مرض کا علاج مرد عورت بچہ کا پورا پورا درج ہو اور ہر قسم کے شربت و معجون جوارشوں اور دھاتوں کے کشتہ و زندہ و جوہر اڑانے کے نسخے اور شعبدات و عملیات وغیرہ کے علاوہ ساتھ ہی ایک مخزن الادویہ بھی ہو۔ اور جو کچھ اس میں درج ہو وہ نہایت مجرب ہو تاکہ اس کتاب کے بعد اور کسی کتاب کے مطالعہ کی ضرورت نہ ہو +

لہذا سنہ ۱۹۰۴ع میں دلکو مجبور کرکے آمادہ کیا کہ ضرور بضرور ایسی کتاب لکھکر ملک کو فائدہ پہنچانا۔ اور اپنی ایک یادگار دنیا میں چھوڑنا چاہیے۔ لیکن چونکہ میں نے نسخہ جات وغیرہ بڑی جانفشانی اور طرح طرح کی مصیبت اٹھاکر اور لوگوں کی خدمتیں کرکے حاصل کئے ہوئے تھے۔ طبیعت کو اُن اسرار سربستہ کا اظہار بہت کچھ گراں بار معلوم ہوتا تھا۔ لیکن کچھ خدا کی عنایت سے اُسوقت یہی دل میں بسا کہ ملک کو فائدہ ضروری پہنچانا چاہیے +

بس اُسی وقت خیال پختہ کرکے جو کچھ جمع کیا ہوا تھا چھپوا کر شائقین کے پیش کیا اُس پہ خدا کے فضل سے یہ کتاب یعنی گنجینہ طبیب اس قدر مقبول عام ہوئی کہ فوراً

دوسری اور پھر تیسری پھر چوتھی دفعہ بھی اِس تعجیل سے یہ گنجینہ تھوڑے عرصے میں ہی طبع ہو کر فروخت ہوئی کہ اب یہ پانچویں دفعہ فوراً ہی بہت درخواستیں زیر تعجیل رکھکر چھپوانی شروع کی اور قیمت سابقہ صرف ایکروپیہ علے مع محصولڈاک ہی رکھی ہے جس پر مجھے اُمید کامل ہے کہ یہ گنجینہ نایاب اپنے فوائد اور خوبصورتی لکھائی اور چھپوائی سے ایک عالم کو اپنا گرویدہ پہلے سے بھی زیادہ بناکر مجھے چھٹی دفعہ کچھ اور زیادہ مضمون اور حجم کراکے چھاپنے کی ہمت دلائے گا +

میں اُس طبیبِ حقیقی کا شکر اور شایقین کی عنایت کا شکریہ کس زبان سے ادا کروں جنہوں نے اِسکی قدر کی کیونکہ آجکل ہزاروں کتابیں نسخہ جات وغیرہ کی موجود ہیں مگر بقول شخصے ؎ ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است۔ لیکن بفضلِ خدا جس شایق نے بنظرِ غور اِسے ملاحظہ فرمایا۔ ضرور مُفیدِ عام ریمارک دیا۔ اور جنہوں نے اُس کے نسخوں کو تجربہ کرکے فایدہ اُٹھایا۔ اُنہیں داد دینی ہی پڑی کیونکہ واقعی ایسی کتاب جس میں ہر مرض کا مجرّب علاج اور عضلات کی تصویریں اور مخزن الادویہ و کشتہ جات و صنعت و حرفت کے چیدہ چیدہ نسخے ہیں۔ کیوں نہ مفید ہو۔ یہی وجہ ہے کہ بہت جلد بفضلِ خدا پانچویں دفعہ بھی چھاپنے کی ضرورت ہوئی۔ پس یہ کتاب ہر ایک عیالدار کے گھر میں رکھنے کے لایق ہے۔ خاصکر اُن لوگوں کے لیے جن کو اکثر اوقات پردیس اور دیہات وغیرہ میں بود و باش رکھنے کا اتفاق ہو جہاں حکیم حاذق کا مِلنا غیر ممکن ہوتا ہو۔ ایسے صاحبان اِس سے زیادہ فائدہ اُٹھاکر خاکسار کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے اور اگر کہیں سہو یا غلطی پائیں گے تو عالی حوصلگی کو کام میں لاکر اصلاح فرمائیں گے۔ اور بندہ کو اطلاع کرکے موجب صحتِ کتاب و باعثِ مشکوری ہونگے۔ ع

از خوردان خطا و از بزرگان عطا

خاکسار فقیر حقیر محمد اصغر علی خلف حاجی جھنڈو بودیانوی۔ ماہ نومبر ۱۹۰۸ء

باب پہلا (۱)

علم طب کی تعریف و تقسیم

طب وہ علم ہے جس سے احوالِ بدن انسان کا معلوم کیا جاتا ہے از روئے صحت و مرض کے فائدہ اِس علم کا یہ ہے کہ صحت موجودہ کی حفاظت کیجائے اور جو صحت زائل ہو گئی ہو۔ اُسکو واپس لایا جائے۔ کیونکہ جب صحت زائل ہو گئی ہو۔ تو مرض موجود ہو گا۔ اُس وقت مرض کا علاج کیا جائے۔ بدن انسان کی دو ہی حالتیں ہیں صحت یا مرض صحت سے مُراد تندرستی اور مرض سے بیماری ہے +

ارکان جن کو اربعہ عناصر بھی کہتے ہیں چار ہیں۔ آگ - ہوا - پانی - مٹی - آگ کا مزاج گرم خشک ہے۔ ہوا کا گرم تر۔ پانی کا مزاج سرد تر ہے۔ مٹی کا سرد خشک ہے +

مزاج کی تعریف

حقیقت مزاج کی یہ ہے کہ جب گرمی میں سردی اور سردی میں گرمی اور تری کا خشکی میں اور خشکی کا تری میں اثر ہوتا ہے تو اُس ترکیب سے جو ایک کیفیت حاصل ہوتی ہے۔ اُس کا نام مزاج ہے +

اخلاطہ اربعہ

بدن انسان میں چار اخلاط ہیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔ خون۔ بلغم۔ صفرا۔ سودا۔ خون کا مزاج گرم تر۔ بلغم کا سرد تر۔ صفرا کا گرم خشک۔ سودا کا سرد خشک ہے۔ اور ان کی پیدائش کی کیفیت اِس طرح پر ہے +

مختصر تشریح جسم انسان

کل دُنیا کے حکماء کا اِس بات پر اتفاق ہے کہ اِنسان اشرف المخلوقات ہے۔ اور سات جزو اعظم سے اِنسان مرکب ہے، جن کے نام یہ ہیں: (۱) جسم عناصری (۲) جسم لطیف (۳) نفس یعنی جان۔ (۴)۔ روح یعنے نور آلہی۔ (۵)۔ خواہشات (۶)۔ ضمیر یعنی من۔ (۷)۔ عقل * پس اگر اِن میں سے کسی جزو کو خرابی پیدا ہوگی۔ تو اُس کا نتیجہ بیماری ہے تندرستی انسان کے لیئے سب سے بڑی نعمت ہے۔ اُس کے قایم رکھنے کے بغیر اِنسان یادِ خدا بھی نہیں کرسکتا۔ اِسلیئے ہر وقت اپنی طرف سے اِس کی صحت کا خیال چاہیئے۔ اور اصول کے مطابق اِس کتاب کو پڑھکر خوب سمجھ کر علاج خدا کا نام لیکر کرنا چاہیئے *

شروع بیان غذا اِنسان معہ نام خلطوں اور غذائی قوتوں کے

جو غذا اِنسان کہاتا ہے وہ غذا معدے میں پہنچتی ہے تو وہ جزو بدن ہونے تک اُسکی چار حالتیں ہوتی ہیں اور معدے میں چار پردے ہوتے ہیں اور یہ تھیلی جب غذا سے پھولی ہوئی نہیں ہوتی تو عموماً قریب ۱۲ انچہ کے لمبی اور شکم قریب ساڑھے چار انچہ کے قطر میں ہوتا ہے اُسکے اندر کیطرف ایک وندانہ دار باریک پردہ ہے یہ پردہ ڈھیلا ہوتا ہے اور جو رگیں معدہ میں ہوتی ہیں وہ خدا نے اِس خوبی سے بنائی ہیں کہ جسوقت غذا معدہ میں پہنچتی ہے تو ایک قسم کی حرکت معدہ میں پیدا ہوتی ہے اور غذا کو چکر دیتی ہے جب اس چکر کا رُخ کسی سبب سے تبدیل ہو جاتا ہے تو کہایا ہوا قے کے رستے سے باہر نکل جاتا ہے اگر چال درست ہے تو معدہ میں پہنچنے کے بعد معدہ کی مرطوب پردہ کی رطوبت اور اُس صفرا سے ملکر غذا کو رقیق کرکے گاڑھا سا سفید مائل رنگ

کا لُعاب بنا دیتی ہے جس کو کیلوس یعنی بلغم کہتے ہیں پھر یہاں سے اِس لعاب کا لطیف حصّہ باریک باریک رگوں سے جذب ہو کر جگر میں پہنچتا ہے اِس کا نام کیموس یعنی صفرا ہے اور پھر اِس کے ذریعے سے اُس رطوبت کی رنگت سُرخی مایل ہو جاتی ہے غرضیکہ جب جگر میں غذا پکتی ہے تو اِس کے چار حصّے پھر ہوتے ہیں۔ اِنہیں چارونکو خلط کہتے ہیں اِنمیں سے ایک کا نام صفرا ہے جو بطور پھین کے سب سے اوپر ہو جاتا ہے دوسرے خون جو درمیان میں ہوتا ہے۔ تیسرے سودا جو بطور دردیعنی تلچھٹ کے ہے۔ چوتھے بلغم جو بخوبی نہیں پکتا۔ پس بقائے بدن اِن چاروں سے ہے مگر یہ یاد رکھیں کہ اصل تو خون ہی ہے اور باقی سب بطور مصالح کے ہیں +

آگے اِن چاروں اخلاطِ اربعہ کی علامات جُدا جُدا تحریر کئے جاتے ہیں تاکہ بخوبی معلوم ہو جائے کہ کس مرض کا غلبہ ہے اُسی کو دیکھکر اُس کا علاج کیا جائے +

علامات اخلاط اربعہ

علامات غلبۂ صفرا۔ گرمی لمس کی اور زردی بدن و آنکھ و زبان کی تلخی اور خشکی دہن اور سوزش ناک کی اور نتھنوں سے ہوا گرم نکلنا اور زیادتی پیاس کی اور بھوک کم و متلی کا ہونا۔ اور قے تلخ نکلنا۔ اور سوزش و زردی بول کی بیداری و سوتے وقت چونک چونک پڑنا۔ اور سوزش و خارش بدن و رغبت و راحت اشیاء سرد و ترشی سے اور نبض میں تیزی و تواتر کا ہونا اور سب کی حرکت بھی اور اکثر سوء ہضم ہونا اور جلے ہوئے ڈکار آنا یہ سب علامتیں صفرا کی ہیں +

علامات غلبۂ سودا۔ لاغری و سیاہی بدن کے اور غلاظت خون کی اور زیادتی فکر کی اور بدخوابی و بیداری و تیرگی زبان کی اور خشکی دہن کی بلاتشنگی اور پیشاب کم ہونا اور دقیق ہونا اوّل میں اور غلیظ ہونا آخر میں بعد نفخ کے اور اشتہائے کاذب اور

سستی اور حرکتِ نبض کا قصیر ہونا اور خواب میں سیاہ شکل چیزیں دکھائی دینا یہ کل علامات سوداکی ہیں +

علامات غلبۂ بلغم - نرمی وسفیدی وسردی ظاہر بدن کی اور انتفاخ اور سفیدی آنکھ وزبان کی اور گرانی اعضاء کی اور کثرتِ خواب کی اور ضعفِ ہضم اور ڈکار ترش اور کندی حواس کی اور رطوبت کا بے سوزش ناک سے نکلنا - اور لعابِ دہن وپیشاب کا سفید اور زیادہ ہونا اور کف کا ہونا - اور حرکتِ نبض سست موٹا اور نرم ہونا علامات بلغم ہیں +

علامات غلبۂ دموی - حرارت ملمس اور گرانی تمام بدن وکثرت انگڑائی وجمائی اور نیند کی اور گند ہونا حواس کا اور سستی حرکات اور شیرینی دہن کی اور سرخی بدن آنکھ زبان اور کثرت سرخی بول اور سرعت اور زیادتی حرکت نبض میں اور کاہلی طبیعت میں بوجہ غلبۂ رطوبت دموی کے اور زیادہ ہنسنا اور مسکرانا اور نکلنا پھوڑے پھنسی کا اور خون کا مسوڑوں سے اور نکسیر کا بھی آنا یہی علامتیں دموی کی ہیں +

مرض کا ہونا

جب بے اعتدالی پیدا ہوتی ہے توکسی نہ کسی سبب سے انہیں خلطوں میں فرق ہونے سے کوئی نہ کوئی مرض پیدا ہو جاتا ہے پس اس کے دیکھنے کے لئے اطباء کو چاہیے کہ نبض سے یا چہرہ کی صورت یا رنگ سے زبان کی حالت اور صورت سے پیشاب کی مقدار اور رنگ وغیرہ سے حالات کو دیکھے اور پھر اُن کا علاج کرے +

بیمار ہونے پر سب سے پہلے مریض کو کیا کرنا چاہیئے

جب اِنسان بیمار ہووے تو وہ سب سے پہلے اپنے گناہوں سے توبہ کرے اور اگر کسی کا خاطی ہو تو جس طرح پر ممکن ہو اُس سے خطا معاف کرائے اور حتی المقدور خیرات کرے اور صدقہ دیوے اور مستقل مزاج رہے اور دوا کرنے سے صرف پرہیز کو مقدم جانے اور غذا صاف اور کم کھائے۔ بلکہ امراضِ بلغمی میں فاقہ کرنا نہایت مفید ہے۔ اور پانی جوش کیا ہوا پینا ہر مرض کے لئے بہتر ہے۔ مثل مشہور ہے:۔ ہزار دوا ایک پرہیز +

تشخیص مرض بذریعہ نبض

سب سے پہلے طبیب کو نبض دیکھ کر کچھ پتہ مرض کا معلوم کر لینا چاہیئے۔ اور نبض مریض کے ہاتھ کی دیکھنی اِس واسطے اُستادوں نے لکھی ہے کہ شریان مقابل دِل کے واقع ہے جو مبدا رنبض کا ہے۔ دوسرے ہاتھ کو مرد اور عورتیں بھی بخوشی دکھا سکتی ہیں۔ تیسرے شریان ہاتھ کی بخوبی نمایاں ہیں اور کسی گوشت میں ایسی عمدہ طرح سے نمایاں نہیں۔ چوتھے یہ شریان بخارات وغیرہ سے بھری ہوئی نہیں مثل شریان دیگر کے۔ پانچویں مثل شریان دیگر کے بہت باریک نہیں ہیں کہ جن کا دیکھنا مشکل ہو۔ چھٹے شریان نبض کی بمقابلہ اور شرائین کے وسیع اور روح حیوانی بھی اِس میں زیادہ ہے +

شرائط مریض کو نبض دکھانے میں

(۱)۔ مریض کو چار زانو بیٹھکر نبض دکھانی چاہیئے +

سستی اور حرکتِ نبض کا قصیر ہونا اور خواب میں سیاہ شکل چیزیں دکھائی دینا یہ کل علامات سوداکی ہیں +

علامات غلبۂ بلغم - نرمی وسفیدی وسردی ظاہر بدن کی اور انتفاخ اور سفیدی آنکھ وزبان کی اور گرانی اعضاء کی اور کثرت خواب کی اور ضعفِ ہضم اور ڈکار ترش اور کندی حواس کی اور رطوبت کا بے سوزش ناک سے نکلنا - اور لعابِ دہن وپیشاب کا سفید اور زیادہ ہونا اور کف کا ہونا - اور حرکتِ نبض سُست موٹا اور نرم ہونا علامات بلغم ہیں +

علامات غلبۂ دموی - حرارت بلمس اور گرانی تمام بدن وکثرت انگڑائی وجمائی اور نیند کی اور گند ہونا حواس کا اور سستی حرکات اور شیرینی دہن کی اور سُرخی بدن آنکھ زبان اور کثرت سُرخی بول اور سرعت اور زیادتی حرکت نبض میں اور کاہلی طبیعت میں بوجہ غلبۂ رطوبت دموی کے اور زیادہ ہنسنا اور مُسکرانا اور نکلنا پھوڑے پھنسی کا اور خون کا مسوڑوں سے اور نکسیر کا بھی آنا یہی علامتیں دموی کی ہیں +

مرض کا ہونا

جب بے اعتدالی پیدا ہوتی ہے تو کسی نہ کسی سبب سے اِنہیں خلطوں میں فرق ہونے سے کوئی نہ کوئی مرض پیدا ہو جاتا ہے پس اِس کے دیکھنے کے لئے اطبّاء کو چاہیے کہ نبض سے یا چہرہ کی صورت یا رنگ سے زبان کی حالت اور صورت سے پیشاب کی مقدار اور رنگ وغیرہ سے حالات کو دیکھے اور پھر اُن کا علاج کرے +

بیمار ہونے پر سب سے پہلے مریض کو کیا کرنا چاہیئے

جب انسان بیمار ہووے تو وہ سب سے پہلے اپنے گناہوں سے توبہ کرے اور اگر کسی کا خاطی ہو تو جس طرح پر ممکن ہو اُس سے خطا معاف کرائے اور حتی المقدور خیرات کرے اور صدقہ دے اور مستقل مزاج رہے اور دوا کرنے سے صرف پرہیز کو مقدم جانے اور غذا صاف اور کم کھائے۔ بلکہ امراضِ بلغمی میں فاقہ کرنا نہایت مفید ہے۔ اور پانی جوش کیا ہوا پینا ہر مرض کے لئے بہتر ہے مثل مشہور ہے:۔ ہزار دوا ایک پرہیز +

تشخیص مرض بذریعہ نبض

سب سے پہلے طبیب کو نبض دیکھ کر کچھ پتہ مرض کا معلوم کر لینا چاہیئے۔ اور نبض مریض کے ہاتھ کی دیکھنی اس واسطے استادوں نے لکھی ہے کہ شریان مقابل دل کے واقع ہے جو مبدا نبض کا ہے۔ دوسرے ہاتھ کو مرد اور عورتیں بھی بخوشی دکھا سکتی ہیں۔ تیسرے شریان ہاتھ کی بخوبی نمایاں ہیں اور کسی گوشت میں ایسی عمدہ طرح سے نمایاں نہیں۔ چوتھے یہ شریان بخارات وغیرہ سے بھری ہوئی نہیں مثل شریان دیگر کے۔ پانچویں مثل شریان دیگر کے بہت باریک نہیں ہیں کہ جن کا دیکھنا مشکل ہو۔ چھٹے شریان نبض کی بمقابلہ اور شرائین کے وسیع اور روح حیوانی بھی اس میں زیادہ ہے +

شرائط مریض کو نبض دکھانے میں

(۱) مریض کو چار زانو بیٹھکر نبض دکھانی چاہیئے +

(۲)۔ مریض کو بازو یا کمر باندھے نہ ہونا چاہیئے +

(۳)۔ وقت دکھانے نبض دوڑ کر یا کوئی بھاری کام کر کے نہ آیا ہو۔

(۴)۔ وقت دکھانے نبض کے ہاتھ کو گھٹنے پر نہ رکھنا چاہیئے بلکہ پہلو کے مقابل رکھنا بہتر ہے

نبض دیکھنے کا طریقہ

حکمائے ہند نے نبض کے دیکھنے کا قاعدہ اس طرح سے رکھا ہے کہ اگر مریض مرد ہے تو اُس کا دائیاں ہاتھ اور اگر عورت ہے تو اُس کا بائیاں ہاتھ خدا کا نام لیکر اول اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیوں سے دونوں کو دیکھیں اور جب ہاتھ سے پکڑو تو آپ انگشت شہادت کے نیچے جو مریض کی شریان آئیگی جس کے اندر خون کی رفتار سے مریض کی کیفیت دریافت کرنی ہے زیادہ زور سے پھڑکتی ہوئی معلوم کرو اور باقی دونوں انگلیوں کے نیچے اُسقدر حرکت معلوم نہو تو سمجھ لو کہ مریض کو غلبہ باد ہے۔ اور اگر تمہاری دوسری یعنے انگشت درمیانی کے نیچے نبض زیادہ زور سے پھڑکتی ہوئی معلوم ہو تو سمجھ لو کہ غلبۂ صفرا ہے اور اگر تمہاری تیسری یعنے نر انگشت چہارم کے نیچے نبض کی حرکت زیادہ محسوس ہو تو معلوم کرو کہ غلبۂ بلغم ہے۔ یہ سب باتیں زیادہ مشق سے حاصل ہوتی ہیں اور حکمائے ہند نے جو لکھا ہے وہ کچھ پیچیدہ ہے جسکا پڑھکر سمجھنا ذرا مشکل ہے اس لئے عاجز نے موٹی موٹی باتیں درج رسالہ ہذا کی ہیں کہ جس کو پڑھکر اپنا کام چل جائے۔ ورنہ نبض کا دیکھنا بہت مشکل ہے +

یہ یاد رکھیں کہ تندرست انسان کی نبض ایک منٹ میں ۷۲ مرتبے حرکت کرتی ہے اور گوشت کھانیوالے شخص کی ۷۵ مرتبے تک حرارت عزیزی زیادہ موجود ہونیکے سبب سے اُنکی نبض زیادہ حرکات کرتی ہے اگر ۷۵ سے زیادہ ہے تو بخار ہونیکی دلیل ہے دوم یہ بھی یاد رکھیں کہ ایک منٹ میں ۱۸ مرتبے سانس تندرست انسان لیتا ہے

اگر اس سے زیادہ ہے تو بیمار ہونے کی دلیل ہے ✦ سوم ۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ ڈاکٹر بخار کو تھرمامیٹر سے دیکھتے ہیں جو کہ ایک نلکی شیشے اور پارے کی ہوتی ہے اُسکو بغل میں دس منٹ لگا کر دیکھتے ہیں کہ اگر ۹۸ یا ۹۹ تک پارہ چڑھا ہے تو عمدہ صحت ہے اگر ۱۰۰ کے قریب ہے تو ہلکا بخار ہے اگر اوپر چڑھ جائے تو صاف بخار ہے اور ۱۰۲ درجے تک بخار کی معمولی حالت ہے ۔ فکر نہیں اس سے زیادہ اگر ہو تو فکر والا بخار سمجھو ✦ چہارم ۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ اگر انسان کی حالت تھرمامیٹر ۹۹ بتلائے تو نبض کی رفتار ایک منٹ میں ۷۵ ہو گی اگر ۱۰۰ درجہ بتلائے تو ۸۵ اگر ۱۰۱ درجہ بتلائے تو ۹۵ اگر ۱۰۲ درجہ بتلائے تو نبض ۱۰۵ دفعہ پھڑکیگی ✦

تشخیص بذریعہ ہاتھ

مریض کے سر کو بھی ہاتھ لگا کر دیکھیں کہ گرم ہے یا سرد ۔ اگر بہت گرم ہے اور ذراسی جلن ہے تو علامت تندرستی کی نہیں اگر پاؤں بھی گرم ہیں تو خیر اگر گرم نہیں سرد ہیں ۔ تو علامت اچھی نہیں اور اُس حالت میں آنکھ کا سُرخ ہونا بھی اچھا نہیں ✦

اگر آنکھ دُکھنے کا مریض ہو تو معدہ اور دماغ کے متعلق ضرور سوال کریں کیونکہ آنکھ میں خرابی عموماً انہی کے خراب ہونے سے ہوتی ہے اور اگر آنکھ میں چرک زیادہ ہے تو رطوبت کا باعث سمجھیں اگر آنکھیں سرخ ہوں اور درد ہو اور سر گرم ہو تو گرمی سمجھیں اگر زبان میلی ہو یا ورم ہو تو غرغرہ کرانے مفید ہیں ✦

تشخیص زبان مریض

زمانہ قدیم میں اطباء کا مدار تشخیص بذریعہ زبان زیادہ کیا کرتے تھے کیونکہ اس سے بہت زیادہ مدد ملتی تھی اسلئے طبیب کو چاہیئے کہ جب نبض دیکھ چکے تو زبان کو ضرور دیکھ کر ذیل کی علامتوں کا خیال کر کے نسخہ تجویز کرے ✦

(۱)- اگر زبان پر سفید رنگ کا میل جما ہوا ہو تو اُس سے ظاہر ہے کہ بخار موجود ہے۔

(۲)- تر اور میلی اور بھوری رنگ کی اگر ہو تو اُس سے بدہضمی اور قبض کو سمجھنا چاہیئے +

(۳)- خشک اور بھوری اگر ہو تو سمجھ لو کہ قوت حیوانی نہایت ضعیف اور کمزور ہو رہی ہے

(۴)- اگر خشک اور سرخ رنگ کی زبان ہو تو بخار اور ورم وغیرہ سمجھنا چاہیئے +

(۵)- اگر چٹی اور لرزاں ہو تو کثرت مے نوشی کے نقصان کی علامت سمجھیں +

(۶)- اگر باہر زبان نکالنے میں رکاوٹ ہو تو اُس سے ضعف دماغ سمجھنا چاہیئے +

تشخیص بذریعہ قارورہ یعنی پیشاب کے

یونانی طریق پر تشخیص مرض بذریعہ قارورہ ذرا بہت طویل ہے۔ اس لیئے عاجز ویدک طریق آسان ہونے کے سبب سے تحریر کرتا ہے۔

اوّل مریض کا پیشاب ایک پیالہ سفید چینی یا کٹورہ صاف کانسی غرضیکہ صاف چیز ہو اُس میں رکھو اور اس پیشاب پر ایک قطرہ روغن کنجد کا ڈالو پس اگر قطرہ روغن چوڑا ہو جائے اور مشرق کی جانب مائل ہو تو مریض جلد راضی ہوگا اور معمولی بیماری ہے۔ اگر جانب مغرب مائل ہو تو بُری علامت ہے اور اگر قطرہ پھیل جائے تو علامت زیادتی خون صفرا کی ہے اور اگر قطرہ تہ نشین ہو جائے یا وہ افشاں ہو جائے تو موت کی علامت ہے۔ اگر رنگ سرخ اور غلیظ ہو تو ضعف اور ورم جگر ہے۔ زردی سُرخی مائل گرمی صفرا کی ہے +

تشخیص بذریعہ خواب مریض

اگر مریض کو نیند نہ آتی ہو یا نیند میں بہت بڑبڑاتا ہو یا خواب میں سیاہ نیلی چیزیں ہوا میں اُڑتی معلوم ہوں یا اپنے آپکو کسی سواری تیز پر سوار دیکھے تو غلبہ مادہ باد سمجھنا چاہیئے +

یا اگر نیند کم آتی ہو اور بدن و ہاتھ و آنکھوں میں جلن معلوم ہو اور نیند کے وقت بیقراری ہو اور سرخ و زرد رنگ کی چیزیں یا آگ روشنی وغیرہ خواب میں دیکھے تو غلبہ صفرا کا سمجھنا چاہیئے +

یا اگر نیند گہری آتی ہو اور غنودگی بہت ہو سر اور بدن بھی بھاری ہو اور خواب میں پانی یا سفید رنگ کی چیز دیکھے تو بلغم سمجھنا چاہیئے +

باب ۲ دوسرا

نام امراض ابدان برائے حفظ و سہل طالبان علم طب معہ ترجمہ ہندی

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
اقسام صداع	قسم دردسر	عصابہ	درد دیرینہ اکہارہ ایک ابرو پر ہوتا ہے
سرسام	ورم دماغ یا سوج دماغ وغیرہ	سہر	نیند نہ آنا۔ ایک ابرو کا درد۔
سبات سہری	کبھی نیند بہت آنا اور کبھی بالکل	سبات	بہت نیند آنا
یا سہر سباتی	نہ آنا۔	نسیان	بات بھول جانا۔
جمود	حس و حرکت نہ رہنا	عشق	کسی چیز کا حد سے زیادہ خیال کرنا
مالیخولیا	سودا ہو جانا عقل کا سلیم و افکار	صرع	مرگی کا ہونا
	کا درست نہ رہنا۔	رعشہ	کانپنا اعضاؤں کا۔
جنون	وحشت و نفرت۔ دیوانہ پن	فالج	ادھرنگ یعنی نصف جسم طول میں
سکتہ	اعضاء کی حس و حرکت کا باطل ہونا		بیکار و بے حرکت ہو جاتا۔
	مشابہ مردے کے۔	لقوہ	چہرہ پھر جائے منہ کا ٹیڑھا ہو جانا

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
اختلاج	پھڑکنا جسم میں سے کسی عضو کا یا سارے جسم کا	کزاز	گردن کا اکڑ جانا۔
کابوس	خواب میں دبایا جانا۔ اور بڑبڑانا	استرخا	ڈھیلا ہو جانا جسم کا۔
تشنج	جسم کا کوئی حصہ کھنچا جائے	زکام	نزلہ اور رطوبات دماغ کا حلق یا بینی سے نکلنا

نامہای امراض چشم

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
رمد	جوش آنکھ	عشا	اندھراتا
نزول الما	موتیا چشم	دمعہ	آنسو آنکھ سے بہنا
بول العین	بے ارادہ پانی آنا آنکھ سے	ضعف بصر	دھند غباری وغیرہ
ذہب البصر	یکبارگی روشنی کو نہ دیکھ سکنا	خفش	کم نظر آنا وقت دھوپ آفتاب کے
شقیقہ چشم	درد ایک آنکھ کا۔	گل چشم	پھولہ آنکھ کا۔
شعر منقلب	پلک کے بال آنکھ میں الٹ کے پڑنے۔	شعر زائدہ	پڑوال چشم۔
قمل الاجفان	جوں پڑ جانا پلکوں میں۔	غلظۃ الاجفان	موٹا ہو جانا پلکوں کا۔
انتثار الاہداب	گر پڑنا ابرو اور پلکوں کا۔	غدہ	پیدا ہونا غدود کا آنکھ میں

نامہائے امراض گوش

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
وجع الاذن	درد کان	ورم الاذن	سوج جانا کان کا
وقر و طرش و صمم	ناقص یا بالکل عدم ہو جانا قوت سامعہ کا	ہرب الاذن	نفرت کرنی بلند آواز کے سننے سے
طنین و دوی	گھڑ کاٹ کان میں	انفجار الاذن	جاری ہونا خون کا کان سے۔
قذی الاذن	کوئی چیز پڑنی کان میں	کرم گوش	کیڑے پڑ جانے کان میں۔
قرحۃ الاذن	قرحہ کان	حکۃ الاذن	خارش کان۔

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
نامہائے امراض بینی یعنے ناک			
بثور الانف	پھنسی نکلنا ناک میں۔	قروح الانف	قرح ناک۔
بخر الانف	بدبوئی ناک میں۔	جفاف الانف	خشکی ناک۔
حکۃ الانف	خارش ناک میں۔	رض الانف	کوٹا جانا ناک کا۔
رعاف	نکسیر یعنی خون جانا	عطاس	بہت چھینک آنا۔
فساد شم	فاسد ہو جانا قوت شامہ کا۔	کرم بینی	کیڑے پڑ جانے ناک میں۔
نامہائے امراض زبان و دہان			
ورم اللسان	سوج جانا زبان کا۔	جفاف اللسان	خشکی زبان میں۔
حرقت اللسان	سوزش زبان کی۔	بخر الفم	بدبو آنی منہ سے۔
بثور الفم	پھنسیاں منہ میں پڑنا۔	کثرت اللعاب	زیادہ لعاب آنا۔
سیلان اللعاب	ہر وقت جاری رہنا لعاب دہان سے	قلاع	منہ کا پک جانا۔
فساد الذوق	فاسد ہو جانا قوت ذائقہ کا۔	تشقق الحنک	پھٹ جانا تالو کا۔
نامہائے امراض لب			
بیاض الشفت	سفید ہو جانا لب کا۔	تقشر الشفت	چھل جانا لب کا۔
تشقق الشفت	پھٹ جانا لب کا۔	ورم الشفت	سوج جانا لب کا۔
بثور الشفت	پھنسی نکلنا لب کا۔	اکل الشفت	خورہ لگ جانا لب کا۔

نامہائے امراض دندان و مسوڑہ

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
وجع الاسنان	درد دندان	تحرک الاسنان	ہلنا دانتوں کا۔
صریر الاسنان	پیسنا دانتوں کا خواب میں	ذہاب الاسنان	عاجز رہنا دانتونکا کھانیسے
نشہ دامیہ	خون جاری رہنا مسوڑوں سے	اکلتہ اللثہ	خورہ لگ جانا مسوڑہ میں

نامہائے امراض حلق وغیرہ

ورم الحلق	سوج جانا حلق کا	ثبور الحلق	پھنسی نکلنا حلق میں۔
سقوط اللہات	ساقط ہوجانا قوت گھنڈی کا	خناق	دم تنگ لینا اور تنگ نکلنا۔
تجر الصوت	گھگی بندھ جانا	الحلق والسواک	کسی چیز کا حلق میں اٹک جانا۔

نامہائے امراض سینہ وغیرہ

ضیق النفس	دم تنگ لینا۔ دمہ	سعال	کھانسی
نفث الدم	خون تھوکنا۔	ام الشش	سوج پھیپھڑہ کی
سل	یعنی کھانسی اور لاغری بدن معہ تپ	ذات الجنب	ورم عشاد عضلات پسلی معہ تپ
ذات الصدر	ورم سینہ معہ تپ	ذات الکبد	ورم جگر
جمود الصدر	بند ہوجانا سینہ کا باعث سردی کے	ڈبہ اطفال	عارضہ پسلی طفلان

نامہائے امراض قلب

خفقان	دل دھڑکنا اور گھبرانا	غشی دل	باطل ہونا حس و حرکت کا

نام مرض عربی	ترجمہ ہندی	نام مرض عربی	ترجمہ ہندی
جذب القلب	دل کو کھچاوٹ معلوم ہونا	قذف القلب	دل باہر کیطرف نکلتا معلوم ہونا
نقشر القلب	دل کو تراشگی	علت دخانیہ	دل کا دھواں نکلتا معلوم ہوتا
نامہائے امراضِ پستان			
ورم الثدی	سوج جانا پستان کا	صلب الثدی	سخت ہو جانا پستان کا۔
عظم الثدی	بہت بڑا ہو جانا پستان کا	دبیلۃ الثدی	پھوڑہ ہو جانا پستان کا۔
قلت اللبن	کم ہونا دودھ پستان میں	کثرت اللبن	بہت بڑھ جانا شیر پستان کا۔
نامہائے امراض معدہ			
وجع المعدہ	درد معدہ۔	ورم المعدہ	سوج معدہ۔
انقلاب المعدہ	الٹنا معدہ کا قے سے۔	اختلاج المعدہ	پھڑکنا معدہ کا۔
ضعف معدہ	ضعیف ہو جانا معدہ کا۔	ریح المعدہ	ہوا پیدا ہو جانا معدہ میں۔
جشاؤ	بہت ڈکار آنا	تمطی	بہت انگڑائی آنا۔
قے	اوپر چہل آنا۔	تہوع	خشک اوپر چہل آنا۔
غثیان	جی متلانا۔	تشنج المعدہ	کھچاوٹ معدہ کی ہوتی
فواق	ہچکی آنا۔	ہیضہ	دست وقے یکبارگی جاری ہونے
سوء الہضم	بگڑ جانا ہاضمہ کا۔	ضعف الہضم	درست ہاضمہ نہ رہنا کمزور ہو جانا
نامہائے امراض جگر			
ضعف الکبد	ضعف جگر	نفخ الکبد	پھول جانا جگر کا

ہر مرض عربی	ترجمہ ہندی	ہر مرض عربی	ترجمہ ہندی
وجع الکبد	درد جگر	سدۃ الکبد	سدہ جگر
ورم الطحال	سوج تلی	ضعف الطحال	ضعف تلی
صلب الطحال	سخت ہوجانا تلی کا	وجع الطحال	درد تلی
نامہائے امراض امعاء و مقعد			
حبس	قبض شکم ہر وقت۔	خروج الریح	باہر نکلنا ہوا کا زیادہ سفرہ سے
زحیر	مروڑ یا جس کو پیچش کہتے۔	مغص	قبض ریح بمعہ درد۔
اسہال خونی	خون کے دست آئے۔	دیدان	کرم شکم۔
بواسیر	مہکے سفرہ پر نکل آنے۔	ورم مقعد	سوج ہوجانا مقعد پر۔
حکۃ المقعد	خارش سفرہ پر ہونی۔	ریح البواسیر	بواسیر ہوائی کا ہونا۔
نامہائے گردہ و مثانہ			
ضعف الکلیہ	ضعف گردہ	حصاۃ الکلیہ	ریگ و پتھری گردہ میں ہوجانا
ذیابیطس	بار بار بول آتا	ریح الکلیہ	ہوا بھر جانا گردہ میں۔
وجع المثانہ	درد مثانہ	حصاۃ المثانہ	ریگ مثانہ۔
حرقت البول	سوزش بول یعنے گرمی بول میں ہوتا	احتباس البول	بند ہوجانا بول کا۔
تقطیر البول	قطرہ قطرہ آنا بول کا	تسلسل البول	جاری رہنا بول بے ارادہ۔
سوزاک	خون اور ریم سوزش وغیرہ ہونا پیشاب میں	نتن البول	بدبو ہوجانا بول میں۔

باب تیسرا

انسان کے ہر عضو کی تصویریں

پنجر انسان

ہڈیاں پنڈلی و پنجہ کی
ران کی ہڈی
ہڈیاں ران و جوڑ کی
پنڈلی کی دو ہڈیاں ملی ہوئی
شکل پاؤں
شکل پاؤں
شکل پاؤں
رضفہ
شکل پنجہ پاؤں
شکل پنجہ

شانہ
شکل ہڈی سینہ و پسلیوں کی
فقرات ظہر

انسان کے پیٹ کی شکل
۱ و ۲ - چمڑا
۳ - دایاں پھیپھڑا
۴ - بایاں پھیپھڑا
۵ و ۶ و ۷ و ۸ - دل
۹ - پھیپھڑوں کی نلی
۱۰ - شاہ رگ
۱۱ - اُترنے والی رگ
۱۲ - نرخرا - ۱۳ - حلقوم
۱۵ - پردہ شکم - ۱۶ - جگر
۱۷ - صفرا کی تھیلی
۱۸ - معدہ - ۱۹ - تلی
۲۰ و ۲۱ و ۲۲ - انتڑیاں
شکل گردن و منہ
جبڑوں کی شکل مع دانت
شکل دانت
جوڑ کی ہڈیاں

تمام جسم کی شرائین
۱۔ شرائین مستدیہ القلب
۲۔ لا اسم لہ
۳۔ لا اسم لہ
۴۔ شرائین سباتی عامۃ الیسیر
۵۔ شریان قنایۃ
ترقوبہ
۶۔ شریان شباتی عامہ ایمن
۷۔ شرائین شباتی تحتانیہ
ترقوہ ایمن
۸۔ شرائین شباتی ظاہرہ
۹۔ شرائین الاوجہ والعقد
۱۰۔ شرائین زندال سفل
۱۱۔ شرائین زندال اعلے
۱۲۔ شرائین حجاب القلب
۱۳۔ شریان شفنیہ
۱۴۔ شریان مری
۱۵۔ شرائین غشائے ریہ
۱۶۔ شرائین اضلاع
۱۷۔ شرائین و باغرغما
۱۸۔ شرائین بطنی
۱۹۔ شرائین کلیتین
۲۰۔ شرائین ہاسار بقا اعلے
۲۱۔ شریان جل المنی
۲۲۔ شریان ہاسار بقا اسلسل
۲۳۔ شریان قطنی
۲۴۔ شریان متوسط العجز
۲۵۔ شریان الحرقیہ عامہ
۲۶۔ شرائین معدہ
۲۷۔ شرائین کبد
۲۸۔ شرائین طحال
۲۹۔ شریان
خرفقہ غایدہ
۳۰۔ شریان خرفقہ ظاہر و
۳۱۔ شریان فخذ
۳۲۔ شریان الداخلی
۳۳۔ شرائین مقدمہ
قصبہ الکبریٰ
۳۴۔ شریان موخر
قصبۃ الکبریٰ

تقسیم
دماغ
بطن مقدم
قوت حافظہ
بطن وسط آگے کا ابھار
تقسیم آنکھ
جوف
اتنی آنکھ چشم خانہ سے باہر ہے
اندرونی حصہ
آنکھ کا وہ حصہ جس قدر باہر ہے

نقشہ دل

دل انسان کے پستانِ چپ کے عین نیچے پھیپھڑہ کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ ایک ٹکڑا گوشت گلاب کی کلی کے شکل کا ہے۔ نیچے والا حصہ نوکدار اسمیں چار خانے ہیں۔ انسان کے جسم کی جتنی رگیں اور شریان ہیں اِن سب کی جڑ یہی ہے۔ جگر سے جو خون بنکر آتا ہے وہ اِسی میں آکر جمع ہوتا ہے اور پھر یہاں سے تمام جسم میں دورہ کرتا ہے اور تمام جسم کا سیاہ خون دِل میں پہنچتا ہے اور وہاں سے پھیپھڑہ میں جاکر سُرخ اور صاف ہوکر دِل میں سے ہوکر تمام بڑی بڑی شریانوں میں سے ہوکر باریک باریک نلکیوں میں سے تمام جسم میں پھرتا ہے اور یہاں سے ہی ایک بڑی شریان ہاتھوں کے انگوٹھے کی جڑ میں پھڑکتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اِسی سے زندگی کے جملہ حرکات اور کیفیات درستی پر حصر رکھتی ہیں +

نقشہ صرف پھیپھڑوں کا

یہ دو ٹکڑے سینہ میں ایک جانب راست ایک جانب چپ واقعہ ہیں

دل و پھیپھڑوں کا تعلق

نقشہ جگر کی سامنی سطح کا

یہ جسم انسان میں سب سے بڑا ٹکڑہ گوشت کا ہے اور پھیپھڑہ کے نیچے سے پیٹ میں ہر جانب پھیلا ہوا ہے اسکو کلیجہ بھی کہتے ہیں اسمیں بہت رگ ریشہ ہیں غذا سے جو خون بنتا ہے اُسکا کارخانہ بھی یہی ہے غذا اسی کے زور سے ہضم ہوتی ہے اور اسی سے غذا کا آبی حصہ چھنکر پیشاب بنکر خارج ہوتا ہے اور خون کا رنگ اسی میں سرخی پکڑتا ہے اسکے نیچے کیطرف ایک تھیلی باریک لگی ہوئی ہے جسکو پتہ کہتے ہیں اس سے بہت سی نالیاں اور باریک باریک جنتے معدہ کی ہر جانب پھیلی ہوئی ہیں اور انہی نالیوں کے ذریعہ سے صفرا معدہ میں صاف ہوکر ٹپکتا ہے اور کچھ نالیوں کے ذریعہ سے معدہ کی غذا کا جوہر جگر میں پہنچکر خون بنتا ہے اور کچھ نلیوں سے اس

خون کا آبی فضلہ ٹپک کر اسکے اندر سے گردونمیں سے ہوکر پیشاب بنکر مثانہ میں جمع ہوتا ہے۔

نقشہ معدہ

یہ جسم انسان میں مشک کی شکل کی ایک تھیلی ہے۔ جس میں غذا جمع ہوتی ہے اور اُسکی جگہ برابر جگر کے ساتھ ہے اور ناف سے اوپر ہے خاص پیٹ اسی کو کہتے ہیں اوپر گلے سے ایک لمبی نالی شروع ہو کر سینہ کے محراب کے نیچے چوڑی ہو کر معدہ کے ساتھ تک ہے جس جگہ معدہ کی چوڑی شکل شروع ہوتی ہے اُسکو فم معدہ کہتے ہیں معدہ پیٹ میں بائیں طرف کو زیادہ چوڑا اور داہنی طرف کو نیچے کیطرف تنگ ہوتا ہوا ایک باریک نلکی میں تبدیل ہو جاتا ہے جسکو انتڑیاں کہتے ہیں۔ انتڑیاں ناف کے نیچے سے شروع ہوتی ہیں وہاں پر کچھ پٹھوں کے ذریعہ سے اُس کا سوراخ کسا رہتا ہے تاکہ غذا ہضم ہونے سے پہلے اُس میں نہ اُتر جائے پس جوں جوں غذا ہضم ہوتی جاتی ہے اُسی طرح آہستہ آہستہ اُترتی جاتی ہے۔

نقشہ معدہ مع شکل طحال

بائیں طرف پسلیوں کے نیچے ایک اور مضغہ گوشت ہے جو معدہ سے بہت قریب ہے اسکو طحال اور تلی بھی کہتے ہیں اِس کے خراب ہونے پر طرح طرح کی بیماریاں ہو جاتی ہیں یہ نہایت ضروری جسم کا آلہ ہے۔

نقشہ گردہ مع مثانہ

گردے ناف کے بالمقابل پشت کی ہڈی کے ساتھ لگے ہوئے ہیں جو شکل میں بڑی بڑی گٹھلیوں کے ہیں جگر سے جو رطوبتِ فضلہ خارج ہوتی ہے وہ انہی گٹھلیوں سے ہوکر دو نالیوں سے قطرہ قطرہ ٹپک کر پیڑو میں جسکو مثانہ کہتے ہیں جاتی ہے اور پھر پیشاب بنکر

باب (۴) چوتھا

نقشہ وزنوں کی کیفیت کا جو علم طب میں مستعمل ہیں

نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت
چاول	۸ خشخاش کا ہوتا ہے	درم	۳ ماشہ کا ہوتا ہے
رتی	۸ چاول کی ہوتی ہے	درہم	۸ جو بھر کا ہوتا ہے
ماشہ	۸ رتی کا ہوتا ہے	دام	ایک تولہ ۸ ماشہ
تولہ	۱۲ ماشہ کا ہوتا ہے	دام خام	ایک تولہ ۲ ماشہ
چھٹانک	۵ تولہ کی ہوتی ہے	مثقال	۳ ماشہ ۶ رتی
سیر شاہی	۱۲ ماشہ کا ہوتا ہے	سرخ یا رتی	۴ جو یا ۸ چاول بھر
سیر انگریزی	۸۰ تولہ کا ہوتا ہے	ٹانگ	۴ ماشہ
من	۴۰ سیر کا ہوتا ہے	بہلولی	۴۱ ماشہ
رطل	۳۸ تولہ ۴۰ ماشہ کا ہوتا ہے	دینار	ایک مثقال شرعی یعنے ۷۵ جو۔
پینس انگریزی	۶ ماشہ ۴ رتی	دانگ	بموجب طب ۴ رتی بموجب شرع ۸ چاول

نقشہ انگریزی وزن

نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت
ایک گرین	نصف رتی کے برابر	ایک اونس	ڈھائی تولہ کے برابر
۴۰ گرین	چار ماشہ کے برابر	۱۶ اونس	چالیس تولہ کے برابر
ایک ڈرام	۴۰ گرین یعنی ۴ ماشہ کے برابر	۱ پونڈ	ساڑھے پندرہ چھٹانک یعنی ۷۳۰ تولہ
۸ ڈرام	ڈھائی تولہ کے برابر	ٹن	ساڑھے ۲۷ من کے برابر

باب پانچواں (۵)

بیان بقائے قوّت ادویات یونانی

معلوم ہو کہ جو دوا پُرانی ہو جائے اُس میں کچھ اثر نہیں رہتا اسی وجہ سے آجکل یونانی دوا سے فائدہ کم ہوتا ہے کہ عطّار لوگ پُرانی برسوں کی دوائیں بھی فروخت کرتے رہتے ہیں جنکی قوّت بالکل زائل ہو جاتی ہے۔ ورنہ یونانی علاج بہت بہتر ہے +

پھل ہر قسم اُنمیں دو سال تک قوت باقی رہتی ہے پتّے و گھاس ہر قسم و گھی اس میں ایکسال تک قوت قایم رہتی ہے پھول اور سفوف ہر قسم انمیں چھ مہینے تک۔ صندل و گوند ہر قسم میں دس سال تک۔ جڑ میں خواہ کوئی ہو تین سال تک۔ شربت وغیرہ ایک سال تک اگر مضبوط کاگ سے بند ہوں +

(نوٹ) معدنیات میں ہمیشہ قوت رہتی ہے بلکہ جسقدر پُرانی ہو اُسیقدر زیادہ مقوّی ہوتی ہے +

باب چھٹا (۶)

نام اُن دواؤں کا جو رسائن ہیں

رسائن اُس دوا کو کہتے ہیں جو مقوّی تمام اعضاء اور قوٰی کی ہو اور جوانی برقرار رکھے اور مرض مہلک کو دور کرے مثلاً پان۔ مِنڈی۔ بھنگرا۔ سلاجیت۔ گلو۔ چوب چینی اسگند۔ شقاقل۔ گنگہک۔ باکچی۔ کشتہ پارہ۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ شنگرف۔ کشتہ سونا۔ کشتہ تانبا وغیرہ۔ لیکن کشتہ استعمال کرنے سے پہلے خوب اُسکو جانچ لینا چاہئے کہ خام نہ ہو +

باب (۷) ساتواں

علم طب کی اصطلاحوں کے نام معہ تشریح

نام عربی	اردو معنے	تشریح یعنے کیفیت
آبزن	پانی میں بیٹھنا	نیم گرم پانی میں مریض کو بٹھلانا۔ خواہ پانی دواؤں کا ہو۔ یا بغیر دواؤں کے ہو
اکتحال کحل	سرمہ لگانا	کوئی دوا باریک پیسکر آنکھ میں لگانا۔
انکباب	بھپارہ	دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ کا بخار چادر اوڑھاکر مریض کے کسی عضو کو پہنچانا +
بخور	دہونی	دوا آگ پر ڈالکر دماغ ناک یا کسی عضو کو دہواں دینا۔
برود	پوٹلی	چند دواؤنکو کپڑے میں باندھکر پانی یا عرق میں ترکرکے آنکھ پر پھیرنا۔
حقنہ	عمل کرنا	ادویہ مسہلہ کو پاخانہ کے راہ امعا میں پہنچانا۔
حمول شیاف	اُٹھار رکھنا	فرج یا دُبر میں دواؤں نکار رکھنا گولی یا کپڑے میں لپیٹ کر یا بتی بناکر۔
سعوط	ناک میں ٹپکانا	کسی تر دوا کو ناک میں ڈالنا۔ یعنی نسوار تر کا لینا۔
سنون	منجن	کوئی دوا پیسکر دانتوں پر ملنا۔
شموم ملخلخہ	سونگھنا	کوئی چیز تر یا خشک سونگھنا۔
ضماد طلا	لیپ	تر رقیق دوا کو کسی عضو پر لگانا۔
غرغرہ	گلی کرنا	دوا کے جوشاندہ کو منہہ میں چند لمحہ رکھکر گرادینا۔
فتیلہ	بتی	کپڑے کی بتی کسی دوا میں ترکرکے ناسور یا زخم یا کسی اور جگہ رکھنا۔
فرزجہ	لتہ	کپڑا دوا میں ترکرکے اندام نہانی میں رکھنا۔
مغلی	جوشاندہ	دواؤں کو ملاکر پانی میں جوش دینا۔
نقوع	خیساندہ	دواؤں کو ملاکر بھگو رکھنا۔ اور پھر ملکر صاف کرنا۔
مضمضہ	چبانا	کسی دوا کو دانت کے نیچے دبا رکھنا۔ آہستہ آہستہ چبانا۔ تاکہ رطوبت خارج ہو

باب آٹھواں (۸)

انسان کی کل بیماریوں کا مفصل حال و علاج

علاج و علامات۔ سر کی بیماریوں میں۔ جاننا چاہیئے کہ جب انسان بیمار ہو جائے تو وہ اپنے گناہوں سے توبہ کرے اور اگر کسی کا خاطی ہو تو جس طرح ممکن ہو اس سے خطا معاف کرائے اور حتی المقدور خیرات اور صدقہ دے اور مستقل مزاج رہے اور دوا کرنے میں صرف پرہیز کو مقدم جانے اور غذا صاف اور کم کھائے بلکہ امراض بلغمی میں فاقہ کرنا نہایت مفید ہے اور پانی جوش کیا ہوا اپنا ہر مرض کیلئے بہتر ہے۔ مثل مشہور ہے۔ ہزار دوا ایک پرہیز سب مرضوں کی دوا ہے۔

علاج دردسر۔ اگر دردسر گرمی سے ہو یعنے زیادہ دھوپ میں پھرنے یا آگ کے پاس بیٹھنے یا کوئی چیز گرم گرم کھانے سے تو ذیل کے کسی نسخہ کا استعمال کرائیں خدا کے فضل سے آرام ہوگا۔

نسخہ اول۔ لعاب بہیدانہ۔ شیرہ کاہو۔ شیرہ عناب۔ ہر ایک پانچ ماشہ لیکر شربت نیلوفر دو تولہ ڈالکر پلائیں اور صندل سرخ و سفید پانی میں گھسکر پیشانی پر لیپ کرائیں۔ گل ارمنی۔ صندل سفید ہر ایک ماشہ آب کشنیز میں پیسکر اور ایک رتی کافور ملا کر نسوار دینی بھی مفید ہے +

نسخہ دوم۔ برگ کیکر۔ برگ مہندی ہر ایک دو ماشہ سرکہ چھ ماشہ میں پیسکر پیشانی پر لگائیں +

نسخہ سوم۔ اگر دردسر صفرا سے ہو تو آنکھ و چہرہ کا رنگ زرد اور منہ کا ذائقہ تلخ ہو جاتا ہے اسوقت شربت نارنج نوش کرانا اور یہ طلا سر پر لگانا نہایت مفید ہے +

نسخہ طلا۔ صندل سفید۔ عرق کشنیز۔ دونوں کو ملا کر تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد لگاتے رہیں۔

دیگر علامات۔ اگر دردسر سردی سے ہو مثلاً سرد پانی کے نہانے سے یا شبنم میں سونے یا زیادہ سرد ہوا لگنے یا کسی سرد غذا کے کھانے سے تو ذیل کے نسخوں میں سے کوئی استعمال کرائیں +

نسخہ اول۔ صندل سرخ۔ زنجبیل۔ پوست بیخ ارنڈ۔ قدرے لیکر کوٹ کر ساٹھی کے قدرے چاول

میں پیسکر طلا کردیں بفضلِ خدا فوراً آرام ہوجائیگا۔

نسخہ دوم - تخم ارنڈ۔ زنجبیل۔ اجوائن۔ قدرے قدرے لیکر پانی میں پیسکر ضماد کرائیں +

نسخہ سوم - دارچینی ۱ ماشہ۔ اجوائن ۱ ماشہ۔ لونگ ایک عدد انکو باریک پیسکر پانی میں ملاکر گرم ضماد کرائیں اور کشمیری پتھ لیکر اسکی نسوار لیں فوراً درد رفع ہوگا +

دیگر - اگر دماغ کی خشکی اور ضعف کے سبب سے سر میں درد اور دوران ہوتا ہو تو اس حریرہ کا استعمال بہتر ہے اور بارہا دفعہ کا آزمودہ ہے +

نسخہ حریرہ - مغز بادام شیرین ۵ عدد۔ خشخاش سفید چار ماشہ۔ کشنیز خشک چار ماشہ تخم کاہو مقشر چھ ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں چار ماشہ۔ ان سب دواؤں کو پانی میں پیسکر شیرہ نکالیں اور پھر روغن گاؤ تین تولہ کو جوش دیکر شیرہ ہائے مذکور اس میں ڈالکر جوش دیں قند سفید تین چار تولہ ڈالکر آگ سے اُتارلیں اور پھر خدا کا نام لیکر نیم گرم نوش کریں +

نسخہ دوم - دوران سر کیلئے مفید ہے۔ خشخاش سفید چار ماشہ۔ چاول ساٹھی چار ماشہ۔ انکا شیرہ نکالکر کپڑے میں چھانکر آدھ سیر شیر گاؤ ملاکر آگ پر جوش دیں۔ جب جوش آنے لگے تو اُسوقت دو ماشہ مرچ سیاہ پیسکر ڈالدیں۔ پس جب دودھ گاڑھا ہوجائے تو نیچے اُتار کر ۲ ماشہ روغن گاؤ میں داغ دیکر قدرے قند سفید ڈالکر پلائیں +

نسخہ - ہر قسم کے درد کیلئے مفید۔ سیاہ مرچ کو شیرہ سنگترہ میں پیسکر پیشانی پر طلا کرنا بہتر ہے +

نسخہ دوم - مغز بادام ایک عدد۔ رائی چند دانے انکو پیسکر پیشانی پر لیپ کرنے سے فوراً کسی قسم کا درد ہو بفضلِ خدا دور ہوجاتا ہے۔ یا قدرے افیون کا لیپ بھی کرنے سے آرام ہوجاتا ہے +

درد شقیقہ - یعنے آدھے سر کا درد۔ یہ درد نزلہ یا ضعف دماغ سے ہوتا ہے اس کیلئے ذیل کے نسخے مفید ہیں لیکن سب سے بہتر نسخہ دوم میر احمد شاہ صاحب والا ہے +

نسخہ اوّل - زنجبیل چار ماشہ۔ صندل سفید پانچماشہ۔ پوست بیخ ارنڈ پانچماشہ

نوشادر ایکماشہ ان سبکو کوٹکر ساٹھی کے چاولونکے دھوئے ہوئے پانی میں پیسکر کنپٹیوں پر لیپ کریں +

نسخہ دوم مجربات میر احمد شاہ صاحب۔ اگر آدھے سر میں درد ہو تو اسطوخودوس چھ ماشہ۔ سیاہ مرچ ۶ عدد۔ کشنیز خشک چار ماشہ۔ انکو پانی میں پیسکر درد ہونے سے ایک گھنٹہ پیشتر بغیر مصری ڈالنے کے پی لو۔ لیکن یہ یاد رہے کہ اول پینے سے پیشتر قدرے مصری کھالو۔ پھر دوا گھوٹکر پی لو مجرب ہے۔ دو تین روز کے پینے سے شرطیہ درد جاتا رہیگا +

نسخہ سعوط یعنی نسوار دافع درد شقیقہ۔ آک کے پتے روغن میں چرب کرکے تھوڑا گرم گرم ہاتھ سے ملیں اور دو تین قطرے ناک کے دونوں سوراخ میں ٹپکائیں چھینک آنے سے آرام ہوگا۔ لیکن پینے کی دوا ضرور استعمال کرنی چاہیے +

نسخہ سوم۔ حریرہ برائے ضعف دماغ و دوران درد سر۔ سبوس گندم پانچتولہ کو لیکر پانی میں بارہ گھنٹہ تک تر رکھیں پھر صبح ملکر شیرہ نکالکر اس میں مغز بادام ۷ دانہ خشخاش سفید پانچ ماشہ۔ بسپاسہ یعنے جوتری تین ماشہ کشنیز خشک چار ماشہ۔ تخم کاہو چھ ماشہ۔ مغز تخم کدو چھ ماشہ الائچی کلاں دو ماشہ ان کا شیرہ نکالکر چھانکر تازے عرق گلاب ملاکر خفیف جوش دیکر طبیعت کے موافق قند سفید ڈالکر نوش کریں۔ چند روز کے استعمال سے ضعف دور ہوگا +

بیان زکام و نزلہ۔ جو فضلات دماغ سے ناک کی راہ نکلیں انکو زکام کہتے ہیں اور جو حلق میں گریں اُس کا نام نزلہ ہے۔ نشانی اگر گرمی سے ہو تو پتلا ہو اور فضلہ دماغ کا جلے اور سردی کا گاڑھا بے سوز ہو۔ علاج۔ اگر گرمی سے ہو تو یہ پلائیں۔ عناب پانچ دانہ سپستاں پندرہ سوزیاں اکیس۲۱ دانہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق مکو دس دس تولہ میں جوش دیکر چھانکر شربت نیلوفر دو تولہ اور لعاب بہیدانہ و شیرہ کاہو ہر ایک پانچ پانچ ماشہ سب کو ملائیں +

نسخہ دوم۔ سبوس گندم یعنے گندم کے آٹے کا چھان تین تولہ۔ نیلوفر ۴ ماشہ۔ بنفشہ ۴ ماشہ سوزیاں اکیس دانہ عناب پانچ دانہ۔ انکو خفیف جوش دیکر چھانکر شربت نیلوفر دو تولہ یا قند سفید ڈالکر صبح اور رات کو سوتے وقت کھانے کے دو گھنٹہ بعد پلائیں +

اگر سردی سے ہو جائے تو یہ نسخہ بہتر ہے۔ گاؤزبان۔ پرسیاؤشاں ہر ایک پانچماشہ بنفشہ بادیان۔ چار چار ماشہ جوش دیکر چھانکر شربت زوفا دو تولہ یا قند سفید ڈالکر خدا کا نام لیکر پلائیں +
نسخہ دافع نزلہ۔ بہیدانہ۔ تخم خطمی۔ گاؤزبان۔ ہر ایک پانچماشہ۔ نیلوفر تین ماشہ۔ اسطوخودوس تین ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ سپستان ۲۱ دانہ۔ ان کو پانی آدھ سیر پختہ میں جوش دیکر شربت بنفشہ دو تولہ ڈالکر پلائیں +

علاج زکام۔ اگر ضعف دماغ سے ہو تو بھُنے ہوئے چنے تین تولہ خشخاش ۹ ماشہ نہار کہا کر اوپر سے سات عدد بادام کا شیرہ نیم گرم پینا مفید ہے اور جماع سے پرہیز ضروری چاہیے۔
نسخہ دوم۔ آب گرم سر پر گرانا یا کپڑا گرم کرکے پیشانی کو سینکدینا۔ یا غلہ ارہر یا نخود یعنی چنے یا باجرہ نیم کوفتہ میں قدرے نمک لاہوری ملاکر پوٹلی بناکر ناک کو سینکنا بہتر ہے +
نسخہ نسوار۔ ہر قسم کے نزلہ و زکام و دردسر کیلئے مفید ہے۔ کشمیری ہچھ ایکتولہ۔ پوست ریٹھہ کچور۔ کچوری مرچ۔ ناگرموتھ۔ بالچہڑ۔ زنجبیل۔ کائفل۔ کشنیز خشک۔ اسطوخودوس ہر ایک چھ ماشہ سبکو باریک پیسکر چھانکر قدرے نسوار لینی مفید ہے۔ (یہ تیار کرکے گھر میں رکھنی مفید ہے)
نسخہ خمیرہ برائے دافع نزلہ۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ بنفشہ۔ گل بنفشہ۔ عناب۔ ابریشم۔ ہر ایک تولہ تولہ۔ رومی مصطگی پانچماشہ۔ سبکو رات بہر بہگوئیں۔ صبحکو صاف کرکے شکر سفید ایک سیر میں قوام خمیرہ کا پکاکر تیار کریں۔ خوراک ہر روز بوقت صبح چھ ماشہ سے تولہ تک مفید ہے مصطگی کا سفوف قوام خمیرہ کے وقت ڈالیں ورنہ خراب ہو جائیگا +

علاج سرسام۔ سرسام اُس ورم دماغ کو کہتے ہیں جو اکیلے دماغ میں یا اُنکے پردوں میں ہو۔ (علامت)۔ اِس مرض میں بخار بیہوشی ہونی اور بیہودہ بولنا اور درد و ثقل سر میں علامت: صفرا سے ہو تو آنکھ میں پانی جانا۔ اور ہنسنا۔ سستی حواس اختلاط عقل ہو۔
علاج۔ پنڈلیوں پر پچھنے دیکر سنگی لگانا۔ اور پاشویہ کرنا اور عورت کا دودھ ناک میں ڈالنا اور تر چیزیں اسکو سونگھانا جس سے دماغ کو فرحت ہو مفید ہیں +

نسخہ سرسام صفراوی و دموی۔ دونوں کو مفید۔ خون کبوتر یا مرغی کا۔ روغن گل میں ملا کر سر پر لگائیں۔ یا آرد جو چار ماشہ۔ رسوت تین ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد میں ملا کر سر پر لگائیں اور پنڈلیوں پر خالی سینگی کھچوانا بہتر ہے +

نسخہ پاشویہ برائے دافع سرسام۔ ٹکڑہ کدو تین تولہ۔ گل نیلوفر چار تولہ۔ گل خطمی۔ گل گلاب ہر ایک ایک تولہ۔ برگ بید سیاہ دو تولہ ان سب کو پانی میں جوش دیکر پاشویہ کرائیں

نسخہ دافع سرسام برائے اطفال۔ گل بنفشہ چار ماشہ۔ عود ہندی۔ عود صلیب اسطوخودوس ہر ایک تین ماشہ۔ دال مونگ مقشر دو تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد اور قدرے دودھ اُس عورت کا جس کے لڑکی ہووے۔ سب کو ملا کر سر پر رکھیں +

بیان جمود۔ یہ بیماری وہ ہے کہ دفعتاً آدمی جس حالت میں ہو اُسی حالت میں رہجائے سبب اس کا سدہ ہے۔ علاج۔ وقت خاموشی کے شافہ گرم یا حقنہ نکالنے والا سودا کا عمل کرائیں۔ اگر قوی مزاج ہو تو افتیمون یعنی اکاس بیل جس کو امر بیل بھی کہتے ہیں بسفائج۔ ہلیلہ کابلی۔ غاریقون انکا حقنہ کرائیں اور روغن گل۔ روغن بادام قدرے سونٹھ میں ملا کر سر پر ملیں اور جب ذرا ہوش آئے تو مسہل سودا کا دیں۔ اگر غلبہ خون کا زیادہ ہو تو فصد کریں اور پنڈلیوں پر سینگیاں لگوا کر پچھنے لگائیں +

بیان سکتہ۔ یہ ایک بیماری ہے کہ آدمی کی حس و حرکت باطل ہو جاتی ہے اور بیمار چت مثل مردہ کے پڑا رہتا ہے یہ بیماری غلبہ خون سے لاحق ہو جاتی ہے۔ اس لئے غلبۂ خون کی تمام علامتوں کے ساتھ رگوں کا پُر ہونا نشانی ہے (علاج)۔ اُسی وقت فصد لینی چاہیے +

بیان کابوس۔ یہ ایسی بیماری ہے کہ انسان سوتا ہوا خواب دیکھتا ہے کہ کوئی چیز بھاری مجھ پر چڑھتی ہے اور مجھ کو دباتی ہے تو اُسوقت ڈر کر روتا ہے اور چلانے لگتا ہے پس اس مرض کا جلد علاج ہونا چاہیے ورنہ مرگی پیدا ہو جانیکا احتمال ہے (علاج)۔ اگر غلبہ خون سے ہو تو فصد کرائیں اور مسہل دیں اور غذا کم کھانی بہتر ہے اور یہ معجون بھی کھانا مفید ہے

نسخہ معجون - دافع کابوس - آملہ - بلیلہ - ہلیلہ (یعنی ترپھلا) ہر ایک دو ماشہ - رومی مصطگی - دارچینی - ہر ایک چار ماشہ - سونٹھ ایک تولہ سب کو کوٹکر چھانکر روغن بادام یا گھی میں چرب کر کے شہد ساڑھے چھ تولہ ملا کر معجون تیار کریں اور ہر روز بوقت صبح چھ ماشہ کھانا مرض کابوس کو چند روز میں دور کر دیتا ہے +

بیان مرگی - یہ مشہور مرض ہے - اس میں آدمی بیہوش ہو کر گر پڑتا ہے - اور منہ میں کف اور ہاتھ پاؤں ٹیڑھے اور کھنچ جاتے ہیں اور تڑپنے لگتا ہے - **علاج** - عود صلیب کو ڈورہ نیلے رنگ میں باندھکر گلے میں ڈالنا مفید ہے +

نسخہ دوم - اسطوخودوس دو تولہ - عرق مکو - عرق گاؤزبان ہر ایک دس تولہ میں ملا کر صبح شام پلائیں، جسوقت مرگی ہو اُسوقت رائی پیسکر سونگھانا مفید ہے +

نسخہ سوم - عقرقرحا پانچتولہ پیسکر شہد بیس تولہ میں ملا کر جوان کو تولہ اور بچہ کو ۲ یا ۳ ماشہ کھلاؤ -

نسخہ چہارم - ہر قسم کی مرگی کو مفید - مغز بیضہ ٹڈی کہ جو درخت مدار یعنی آگ پر برنگ سبز سرخی مائل ہوتی ہے اِسکو بیکر صاف کر کے برابر اسکے سیاہ مرچ ڈالکر خوب باریک کوٹ چھانکر رکھیں وقت دورہ ناک میں قدرے ڈالیں - انشاءاللہ اُسی وقت ہوش میں آجائیگا +

نسخہ دافع مرگی اطفال صعتر - جند بید ستر زیرہ کرمانی مساوی وزن کوٹ چھانکر مقدار تین جو کے عورت کے دودھ میں حل کر کے لڑکے کے حلق میں ڈالیں مرگی دفع ہو -

بیان مالیخولیا - یہ وہ مرض ہے کہ انسان اکثر وہ باتیں کہتا ہے جو عقل کے برخلاف ہوں اور فکر صحیح سے باز رہتا ہے - **علاج** - بموجب غلبہ کے تنقیہ کریں اور یہ دوائیں کھلانا بہتر ہے اور وزن دواؤں کا مریض کی عمر کے لحاظ سے مقرر کرنا چاہیئے +

نسخہ - نمک سنگ - اجمود - کوٹھ - اسگند - زیرہ سیاہ - زیرہ سفید - سونٹھ - فلفل دراز سیاہ مرچ - اسپند سوختنی - تخم مساوی الوزن کوٹ پیسکر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنائیں اور سات ماشہ شہد کے ساتھ ہر روز ایک گولی کھلائیں مجرب ہے +

نسخہ دوم - برائے غشی و بیہوشی جو گرمی سے ہو - بیخ جوا نسہ دو تولہ نلفل دراز ماشہ بیسکر پاؤ سیر پانی میں جوش دیکر صاف کرکے پلانا نافع ہے ۔

نسخہ مفرح بارد - دافع مالیخولیا - وسواس - ضعف قلب و خفقان وغیرہ - مروارید ناسفتہ تین ماشہ - کہربائے - صندل سفید - کشنیز خشک سات سات ماشہ - طباشیر سفید - بہمن سفید - گل سرخ - گل گاؤزبان - پندرہ پندرہ ماشہ - بہمن سرخ - پوست بیرون پستہ - تخم خرفہ مقشر زرشک - ابریشم مقرض نو نو ماشہ - گل ارمنی چار ماشہ - ورق نقرہ بیس عدد - ورق طلا دس عدد قند سفید آدھ سیر بدستور معجون تیار کرکے حسب ذیل یعنی ایک ماشہ سے چار ماشہ تک کھانا عرق گاجر سے مالیخولیا - وسواس وضعف قلب وغیرہ کو نہایت مجرب ہے -

بیان نسیان - اس مرض میں آدمی کو کوئی بات یاد نہیں رہتی اِدھر سُنی اور اُدھر بھول گئی یہ مرض اکثر زیادتی بلغم دماغ کے یا غلبہ سودا سے ہوتی ہے اس لیئے یہ معجون نہایت عمدہ ہے

نسخہ معجون دافع نسیان و تقویت دل و دماغ - دارچینی - سنبل الطیب - عود صلیب - حب بلسان رومی مصطگی - زعفران - کندر - بیخ سوسن - درونج عقربی - سعد کوفی - بہمن سرخ - بہمن سفید - وج - اسطوخودوس - کباب چینی - اسارون - ہر ایک تین ماشہ - ہلیلہ کابلی - مغز نارجیل - مغز فندق ہر ایک چھ ماشہ - ابریشم مقرض - مویز منقٰے ہر ایک تولہ - پیپرامول - سونٹھ - مرچ سیاہ ہر ایک دو ماشہ - قند سفید دو چند ادویہ و شہد نیم ادویہ اِن دواؤں کا قوام کرکے اور ادویات مذکورہ کا سفوف ڈالکر معجون تیار کریں - خوراک ماشہ سے چھ ماشہ تک ۔

نسخہ دوم - جو ارش نسیان کو دور کرے اور حافظہ کو بڑھاوے - زنجبیل یعنے سونٹھ - اجوائن ہر ایک چھ ماشہ - شونیز یعنے کالونجی - ہلیلہ کابلی - ہر ایک پندرہ ماشہ - شہد سات تولہ سب ملاکر ہر روز وقت صبح تین چار ماشہ کھائیں اور عرق گاجر بھی ہو تو اُس کا پینا بہت عمدہ ہے -

نسخہ سوم - کندر - وچ سفید - ڈھائی - ڈھائی تولہ - سونٹھ - مرچ سیاہ - پندرہ ماشہ - ساتھ شہد ۱۶ تولہ کے معجون تیار کرکے تین ماشہ سے چھ ماشہ تک کھانا مفید ہے ۔

بیان فالج- یہ وہ مرض ہے جس سے نصف بدن طول میں رہ جاتا ہے- یہ مرض غلبہ بلغم و خون سے ہوتا ہے- **علاج**- بلغمی میں چار روز تک کھانیکو موقوف کریں اور کوئی مسہل دیں کہ جس سے بلغم دور ہو- بعد مسہل کے مشک- کندن یعنی نک چھکنی- مرچ سیاہ- نوشادر قدرے قدرے لیکر پیسکر ناک میں نسوار دیں جلد اثر ہوگا- اور اگر غلبہ خون کا ہووے تو فصد کرائیں یا خشک اور مصفےٰ خون ادویات استعمال کریں +

نسخہ حب دافع فالج- کچلہ ۵ عدد کو مدبر کرکے (جسکے مدبر کرنیکی ترکیب ۲۵ باب میں ہے) عقرقرحا دو ماشہ مصطگی رومی چار ماشہ- آب تخم سنبل میں گھول کر بقدر جنگلی بیر گولیاں بناکر ہر روز بوقت صبح ایک گولی پانی سے کھانی بہتر ہے +

بیان لقوہ- یہ ایسا مرض ہے کہ ایکدم منہہ ٹیڑھا ہوجاتا ہے اور یہ مرض غلبہ بلغم سے ہوتا ہے اور فالج میں بھی شمار کیا جاتا ہے (علاج)- فوراً نمک اور بھوسی گندم کی پوٹلیاں بناکر اس سے سینکنا مفید ہے اور جائفل کو منہہ میں رکھنا اور کھانیکو کچھہ نہ دینا چاہئیے البتہ نخود بریان سخت دینا کچھہ ہرج نہیں- پانچویں روز کبوتر کا شوربا پلانا چاہئے اور آتشی شیشہ کا دیکھنا اس مرض میں مفید ہے + **نسخہ برائے نسوار**- دافع لقوہ- کلونجی- ایلوا- بورہ ارمنی سب مساوی لیکر آب چقندر میں حل کرکے نسوار کریں فوراً منہہ سیدھا ہوجائیگا +

نسخہ دوم- روغن دافع لقوہ- کچلے پندرہ عدد روغن چنبیلی و روغن ہلیلہ ہر ایک آدھ پاؤ میں بریان کریں جب کچلے سیاہ ہوجائیں تو انکو نکال ڈالیں اور روغن میں رومی مصطگی ایک ماشہ بنفشہ- سورنجان تلخ- ہر ایک تین ماشہ پیسکر روغن میں ملاکر اوپر عضو خلل پذیر کے مالش کرکے ہوا سے احتیاط کرادیں +

بیان رعشہ- یہ وہ مرض ہے کہ جس سے بدن کانپنے لگتا ہے کثرت جماع یا کثرت شراب نوشی سے پیدا ہوتا ہے- (علاج) جماع اور شراب نوشی ترک کریں- دودھ تازہ پئیں- اور بدن پر روغن بادام کی مالش کریں اور زردی بیضہ مرغ نیمبرشت کرکے کھلائیں اور معجون سیر بناکر-

کھانا شرطیہ فائدہ رعشہ اور لقوہ اور فالج کو کرتا ہے۔ جس کا نسخہ باب ۱۶ میں درج ہے

بیان امراض چشم

سمجھنا چاہیے کہ آنکھ افضل سب اعضاء سے ہے بغیر درد یا کسی خاص سبب کے آنکھ میں کسی کی دوا ڈالنی چاہیے اور جب خدانخواستہ کوئی مرض ہو جائے تو علاج میں دیری نہ کرنی چاہیے اور اکثر جماع سے پرہیز ضروری ہے۔ رمد۔ یعنے آنکھ کی سفیدی کا سرخ ہو جانا علاج رسوت افیون۔ پھٹکری خام۔ زعفران قدرے قدرے لیکر پانی میں پیسکر آنکھ پر لیپ کریں اور قدرے آنکھ کے اندر ڈالنا بفضل خدا فوراً سرخی دور کرتا ہے۔ نسخہ دوم۔ دافع سرخی چشم۔ شہد برگ مکو۔ دونوں برابر برابر لیکر آنکھ میں ڈالنا مفید ہے۔ نسخہ سوم۔ پوٹلی دافع سرخی چشم پھٹکری سفید چار ماشہ۔ رسوت چھ ماشہ۔ ہلیلہ خورد چھ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ لونگ چار عدد ان سب کو جوکوب کرکے کپڑے میں باندھکر پانی سے ترکرکے پوٹلی کرد +

نسخہ چہارم۔ پوٹلی دافع درد چشم و سرخی وغیرہ۔ زیرہ سفید پھٹکری برابر کوٹ کر مغز گھیکوار میں ملاکر پوٹلی بناؤ۔ نسخہ پنجم۔ درد چشم خواہ کسی قسم کا ہو۔ گیرو۔ کافور دونوں پانی میں گھسکر آنکھ کے گرد لیپ کریں۔ نسخہ ششم۔ درد چشم و سرخی وغیرہ کیلئے۔ برگ املی نرم ۳ ماشہ افیون دو رتی۔ الائچی خورد ۲ عدد۔ لونگ ۲ عدد۔ سب کو عرق لیموں میں کھرل کرکے آنکھ پر لگائیں۔ علاج ڈھلکہ چشم یعنے آنکھ سے پانی جائے تو یہ گولیاں بناکر آنکھ میں لگائیں نسخہ گولیاں۔ سنگ بصری چھ چھ ماشہ۔ لونگ ۱۶ عدد سب کو عرق گلاب میں کھرل کرکے نخود برابر گولیاں بناکر آنکھ میں لگائیں پانی بند ہوگا۔ نسخہ دوم۔ پانی و خارش چشم کیلئے مفید۔ برگ نیم۔ صندل سفید۔ ان دونوں کو باریک کرکے آنکھ کے گرد پانی سے لیپ کریں۔ نسخہ سوم۔ پانی کو بند کرے۔ طوطیا دس ماشہ لیکر سات مرتبہ عرق گلاب میں بجھا دیں اور ہلیلہ زرد چار ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ فلفل دراز ہر ایک چار رتی باریک کرکے سرکی

طرح آنکھ میں لگائیں + **علاج پھولا و جالا چشم** وغیرہ کے لئے مفید۔ نوشادر قلمی شورہ لوٹا سجی۔ پھوری مرچ۔ سفید سرمہ۔ ان سب دواؤں کے جوہر دو پیالوں میں نکالو لیکن یہ بات یاد رہے کہ لکڑیاں پیالوں کے نیچے پیپل کی جلائی جائیں۔ پھر جوہر اوپر کے پیالہ میں آجاوے گے اُسکو آنکھ میں لگاؤ۔ پھولا وغیرہ فوراً دور ہو جائیگا + **نسخہ دوم**۔ جو چیچک کے پھولے کو دور کرے۔ مرواریدناسفتہ۔ مامیراں چینی ہر ایک دو ماشہ کانچ سفید جو کہ چوڑی کا ہووے عمدہ چھ ماشہ۔ ہلدی عمدہ ایک ماشہ۔ مرغ کے بیٹھ کی سفیدی چار رتی۔ پوست بیضہ مرغ نصف عدد ان سب کو خوب طرح کھرل کر کے سُرمہ بنائیں اور ایکدفعہ صبح اور ایکدفعہ رات کو آنکھ میں دو دو سلائی لگاکر برگ سرس پانی میں اُبال کر آنکھ پر دو گھنٹہ تک باندھ رکھیں انشاء اللہ چار روز میں پھولا دور ہوگا + **نسخہ سوم**۔ بنولے کا تیل نکالکر اُس میں قدرے کف دریا ملا کر آنکھ میں لگانیسے پھولا جاتا رہتا ہے یا صرف ہلدی کو گھسکر آنکھ میں لگانیسے پھولا دور ہو + **نسخہ چہارم**۔ زنجبیل۔ پھٹکری۔ نمک سنگ برابر پیسکر آنکھ میں لگائیں +

نسخہ پنجم۔ دافع پھولا۔ جالا۔ دھند۔ نزول سرخی۔ ڈھلکہ کیلئے مفید۔ سرمہ عمدہ صاف تین ماشہ۔ کف دریا دو ماشہ۔ سنگ بصری دو ماشہ۔ پھٹکری بریاں دو ماشہ۔ مامیراں چینی ایکتولہ۔ مرواریدناسفتہ چار رتی۔ رتن جوت تین ماشہ۔ ان سب دواؤں کو برابر بارہ پہر کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں مجرب ہے + **نسخہ آشوب چشم و ضعف بصارت کے لئے مفید ہے** کشتہ جست ایکتولہ۔ پوست ہلیلہ زرد چھ ماشہ۔ اصل السوس مقشر چھ ماشہ۔ پوست آملہ تین ماشہ۔ مامیراں چینی ڈیڑھ ماشہ۔ ان کل ادویات کو آب انگور میں ۱۲ پہر کھرل کر کے شیشی میں ڈال رکھو۔ آشوب چشم کے لئے مفید ہے رات دن میں پانچ مرتبہ لگانا اور قوت بصارت کیلئے صرف صبح و شام لگانا مفید ہے۔ ترکیب کشتہ جست باب ۲۰ میں دیکھو

نسخہ دوم۔ سرمہ مقوی بصر۔ سرمہ سیاہ عمدہ قسم کا پانچتولہ لیکر اسکو آملہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ کے پانی میں اکتالیس بار بجھائیں جب سُرمہ بالکل صاف ہو جائے تو اُس میں پھول چنبیلی چھ ماشہ

سنگ بصری دو ماشہ تخم سرس سیاہ تین ماشہ۔ تخم نیل تین ماشہ۔ مامیران چینی تین ماشہ۔ فلفل دراز تین ماشہ سب دواؤنکو مینھہ کے پانی میں خوب کھرل کرکے صبح وشام اسکا لگانا مفید ہے۔
علاج بامنی پلک۔ تھوڑی روئی۔ شیرہ برگ مدار میں تر اور خشک کرکے اسکی بتی بناکر بدستور کاجل بناؤ۔ پھر کاجل کو گائے کے گھی میں ملاکر آنکھ بامنی والی میں لگانا مفید ہے اور اجھوؤ کا پانی بھی آنکھ میں ڈالنا مفید ہے + نوٹ۔ اس مرض کا بہت آسان ورمجرب نسخہ باب ۱۲ میں درج ہے +
علاج برائے شب کوری یعنے اندھراتا۔ دھند۔ زمد وغیرہ کو مفید ہی نسخہ۔ نیلا تھوتھا کف دریا ہر ایک تین ماشہ۔ ہیراکسیس پندرہ ماشہ۔ ان تینوں دواؤنکو پانی میں چودہ پہر کھرل کرکے آنکھہ میں لگانا بہتر ہے۔ علاج سلاق۔ یعنے جس کو پلک گرجانا کہتے ہیں سنگ بصری۔ طوطیا سبز۔ کافور۔ نبات کوزہ وزن برابر پیکر رکھیں اور باسی پانی میں قدرے دوا ملاکر پلکو نپر لگانا نہایت مفید ہی + علاج پڑوالوں کا۔ افیون۔ زعفران۔ خون فاختہ میں ملائیں اور اول بال پلکوں کے اکھاڑ کر پھر اس پر یہ دوا لگائیں چند دفعہ لگانے سے پھر پڑوال نہ پڑینگے اور دوسرا لنسخہ دافع پڑوال باب ۲ میں دیکھو۔ صرف کشتہ تانبہ ہی کا ہی جو مجرب ہے
علاج نزول الماء۔ شروع نزول میں کنپٹی کی سرہاں پر داغ دیں بعد داغ کے تین دن تک حرام مغز بکری کا اس پر ملتے رہیں اور روئی روغن گنجد میں ترکرکے اس پر رکھیں نسخہ اول۔ طوطیا کرمانی۔ ماجو۔ بیربرادہ تانبا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ سرمہ۔ اقاقیا زرد کسیس۔ سفیدہ کاشغری۔ کاجل تانبہ بنانیوالو نکی چھت کا ہر ایک پانچ ماشہ سب کا سرمہ کرکے آنکھ میں لگانا مفید ہے + نسخہ دوم۔ سنگ بصری ۳ ماشہ کو آگ میں سرخ کرکے عرق گلاب میں سات مرتبہ بجھائیں بعدہٗ آملہ کے پانی میں تین دفعہ اور پھر ہلیلہ زرد کے پانی میں تین دفعہ بجھائیں پھر سرمہ قندھاری تین تولہ لیکر وہ بھی بجھائیں اور پھر اسمیں مرواریدنا سفتہ تخم نیل ہر ایک تین ماشہ۔ ورق نقرہ دو ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ ان سب کو مینھہ کے پانی میں کھرل کرکے سرمہ بنائیں اور صبح شام آنکھ میں لگاکر فائدہ اٹھائیں +

بیان امراض گوش

علاج درد گوش - اگر درد سردی سے ہو تو مینگنی بکری اور اجوائن خراسانی آدمی کے خاص پیشاب میں جوش دیکر بخارات اُس کے کان میں پہنچائیں درد فوراً دور ہوگا۔

نسخہ دوم - اگر چند دانے عدس کے قدرے ہینگ عورت کے دودھ میں پیسکر نیم گرم کان میں ڈالیں فوراً درد کو تسکین ہو۔ نسخہ سوم - شیرہ ادرک نیم گرم کرکے ایک قطرہ کان میں ٹپکائیں

نسخہ چہارم - نمک سیاہ - عرق بادیان میں پیسکر نیم گرم کان میں ڈالیں درد فوراً جاتا رہے

نسخہ پنجم - نہایت مجرب ایک پائے طاؤس نیمکوب کرکے سرکہ خالص تین تولہ اور روغن گائے ۳ تولہ پانی ۳ تولہ انکو پکاکر جب روغن رہ جائے صاف کرکے کان میں ڈالو۔ فوراً درد وغیرہ دور ہوگا۔

نسخہ دافع کرم گوش - شیرہ برگ شفتالو قدرے کان میں ڈالنے سے کرم سب مر جاتے ہیں

نسخہ بدبو کان اور میل بہت نکلنے کو رفع کرنیکے - سرکہ اور گل روغن دونوں کو ملا کر اس میں ایک بتی تر کرکے کان میں رکھنی مُفید ہے +

نسخہ روغن بہرا پن - آواز گرانی گوش سب کے لئے مفید مغز تخم آلو بخارا ایک تولہ چار تولہ زہرہ گاؤ میں پیسکر ۵ تولہ روغن گل میں پکائیں - پس جب پانی جل جائے تو روغن کو صاف کریں اور اس طرح استعمال کریں۔ اول گل بابونہ ایکتولہ سرکہ چھ تولہ میں جوش دیکر کان میں بھپارہ لیں۔ پھر چند قطرہ روغن مذکور نیم گرم ٹپکائیں +

بیان امراض بینی یعنے ناک

علاج نکسیر - اگر ناک سے خون بار بار جاوے تو شیرہ تخم کدو شیریں - تخم کاہو - ہر ایک پانچ ماشہ - شیرہ عناب پانچ دانہ - عرق گاؤزبان ۵ تولہ - شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر پینا بہتر ہے۔

اور مانند و یا پُرانا چھڑا یا پشم اونٹ جلاکر انگلی رکھکی نسوار کرنیسے نکسیر بند ہوجاتی ہے +

علاج بدبو ناک کو دُور کرے - بالچھڑ - پودینہ - دونوں کا سفوف کرکے نسوار لینی بہتر ہے۔ نسخہ دوم - زعفران - بالچھڑ - انکا سفوف بھی تاثیر مذکور رکھتا ہے - (علاج) اگر ناک میں سے گرہ گرہ سی نکلیں اور نہایت بدبو ہو تو اس نسخہ کا استعمال کرنا بہتر ہے - نسخہ یہ ہے - اجمود - بابڑنگ - شنگرف - اجوائن خراسانی - زعفران - وزن برابر باریک کرکے نسوار لیں اور دارچینی ہلدی - لونگ - جاوتری - تولہ تولہ لیکر باریک کرکے شہد آٹھ تولہ ملا کر ہر روز ۹ ماشہ کھانا بہتر ہے۔

بیان زبان اور منہہ کی بیماریوں کا

علاج - اگر زبان پھول جائے - سونٹھ زعفران دونوں ملیں یا صرف کتھہ لگائیں + نسخہ - اگر چھالے پڑ جائیں تو طباشیر سفید کتھہ سفید - کنول کٹھ - مساوی قدرے قدرے لیکر باریک کرکے زبان پر چھڑکنے سے چھالے دُور ہوجائینگے - یا بہیدانہ منہہ میں رکھیں + علاج - شقاق لب - اگر لب پھٹ گئے ہوں تو تخم کدو شیریں مغز تخم تربز پانی میں پیسکر طلا کریں۔ علاج - بدبو دہن - اگر منہہ سے بُو آتی ہو تو یہ گولیاں بناکر منہہ میں رکھیں + نسخہ گولیاں - الائچی خورد - چھالیہ - لونگ عقرقرحا ہر ایک تولہ عرق گلاب اور قدرے شیرہ برگ تنبول ڈالکر کھرل کرکے گولیاں چھوٹی چھوٹی بناکر منہہ میں رکھیں + علاج درد دانت - تخم کتائی کلاں - اسگند - قدرے قدرے لیکر پانی میں جوش دیں اور پھر اس پانی سے غرغرہ کریں درد ہٹ جائیگا پھٹکڑی ۴ ماشہ اور ایک چھوٹا پوست بغیر خشخاش کے لیکر غرغرہ کرو - نسخہ دوم - نیلہ تھوتھا بریان ۳ ماشہ - سپاری سوختہ چھ ماشہ - پپڑیہ کتھہ چھ ماشہ - سب کا سفوف کرکے دانتوں پر ملنے سے درد رفع ہو - اور جڑیں مضبوط ہوں + نسخہ سوم - دانتوں کے خون بہنے اور درد کو دور و مضبوط کرنیکے لئے یہ مفید ہے - نیلہ تھوتھا بریان - پھٹکڑی - نمک لاہوری - پپڑیہ کتھہ - ماجو بریاں - الائچی کلاں ان سب کا سفوف کرکے دانتوں پر ملیں + علاج - ورم مسوڑوں - برگ چنبیلی - پوست درخت مولسری - پوست درخت مدنی

قدرے قدرے لیکر جوش کرکے اُس سے غرغرہ کرنا ورم کو ہٹاتا ہے + نسخہ دوم۔ مرچ سیاہ
پھٹکڑی بریاں۔ ہلیلہ خورد۔ نمک لاہوری ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور مسوڑوں پر ملیں +
نسخہ سوم۔ اگر مسوڑوں اور دانتوں کو کیڑے لگ گئے ہوں تو بیخ کٹائی کلاں ایک ماشہ۔
قند سفید ایک تولہ ملا کر کھانی مجرب ہے + نسخہ چہارم۔ ہر قسم کے امراض دانتوں کے لئے مفید
ہے۔ ترکچور ایکتولہ گھی میں بریان کرکے اُس میں مرچ پھوری ۱۲ دانہ۔ لونگ ۱۲ دانہ۔ سیاہ مرچ
۱۲ دانہ سب کا سفوف کرکے دانتوں پر ملیں یہ نسخہ مجربات میر احمد شاہ صاحب ٹوہانوی کا ہے +
نسخہ مسی سفید خوشبودار۔ دانتوں کی ہر بیماری کو مفید۔ نیلہ تھوتھا بریاں۔ کتھ سفید عمدہ۔
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ نمک لاہوری سات ماشہ۔ زیرہ سفید بریان تین ماشہ۔ کشنیز خشک
بریان سات ماشہ۔ زنجبیل دو ماشہ۔ مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ مصطگی دو ماشہ۔ گیس دو ماشہ۔
کپور کچری دو ماشہ۔ کباب چینی دو ماشہ۔ قسط شیریں دو ماشہ۔ مصطگی اور گیس اور قسط کو علیحدہ
پیسکر اور دوائیں علحدہ پیسکر سکو ملا کر دانتوں پر ملیں بعد استعمال دو گھنٹہ تک پانی گرم اور سرد
سے پرہیز کریں مجرب ہے + نسخہ۔ مسی سیاہ۔ ماجو بریان۔ مجیٹھ۔ عقر قرحا۔ پھٹکری بریان۔
الائچی کلاں ہر ایک چھ ماشہ۔ سنگ راسخ تین ماشہ۔ پوست بادام یعنے اوپر کا خول سوختہ ایکتولہ
ہلیلہ خورد ایکتولہ۔ بارہ سنگ سوختہ نو ماشہ۔ سنگجراحت چھ ماشہ۔ سب کا باریک سفوف کرکے
دانتوں پر ملیں۔ لیکن اوّل قدرے نارجیل کھا لینا چاہیئے +
نسخہ۔ مسی سرخ۔ نوشادر۔ شنگرف۔ ہیرکسیس۔ مجیٹھ۔ مُردہ سنگ۔ نمک سانبر۔ رسوت ہر ایک
تین ماشہ۔ الائچی خورد و کلاں چھ ماشہ۔ سب کا سفوف کرکے استعمال کریں دانت سرخ ہونگے۔

بیان امراض گلو

اگر گلا بیٹھ گیا ہو تو کلونجی۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ ستاور۔ ہلیلہ زرد۔ سب کو باریک کرکے
شہد تین حصہ میں ملا کر چٹانا مفید ہے اور نوشادر کو قدرے قدرے پانی میں حل کرکے غرغرہ کرنا بہتر ہے

نسخہ دوم - اگر سردی سے آواز بیٹھ گئی ہو تو سونف - گاؤزبان - پرسیاؤشاں ہر ایک ۲ ماشہ ملٹھی مقشر ایک ماشہ - عرق مکو دس تولہ میں جوش دیکر پلائیں آواز کھل جائیگی -

نسخہ سوم - اگر گرمی سے آواز بیٹھ گئی ہو تو تخم خیارین - تخم خرفہ - تخم کدو شیریں چھ چھ ماشہ لیکر عرق گاؤزبان میں ان سبکو رگڑ کر شربت بنفشہ دو تولہ ڈالکر پلانا آواز کھولتا ہے +

علاج کنٹھ مالا - یعنے خنازیر - تخم سرس دس تولہ کو خوب باریک پیسکر اسمیں بیس تولہ شہد ملاکر ایک مٹی کی ہانڈی میں ڈالکر منہ آرد ماش سے بند کرکے دھوپ میں رکھیں بعد ایک ہفتہ کے ہر روز ایک ایک تولہ بوقت صبح خنازیر والے کو کھلائیں اگرچہ بدبودار تو ضرور ہو جائے گی لیکن اعلےٰ درجہ کی مجرب دوا ہے - اس سے بہتر کوئی نہیں اکسیری نسخہ مجربات میر احمد شاہ صاحب

نسخہ دوم - برگ درخت پیلو - اونٹ کے پیشاب میں رگڑ کر گلے پر لیپ کرکے اوپر پان باندھیں اس سے بھی آرام ہوگا - اور نسخہ مذکور کھلائیں -

علاج کھانسی - خواہ خشک ہو یا نزلہ سے ہو - سبوس گندم ۲ تولہ - نیلوفر - بنفشہ - بہیدانہ گاؤزبان ہر ایک دو ماشہ - ان سب کو جوش دیکر چھانکر قند سفید ملاکر پئیں +

نسخہ دوم - ہر قسم کی کھانسی کو مفید - مرچ سیاہ چھ ماشہ - عاقرقرحا ایکتولہ - بائبڑنگ چھ ماشہ سجی ایکتولہ - ادرک چھ ماشہ - برگ ببول تر ایک ماشہ - سب کا سفوف بناکر عرق گھیکوار میں گولیاں ایک ایک ماشہ کی بناکر ہر روز صبح شام ایک ایک گولی کھانیسے کھانسی دور ہو گی + نسخہ سوم - کھانسی - دمہ - باؤ گولہ - بلکہ ہمہ امراض شکم وسینہ کو مفید - پھول آک جس کا منہ بند ہو چھ تولہ - اجوائن تین تولہ - نمک سیاہ تین تولہ سبکو باہم پیسکر سایہ میں خشک کریں - صبح کو ایک کف دست کھائیں ترشی بادی سے پرہیز +

نسخہ چہارم - کھانسی کو دور کرے - کاکڑا سنگی - سہاگہ بریان - حب الآس - رب السوس ہر ایک ہموزن لیکر ایک کوزہ میں ڈالکر خاکستر کرکے چار رتی پان میں ڈالکر کھائیں +

نسخہ پنجم - دافع کھانسی - پیپلا مول - فلفل دراز - زنجبیل - بہیڑہ - برابر وزن پیسکر شہد

ملاکر گولیاں نخود برابر بناکر ایک صبح ایک شام کھائیں۔ مجرب نسخہ انوری باب اجوب میں دیکھو ✦

علاج۔ ضیق النفس یعنے دمہ۔ برگ بانسہ نیم سیر کو ایک سیر پانی میں خوب جوش دیکر چھانکر پھر اس پانی کو آگ پر رکھکر گاڑھا کریں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو پھر اس میں فلفل دراز۔ قرنفل۔ بابڑنگ۔ کاکڑاسنگی۔ تخم کٹائی کلاں ہر ایک چار رتی باریک پیسکر اسمیں ڈالکر پھر بالکل خشک کریں خوراک وقت صبح شام جوان کو ایک ایک ماشہ کھلانا چاہیئے ✦

نسخہ دوم۔ دمہ دور ہو۔ سونچر نمک۔ ہلیلہ۔ لونگ ہر ایک تولہ تولہ لیکر سفوف بنائیں اور پھر چھپک نمولی میں بھر کر ان سب کا سمپٹ کرکے آگ اِس قدر دیں کہ جس سے جل جائے تو ہر روز مکھن یا ملائی سے وقت صبح قدرے قدرے کھائیں ✦

نسخہ سوم۔ مغز تخم خربوزہ۔ فلفل دراز۔ دونوں کو پیسکر عرق ادرک میں گولیاں بقدر نخود بناکر دو گولی صبح اور دو شام کھانے سے دم کو آرام ہوتا ہے ✦

نسخہ دافع سل و تپ۔ سنگجراحت۔ زہر مہرہ۔ کتھہ سفید۔ کتیرا گوند۔ گوندکیکر۔ خشخاش۔ نشاستہ تخم خطمی۔ گیرو۔ ہر ایک تین ماشہ افیون ایکماشہ کوٹ چھانکر گولیاں تیار کریں۔ اگر تپ ہو تو کافور ماشہ زیادہ کریں اور ایک گولی صبح اور ایک شام کھلائیں ✦

نسخہ۔ خون تھوکنے کو روکے۔ ایک سیپاری کو فتہ کرکے ایک سیر پانی میں جوش دیں جب پاؤ پانی رہ جائے تو اس میں سے قدرے قدرے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون بند ہو جائیگا۔ مجربات میر احمد شاہ صاحب ٹوہانوی ✦

علاج ذات الجنب۔ یعنے جس کو درد پہلو کہتے ہیں۔ اس درد کیلئے اگر مریض خوب جوان ہو تو فصد باسلیق جانب مخالف کھولنی مفید ہے اور گل بابونہ۔ گل خطمی کو کرکے سینک دینا چاہیئے ✦ نسخہ دوم۔ پوست بیخ ارنڈ چھ ماشہ۔ شہد تولہ ڈالکر جوش کرکے پینا مفید ہے نسخہ سوم۔ بارہ سنگ قدرے سیاہ مرچ پانچ عدد دونوں کو رگڑ کر نیم گرم لگانا بھی درد کو دور کرتا ہے اور زردی بیضہ مرغ اور ایلوا انکا بھی لیپ درد رفع کرتا ہے ✦

نسخہ درد سینہ ۔ کیلئے مفید مغز تخم کرنجوہ ایک بریان ایک خام دونوں کو پیسکر ہمراہ نیم گرم
پانی سے کھلائیں اور ہر درد کیلئے موم سفید کو روغن گل میں پگھلا کر جہاں درد ہو مالش کرکے
روئی باندھکر سینک دینا بہتر ہے + **علاج ذات الصدر** ۔ یہ ایک ورم غشائی ہی جانب
قص یعنی ہڈی سینہ کی طرف نشانی اس کی یہ ہے کہ درد دونوں ہڈیوں ہنسلی کے بیچ میں ہو
اور بیمار اوپر نیچے نہ دیکھ سکے اور نہ پشت و پہلو پر سو سکے ہر طرح تکلیف ہو۔ صاحب ذخیرہ
کا قول ہے کہ یہ سبب جمع ہونے ریم کا ہے +

نسخہ مجرب ۔ بادام دو عدد ۔ گوند کیکر ۔ گوند کتیرا ۔ رب السوس ہر ایک ماشہ انکا سفوف
کرکے لعوق سپستان ایکتولہ میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے شیرہ مغز کدو شیریں پانچ ماشہ
لعاب بہیدانہ تین ماشہ۔ شیرہ کاہو پانچ ماشہ ۔ شربت بنفشہ ۔ دو تولہ ڈالکر پلائیں ۔ اور
روغن زرد و روغن بابونہ ۔ روغن بادام قدرے قدرے ملا کر مالش کریں اور بعض کا تجربہ
ہے کہ صرف زنجبیل چھ ماشہ ہی کو پانی میں ڈالکر پلانا مفید ہے + (نوٹ) لعوق سپستان کیلئے باب ۱۶ دیکھو +

علاج ڈبہ اطفال ۔ یعنے جسکو پسلی کا عارضہ کہتے ہیں ۔ نسخہ ۔ کمیلا ۔ چونہ ۔ ہلیلہ زرد ۔
توتیا سبز ۔ کتھہ سفید ۔ مساوی الوزن لیکر پیسکر گولیاں بنا رکھو ۔ وقت ضرورت کے ایک
گولی گھی میں حل کرکے لگائیں درد رفع ہو + **نسخہ دوم** ۔ درد پسلی کو دور کرے ۔ ایلوا مغز جمالگوٹہ
مدبر ہموزن لیکر ایک لوہے کی کڑاہی میں قدرے عرق سونف ڈالکر لوہے کے ہی دستہ سے خوب
پیسکر گولیاں بقدر دانہ خشخاش کے بنا کر ایک گولی بچہ کو دودھ سے ماں کے دیں فوراً پاخانہ
آکر درد رفع ہو جائیگا ۔ اور کشتہ بارہ سنگ بھی اس مرد کے لئے کھانا مجرب ہے +

علاج درد دل ۔ اگر درد گرمی سے ہو تو کشنیز خشک سات ماشہ ۔ گلسرخ ۔ طباشیر کافوری
ہر ایک تین ماشہ قند سفید ایکتولہ سب کا سفوف کرکے ساڑھے چار ماشہ سفوف مذکور
گائے کی چھاچھ سے کھلائیں ۔ اگر سردی سے ہو تو پودینہ خشک چار ماشہ قند سفید کے
ساتھ ملا کر کھانا بھی درد دل کو دور کرتا ہے +

علاج خفقان - صندل سرخ - صندل سفید نو ماشہ - تخم کاہو چھ ماشہ - الائچی خورد - نو ماشہ - سب کو ایک شب پانی میں تر کر کے مل کر کے صاف کریں اور قند سفید دو تولہ ڈالکر اوّل طباشیر دو ماشہ باریک کر کے پھانک کر اوپر سے خیسانده مذکور پلائیں اور خمیرہ و معجونوں کے نسخے جو خاص مقوی قلب و دماغ و خفقان کو مفید ہیں باب ۱۲ میں درج کئے جائینگے - وہاں دیکھو

علاج غشی - حواس بیکار ہو جانیکو غشی کہتے ہیں - اس حالت میں آب سرد و عرق گلاب منہہ پر چھڑکنا مفید ہے اور شربت مفرح پلانا اور مربہ سیب - آملہ وغیرہ کھلانا بھی چاہیئے اور سینہ پر صندل سفید روغن کاہو دو نو لگانے بہتر ہیں + نسخہ جوارش زنجبیل دافع نسیان و درد معدہ و جگر ہاضم طعام - زنجبیل دو تولہ کو عرق لیموں میں تین روز بھگو کر اور خشک کر کے پیسکر قند سفید کے قوام میں ملائیں اور قدرے قدرے ہر روز کھائیں +

نسخہ حبوب مقوی معدہ دافع اسہال - دارچینی دو ماشہ - دانہ الائچی کلاں ۴ ماشہ - دانہ الائچی خورد چار ماشہ - سونف - رومی مصطگی - ہر ایک تین ماشہ - پودینہ خشک ۴ ماشہ - انار دانہ ترش چھ ماشہ - زرشک پانچ ماشہ - کشنیز خشک چھ ماشہ - نمک سیاہ چار ماشہ - آملہ مقشر پانچ ماشہ - اجوائن تین ماشہ - نمک لاہوری ایک تولہ سب کو پیسکر گولیاں عرق لیموں میں بقدر ایک ماشہ کے بنا کر بعد کھانے کے ایک صبح ایک شام نگل لینی مفید ہے +

نسخہ - دافع اسہال و ضعف معدہ - زنجبیل چالیس تولہ - افیون ایک ماشہ - زنجبیل کو پانی میں گھوٹکر افیون ملائیں - پھر چھ ماشہ کی ٹکیاں بنا کر گھی میں بریان کر کے نہار منہ ایک ٹکیہ کھانے سے دست بند ہو جاتے ہیں + نسخہ - برائے پیچش و آنوں - زنجبیل ایک تولہ پیسکر دہی میں ملا کر کھانے سے تین روز میں آرام ہو + نسخہ - سفوف دافع پیچش اسبغول بریان نو ماشہ - گیرو بریان تین ماشہ - گوند کیکر بریان ۴ ماشہ سب کا سفوف کر کے کھائیں

نسخہ - سونف سونٹھ - ہلیلہ سیاہ - خشخاش کا پوست سب برابر لیکر بریان کر کے دو یا تین ماشہ پانی سے صبح و شام کھانے سے پیچش دور ہو اور نسخے باب ۱۲ میں بھی درج ہے

نسخہ دافع اسہال بحش - تخم مولی بریان چھ ماشہ لیکر سفوف کرکے شہد چھ ماشہ ملا کر کھانا چاہیے
نسخہ - اسہال کو بند کرے - پوست خشخاش - ہلیلہ سیاہ - سونف - گوند ناگوری - گوند کتیرا
ہر ایک ہموزن بریان کرکے سفوف بنائیں اور نیم وزن دواؤنکے قند سفید ملا کر نو ماشہ پانی
کے ساتھ کھائیں دست فوراً بند ہو جائینگے + نسخہ دوم - فوراً دستونکو بند کرے - خواہ
کتنی مدت سے آتے ہوں - تجلہ کو شیشم کے کوئلہ پر جلا کر ہموزن راکھ کے قند سیاہ
یعنی گڑ ملا کر بقدر دانہ مسور کے گولیاں بناؤ ایک صبح ایک شام کھانیسے دست بند ہوں +
سفوف معدہ اطفال کو طاقت دیوے - طباشیر - زیرہ سیاہ - دانہ الائچی خورد - نمک سیاہ
ہر ایک ہموزن باریک کریں اور ایک چٹکی ہر روز کھلائیں - علاج ہیضہ - اگر قے دست
جاری ہوں تو پیپنہ - دریائی کھوپا - زہر مہرہ - سب قدرے قدرے عرق گلاب میں گھسکر
شربت صندل یا آملی یا سکنجبین لیموں ملا کر دیں + نسخہ دوم - پوست بیخ درخت آک
چھ تولہ آب ادرک میں کھرل کرکے گولیاں بقدر ماش بنا کر ایک یا دو کھلانی مفید ہیں +
نسخہ سوم - قے اور پیاس کو رفع کرے - طباشیر - پودینہ - انار دانہ - مغز کنول گٹھ - زرشک
سماق - دانہ الائچی کلاں سب کو سفوف کرکے شربت لیموں میں ملا کر چٹائیں اور عرق جیسی طبیب
بھی مفید ہے + نسخہ چہارم - پیاس کو روکے - شربت نیلوفر دو تولہ - لعاب اسبغول - عرق
گاؤزبان دس تولہ ملا کر پلانے سے پیاس دور ہو جاتی ہے - یا آملہ - کتھ سفید - صندل گلاب
میں گھسکر اوپر سینہ و دل کے لگانا بھی مفید ہے + علاج ہچکی - مور کے پر جلا کر تین ماشہ شہد
ملا کر کھلانے سے ہچکی دور ہوتی ہے + نسخہ دوم - زیرہ سفید - رومی مصطگی - ہر ایک تولہ
تولہ کلونجی ۳ ماشہ سب کا سفوف کرکے قدرے قدرے آب سرد سے کھلائیں +
نسخہ سوم - پوست الائچی خورد تین تولہ پانی میں جوش دیکر جہانتک بار بار پلائیں
اور میدہ گندم میں بادام روغن و نیز زرشک قدرے ڈالکر حلوا تیار کرکے کھلائیں مجرب خود بلا شبہ
نسخہ دافع ڈکار - پوست ہلیلہ زرد - پوست آملہ - مصطگی - اجوائن - دانہ الائچی کلاں

زنجبیل۔ مرچ سیاہ مساوی الوزن سفوف کرکے مصری ملاکر قدرے قدرے کہایا کریں اور دراصل
علاج اسکا تنقیہ بدن اور درستی ہاضمہ چاہیئے اس کیلیئے جوارش مصطگی بھی مفید ہے +

بیان یرقان۔ یرقان دو قسم کا ہوتا ہے ایک زرد دوسرا سیاہ زرد اس طرح ہوتا ہے
کہ آنکھیں اور ناخن سب زرد ہو جاتے ہیں اسکو یرقان اصفر کہتے ہیں +
دوسرا سیاہ۔ اسکو یرقان اسود کہتے ہیں۔ **علاج یرقان زرد**۔ کیلیئے چھال و جڑ
بسکھپرہ کی لیکر اس کو دھوکر ساٹھی کے چاول ملاکر سفوف کرکے مریض کو کھلانا مفید ہے
اور سرسوں تولہ ہسپکر دہی کے ساتھ کہلانا مجرب بلکہ اکسیر ہے +

نسخہ دافع یرقان سیاہ۔ ککرونده مع جڑ و برگ کے پیسکر اسکا عرق لیکر پانچ تولہ شکر ملاکر پلانا
مفید ہے + **بیان طحال**۔ جسکو تاپ تلی کہتے ہیں جگر کے پاس ایک سخت گولہ ہو جاتا ہے
اسکو تلی کہتے ہیں اس سے بدن دُبلا اور بخار بھی آنے لگجاتا ہے۔ علاج جلد کرنا چاہیئے +
نسخہ مجرب۔ نوشادر۔ رائی۔ اجواین۔ کتیرا گوند۔ سب ایک ایک ماشہ۔ مصری دو ماشہ
اسکا سفوف کرکے ہرروز یہ کہاکر اوپر سے پاؤ پختہ پانی پیکر تلی والے پہلو پندرہ بیس منٹ لیٹ جانا
چاہیئے اسیطرح چند روز برابر کھانیسے آرام ہو۔ اگر مریض بچہ ہو تو نصف وزن ایکدفعہ کھلاؤ
پرہیز بادی اشیاء سے ضروری ہے + (نوٹ)۔ ہر عمر کے مطابق دوا دینی چاہیئے بچہ خورد
کو سب سے کم + **نسخہ دوم**۔ نونہ سبی۔ نمک منہاری۔ نمک سیاہ۔ مرچ سیاہ۔ زنجبیل۔ ہلدی۔
نسوت کل اجزا ہموزن سفوف کرکے آب ادرک و آب گھیکوار سے کھرل کرکے گولیاں ماشہ
ماشہ کی بناکر صبح شام ایک ایک گولی پانی سے کھائیں اس سے طحال جاتا رہتا ہے +
نسخہ سوم۔ ضماد دافع تلی راکھ چوب درخت انگور۔ راکھ ہینگنی نر۔ برابر وزن سرکہ میں
ملاکر حمام میں جاکر تلی پر لگانے سے چند روز میں فائدہ ہو + **بیان درد قولنج**۔ یہ درد
اسوجہ سے ہوتا ہے جبکہ انتڑیوں میں سدہ ہو جاتے اسکے لیئے زنجبیل۔ سناکی۔ ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ
وزن مساوی لیکر سفوف بنائیں اور قدرے پانی گرم سے کھلائیں فوراً درد قولنج و درد شکم رفع کرے

نوٹ — ککرونده کو گرد چھوٹی بوٹی کہتے ہیں۔ بازاروں میں ہوتی ہے۔ نوٹ۔ جوارش کا نسخہ باب ۱۵ دیکھو +

نسخہ دوم - اجوائن - باؤبڑنگ - پوست ہلیلہ - جوا کھار - نمک سنگ سفوف کر کے کھلائیں اور معجون تربد درد قولنج و درد پشت و بلغم کو نافع ہے + **علاج درد کمر** - اگر کمر میں درد ہو تو زنجبیل دس تولہ باریک کر کے چار سیر دودھ میں ڈالکر کھوآ بنائیں - اور پھر آدھ سیر گھی ڈالکر اسکو بریان کر کے شکر سفید ڈیڑھ سیر مغز بادام - پستہ - خرما - نارجیل - ہر ایک چھ تولہ فلفل دراز - سیاہ مرچ - تج - پترج - موچرس - ناگ کیسر موصلی سفید موصلی سیاہ - ستاور گوکھرو - گل سپاری - پیپلا مول - ہر ایک ساڑھے چھ ماشہ - سب کا سفوف کر کے کھوآ وغیرہ میں ملاکر تین تین تولہ کے لڈو بنائیں - ایک لڈو روز صبح کو کھانا مفید ہو + پرہیز جماع سے ضروری رکھنا چاہیے + نسخہ دوم - بھوسی گندم - اجوائن دیسی - لہسن - ہر ایک دو تولہ قند سیاہ - ایکسال کا بارہ تولہ سبکو کوٹ پیسکے مقدار ایکتولہ صبح شام کھائیں - درد کو تین دن میں فائدہ ہو + **بیان دیدان** - یہ وہ مرض ہے کہ جس کے پیٹ میں کیڑے کینچویں پڑجاویں اسکو دیدان کی مرض کہتے ہیں - اگر چھوٹے جی پاخانہ کے راستے سے نکلتے ہوں تو باؤبڑنگ کابلی چھ ماشہ لیکر خوب باریک کر کے پاؤ سیر دودھ کے ساتھ پھانکیں سب کیڑے شکم سے نکل جائینگے + نسخہ دوم - پوست انار ترش اور جڑ قدرے پانی میں جوش کر کے پینے سے کیڑے مرجاتے ہیں اگر بڑے کیڑے ہوں جس کو کدو دانہ کہتے ہیں تو زیرہ کرمانی کوٹ چھان کر ایک کف دست پانی سے یا صرف باؤبڑنگ کا سفوف +

نسخہ سوم - باؤبڑنگ کابلی مقشر - ہلیلہ زرد - آملہ - ہر ایک نو تولہ - تربد اکیس ماشہ - قند سفید برابر سب کے ملاکر چھ درم گرم پانی سے کھائیں کدو دانہ نکل جائیں گے +

نسخہ - اگر پیٹ میں کینچوے کی طرح کے ہوں جسکو ہلپ کہتے ہیں تو انکے نکالنے کو یہ گولیاں بڑی مفید ہیں - باؤبڑنگ مقشر ایکتولہ - مغز اخروٹ چھ عدد کے انکو پیسکر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر ایک صبح ایک شام چند روز برابر کہانے سے آرام ہوگا +

علاج خروج مقعد - جس کو ہندی میں کانچ نکلنا کہتے ہیں +

نسخہ اول - پرانی چھلنی کا چمڑا جلا کر اُس کی راکھ مقعد پر لگانیسے فائدہ ہوتا ہے +

نسخہ دوم - غلہ مسور - انار کی چھال - گلنار - مازو سبز - جفت بلوط - ہر ایک دو تولہ لیکر نیم کوب کرکے دو سیر پانی میں جوش دیکر اِس پانی سے آبدست کریں +

نسخہ سوم - سرمہ کشتہ قلعی - پھلی ببول - اِنکو روغن السی میں چرب کرکے پتھر کے ٹکڑے پر لگا کر کانچ کو دبائیں مجرب ہے + **نسخہ چہارم** - زنجبیل - آملہ - ہر ایک تین ماشہ کشنیز خشک - نمک سیاہ - نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ - مرچ سیاہ ایکتولہ - پیپلامول تین تولہ سب کا سفوف کرکے چھ ماشہ صبح پانی سے کھانا بہتر ہے +

بیان بواسیر قسم - بواسیر دو قسم کی ہوتی ہے - ایک خونی دوسری بادی - علامت - اگر مقعد کے کنارے پھول جائیں اور اُن میں سے خون نکلے تو اُسکو بواسیر خونی کہتے ہیں اور اگر صرف خارش ہی مقعد میں ہو اور خون وغیرہ نہ نکلے اسکو بواسیر بادی کہتے ہیں - جڑ اُس کے نیچے تک ہوتی ہے اور سبب اِس مرض کا فاسد ہونا خون کا ہے +

نسخہ بواسیر - خونی بادی دونوں کیلئے مفید - مغز تخم بکائن - مغز تخم نیم - رسونت - ہلیلہ خورد - ہر ایک تولہ - مرچ سیاہ چھ ماشہ - پہلے سب دواؤنکو بغیر رسوت کے پیسکر پھر رسوت کو پانی میں حل کرکے باقی دوائیں ملا کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں پھر ہر روز صبح کو چار گولی کھائیں اگر مزاج کے موافق ہو تو چھ تک کھائے - گھی وغیرہ کا خوب استعمال کریں اور بڑی مرچ زیادہ نہ کھائیں + **نسخہ دوم** - بواسیر خونی و بادی کو مفید - مغز کرنجوہ ایک عدد پیسکر ایک تولہ قند سفید ملا کر ہر روز سرد پانی سے کھائیں - تین چار روز میں آرام ہو +

نسخہ سوم - بابڑنگ عمدہ لیکر خوب باریک کرکے شہد ملا کر بقدر جنگلی بیر بنا کر ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام پانی سے کھانا مفید ہے +

نسخہ بواسیر خونی - مسوں کو دور کرے - چونہ شگفتہ - نیلا تھوتھا - پوست ہلیلہ - کتھ سفید - مساوی الوزن لیکر آب دہن میں حل کرکے مسوں پر لیپ کریں مسے گر جائینگے

نسخہ - بادی بواسیر کیلئے سفوف چاکسو ایک کف دست چندروز کھانا مفید ہے +
نسخہ - بواسیر خونی و بادی کو مفید - تخم بکائن - تخم نیم - رسوت - ہلیلہ زرد - گوگل - سب کو کوٹ چھانکر آب گگروندہ میں گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر ایک روز کھائیں اور صرف رسوت کو عرق گگروندہ میں پیسکر مسّوں پر لگانا بہتر ہے (گگروندہ ایک بوٹی ہے جسکا نام کوکڑ چھدی بھی ہے)
بخور دافع بواسیر - برگ بھنگ - برگ نیم - برگ بکائن - برگ آملی - برگ سنبھالو - برگ نیل کوٹکر جوش دیکر مقعد کو بخور دینی مفید ہے +
نسخہ دافع بواسیر خونی - رسوت قلمی شورہ مساوی وزن پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی صبح پانی سے کھائیں اور اسی گولی کو لعاب میں گھسکر مسّوں پر لگائیں +
نسخہ دافع بواسیر بادی - تخم ہارسنگھار مقشر ایک تولہ - سیاہ مرچ ۳ ماشہ ان کا سفوف کر کے ماشہ ماشہ کی گولیاں بنا کر صبح کو تین گولیاں پانی سے کھلائیں مجرّب ہے +

بیان درد گردہ

درد گردہ افراط جماع سے عموماً ہوتا ہے اسلئے کثرت جماع سے بچنا نہایت ضروری ہے +
نسخہ دافع درد گردہ - باؤ بڑنگ چار ماشہ - ایلوا زرد چھ ماشہ - مغز املتاس ایک تولہ - سرکہ خالص - روغن گل انکو پیسکر درد کی جگہ نیم گرم لگائیں اور نمک کی ٹکور کریں +
نسخہ دوم دافع درد گردہ و مثانہ - انار کی چھال کا نمک نکالکر ایک تی چندروز کھانیسے درد اور پتھری کو آرام ہو - یہی تاثیر نمک مولی رکھتا ہے انکے نمک بنانیکی ترکیب باب ۲۵ میں دیکھو - نمک مولی نہایت اکسیر ہے اور میر محمد شاہ صاحب ٹوہانوی کا آزمودہ ہے +
نسخہ سوم - دافع درد گردہ - مغز کرنجوہ ایک ماشہ - شہد دو ماشہ میں ملا کر دو ہفتہ تک اس طرح سے کھانا کہ ایک ایک ماشہ ہر روز زیادہ کرتے جائیں یعنے ساتویں روز تک سات ماشہ جب ہو جائے تو پھر ایک ایک ماشہ کم کرتے رہیں تاکہ چودھویں روز وہی ایک ماشہ ہو جائے

اِس طرح سے یہ دوا کھانی نہایت بہتر ہے۔ یا فروٹ جوئلین ایک دوا انگریزی کھانی بھی مفید ہے۔ **نسخہ چہارم** - بوٹی بکرین جسکو ہرن کھری کہتے ہیں ایک تولہ سیاہ مرچ چار عدد گھوٹکر تین تولہ قند سیاہ ملا کر چند روز پینے سے درد گردہ کو آرام ہوتا ہے +

علاج بستگی پیشاب - شورہ قلمی - نمک - جواکھار - تخم تربز دو دو ماشہ سب کا سفوف کرکے لسی شیر گاؤ سے پئیں اور کیسو پانی میں اوبال کر اس کی ٹکور کرنی بھی مفید ہے +

نسخہ دوم - چوہکی مینگنی پیسکر ایک بتی پر لگا کر سوراخ قضیب میں رکھیں - فوراً پیشاب لائے - بھینس کے کان کا میل مریض کی ناف پر ملنے سے بھی پیشاب آتا ہے +

نسخہ اوّل سلسل بول کیلئے مفید - یعنے بار بار پیشاب آنے کو روکے - شقاقل مغز خستہ شفتالو - قند سفید ہموزن باریک کرکے سات ماشہ روز کہانا مفید ہے +

نسخہ دوم - کنجد سیاہ - اجوائن برابر کوٹ کر چار ماشہ کھانا بہتر ہے +

نسخہ سوم - کنجد سیاہ - اور قند سفید - دونوں کو خوب کوٹکر کھانا بھی مثانہ کو طاقت دیتا ہے لیکن سردی میں یہ نسخہ استعمال کرنا چاہئے اور کشتہ شنگرف بھی مفید ہے جو باب ۲۰ دیکھو +

علاج درد وجع مفاصل وغیرہ یہ درد پاؤں کی انگلیوں سے شروع ہو کر کمر تک آتا ہے البتہ یہ درد منضج و مسہل کے بدون نہیں جاتا اور فصد باسلیق طرف موافق بھی بہتر ہے - لیکن بہتر مسہل ہی ہے - اور بہر ذیل کا کوئی نسخہ استعمال کریں +

نسخہ - سقمونیا تیس ماشہ - قاقلہ - دار چینی - زنجبیل - تج - نار مشک - لونگ مرچ سیاہ ہر ایک پندرہ ماشہ - تربد سفید - قند سفید - ہر ایک پچیس تولہ کوٹ چھانکر شہد ملا کر کھائیں +

نسخہ دوم - زنجبیل - سہاگہ - انگوزہ - نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ سب کو پیسکر عرق برگ سوہانجنا میں گولیاں بمقدار جنگلی بیر بنا کر ہر روز نہار ایک گولی کھائیں +

نسخہ تیل - دافع درد ہر قسم - برگ درخت مدار - برگ تھوہر - برگ دہتورہ - برگ مہندی برگ بکائین - برگ سنبھالو - برگ سوہانجنا ہر ایک تین ماشہ کوٹکر ایک سیر خام تیل کنجد میں

نوٹ - ہرن کھری بوٹی گیہوں کے اور زمینکر کے کھیت میں ہوتی ہے اور بالکل ہرن کی کھر جیسے پتے ہوتے ہیں +

جلاکر صاف کرکے جہاں درد ہو۔ اِس تیل سے نیم گرم مالش کرکے روئی یا برگ ارنڈ باندھے +
نسخہ دوم۔ برگ راسن۔ گلو۔ پوست بیخ ارنڈ۔ برگ بانسہ۔ زنجبیل۔ ستاور۔ ہلیلہ کلاں۔
سب تین تین ماشہ لیکر پانی میں جوش کرکے پلائیں۔ اِس سے بھی درد رفع ہوجاتا ہے +

بیان امراض جلد

علاج برص یعنی سفید داغ۔ تنقیہ بلغم اور خون کو صاف کرے۔ اجوائن خراسانی۔
ہالون ہموزن لیکر سفوف بنائیں۔ اول روز چار رتی شیر گاؤ سے کھائیں اور دوسرے
روز پانچ رتی۔ اِسی طرح چودہ روز تک چودہ رتی تک کھائیں پھر ہر روز ایک رتی زیادہ
کریں۔ جب سترہ رتی ہوجائے تو بس برابر چالیس روز تک سترہ رتی ہر روز کھائیں اور سفید
داغوں پر سرسوں کا تیل اور باپچی قدرے خوب باریک پیسکر سفید داغوں پر طلا کریں +
نسخہ مسہل۔ دافع برص وغیرہ۔ پوست ہلیلہ کلاں۔ آملہ مقشر ہر ایک تولہ۔ تربد تین تولہ
قند سفید چودہ تولہ۔ پانی میں ڈالکر شربت بنائیں۔ اور ادویہ مذکور اس میں ملاکر شربت تو ماشہ
سے پندرہ ماشہ تک پینا چاہئے۔ اور اگر زنجبیل ایک تولہ بھی ڈالدیں تو زیادہ مفید ہے +
نسخہ دوم مجرب حکیم وارث علی خان۔ حب النیل۔ چوک۔ باپچی۔ آنبہ ہلدی۔ سہاگہ۔
تخم مولی۔ پنڈال۔ رال۔ بہارنگی۔ افسنتین ہر ایک ۲ ماشہ۔ جائفل ۲ ماشہ۔ زعفران
۲ ماشہ۔ ادرک کے پانی میں سب کو پیسکر دن میں تین دفعہ ضماد کریں مجرب ہے +
نسخہ سوم۔ دافع داغ سفید۔ باپچی۔ تخم پنواڑ۔ اجمود۔ ہموزن باریک کرکے شہد سے
گولیاں بناکر سات ماشہ روز کھائیں۔ کندش اور شہد ملاکر سفید داغ پر لیپ کریں +
نسخہ چہارم۔ جنگلی انجیر کی جڑ۔ باپچی۔ سہاگہ۔ املی۔ سب کو تازہ پانی سے پیس کرکے
دن میں دو دفعہ خوب لیپ کریں۔ داغ دور ہونگے۔ مجرب ہے +
نسخہ پنجم۔ برگ حنا چار تولہ۔ برگ نیم چار تولہ کو صرف پندرہ تولہ پانی میں وقت رات کے

تر کر کے صبح مل چھانکر اسکو پیسیں اور پانچ تولہ سہاگہ چھ ماشہ کو سرکہ سے پیسکر اُن داغوں
پر لیپ کریں + علاج داد - پوست ناریل کا لیکر اس کا تیل پتال جنتر سے نکالکر وہ لگائیں
چند روز میں داد صاف ہوگی (نوٹ) تیل نکالنے کیلئے باب ۲۲ دیکھو +

نسخہ دوم - دافع داد خواہ کتنی مدت کا ہو - چونہ - قسط - تخم پنواڑ - سیاہ دانہ - ہلدی - رائی
پوست ناریل کی راکھ - آملہ - ہلیلہ - بھنگرہ - باؤبڑنگ - ہموزن پیسکر سرکہ میں حل کر کے داد پر
لیپ کریں - انشاء اللہ داد جاتی رہے ایک اکسیری نسخہ باب ۱۲ میں بھی ہے دیکھو +

نسخہ سوم داد و خارش ہر قسم - پارہ - نیلہ تھوتھا - آملہ سار گندھک - کتھ پاپڑیا - سہاگہ - تیلیا
مردار سنگ - شورہ قلمی - ہر ایک چھ ماشہ مرچ سیاہ تین ماشے - روغن زرد مادہ گاؤ پندرہ
تولہ میں پہلے پارہ - گندھک کو خوب کھرل کریں - جب خوب کھرل ہو جائے تو شورہ قلمی
باریک پیسکر ڈالیں اور خوب کھرل کریں کہ ایک ذات ہو جائے بس سنبھال کر ایک چینی کے برتن
میں رکھیں اور داد پر چند روز لیپ کریں اور اگر خارش خشک ہو تو قدرے لیکر مالش کر کے دھوپ
میں بیٹھ کر گرم پانی سے غسل کریں - لیکن غسل کے وقت چنے کا آٹا بدن پر ملیں - پھر قدرے
روغن چنبیلی کی مالش کریں - نہایت مفید ہے +

نسخہ چہارم - کف دریا - صابون - چونہ بیجی - پھٹکری کھنہ سفید - نوشادر ہر ایک مساوی الوزن
آب لیموں میں پیسکر طلا کریں یا لہسن کو سرکہ تیز میں پیسکر ملنا مفید ہے +

نسخہ خارش بدن کیلئے مفید - گندک آملہ سار - آنبہ ہلدی - بابچی ہر ایک سات ماشہ شاہترہ
چودہ ماشہ - ان سب کا سفوف کر کے تین حصے کریں ایک حصہ رات کو پانی میں بھگو دیں
صبح آب زلال اس کا نوش کریں اور گندک - چوک - مردار سنگ - سہاگہ - کمیلا - کتھا
پھٹکری - مینسل - ہر ایک چہار ماشہ - نیلا تھوتھا تین ماشہ - سب کو پیسکر روغن سرسف
میں حل کر کے مالش کریں بعد دو گھنٹہ کے سرد یا گرم پانی سے غسل کار بولک
صابون ملکر کرنا مفید ہے اور بعدہ تیل چنبیلی قدرے مل لینا بہتر ہے +

نسخہ دافع تپ - بانجی ۱۱ ماشہ - چاکسو ۱۱ ماشہ - مصری ۲۲ ماشہ - ان سب کا سفوف کر کے سات پوڑیاں بنا کر بوقت صبح ایک پوڑ بہ ذیل کی ادویات کے عرق سے ہر روز کھائیں مجرب ہے عشبہ تین ماشہ - برادہ صندل سفید چھ ماشہ - منڈی چھ ماشہ - عناب نو دانہ - سپستان تیس دانہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح مل چھانکر استعمال کریں مجرب ہے +

علاج مہاسہ - چہرہ یعنے جس کو کیل نکلنا کہتے ہیں - سمندر جھاگ چھ ماشہ - بادام تلخ - تولہ ان سب کو کوٹ کر رات کو منہہ پر ملیں اور صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں اسی طرح چند روز کرنے سے کیل صاف ہونگے - اس کیلئے بھی عرق مذکور عمدہ ہے +

نسخہ دوم - چہرے کی پھنسیوں کو دور کرے - مغز بادام - مغز نارجیل - خشخاش سفید - ہر ایک ڈھائی تولہ - مغزات یعنے دہی دس تولہ - زردی بیضہ مرغ بیس عدد - اول زردی بیضہ کو دہی میں حل کریں پھر تینوں چیزوں کا سفوف ڈالکر خوب حل کر کے بوقت شب دو تولہ کے قریب منہہ پر ملیں صبح گرم پانی سے منہہ دھوئیں اور بعد دھونے منہہ کے قدرے چنبیلی کا تیل لگائیں +

علاج گنج - جسکے سر میں گنج ہوگیا ہو اس کو چاہیئے کہ اونٹ کے خشک بیڈوں کا تیل بتال جنتر سے نکالکر سر پر چند روز لگانے سے بال آنے لگ جاتے ہیں آزمودہ حافظ غلام رسول صاحب

نسخہ دوم - مغز بادام سوختہ - برگ حنا خشک - کمیلا ہر ایک تولہ - مردار سنگ چھ ماشہ - نیلا تھوتھا مرچ سیاہ ہر ایک ماشہ سب کا سفوف کر کے سرکہ میں گھول کر قدرے روغن گل ملا کر سر پر لگائیں

علاج کلف - جس کو چھائیں کہتے ہیں - پوست انار ترش - پوست ترنج ہر دو برابر سرکہ انگوری میں ملا کر جہاں چھائیں ہو لیپ کریں - ایک اکسیری نسخہ باب ۱۲ میں بھی ہے -

نسخہ دوم - تخم مولی - تخم جرجیر دونوں کو پیسکر لیپ بھی مفید ہے +

علاج بدبو بغل - برگ تنبول - روغن کنجد سفید میں پیسکر لگانا بھی مفید ہے +

نسخہ دوم - مردار سنگ کو پرانے سرکہ میں پیسکر لگانا بھی مفید ہے +

علاج بدبو دہن کہنہ کے لئے مفید - الائچی خرد - رومی مصطگی - وزن مساوی لیکر

جوش دیکر دن میں چار پانچ دفعہ غرارہ کریں اور نسخہ حبوب خوشبودار جو علاج منہہ میں درج ہے استعمال کریں + نسخہ دوم - گل انار - الائچی خورد - کباب چینی - کتھ پاپڑیا - ہر ایک تولہ لیکر عرق گلاب میں جوش دیکر سونے کے وقت کلیاں کریں منہہ خوشبودار ہو جائیگا ÷

علاج آگ سے جل جانیکا - زیرہ بریان باریک پیسکر اس کے برابر موم - رال گھی ملاکر جلی ہوئی جگہ پر لیپ کریں - اور آنو سرسوں کے تیل میں جلاکر اس کا لگانا بھی مفید ہے +

نسخہ دوم - پان میں لگاکر کھانے والے چونے کو دہی میں ملاکر لگانا بھی مفید ہے +

نسخہ سوم - غلہ جو کے دانہ کو جلاکر روغن کنجد کے تیل میں پیسکر لگانا بھی بہتر ہے +

نسخہ تیل کے جلے ہوئے کا - سفیدی انڈے کی تیل کنجد میں گھولکر قدرے سفیدہ کاشغری ملاکر لگائیں + نسخہ دوم - روغن کنجد دس تولہ اور کھانیکا چونہ دو تولہ ان دونوں کو خوب ہاتھ سے ایک پہر تک مسل مرہم کی طرح روئی سے لگائیں چندروز میں آرام ہو +

علاج - اگر چونہ کھانے سے زبان پھٹ گئی ہو تو لعاب اسبغول یا برگ گوندنی وغیرہ سے غرغرہ کریں اور روغن بادام یا کتھ سفید ملیں اور مغز ناریل چبانا مفید ہے یا کوکین قدرے کھائیں

نسخہ دافع ورم ناخن - اگر ناخن کے نیچے ورم ہو جائے تو اسبغول باندھنا مفید ہے یا کلونجی پیسکر باندھیں فوراً درد کم ہو جائیگا - اسبغول نہایت عمدہ چیز ہے +

علاج - چوٹ گرنے یا کسی چیز کے لگنے سے ہو - ایلوا - افیون - نمک سنگ - بیخ سرکنڈہ سجی - ہلدی مساوی الوزن پانی میں پیسکر نیم گرم مقام ضرب پر لگائیں +

نسخہ دوم - ہلدی - سجی - سجی - گھی میں بریان کرکے لگائیں فوراً ورم دور ہوگا +

بیان جذام جسے کوڑھ بھی کہتے ہیں

یہ بیماری سوداوی ہے اور فساد خون سے ہو جاتی ہے - جب یہ مرض مستحکم ہو جائے تو مریض کو شفا ہونی ناممکن ہے - ابتدا میں فصد و مسہل دینا واجب ہے +

نسخہ دافع جذام - ایک سانپ سیاہ کو لیکر اُسکی دُم اور منہہ سے تھوڑا تھوڑا کاٹ لیں اور ایک مٹکے میں ذیل کی دوائیں نیچے اوپر سانپ کے ڈالکر مٹکے کو گل حکمت کرکے پا چکد ستی ڈیڑھ من منگوا کر اس کے درمیان ٹسکار کہکر آگ دیدیں سرد ہونیکے بعد نکالکر خوب باریک پیسکر رکھ چھوڑیں - خوراک دو رتی پان میں چند روز کھانے سے شرطیہ آرام ہوتا ہے +

غذا - کھچڑی - مونگ - چاول - روغن زرد کے سوا اور کچھہ نہیں کھانا چاہیئے دوائیں یہ ہیں جو سانپ کے نیچے اوپر ڈالنی ہیں - گل آک - نمک سنگ - ایک ایک سیر پیسکر ترکیب مذکورہ بالا کی نسخ استعمال کریں یہ نسخہ ایک کامل بزرگ پٹھان کا مجھہ کو ایبٹ آباد میں ملا تھا -

نسخہ دوم - بڑے بام مچھلی کا سینہ لیکر چاک کرکے تخم پنواڑ چار ماشہ اس میں بھر کر رسّی سے منہہ اُس کا سی کر شہد میں تین روز تک رکھیں - بعد تین روز کے اسکو دن میں تین دفعہ یعنے صبح دوپہر شام کھائیں - اسی طرح ایک ہفتہ میں سات بام کھلانے مجرّب ہیں +

نسخہ سوم - جو ایک کامل بزرگ فقیر کا فرمودہ اور چند جگہ کا آزمودہ ہے - پوست درخت سہر پھوکہ مقدار نو تولہ ہر روز نہار منہہ تین روز تک برابر کھائیں اور ایک حجرہ میں جس میں صرف روشنی ہوا اور ہوا بالکل نہ ہو برابر اکیس روز تک باہر نہ نکلیں - پرہیز ترشی بادی سے یعنے سوائے چنے کی روٹی کے اور کچھہ نہ کھائیں - اصلی حالت ہو جائیگی -

نسخہ بدن کو موٹا کرے - سیاہ مرچ - زنجبیل ہر ایک ڈھائی تولہ فلفل دراز ساڑھے سات ماشہ - کنجد مقشر - مغز اخروٹ ہر ایک ساڑھے بارہ تولہ قند سفید دو سیر شہد بقدر کفایت معجون تیار کرکے تین ماشہ سے چھہ ماشہ تک صبح دودھ سے پانی سے کھائیں +

نسخہ - بدن موٹے کو دبلا کرے - بہت پیاسا رہنا - یا زمین پر سونا یا زیادہ جاگنا بدن کو دُبلا کرتا ہے - باک مغسول تین ماشہ سرکہ کے ہمراہ چندروز صبح کے وقت کھانا اور زیادہ کثرت سے دوڑنا بھی مفید ہے اور زیادہ غمگین باتیں قصّے سننے بھی بدن کو دبلا کرتے ہیں -

علاج خنازیر - جس کو بدبھی کہتے ہیں اگر بد نکلے تو فوراً تحلیل کریں - اگر پک جائے یا

پھوٹ جائے تو بہت تکلیف دیتی ہو بدیر بھی تیل حبی طبیب کا لگانا مفید ہو جو کا نسخہ باب ۱۲ میں ہے
نسخہ۔ بنولہ لیکر اس قدر کوٹیں کہ ٹکیاں بنجائیں تو نیم گرم کرکے باندھیں +
نسخہ دوم۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ ہالون۔ ہلدی۔ رال۔ ہر ایک چار ماشہ۔ گوگل آٹھ ماشہ
قند سیاہ بارہ ماشہ پیسکر ضماد کریں۔ یا گوگل۔ انزروت۔ السی۔ عرق گھیکوار میں پکاکر باندھیں
نسخہ سوم۔ سفیدی بیضہ مرغ۔ قند سیاہ کہنہ۔ صابون ہر ایک ۹ ماشہ خوب باریک پیسکر
لیپ کریں اور طاعون کے لئے مفرح ادویات کہانا اور کچلہ گھس کر لگانا چاہیئے +
علاج رسولی۔ یہ عموماً بغل کے نیچے نکلتی ہے اس کے لئے بڑ کے دودھ میں روئی
تر کرکے لگائیں یا افیون سرکہ میں حل کرکے لگائیں یا آرد برنج تین تولہ اس میں تھوڑا
پانی ڈالکر آگ پر رکھیں جب پختہ ہو جائے پندرہ ماشہ تنج باریک پیسکر اس میں ملائیں
اور رسولی پر صبح شام باندھیں یا صرف جدوار گھسکر لگانا بھی مفید ہے +

بیان بخار یعنے تپ

یہ ایک ایسا مرض ہے جس کے ہونے سے آدمی تنگ ہو جاتا ہے۔ یہ کئی طرح کا ہوتا ہے۔
جس کی سب قسموں کا حال طب اکبر یا شفاء امراض میں مفصل لکھا گیا ہے۔ اگر زیادہ ضرورت
ہو تو انکو دیکھیں ورنہ کچھ ضرورت نہیں (نسخہ)۔ جوشاندہ گرم تپ کو مفید۔ گلو سبز
مویز منقے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ املی۔ شاہترہ۔ نیلوفر۔ سب تین تین ماشہ جوش دیکر چھانکر
مصری ملاکر پئیں (نسخہ)۔ سفوف دافع تپ گرم دیرینہ۔ زرشک۔ پوست سماق۔ دانہ الائچی خورد
ست گلو۔ طباشیر مصری سب اجزا ہموزن لیکر باریک کرکے ہر روز چھ ماشہ شربت نیلوفر سے
کہلانی مفید ہے۔ نسخہ۔ گولیاں دافع تپ بلغمی و صفراوی تخم کرنجوہ۔ پلاس پاپڑہ۔ سفنفر
بیج گومہ ہر سہ ادویہ کو برابر باریک پیسکر جوشاندہ کھٹکی خورد میں کھرل کرکے بقدر جنگلی بیر گولیاں
بناکر تپ صفراوی میں ایک گولی سرد پانی سے اور تپ بلغمی میں گرم پانی سے یا عرق سونف سے کھلانی چاہیئے

نسخہ - جوشاندہ ہر قسم کے تپ کے لئے مفید - گلو سبز ۹ ماشہ - پوست درخت نیم - صندل سفید صندل سرخ ہر ایک چار ماشہ - بنفشہ ۳ ماشہ - اسکو ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکا کر مل چھان کر مصری دو تولہ ڈالکر پلائیں اور اگر مریض کو قبض ہو تو مویز منقے چھ ماشہ پھول گلاب اصلی چھ ماشہ زیادہ کریں اور اگر تپ بہت گرم ہو اور پیاس لگے تو خس چار ماشہ - نیلوفر تین ماشہ - گاؤزبان تین ماشہ بڑھائیں - اور اگر بلغمی تپ ہو تو بادیان چھ ماشہ زیادہ کریں اور اگر کھانسی ہو تو نسخہ میں سپستان انیس ۱۹ دانہ - عناب نو دانہ - ملٹھی ایک ماشہ ڈالیں مجرب آزمودہ ہے

نسخہ - حبوب ہر قسم کے تپ کیلئے مفید مغز تخم کرنجوہ - فلفل دراز - ہر ایک تولہ - برگ کیکر چھ ماشہ جو سایہ میں خشک کئے ہوں - زیرہ سفید ۹ ماشہ ان سب کو باریک پیسکر گلو سبز پانچ تولہ - چرائتہ تولہ - مرچ سیاہ دو ماشہ - نیم کوب کر کے آدھ سیر پانی میں پکائیں جب تھوڑا پانی رہجائے چھانکر اس پانی میں سفوف مذکور ڈالکر گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنا کر ایک گولی صبح ایک شام پانی سے خدا کا نام لیکر کھلائیں - اگر دیرینہ ہو تو تین وقت گولیاں کھلائیں اکسیری گولیاں ہیں

نسخہ حبوب دافع تپ باری تیسرے روز کے تپ کیلئے کلونجی ایک تولہ پیسکر پرانے گڑ میں گولیاں مثل جنگلی بیر کے بنا کر ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں یا ماشہ نوشادر کھلائیں -

نسخہ دوم - برگ دہتورہ - برگ پان - ہر ایک پانچ عدد - فلفل دراز - پانچ دانہ انکو کوٹکر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں - اور ایک گولی صبح ایک شام پانی سے کھائیں تپ تیہ و چوتھیہ کو بھی یہ مفید ہے + علاج - جو بخار سردی سے ہو پیپلا مول - کھوری مرچ زنجبیل مساوی الوزن باریک کر کے پرانے گڑ میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ہر روز ایک گولی کھلائیں + نسخہ دوم مجربات میر احمد شاہ صاحب لوہانوی - پھٹکری بریاں - راکھہ درخت مدار یعنی آک ایک ایک حصہ - شکر سفید چھ حصہ تینوں کو ملا کر ایک رتی سے دو ماشہ تک مطابق عمر اور مزاج کے پانی سے تپ لرزہ آنیسے دو گھنٹہ پہلے کھلادو + نسخہ سوم - سم الفار ۲ ماشہ - کتھہ عمدہ تین تولہ ڈالکر ذرا لعاب بہیدانہ ڈالکر اسکی گولیاں ۲۶۰ یعنی بقدر نخود بنا کر بخار آنے سے دو گھنٹہ پیشتر

جلیبی یا اور مرغن نرم چیز کھلا کر ایک گولی دیدو۔ انشاء اللہ بخار نہ ہوگا اگر ہوا بھی تو دوبارہ نہ ہوگا

علاج تپ دق

یہ مرض آجکل جوان مردوں اور عورتوں کو کثرت سے ہوتا ہے اس کی یہ وجہ ہے کہ کثرت مباشرت سے گرم مزاج والے کو اس طرح پر کہ فوراً مباشرت سے فارغ ہو کر پانی پی لینا یا کھانے ہی فوراً مباشرت کرنی شروع کر دینی۔ ایسی ایسی بد احتیاطیوں سے ہوتا ہے دق کی دو قسمیں ہیں۔ ایک سرد۔ دوسری گرم۔ علامت۔ سرد ہو تو بلغم سفید نکلے۔ گرم ہو تو خون بلغم کے ساتھ نکلے۔ شروع دق کی یہ علامت ہے کہ ہر وقت خفیف بخار اور کھانسی رہے۔ اور کسی کو بخار ظاہر نہ ہو لیکن کھانے کی چاہت جاتی رہے اور پہلو میں درد ہو۔ روز بروز لاغر اور بھوک کم ہوتی جائے تو جان لو کہ اندر بخار ضروری ہے۔

نسخہ دافع دق جو سردی سے ہو۔ پھول آک دہن بستہ کو ہمراہ برگ پان کے اس طرح کھائیں اوّل روز ایک پھول پان میں ڈالکر دوسرے روز دو کھانا تیسرے روز تین اور پھر ہر روز تین ہی پھول پان میں رکھ کر کھانا اکیس ۲۱ روز کھانیسے بفضل خدا آرام ہوتا ہے

نسخہ دافع دق ہر قسم۔ بارہ عدد پھل دھتورہ لیکر ہر ایک کے دو ٹکڑے کر کے نصف ٹکڑوں کو اندر سے خوب صاف کر کے اُنمیں پانچوں نمک برابر برابر لیکر خوب بھر کر پھر دوسرے ٹکڑوں کے ساتھ ملا کر گل حکمت یعنی کپڑ روٹی ملتانی مٹی کی کر کے تین تو کرے۔ جنگلی اُپلہ یعنے اپرا لیکر اُنکو درمیان میں رکھکر آگ دیدیں سرد ہونیکے بعد نکالکر اُنکو خوب پیسیں اگر کسی کو دق ہو تو چار تولہ صبح چار تولہ شام کھلائیں۔ چند روز میں آرام ہوگا۔ پرہیز ترشی بادی اشیاء سے

نسخہ دوم۔ ست گلو۔ زنجبیل۔ پت پاپڑا ہر ایک چھ ماشہ جو کوب کر کے آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب پاؤ بھر پانی باقی رہ جائے تو فلفل سیاہ پندرہ ماشہ باریک کر کے ڈالکر پلائیں بفضل خدا سات روز پلانے سے شفا ہوگی۔ اس مرض کیلئے کشتہ ہڑتال سب سے بہتر ہے۔

باب (۹) نواں

بیان امراض خاص مردوں میں

جاننا چاہیئے کہ زیادتی فعل سے کیا کیا نقصان پیدا ہوتے ہیں
مرد جب تک زندہ رہے اگر اس کے اعضاء رئیسہ درست ہیں تو اس سے زیادہ دنیا
میں اور کوئی نعمت اس کے لئے نہیں آپکو معلوم ہے کہ مردمی کیا چیز ہے؟ مردمی نہ صرف
ہوائے نفسانی و قوائے شہوانی کے غلبہ کا نام ہے۔ بلکہ مردمی کا وجود اس حرارت عزیزی
پر موقوف ہے کہ جس کے موجود ہونے سے انسان زندہ رہتا ہے یعنے جب تک جسم میں یہ
قوت خدائی اپنے وزن پر موجود رہتی ہے کوئی مرض پیدا نہیں ہوتا۔ اگر خدانخواستہ کوئی
مرض پیدا بھی ہوا تو فوراً دفع ہو جاتا ہے اور جو مختلف امراض جسم انسان میں پیدا ہوتے
ہیں وہ صرف اسی طاقت خداداد کے کم ہونے سے ہوتے ہیں اگر اس حرارت کو جسم سے
باقاعدہ نکلنے دیا جائے تو انسان ہمیشہ تنومند صحیح و سلامت رہ سکتا ہے۔

چونکہ آجکل نوجوانوں کا حال بہت ہی خراب ہوتا جاتا ہے جو تم پر بخوبی روشن ہے۔
اُس کے خراب ہونیکی یہی وجہ ہے کہ ابتدائی عمر سے مادہ زندگی کو بُری طرح سے خارج
کرنے لگ جاتے ہیں۔ حالانکہ ان کی عمر ابھی دس بارہ سال کی ہوتی ہے۔ اور اُن کی طبعی
قوتیں ظہور بھی کرنا نہیں چاہتیں اسی وجہ سے آجکل اولاد بھی کمزور قویٰ کی پیدا ہوتی
ہے اور پھر اُس اولاد پر زمانہ کی تکلیفیں بڑھکر اور بھی رنگ لاتی ہیں جس سے آئندہ نسلوں
کی صورت شباہت طاقت روز بروز بدتر ہوتی جاتی ہے (خدا اپنا فضل کرے)۔

پس اگر آپ اپنی بہتری چاہتے ہیں کہ ہم ہمیشہ تنومند رہیں اور آپ کے قویٰ بےوقت
آپ کو جواب نہ دیں اور بڑھاپے میں بھی جوانی کا مزہ اور جوانی کو بھی بےفکری سے
حاصل کریں تو آپ ان ہدایات پر ضرور عمل فرما کر تجربہ کریں۔

ہدایات

...... کثرت سے انسان کو بچنا۔ اور طبعی قواعد کے مطابق عمل کرنا نہایت بہتر ہے۔
افراط ہر کام میں مضر ہوتی ہے۔ میانہ روی سب سے عمدہ سلامتی کا ذریعہ ہے۔
صفراوی مزاج والے بھی بلغمی مزاج والے سے طاقت زیادہ ہوتی ہے اور بلغمی مزاج والے میں
دموی مزاج سے طاقت زیادہ ہوتی ہے اور دموی مزاج سے سوداوی مزاج والے میں زیادہ ہوتی ہے۔
پس ان مزاج والونکو چاہیئے کہ وہ ایسی چیزوں کا استعمال رکھیں کہ جو طاقت پیدا کرنے
والی ہوں اور دودھ میں شہد ڈالکر پینا نہایت بہتر ہے اور سردی کی موسم میں معجون زرعونی
کا استعمال سب سے اچھا ہے جو میرے پاس سے نہایت عمدہ تیار مل سکتی ہے (جس کی قیمت
۱۲ خوراک صرف ایک روپیہ ہے) ہر مزاج کے موافق ہے۔
پانچ قسم کی عورتوں سے بالکل اپنے آپ کو بچانا چاہیے ورنہ اُن سے سخت بیمار ہو
کے ہو جانیکا خوف ہے جو آگے بیان کیجاتی ہیں:- اوّل۔ کم سن یعنے چھوٹی عمر کی۔ دوئم زیادہ
عمر والی یعنی جسکی ۵۰ سے زیادہ ہو۔ سوئم حیض والی یعنے جو ماہواری خون میں مبتلا ہو۔ چہارم
بیوہ یعنی جس کا خاوند نہو اور دیر سے رُکی ہو + پنجم۔ بیمار۔ بدصورت۔ پس ان پانچ قسم کی
عورتوں سے ضرور اپنے آپکو بچاؤ نہیں تو کسی سخت مرض میں مبتلا ہو جانیکا خوف ہے اور زیادہ
قوت بھی اُن سے خارج ہوتی ہے +
ہدایت۔ مقاربت کیلئے بہتر وقت وہ ہے کہ جب طعام معدہ سے گذر گیا ہو اور ہضم اوّل ثانی
ہو چکا ہو۔ لیکن مدت ہضم ہر ایک لحاظ سے مختلف ہے۔ البتہ استادوں نے کہا ہے کہ
چھ گھنٹے سے کم وقت میں ہرگز ہضم نہیں ہوتا اور بارہ گھنٹے سے کبھی زیادہ لگتے نہیں
اسلئے اِن دونوں وقتوں کے وسط بہتر ہے یعنی کھانا کھائے کو جب ۹ یا ۱۰ گھنٹے ہو جائیں۔
ہدایت۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد مقاربت نہیں کرنی چاہیئے استادوں کا قول ہے کہ دو
دفعہ میں اس قدر وقفہ دینا چاہیئے کہ جس سے بدن ہلکا معلوم دے اور طبیعت میں اچھی طرح

خواہش عود کرے۔ اس عمل سے افزائشِ نسل ہوتی ہے۔ اور جو جلد جلد تین چار دفعہ عمل کرتے ہیں اور قاعدے کو خیال میں نہیں لاتے وہ بہت جلد کمزور سست ہو جاتے ہیں۔ اور طبیعت خواہش اور قوت بالکل زائل کر کے کسی کام کے نہیں رہتے +

ہدایت۔ مقاربت کے بعد فوراً سرد پانی نہ پینا چاہیئے البتہ اگر نیم گرم دودھ جس میں صرف شہد ڈالا ہوُا ہو پی لینا کچھ ہرج نہیں یا اور کوئی مقوی چیز کھا لینی چاہیئے۔

ہدایت۔ حاملہ عورت سے بھی اپنے آپکو بچانا چاہیئے۔ پس یہ یاد رکھو کہ زیادہ مقاربت سے بہت ضعف پیدا ہو کر ذیل کی مرضیں پیدا ہو جاتی ہیں جنکا علاج پھر مشکل ہو جاتا ہے۔

(۱)۔ بدن کے عضلات کا کمزور ڈھیلا اور سست ہو جانا۔

(۲)۔ بدن کا رنگ سفید زردی مایل بسبب کمی خون کے ہو جانا۔ (۳)۔ چلنے میں دم پھولنا

(۴)۔ بدن کا بالکل سست اور بھاری رہنا۔ (۵) ہر وقت بیٹھے رہنے کو دِل چاہنا

(۶)۔ علی الصباح بستر سے اُٹھتے وقت جسم کا بھاری ہونا۔

(۷)۔ منہہ کا مزہ پھیکا صابون کی طرح ہونا اور بہت خشک بدبودار ہونا۔

(۸)۔ رات کو منہہ سے پانی نکلنا اور کسی چیز کو اچھی طرح سے نہ چاہنا۔

(۹)۔ چارپائی سے الگ ہونے کو دِل نہ چاہنا ہر وقت دِل کا گرا رہنا۔

(۱۰)۔ ضعف معدہ یعنے پاخانہ کا کبھی نرم کبھی سخت کبھی دست کبھی قبض سے آنا۔ نہ قوام معتدل ہو نہ مقررہ وقت پر اچھی طرح سے آئے ہر وقت پاخانہ کی حاجت طبع کا صاف نہ رہنا

(۱۱)۔ غذا کی خواہش ہر وقت بنی رہے اور بھوک معلوم ہو مگر جب غذا کھانے لگے تو نہ کھائی جائے

(۱۲)۔ طبیعت گھبرائے اور بیقراری اور خفیف سا سر میں درد ہر وقت رہنا۔

(۱۳)۔ غذا کھانیکے بعد عموماً بجائے دِل خوش ہونیکے طبیعت کا غمگین ہونا اور پیٹ میں ثقل ہونا

(۱۴)۔ نفخ ہو جانا۔ بدبودار۔ بدمزہ ڈکار آنا۔ اور ہوا بھی اندر سے بدبودار خارج ہونا۔

(۱۵)۔ غذا کھانے کے بعد فوراً پاخانہ کی حاجت ہونا۔ (۱۶) غذا اچھی طرح سے ہضم نہ ہونا

(۱۷)۔ پاخانہ دن میں کئی دفعہ آنا۔ اور پیشاب بھی بار بار آنا + (۱۸)۔ قوت کا بالکل کمزور ہو جانا اور خواہش کا بالکل مٹ جانا یہ بھی ادنیٰ نشانی ہے + (۱۹)۔ تر اور مقوی چیزوں کا بالکل ناموافق ہونا یعنی ہضم نہ ہونا + (۲۰)۔ ہر وقت تمام اعضا میں ایسا تکان اور درد ہونا گویا تپ ہے + (۲۱)۔ جریان کا پیدا ہو جانا۔ (۲۲)۔ پیشاب بار بار آنا۔ (۲۳) دل کا ہر وقت دھڑکنا۔ (۲۴)۔ آنکھوں کا گڑھوں کے اندر چلا جانا۔ (۲۵) کمر میں درد کا پیدا ہو جانا۔ (۲۶)۔ آواز کا مدہم ہونا۔ گوشہ نشینی۔ بزدلی۔ آنکھوں میں درد وغیرہ وغیرہ ہونا بھائیو۔ تجربہ سے ثابت ہو گیا ہے کہ جس سبب سے ضعف میں فرق آئے اسکو فوراً ترک کر کے باقاعدہ علاج شروع کریں اور سمجھ سوچکر مطابق مرضی کے نسخہ تجویز کر کے استعمال کریں +

خاکسار نے اِس خیال کو مدِ نظر رکھکر مجرب آزمودہ چند نسخے جو کہ خاص استاد کاملوں سے دس برس کی سیاحت اور فقیر جوگی سنیاسیوں کی خدمت کر کے حاصل کئے تھے برائے فائدہ خاص و عام ذیل میں درج کر دئے ہیں۔ امید ہے کہ جس وجہ سے قوت کو نقصان پہنچا ہو۔ اُسی وجہ کے مطابق سمجھ کر نسخہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ بفضلِ خدا آرام ہوگا (نوٹ)۔ دوائی عطار سے پورے وزن کی اور عمدہ دیکھکر خریدنی چاہیئے۔

نیز اگر کوئی صاحب خود دوائی تیار نہ کر سکیں تو وہ تیار شدہ دوائی جس مرض کی مطلوب ہو طلب کریں مفصل فہرست ادویات و دیگر ہر قسم کے سامان کی محمد اصغر علی منیجر یونانی دواخانہ شہر لودیانہ سے طلب فرما کر ملاحظہ کریں +

نسخہ جات طلاء روغن دافع سستی وغیرہ

ذیل کا نسخہ استمنا سست شدہ کو دو ہفتے میں درست کر دیتا ہے۔

نسخہ۔ پوٹلی برائے سینک۔ مالکنگنی۔ بیر بہوٹی تولہ تولہ برادہ دندان فیل دو تولہ۔ ہلدی ایک تولہ۔ عقر قرحا سات ماشہ۔ روغن کنجد چھ ماشہ۔ تل سیاہ دو تولہ سب دوائوں کو

باریک کرکے پاؤ سیر پختہ شیر بھیڑ میں ڈالکر آگ پر پکائیں۔ جب حلوا کی طرح ہو جائے تو ایک پارچہ میں باندھکر پوٹلی بنائیں اور اُس پوٹلی کو نیم گرم آہستہ آہستہ آلہ تناسل کی جڑ اور ران اور عانہ وغیرہ کے ارد گرد ٹکوریں یعنے سینکیں بعد چھ گھڑی کے لنگوٹا باندھیں اور دس بارہ گھنٹے بعد گرم پانی اور صابون سے دھو ڈالا کریں۔ اسی طرح پانچ چھ روز برابر ٹکور دیں۔ پھر بعد گزرنے چھ روز کے ذیل کے روغن کی مالش کریں۔

نسخہ دیگر۔ معمولی کمزوری کو مفید۔ مالکنگنی۔ لونگ۔ جائفل۔ پارہ۔ ہر ایک چھ ماشہ بیر بہوٹی۔ برادہ دندان فیل ہر ایک تولہ تولہ سب کو لیکر دو پوٹلی بناؤ اور ہر روز رات کو پاؤ بھر دودھ بھیڑ کا گرم کرکے ان پوٹلیوں کو اُس میں تر کرکے آلہ تناسل اور ران عانہ وغیرہ پر سینک کریں۔ اسی طرح سات روز عمل کریں۔ بفضل خدا صحت ہوگی۔

نسخہ روغن دافع سستی جو اوپر کے سینک کے بعد پانچویں چھٹے روز استعمال کرنا چاہیے۔ شیرۂ برگ چنبیلی چار تولہ۔ ہڑتال دو ماشہ تنبس دو ماشہ۔ شیتر ج۔ ایک تولہ۔ سرخ حبا لگوٹہ ایک عدد۔ سب کو باریک پیسکر روغن کنجد چھ تولہ میں ڈالکر آگ پر نرم آنچ سے پکائیں۔ جب سب کچھ جل جائے صرف روغن ہی روغن باقی رہے تو آگ سے اوتار کر شیشہ میں رکھیں اور پھر مالش کرکے تماشہ دیکھیں۔

نسخہ حبوب مقوی۔ جس کے استعمال سے اندرونی نقائص بھی رفع ہو جائینگے۔ جدوار۔ عود۔ زرنباد۔ صندل سفید مصطگی۔ قرنفل صمغ عربی۔ درونج۔ دارچینی ہر ایک سات سات ماشہ۔ زعفران عاقر قرحا۔ مشک خالص ہر ایک دو دو ماشہ تمام ادویہ کو کوٹ چھانکر قدرے شہد یا مصری کے قوام میں گولیاں بقدر نخود بناکر ایک گولی چند روز کھائیں

نسخہ طلا۔ درجہ اوّل قابل استعمال امرا جس سے کسی طرح کی بھی تکلیف نہیں ہوتی۔ عطر دارچینی۔ مومیائی خالص تین تین ماشہ۔ عطر عود۔ نارمشک چھ چھ ماشہ۔ تمام کو خوب کھرل کرکے قبل قربت کے لگائیں۔ اور قوت کا تماشہ ملاحظہ فرمائیں ٭

طلاء مذکور کے ہمراہ اس نسخہ کا ضرور استعمال کریں۔ اگر دارچینی۔ دار فلفل۔ عود قماری۔ ہر ایک دو دو ماشہ۔ تیل مصطگی۔ قرنفل تین تین ماشہ۔ گل سرخ۔ جوز بوا۔ زنجبیل۔ بسباسہ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ تخم شلجم ہر ایک چار ماشہ۔ مشک ۱۔ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ عنبر ایک ماشہ حل کر کے روغن خیری ان تمام دواؤں کو کوٹ چھانکر آٹھ تولہ شہد کا قوام کر کے ملکر خوب گھوٹکر رکھیں خوراک ڈیڑھ ماشہ سے دو ماشہ تک پہلے کھانا کھانیکے +

نسخہ روغن طلاء۔ اعلےٰ درجہ کا مقوّی اعصاب خصوصاً مجلوق کیلئے مفید ہے سنکھیا لونگ۔ عاقر قرحا۔ جاوتری۔ جائفل تہلیبہ۔ ہر ایک دو دو تولہ لیکر خوب باریک کریں۔ اور کسی آتشی شیشی میں ڈالکر گل حکمت کریں اور پتال جنتر سے تیل نکال سنبھال رکھیں۔ پھر چند روز برابر روغن مذکور بوقت شب قدرے سیون وغیرہ یعنے نچلا حصہ چھوڑ کر لگائیں اور اوپر سے برگ پان یا ارنڈ یا بھوج پتر لپیٹ دیں اور صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اگر موسم سرما میں ایک تنکا تیل مذکور کا پان پر لگا کر کھائیں تو از حد طاقت ہو جس سے رات کو کپڑا اوڑھنے کی ضرورت نہ رہے اُس کے استعمال میں دودھ خوب پینا چاہیئے۔ اور ۱۲ روز استعمال کرنا مناسب ہے۔ پرہیز جماع سے رکھیں +

نسخہ طلاء۔ جو سستی پٹھوں کو قوت یعنے بیکار شدہ کو درست کرتا ہے۔ عاقر قرحا چھ ماشہ جو کوب کر کے پانی میں خوب جوش دیکر چھانکر روغن شبت دو تولہ میں ملا کر اس قدر جوش دیں کہ پانی سب جل جائے اور تیل ہی تیل باقی رہے۔ پھر اُس تیل کو چند روز مالش کر کے فائدہ اُٹھائیں۔ ساتھ کھانیکا نسخہ کوئی ضرور کھائیں +

نسخہ روغن طلاء۔ اعصاب کو قوی اور مردہ جسم کو زندہ کرنے والا سہل الاجزا اور مجرب ہے اِس کے استعمال میں کوئی خوردنی نسخہ ضرور استعمال کریں۔

بیر بہوٹی اگر خشک ہو تو چھ ماشہ ورنہ تازہ زندہ دو تولہ۔ قرنفل ایکتولہ۔ روغن کنجد پاؤ۔ اوّل روغن کنجد کو کڑھائی میں ڈالکر آگ پر رکھیں۔ جب خوب گرم ہو جائے اور جھاگ

مرجائے۔ تب باقیماندہ ادویہ کو ڈالدیں جب تمام ادویہ سوختہ ہو جائیں تب کسی ڈنڈے سے پیسکر اُسی روغن میں ملائیں اور دھوپ میں بیٹھ کر سیون وغیرہ چھوڑ کر ایک گھڑی تک آہستہ آہستہ مالش کریں بعدہٗ ایک پان یا برگ ارنڈ لپیٹ کر سوت سے باندھ لیں اور تین چار گھنٹہ باندھے رکھیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ عمل کرنا نہایت مجرّب ہے۔ اور کہانے کے لئے کوئی عمدہ دل پسند نسخہ ذیل کے نسخوں میں سے بنا کر استعمال کریں۔

نسخہ روغن۔ خراطین یعنے کینچوے۔ بیر بہوٹی۔ ہینگ۔ ہر ایک چھ چھ ماشہ جنگلی مینڈک ایک عدد۔ سب کو باریک کرکے روغن کنجد دو تولہ ملا کر آتشی شیشی میں تیل نکالیں اور پھر ایک رتّی کے قریب چند روز مالش کریں اور پھر باہ کا تماشا دیکھیں +

دیگر نسخہ روغن دافع کجی وغیرہ۔ مار بنگین بر نگ زرد لیکر اُس میں فلفل دراز پچاس عدد ڈالکر سایہ میں خشک کریں بعد خشک کے روغن کنجد پاؤ پختہ میں جوش دیں۔ اور خراطین دو تولہ۔ لہسن ایک عدد۔ یہ دونوں دوائیں ڈالکر خوب جلائیں۔ جب خوب جل جاوے تو صاف کرکے سات روز مالش کریں۔ نہایت مجرّب آزمودہ ہے۔

نسخہ نطول۔ جو آلۂ تناسل کے اِن زخموں کو مفید ہے جو کسی طلا سے پڑ گئے ہوں۔ بیخ یعنی جڑ درخت بیری کو پانی میں جوش دیکر عضو پر اس کو ڈالیں اس سے زخم دور ہوں گے

نسخہ طلا محلاق عنی کو مفید۔ تازہ تخم ڈھاک کو پانی میں تر کرکے مقشّر کریں اور پتال جنتر سے اس کا تیل نکالیں۔ چند روز طلا کرکے فائدہ اُٹھائیں نہایت مفید ہے +

نسخہ طلا و۔ چار گرہ کپڑہ گاڑھا (کھدر) کا لیکر اوّل تین تولہ ہلدی کے پانی میں تین بار تر اور خشک کریں پھر نصف کپڑے مذکور کے دو حصّے کرکے ایک حصّے کی بتی بنا کر پھر ایک طرف آگ لگائیں اور نیچے ایک پیالی رکھدیں تاکہ جو روغن نکلے اس پیالی میں پڑے جب تمام روغن اس پیالی میں نکل آوے تب بوقت ضرورت اس کو عضو پر لگا کر باقی کپڑا جو ہے اس کو عضو پر لپیٹ کر اوپر برگ آک لپیٹ کرکے کچّے سوت سے باندہ دیں

انشاءاللہ تعالیٰ جس قدر پانی رگوں میں ہوگا سب دور ہوجائیگا جب سوزش معلوم ہو
توفوراً کپڑا کھول دیں لیکن دوتین گھڑی تک ضرور باندھا رکھیں۔ نہایت مجرّب نسخہ ہے۔
نسخہ طلا۔ مُردہ اعصاب کو زندہ کرتا ہے اور نہایت مقوّی ہے۔ حبّ السلاطین سات عدد۔
شراب دوآتشہ چھ ماشہ۔ ہر دو کو خوب طرح حل کر کے طلا کریں اور اوپر برگ پان یا
ارنڈ باندھ دیں تیس روز تک یہ عمل کریں۔ انشاءاللہ پھر مرد کامل ہو جائیگا۔
نسخہ طلا۔ روغن حرمل۔ تقویت و ممسک وغیرہ کے لئے مفید۔ حرمل ایک سیر
کو دودھ آک ایک سیر میں تر کر کے ایک ہفتہ سایہ میں خشک کر کے شیشی آتشی میں بھر کر
تپال جنتر سے تیل نکالکر مالش کریں (نوٹ)۔ کہانیکا نسخہ ہر ایک کے ساتھ کھانا چاہیے۔
نسخہ دیگر۔ روغن زرنیخ۔ ورقی۔ مغز چلگوزہ۔ ہر ایک برابر لیکر اسقدر کھرل کریں
کہ حریرہ کی مانند ہو جائے پھر ایک برتن میں ڈالکر بطریق تپال جنتر تیل نکالیں اور کام میں
لائیں + نسخہ دیگر روغن دھتورہ۔ تخم جوز ماثل۔ مالکنگنی۔ پوست بیخ کنیر سفید
ہر ایک چار درم۔ گھونگچی سفید دو دام۔ ہینگ دو نیم دام کوٹکر روغن کنجد میں گوندھکر
تین دن رات سایہ میں رکھیں۔ بعد میں آتشی شیشی سے تیل نکالکر اس کو کھائیں
اور حرمل کے تیل کی مالش عضو پر تمام کریں۔ پھر تماشا باہ کا دیکھیں مجرّب ہے۔
دیگر نسخہ حبوب طلا۔ بیر بہوٹی۔ گھونگچی سفید۔ سم الفار سفید۔ شنگرف۔ پوست بیخ کنیر
سفید۔ خولنجاں۔ تخم شریفہ۔ شیر مدار۔ ہر ایک تولہ۔ روغن گاؤ تازہ دو تولہ سب کو
شراب برانڈی ایک بوتل میں سات روز برابر کھرل کر کے گولیاں بقدر دو دو ماشہ کی
بناکر شیشی میں رکھہ چھوڑیں۔ ضرورت کے لئے بوقت رات ایک گولی پانی میں گھسکر
عضو پر سیون وغیرہ چھوڑ کر طلا کر کے کپڑا لپیٹ کر سو جائیں۔ صبح کو دو تولہ خولنجاں لیکر
ایک سیر پانی میں جوش کر کے اس پانی سے عضو کو دھوئیں۔ اسی طرح سات روز برابر
کرنے سے کیسی ہی کمزوری کیوں نہ ہو دور ہو جائیگی۔

دیگر نسخہ طلا - جو ہر قسم کی سستی کو مفید ہے - ڈلی سم الفار سفید ڈھائی تولہ کو سات روز شیر مدار میں تر رکھیں اور پھر اس ڈلی کو پانچ تولہ مسکہ گاؤ میں تین روز کھرل کریں - بعد اس کو ایک چینی کی رکابی میں ڈالکر دھوپ میں رکھیں اور رکابی کا ایک سرا اونچا کریں کہ روغن سب ایک طرف ہو جائے - پھر اس روغن میں بحساب فی تولہ دو رتی زعفران دو رتی مشک اور ایک ماشہ جاوتری - ایک ماشہ لونگ ایک ماشہ عقرقرحا - ایک ماشہ جائفل - ایک ماشہ بیر بہوٹی ملا کر ایک روز برابر کھرل کر کے ایک شیشی میں سنبھال رکھیں پھر صرف دو تین قطرہ لگا کر اوپر سے بھوج پتر لپیٹ کر پارچہ لپیٹ دیں - بعد آٹھ پہر کے پھر جدید طلا کریں - یہ خیال رکھیں کہ جب ذرہ ذرہ سرخ پت بلا درد کے نکلے تو اس دن صرف ایک دفعہ لگا کر پھر خوب جلا ہوا گھی لگانا شروع کر دیں - یہ یاد رہے کہ یہ فوطوں میں نہ لگے - فوطوں میں لگنا ورم پیدا کرتا ہے -

(نوٹ) - یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہر طلا یا روغن کی مالش کے ساتھ طبیعت کے موافق ذیل کے نسخوں میں سے کھانے کیلئے ضرور کوئی نہ کوئی نسخہ بنا کر کھائیں تاکہ اگر اندرونی نقص ہو اس کے کھانے سے رفع ہو جائے یہ نسخہ اسرار میں سے ہیں -

نسخہ جات خوردنی برائے مقوی باہ

نسخہ مقوی باہ - آدرک ایک تولہ - نکچھکنی نو ماشہ - شیر گاؤ آدھ سیر میں جوش دیکر رات کو پیویں اور اسی طرح سات روز عمل کریں - اور مقاربت سے پرہیز رکھنا نہایت ضروری ہے

(نوٹ) - یہ نسخے عموماً سردی کی موسم میں استعمال کرنے چاہئیں -

نسخہ حلوا - مقوی اعضاء و جگر و دماغ از مجربات جناب حکیم محمود علی خان صاحب مرحوم دہلوی - آرد گندم آدھ سیر روغن گاؤ آدھ سیر میں بریان کریں اور پھر دار چینی بہمن سفید بہمن سرخ - شقاقل - عود صلیب - دانہ الائچی کلاں - خولنجان - بوزیدان

سب چھ چھ ماشہ بسباسہ۔ ثعلب مصری۔ زنجبیل ہر ایک چار ماشہ۔ مشک خالص دو تین
ماشہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ ہر ایک دو دو تولہ
نبات سفید ڈیڑھ سیر شہد آدھ سیر کا قوام کرکے حلوا بدستور بنا کر دو تولہ صبح و شام کہائیں
نسخہ مقوی ومولد وافع درد پشت از مجربات حکیم صاحب مذکور۔ زردی بیضہ مرغ
چالیس عدد۔ نبات سفید ایک سیر۔ عرق بیدمشک آدھ سیر۔ ان سب کو نرم آگ پر ملاکر
پکائیں۔ پھر جوز بوا۔ بسباسہ ہر ایک چھ ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ مشک خالص تین ماشہ
ان سب کو خوب حل کرکے ہر روز دو تولہ صبح کو کہائیں اور پرہیز کلی رکھیں۔

نسخہ دیگر۔ مقوی و مغلظ وغیرہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید
موصلی سنبھل۔ ستاور۔ تج قلمی۔ بیج بند۔ تخم تالمکھانہ۔ کمرکس۔ بھوسی اسبغول۔
مغز تمر ہندی۔ مغز تخم جامن ہر ایک تولہ تولہ لیکر سب کا سفوف بنا کر اور ہر روز
بوقت صبح ایک تولہ تازہ دودھ بکری یا گاؤ پاؤ بھر سے کہائیں مجرب ہے۔

نسخہ سفوف مقوی۔ فلفل دراز پاؤ بھر لیکر شیر گاؤ ایک سیر میں اس قدر جوش دیں
کہ شیر سب جذب ہو جائے۔ پھر اسکو پیسکر ہر روز ایک درم میں چھ درم مصری ڈالکر کہائیں
اور اوپر سے آدھ سیر دودھ پئیں۔ اسیطرح چند روز استعمال کرکے فائدہ دیکھیں +

نسخہ دیگر مقوی۔ اور پٹھوں کو طاقت دے۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔ روغن گاؤ
ڈیڑھ تولہ۔ مصری ڈیڑھ تولہ۔ ان سبکو آمیز کرکے انگاروں پر رکھیں جب ذرا پکجائے
تو نیم گرم ہی کہائیں اور اسی طرح اکیس روز برابر کرکے پھر طاقت آزمائیں +

نسخہ دیگر خوردنی۔ روغن شنگرف برائے مقوی اعضاء وغیرہ۔ شنگرف عمدہ پانچ تولہ
کی چار ڈلیاں کرکے ایک ہانڈی میں معہ پانچ سیر دودھ بکری ڈالکر نرم آگ پر پکائیں
جب ایک سیر دودھ جل جائے تو احتیاط سے اس کا دہی جماکر گھی نکالیں۔ لیکن یاد رہے
کہ گھی نکالنے کے وقت ڈلیاں شنگرف کی علیحدہ نکال لینی چاہئیں۔ اور پھر اس

گھی کو سنبھال کر ایک شیشی میں رکھیں۔ خوراک دو تین چاول روغن مذکور کو پان پر لگا کر کھائیں۔ نہایت مجرب نسخہ ہے۔

نسخہ معجون کچلہ۔ مقوی اور کمر کے جوڑوں کو مضبوط کرے۔ اور گردہ کو طاقت دے بھوک لگائے اور جو قوت بسبب پیری کے زائل ہو گئی ہو۔ اس معجون کے کھانے سے دوبارہ بفضلِ خدا آ جاتی ہے۔

خواص۔ اس معجون کے بہت ہیں۔ آپ نے جس قدر کچلہ کی معجون تیار کرنی ہو۔ اُسی قدر کچلہ لیکر اس کو سات روز دودھ میں بھگوئیں اور ہر روز صبح کو دودھ نیا بدل دیا کریں۔ بعد سات روز کے پوست اس کا دور کر کے خوب گرم پانی سے دھو کر اُن کچلوں کو درمیان سے کاٹیں تو زبان جیسی شکل کی چیز بیچ سے نکلے گی۔ اس کو نکال دیں کیونکہ وہ زہر ہے بعد صاف کرنے کے ایک کپڑے میں پوٹلی باندھکر ایک دیگچہ میں دودھ ڈالکر وہ پوٹلی اُس پر معلق لٹکا دیویں۔ اور نیچے آگ روشن کریں۔ تاکہ آہستہ آہستہ سے دودھ خشک ہو جائے پھر کچلوں کو نکالکر گرم پانی سے خوب دھو ڈالیں اور خشک کر کے سوہن سے اس کا ریزہ ریزہ کریں پھر فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ دارچینی۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ عود قماری مصطگی۔ عود بلسان۔ سعد کوفی۔ سنبل الطیب۔ قاقلہ۔ نانخواہ۔ رازیانہ۔ سیاہ دانہ۔ صندل سفید۔ زعفران۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ مع برادہ کچلہ ہر ایک مساوی الوزن اور سہ چند سب دواؤں کے شہد خالص میں حسب دستور معجون تیار کریں لیکن یہ یاد رہے کہ زعفران مصطگی۔ عود بلسان بعد قوام معجون کے حل کر کے ملائیں خوراک جوان آدمی ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک بوقتِ خواب شب کو چالیس روز تک موسم سرما میں کہا کر تماشا باہ کا دیکھیں۔

نسخہ دیگر عجیب و غریب برائے طاقت۔ ڈلی سنکھیا سفید پانچ تولہ مغز بادام ایکتولہ مویز منقٰے ایک تولہ۔ جاوتری چھ ماشہ۔ جوز ایک عدد شیر گاؤ پانچ سیر پختہ

نوٹ۔ ایک نہایت عمدہ معجون محمد عمر علی منیجر یونانی دواخانہ سے بہ خوراک تین روپیہ میں مل سکتی ہے۔

اول ایک پارچہ باریک ململ کا لیکر دواؤں مذکور کا سفوف سوائے ڈلی سنکھیا کے ڈالیں۔ اور درمیان اس سفوف کے وہی ڈلی سنکھیا کی رکھ کر پوٹلی تیار کریں۔ اور پھر اس کو ایک لکڑی میں باندھ کر دیگچہ کے منہہ پر رومال گاڑھے کا باندھ دینا چاہیے اور پھر اس طرح آنچ کریں کہ ایک گھنٹہ میں دودھ کو سات اوبال جوش آئیں اور یہ بھی خیال رہے کہ اوبال جس وقت آئے اُسوقت پانی کا چھینٹا ہرگز نہ دیں۔ صرف آگ کو کم کر دینا بہتر ہے اسی طرح جب گھنٹے میں سات اوبال آچکیں تو اس پوٹلی کو نکالکر دودھ کا کھوا ۔ قند سفید و عرق کیوڑہ ڈالکر چالیس عدد پیڑے بنا کر ہر روز ایک پیڑا کھا کر چالیس روز میں ختم کریں اور ترشی بادی و مقاربت وغیرہ سے پرہیز کر کے طاقت کا تماشہ دیکھیں۔ اور اس پوٹلی میں سے سم الفار کی ڈلی نکالکر رکھ چھوڑیں۔ دوسرے عمل میں بھی کام آسکتی ہے لیکن جو سفوف بادام مقشر وغیرہ کا ہے اس کی گولیاں بقدر جنگلی بیر کے بنا کر وجع مفاصل والے کو ایک گولی چند روز تک کھلانے سے آرام ہوتا ہے یہ نہایت مجرب نسخہ ہے۔ اور اگر کسی قسم کا درد جوڑوں میں ہو۔ اس کے کھانے سے آرام ہوجاتا ہے۔

نسخہ دیگر۔ سفوف مقوی و مغلظ۔ گوکھرو۔ تخم خربوزہ۔ تخم خیارین۔ تالمکھانہ۔ دال ماش مقشر۔ ثعلب مصری۔ موصلی خام ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ آرد سنگھاڑہ ایک تولہ۔ موصلی سفید ایک ماشہ۔ بہمن سفید چھ ماشہ۔ سب کا سفوف کر کے ہموزن سفوف کے شکر سفید ملاکر ہر روز ۷ ماشہ بوقت صبح دودھ گاؤ سے کھائیں۔ پرہیز ترشی بادی وغیرہ سے ضروری رکھیں یہ نسخہ بہتر ہے جو ہر مزاج کے موافق آسکتا ہے۔

نسخہ دیگر۔ مقوی و مبہی و مغلظ وغیرہ۔ گوند ڈھاک۔ مغز تخم تمر ہندی جو بھگو کر نکالا ہو۔ ہر ایک دو تولہ۔ شکر سفید ہموزن سفوف کر کے ایک تولہ گھی یا دودھ میں ملاکر کھائیں۔

نسخہ دیگر مغلظ کرنے میں مفید ہے۔ رومی مصطگی۔ نشاستہ۔ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری۔ سنگھاڑہ۔ اسگند ناگوری۔ تخم بندق۔ دانہ الائچی کلاں۔ کشتہ قلعی۔ جو برگ مہندی یا پیپل

(حاشیہ پر قلمی تحریر)

درخت کیکر میں رکھہ کر بنایا ہو۔ ہر ایک تولہ کوٹ چھانکر برابر مصری ملا کر سفوف تیار کریں۔
اور پھر ایک تولہ بوقتِ صبح دودھ گاؤ سے چند روز کھا کر تجربہ فرمائیں اور غذا مرغن
استعمال کریں اور ترشی بادی سرخ مرچ اور جماع سے پرہیز رکھنا ضروری ہے۔
ٹوٹکہ مقوی۔ زنجبیل نکچھکنی ہر ایک برابر کوٹکر چھانکر اکتولہ ہمراہ شیر گاؤ چند روز کھانا مفید ہے

کمزوری کا علاج

خلافِ احکام فطرت افعال کا نتیجہ نہ اعضاء کو بیکار کر دیتا ہے بلکہ اِن غلط کاریوں سے
زندگی دبالِ جان ہو جاتی ہے۔ دنیا میں آہ سرد و حسرت بھر بھر تندرستوں کو دیکھ دیکھ
اپنے پر آپ ہی لعنت کرنی پڑتی ہے اور بجز اس شعر کے کوئی وظیفہ موزوں حالت نہیں ہوتا۔
؎ زندگی لاچار صائب در گلو افتادہ است۔ شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن
افعالِ قبیحہ جن کے عمل اندرونی و بیرونی آلات۔ آلاتِ خون۔ آلات برقی آلات عصب
عضلات و رباطات ایسے برباد اور شکستہ ہوتے ہیں کہ قابلِ مرمت ہی نہیں ہوتے حضرت
عامل خود ہی اِن باتوں سے مارے شرم کے دم بخود رہتے ہیں۔ جس سے ہوتے ہوتے
مرض کہنہ اور اعضاء نامکمل رہنے سے زندگی کی آئندہ تمام امیدیں غرقاب دریائے عصیان
ہو جاتی ہیں۔ بقول شخصے۔ خود کردہ را علاجے نیست۔ اگر یہ بُردباری کسی دوسرے شخص کے عمل سے
ہوتی۔ تو ضرور قانوناً سزاوار موت کا مستوجب ہوتا مگر یہ تو اپنی بیعقلی اور ناتجربہ کاری کا ثبوت ہے
پس میں ذیل کا نسخہ تحریر کرتا ہوں جس سے جو رجولیت پر بدنما دھبہ پیدا ہوا ہو۔
وہ دُور ہو سکتا ہے۔ ناگفتہ بہ حالت اور گور رسیدہ مریض کو نکال کر دنیا میں ہمعصروں
میں ممتاز کرنے میں پوری سریع الاثر دیرپا طاقت حاصل ہوتی ہے اگر جوانی دیوانی کی
بداعمالیاں تم سے سرزد ہو چکی ہیں اور اس کی وجہ سے اعضاء ظاہری و باطنی تباہ
و برباد ہو گئے ہیں تو ضرور یہ نسخہ کر کے فائدہ اٹھائیں نہایت مفید ہے۔

نسخہ لاثانی برائے طلاء - سم الفار - جمالگوٹہ - شنگرف - گندہک آملہ سار - بیر بہوٹی خرما - زنجبیل - بیخ کنیر - ہرتال - کچلہ - قرنفل - جائفل - دارچینی - عاقرقرحا - پیپلا مول - مالکنگنی - سورنجان شیریں - تخم ارنڈ - اسگند ناگوری - گنٹھ - گوگل - ہر ایک چھ چھ ماشہ لیکر جوکوب کرکے پانچ یا چھ پارچہ خاصہ سفید میں مثل پوٹلیوں کے باندھ دیویں اور دس آثار خام شیر گاؤ لیکر پوٹلیاں مذکور اس میں ڈالدیں اور چوٹھے پر رکھدیں - اور نیچے اوپلوں کی نرم آگ جلاویں - جب دودھ جوش کہاکر سرخ ہوجائے تب سرد کرکے دودھ کو جمائیں - اور پھر علی الصباح اس دودھ کو بلوکر (رڑک کر) روغن نکال لیویں اور چھاچھ معہ پوٹلیوں کے کسی ہنڈیا میں ڈالکر کسی محفوظ جگہ میں دفن کردیویں - اور اس مکھن کو گرم کرکے اس کا روغن بناکر سنبھال رکھیں - وقت ضرورت کے ہر روز رات کو ایک یا دو قطرے کی مالش کرکے برگ پان یا ارنڈ لپیٹ کر کچے سوت سے باندھ دیا کریں - اور صبح کھول دیا کریں اگر دہونا چاہیں تو گرم پانی سے دھوئیں اور دوسرے روز ایک قطرہ بتاشہ میں ڈالکر بوقت صبح یا خفتن کہالیا کریں - حیرت انگیز طاقت بخشے گا - پرہیز اشیاء ترش و گرم و ثقیل سے رکھیں اور دودھ گھی کا زیادہ استعمال کریں - اور غذا گوشت پلاؤ نان گندم بہتر ہے (نوٹ) - جس کسی کے عضو میں درد ہوتا ہو - تو اُس روغن کی مالش کریں - فوراً آرام ہوگا تاکید مزید ہے کہ اس چھاچھ اور پوٹلیوں کو کسی محفوظ جگہ میں دفن کریں -

بیان علاج سرعت و جریان وغیرہ

یہ مرض کئی طرح سے ہوتا ہے ایک یہ کہ قوت ماسکہ برودت اور رطوبت کے ضعیف ہوجائے تو یہ علامت ہوجاتی ہے ایک کہ گرمی کے آثار بالکل نہ ہوں اور مادہ سفید رقیق نکلے اور اگر غلبہ خون کے باعث سرعت ہو تو نشانی اس کی کثرت سے مادہ ساتھ قوام کے نکلے - اگر سبب ضعف و کمزوری اعضائے رئیسہ کا ہو تو مقوی نسخے جو اوّل

تحریر ہو چکے ہیں استعمال کریں اور ذیل میں چند نسخے اس مرض کے رفع کرنے کے درج کئے جاتے ہیں۔ مناسب حال سمجھ کر موقعہ بموقعہ ان سب کا استعمال کریں۔

نسخہ دافع سرعت۔ جو حدت مادہ جنین سے ہو۔ طباشیر سفید تین ماشہ گھسکر قدرے شیرہ عناب و شربت نیلوفر تین تولہ ملا کر پئیں افضل ہوگا +

نسخہ دیگر۔ اگر سرعت ضعف ماسکہ بسبب برودت و رطوبت کے ہو۔ تو ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ سنگھاڑہ خشک ہر ایک پانچ ماشہ۔ تالمکھانہ۔ مازو سبز۔ تودری سفید۔ تودری سرخ ہر ایک چار ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ مصطگی۔ ہر ایک تین ماشہ۔ نبات سفید ہموزن سب کا سفوف بنا کر سات روز کھائیں اور جماع سے پرہیز +

نسخہ دیگر عجیب و غریب۔ تخم سرس۔ تخم پلاس ہموزن کوٹ پیسکر مصری ملا کر ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ کے کھانا مفید ہے۔ ہر قسم کی سرعت کو دور کرتا ہے۔

نسخہ دیگر دافع سرعت۔ تخم تمر ہندی۔ دس تولہ کو چار روز تک پانی میں تر کر کے مغز نکالکر دو چند قند ملا کر گولیاں بنائیں۔ چند روز صبح شام دودھ سے ایک ایک گولی کھلائیں نہایت بہتر ہے خواہ سفوف بنا کر دودھ سے صبح ۵ یا ۶ ماشہ کھائیں +

بیان جریان

آجکل جدھر دیکھو اسی مرض کا رونا۔ لکھے پڑھے نوجوان تو سو میں شاید ایک آدھ خوش نصیب ہوگا جو اس کے دام میں نہ پھنسا ہو۔ علی العموم تعلیم یافتہ پارٹی میں یہ مرض زیادہ پاتا ہوں۔ کچھ تو مشاغل ذہنی و دماغی۔ درماندہ کر دیتی ہے۔ رہی سہی قوت اس کے نذر ہو جانے سے جوانی میں پیری کے مزے اُن لوگوں کے نصیب میں پیش آتے ہیں۔ اس کے اگر مریض کو دیکھو تو چہرہ بے رونق۔ رخسارے دبے ہوئے چہرہ پژمردہ سرخی نام کو نہیں ہوتی۔ آنکھوں میں نور نہیں۔ دل میں خفقان اور

سرور نہیں اور نہ ہاتھ میں قوت نہ دل میں ہمت۔ نہ اعضاء میں کار کی جرأت ہوتی ہے۔ دل کے قلق اور دھڑک کی یہ حالت کہ پسینہ سرد آنے لگتا ہے اور کمر میں درد ہونے لگتا ہے اور بینائی میں فرق آجاتا ہے۔ غرضیکہ یہ ایسا سخت مرض ہے خدا اس سے بچائے اس کے کئی سبب ہیں جو تحریر کئے جاتے ہیں۔ اوّل مادہ جنین میں گرمی پیدا ہو جانے سے یہ مرض ظہور میں آتی ہے دوسرے کمزوری پٹھوں اور گردہ کے تیسرے کثرت مقاربت سے تمام مادہ کو کھو دینا۔ چوتھے ہروقت لغو قصے کہانیوں سے یہ مرض ہو جاتا ہے اور یہی سبب احتلام کا ہے جو سوتے وقت ہو جاتا ہے۔ پس اس مرض کے لئے نہایت مجرب نسخے تحریر کیئے جاتے ہیں۔ اپنا حال دیکھ کر اس کے مطابق استعمال کرنے چاہئیں۔ کہ آیا مرض گرمی یا سردی یا از یادتی سے ہوا ہے۔ تو اسی مزاج کی دوائیں جس نسخے میں ہوں استعمال کریں۔ خدا چاہے آرام ہوگا +

نسخہ ہر قسم کے جریان کو مفید۔ تخم بند۔ تالمکھانہ۔ ستاور۔ سرائولی مغز تخم کونچ۔ بھون پھلی سمندر سوکھ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ اوٹنگن۔ اندر جو شیریں۔ طباشیر سفید۔ تخم تودری سفید۔ بہمن سفید۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ کشتہ قلعی۔ ہر ایک تولہ۔ رومی مصطگی۔ دانہ الائچی خرد ہر ایک چار ماشہ۔ مغز تخم تمر ہندی مقشر ایک تولہ ان سب کا سفوف کرکے مصری چھ تولہ ملا کر ایک تولہ ہر روز صبح عرق گاؤزبان کے ساتھ کھلائیں مجرّب ہے۔ کشتہ قلعی کی ترکیب باب ۲۰ کشتہ جات میں دیکھو +

نسخہ دیگر۔ پھلی۔ پھول۔ چھال۔ گوند برگ سب درخت کیکر کے لیکر سفوف کرکے ہموزن شکر سفید ملا کر چھ چھ ماشہ چند روز پانی یا دودھ کے ساتھ کھانے سے آرام ہوگا +

نسخہ دیگر۔ مغز تخم املی۔ تالمکھانہ۔ پوست گولر۔ مائیں۔ کیکر کا گوند۔ برگ و چھال و پھول و پھلی۔ سایہ میں خشک کرکے سب کا سفوف بنا کر چھ ماشہ پاؤ بھر دودھ سے کھائیں اگر دودھ نزلہ کرے تو تازہ پانی سے کھائیں سات روز میں فائدہ ہوگا +

نسخہ دیگر۔ مجربات حکیم ملا حسین صاحب دہلوی۔ سات عدد چھوارہ لیکر اس کو دودھ برگد میں ایک یا دو تین دفعہ تر اور خشک کر کے گٹھلی نکالکر اس میں تھوسی اسبغول بھر کر آدھ سیر دودھ گاؤ میں ایک چھوارہ ڈالکر جوش دیں۔ جب نصف دودھ رہجائے تو پہلے چھوآرہ کہائیں اوپر سے دودھ پئیں مجرب ہے۔
نسخہ دیگر۔ موصلی سیاہ موصلی سفید۔ کلونجی ہموزن لیکر سفوف کر کے برابر شکر خام ملا کر چند روز تک ایک تولہ ہمراہ شیر بوقت صبح کہائیں نہایت بہتر ہے۔
نسخہ دیگر۔ گوند کندر عمدہ دو تولہ۔ رومی مصطگی نو ماشہ۔ مصری کوزہ ۷ تولہ سب کا سفوف بنا کر سات پوڑیہ بنائیں۔ بفضل خدا آرام ہوگا۔ پرہیز بادی۔ ترشی اور مقاربت وغیرہ سے ضروری ہے بارہا دفعہ کا آزمودہ بابو منی لعل صاحب اوسیر محکمہ نہر+
نسخہ دیگر لاثانی۔ جو ایک رتی بالائی میں جوان آدمی کہائے تو ۷ یا ۱۴ روز کے استعمال سے فائدہ ہو۔ قلعی جست۔ سیسہ۔ ہر سہ دہات ہموزن لیکر بذریعہ آگ کے گلائیں اور پھر گائے کے گھی میں سرد کریں پھر ایک مٹی کے برتن میں گلا کر ۶ تولہ وزن پوست خشخاش باریک کر کے اس پر چٹکی چٹکی دیکر خرچ کریں۔ جب اس دہات کی راکھ ہو جائے تب پیسکر دہی میں ملا کر ٹکیہ بنائیں اور ایک کورے ٹھیکرے میں رکھکر نیچے آگ جلائیں۔ جب اس ٹکیہ کا رنگ بسنتی ہو جائے سرد کریں اکسیر بنجائیگی +
نسخہ۔ جو جریان اور سرعت اور رقت وغیرہ کو مفید۔ تالمکہانہ چھ ماشہ مصطگی ایک ماشہ اسبغول چھ ماشہ۔ سوائے اسبغول کے تمام ادویہ کوٹ لیویں اور اسبغول کا لعاب نکالکر باقی ادویہ ملالیں اور شیر تازہ نیم آثار سے پہانک لیویں یہ نسخہ ۲۵ روز تک استعمال کریں نہایت مجرب ہے۔ اس سے تمام اندرونی شکایتیں بفضل خدا رفع ہو جاتی ہیں
نسخہ دیگر۔ گوند ڈھاک ۴ تولہ۔ قند سفید ۴ تولہ ان دونوں کو پیسکر ۶ پوڑیہ بنا کر ہر روز ایک پوڑیہ دودھ سے کہائیں مجرب ہے +

نسخہ دافع جریان - بے لاگت نہایت ہی مجرب - ذیل کا نسخہ معتدل ہر مزاج کے موافق ہے - برگ زرد درخت بڑ تازہ ایک من بخچتہ لیکر دو چار گھڑوں میں خوب ٹھوس کر ڈالدو (یہ یاد رہے کہ وہ گھڑے نئے نہ ہوں بلکہ استعمال شدہ ہوں) - اور اس میں پھر پانی جس قدر ڈالا جائے ڈالدو - اور آٹھ پہر کے بعد ایک کڑاہے آہنی میں پانی و برگ ڈالکر خوب پکاؤ - جب آدھا پانی خشک ہو جائے تو اُس کو آگ پر سے اتار کر سرد کریں اور خوب ہاتھوں سے ملیں اور پھر اسکو چھانکر پانی کو آہستہ آہستہ نرم آگ پر پکائیں تو وہ افیون سے کسیقدر پتلا قوام سیاہ ہو جائیگا - آگ بند کریں اور صاف کوئیلوں پر ہی رکھکر کسی لکڑی سے ہلاتے رہیں - جب ذرا سخت ہو جائے تو اس میں بھوبھلی پانچ تولہ کا سفوف ڈالکے نیچے اُتار کر خوب ملاکر گولیاں بقدر بیر جنگلی خورد کے بناکر صبح پانی سے ایک گولی کہائیں اور پرہیز قند سیاہ و روغن سیاہ - و ترشی و مٹھی و بیگن وغیرہ سے رکھیں اور اگر نسخہ مذکور میں طباشیر ۲ تولہ - بھوسی اسپغول ۲ تولہ مغز تخم املی ۲ تولہ ملاکر گولیاں بنائیں تو اور بھی فائدہ ہو - (نوٹ) - بھوبھلی - اور اس کو کرنڈ بھی کہتے ہیں - چیت یا اسوج میں عام ملتی ہے اور بالشت کے اندر اندر کچی ہوتی ہے - نہایت لیسدار ہوتی ہے اور اس بوٹی کو ہزاروں پھلی لگا کرتی ہے یہ نسخہ حکیم الہٰ بخش صاحب کا عطیہ ہے +

بیان سوزاک

یہ ایک مشہور مرض ہے اس مرض کے ہونے کے کئی سبب ہیں - ایک یہ کہ جرب گردہ یا جرب مثانہ کے سبب یا پیپ سوزش سے گردہ اور مثانہ کے قرحہ سے آئے - یا جگر گرم ہوکر صفرا غالب ہو - اور اس سبب سے بول میں تیزی اور بو و سوزش ہو جائے - یا یہ کہ جو رطوبت چیدار کہ بول کی تعدیل ہو یا احتلام ناقص الانزال ہو یعنے کوئی قطرہ احلیل میں رہ جائے اس سبب سے قرحہ ہو جائے - یا یہ کہ بعد مقاربت بہ سبب کاہلی

کے بلا پیشاب کئے ہوئے سو رہنا اس سے بھی کوئی قطرہ باقی رہ جائے۔ وہ بھی سبب زخم کا ہوتا ہے۔ یا یہ کہ حالتِ نفاس وحیض وسوزاک زدہ سے مقاربت کرنیسے ہوجائے یا گرم غذاؤں کے زیادہ کہانیسے اور یا نہار منہ شراب پینے یا گرمی کی موسم دہوپ میں چلنے اور چونہ یا ریت گرم پر پیشاب کرنے سے سے بھی سوزاک ہوجاتا ہے اور اگر عورت کو بوجہ گرمی جریان الرحم ہو تو بھی مرد کو اس سے سوزاک ہوجاتا ہے۔ یہ مرض زیادہ گرم چیز کہانے سے بھی ہوجاتا ہے۔

علامات سوزاک

ٹیس۔ سرخی۔ سوزش حسم کے منہ کا پھول جانا۔ اور اس کے سرے پر ایک سوزش کا پیدا ہونا۔ پیشاب کرتے وقت کم وبیش تکلیف ہونی۔ بعض اوقات ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کہ ایک گرم پانی کی دہار یا کوئی کانٹا گذر رہا ہے اور قریباً ہمیشہ ایک حرارت معلوم ہوتی ہے بعض دفعہ ورم بھی کم وبیش معلوم ہونے لگتی ہے اور اُسی اثنار میں زرد قسم کا مادہ نکلنا شروع ہوتا ہے۔ جس سے سخت تکلیف ہوتی ہے اور پیشاب کرتے وقت ہمیشہ سخت تکلیف ہوا کرتی ہے اسوقت بیمار کی حالت بہت سخت قابل رحم ہوجاتی ہے اور رات کو بالکل نیند نہیں آتی۔ بہت دردناک خیزش بار بار ہوا کرتی ہے۔ جس سے سخت بے چینی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اور اگر اس مرض کا اچھی طرح سے علاج نہ کیا جائے تو زیادہ تکلیف ہونی جاتی ہے۔ اور رطوبت زرد زیادہ ہوتی جاتی ہے اور خون ملا ہوا آنے لگ جاتا ہے۔ اگر تدبیر مناسب کیگئی تو رک جاتا ہے۔ ورنہ مرض زیادہ ہو کر مریض کو بستر پہ لٹا دیتا ہے جس سے تمام دوستوں اور رشتہ داروں میں بدنامی ہوتی ہے اور یہ مرض جب دیرینہ ہوجاتا ہے اس وقت پیشاب کی نلی سے سخت خراب حالت میں خون بھی بہنے لگ جاتا ہے اور عضو کو ورم آجاتا ہے اور بعض دفعہ پیشاب کی نالی اندر سے پھٹ جاتی ہے جس سے سخت تکلیف ہوتی

ہے۔ سوزاک پرانا ہوکر قرحہ ہو جاتا ہے۔ اور برسوں تک ممکن ہے کہ ایک رقیق سفید دودھ کی طرح مادہ اندر سے خارج ہوتا ہے۔ اور بعض دفعہ پیشاب بند ہوکر بھی مادہ سفید اندر سے خارج ہوتا ہے اور بعض دفعہ پیشاب بند ہوکر قرحہ پیدا کر دیتا ہے۔ یا قرحہ پیدا ہوکر پیشاب بند ہو جاتا ہے۔ غرض دونوں امور ایک دوسرے سے بہت ہی منسلک ہیں۔ اس مرض سے مریض دن بدن بہت کمزور دبلا ہوتا جاتا ہے۔ اور سر کا بھاری اور خالی معلوم ہونا اور سر کا گھومنا۔ جلنا اور پیشانی کا گرم رہنا یہ سب علامتیں اس مرض میں معلوم ہونے لگ جاتی ہیں۔

یہ مرض عورتوں کو بھی عموماً ہو جاتی ہے۔ اس کی بھی وہی نشانیاں ہیں جو مردوں کی ہیں۔ پس اس مرض کے لئے خاکسار نے نہایت مجرب نسخے تحریر کئے ہیں۔ صحیح سمجھ کر مطابق حال استعمال میں لائیں اس سے بہتر اور کوئی نسخہ نہ آپ پائیں گے۔

نسخہ جات دافع سوزاک

نسخہ اول۔ ہلدی۔ آملہ۔ ہر دو ہموزن کوٹ چھانکر شکر سفید برابر کی ملا کر چند روز ایک تولہ بوقت صبح پانی سے ایک ہفتہ برابر پئیں۔ اور اگر دیرینہ مرض ہو تو ایک چلہ برابر استعمال کریں۔ نہایت مجرب ہے۔ سرخ مرچ اور جماع سے پرہیز ضروری ہے +

نسخہ دوسرا۔ ست گلو۔ پھٹکری۔ شورہ قلمی۔ الائچی سفید ہر ایک تولہ کتھ سفید چھ ماشہ ان کا باریک سفوف کر کے قدرے قند سیاہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور پھر صبح کو تین گولیاں کھائیں دوسرے روز چار۔ غرض اسی طرح سات گولی تک کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ساتویں روز تک بالکل آرام ہو جائیگا +

نسخہ تیسرا۔ کشتہ قلعی۔ طباشیر سفید۔ کباب چینی۔ دانہ الائچی سفید۔ ہر ایک ہموزن لیکر سفوف کریں اور وقت صبح پہلے روز ایک ماشہ دوسرے روز ڈھائی ماشہ چوتھے روز پھر بھی

ڈہائی ماشہ۔ غرضیکہ اسی طرح ہر روز ڈھائی ماشہ ہی عرق گاؤزبان وکیوڑہ بید مشک وشربت نیلوفر وغیرہ سے کہاتے رہیں

نسخہ چوتھا۔ ست گلوتین ماشہ۔ ست بروزہ نوماشہ۔ طباشیر آٹھ ماشہ۔ چواکھار ۶ ماشہ۔ سپاری دکھنی۔ مغز تخم املی ہر ایک تولہ۔ شکر سفید ہموزن ادویہ ملا کر سب کا سفوف کر کے بقدر ایک تولہ صبح دودہ گاؤ سے کہائیں۔

نسخہ پانچواں۔ دافع سوزاک پیپ وغیرہ۔ سلاجیت کو صاف کر کے دو تولہ سے چار تولہ تک شہد میں ملا کر کہائیں۔ طریقہ صاف کرنے سلاجیت ۴ تولہ یا چھ تولہ لیکر اس کو پانی میں گھول کر دیکھیں۔ پھر جو پانی میں تہ نشین ہو اُس کو سایہ میں خشک کر کے باریک سفوف ہموزن شکر سفید ملا کر چھ ماشہ سے تولہ تک کھا کر اوپر سے لسی شیر گاؤ نہار منہ پئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات روز میں آرام ہوگا +

نسخہ۔ ریوند چینی ایک دام۔ قلمی شورہ نیم دام۔ زیرہ سفید نیم دام۔ طباشیر نیم دام الائچی کلاں ساڑھے تین ماشے۔ ان کا سفوف کر کے کل دواؤں کی ایک پوڑیہ بوقت صبح تازہ پانی سے کہائیں اور ایک گھنٹہ بعد دودہ پانی میں ملا کر یعنے لسی کر کے خوب پئیں۔ غرضیکہ اسی طرح تین روز کریں آرام ہوگا۔

نسخہ چھٹا۔ دیرینہ سوزاک کو سات روز میں دور کرے۔ زیرہ سفید قلمی شورہ ریوند چینی۔ نمک سنگ ہر ایک دو دو تولہ لیکر باریک پیسکر چودہ پوڑیاں بنا کر بوقت صبح ایک پوڑیہ زمین پر پھینکیں اور ایک پوڑیہ کو شیر گاؤ سے کہائیں۔ انشاء اللہ سات یوم میں بشرطیکہ آرام ہوگا۔

نسخہ ساتواں۔ ریوند خطائی آدھا مثقال۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو شیریں۔ خرفہ مقشر۔ تخم خشخاش۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ رب السوس۔ نشاستہ گل ارمنی ایک مثقال سب ادویہ کا سفوف کر کے ہر روز دو درم ساتھ شربت بنفشہ کے نوش کریں۔

نسخہ آٹھواں - چہال فالسہ ایکتولہ - سایہ میں خشک کی ہوئی - پھٹکری بریان ایک ماشہ نبات سفید چھ ماشہ باریک کرکے تین حصّہ بناکر ہر روز ایک حصّہ بوقت صبح پانی تازہ سے تین روز تک برابر کہائیں - خدا چاہے آرام ہوگا -

نسخہ نواں - رال سفید - کتھ سفید - الائچی سفید - ہموزن لیکر بوقت صبح چھ ماشہ شیر گاؤ سے کہائیں اور پرہیز ترشی اور سرخ مرچ سے ضروری ہے -

نسخہ برائے سوزاک بطور مسہل

گوکہرو - گندم - تالمکہانہ خرد - شکر سفید ہر ایک چار چار تولہ لیکر ان کا سفوف کرکے تین حصّہ بنائیں - پھر ایک حصّہ کو تین سیر پانی میں شب کو بھگوئیں اور صبح کو آب زلال اُس کا لیکر دو تین مرتبہ دن میں نوش کریں - انشاء اللہ تیسرے روز اس سے آرام ہوگا -

نسخہ دوم - رسوت چھ ماشہ - بھوسی اسپغول تین ماشہ - شیر بز آدہ پاؤ - ترکیب - اوّل رسوت کو قدرے پانی میں حل کرکے شیر بز میں ملاکر بھوسی اسپغول پھانک کر اوپر سے رسوت اور شیر ملا ہوا چار روز برابر پینا مفید ہے گھی کا خوب اسکے ساتھ استعمال کریں -

نسخہ پچکاری دافع سوزاک

نسخہ اوّل - زبان سگ نر کو لیکر تین چھٹانک روغن سیاہ میں اس قدر پکائیں کہ زبان مذکور بالکل جلکر کوئلہ ہو جائے - پھر اس کو روغن سے نکالکر پھینکدیں اور روغن کو شیشی میں سنبھال رکھیں - وقت استعمال ایکتولہ رسوت پاؤ پانی میں گھولکر چھان کر اس میں چھ ماشہ روغن مذکور ڈالکر پچکاری کریں مجرب آزمودہ + محمد رفیق بودیا نوی -

نسخہ دوم - گل ارمنی - رسوت - نیلا تھوتھا بریاں - پوست ہلیلہ زرد - پوست آملہ - کافور - ہر ایک تین ماشہ لیکر پانی میں رات بھر بھگو کر صبح دوپہر پچکاری کرنے سے دیرینہ سوزاک دُور ہو جاتا ہے - لیکن ساتھ پینے کی دوا کا بھی استعمال کرنا بہتر ہے +

نسخہ سوم۔ رسوت ایک تولہ۔ بہیدانہ چھ ماشہ۔ پھٹکری سفید بریان دو ماشہ۔ گیرو دو تولہ افیون ایک ماشہ۔ نیلا تھوتھا بریان ایک ماشہ۔ انکو پانی میں بھگو کر دو دفعہ پچکاری کریں اور چھ ماشہ پی لینا بھی مفید ہے مجربہ منشی محفوظ علیخان صاحب دہلوی حال ساکن لودیانہ۔

نسخہ چہارم۔ اگر پیپ اور خون جاری ہو تو اس نسخہ کا استعمال کرنا نہایت عمدہ ہے۔ ملٹھی مقشر۔ چالیس ماشہ۔ ست سلاجیت قلمی شورہ۔ چوا کہار۔ بڑی الائچی۔ پھول ٹیسو۔ ہلدی۔ برگ مہندی۔ سفید زیرہ۔ ہر ایک آٹھ آٹھ ماشہ۔ مصری نو تولہ ملا کر سفوف کر کے ہر روز بوقت صبح ایک دام سرد پانی سے کہائیں اور دن میں ذیل کی دوا دو دفعہ پچکاری کرنے سے بفضل خدا سات روز میں بالکل آرام ہو جائیگا۔

نسخہ پچکاری۔ سفیدہ کاشغری آٹھ ماشہ۔ گوند ببول پانچ ماشہ۔ نشاستہ گندم تین ماشہ۔ رسوت زرد چار ماشہ۔ افیون خالص تین ماشہ سب ادویہ کو مسیکر انڈے کی سفیدی میں حل کر کے سایہ میں خشک کریں۔ بوقت ضرورت قدرے لیکر دہی کے توڑ میں حل کر کے پچکاری کریں مجرب ہے۔ جو نسخہ بناؤ پورے وزن کی ادویات ہوں۔

بیان مرض آتشک

آتشک آلہ تناسل کا بیرونی زخم ہے اور یہ مرض عورتوں کو بھی ہوتا ہے۔ یہ مرض عموماً حرارت سوزاں والی عورت کے ساتھ جماع کرنے سے آلہ تناسل کے سر پر زخم ہو جاتا ہے اور یہ زخم مقاربت کے ایک یا دو تین ہفتہ بعد ظاہر ہوتا ہے۔ اور مقام ماؤف پر سوزش محسوس ہوتی ہے۔ جب یہ ظاہر ہوتا ہے اُسوقت چھوٹے دانے اور خراش بھی ہوتی ہے جو بہت ملکر ایک بڑا زخم بن جاتے ہیں۔ ابتدائی حالت سے اس زخم میں زیادہ نرمی ہوتی ہے اور زخم گہرا ہوتا جاتا ہے۔ زخم عموماً شکل میں گول یا بیضاوی اس مرض کا ہوتا ہے اور چند روز اسی طرح زخم کی حالت میں رہکر انگلیوں کے دبانے سے سخت ہو جاتا ہے۔

اور اُبھر کر بڑھتا جاتا ہے۔ حلق خشک ہو جاتا ہے۔ اور بے چینی سی ہر وقت رہتی ہے
اور اگر اچھی طرح سے علاج نہ کیا جائے تو مرض تمام بدن پر نمایاں ہو جاتا ہے۔ جس سے
بہت بدنامی دنیا میں لوگوں کے سامنے اُٹھانی پڑتی ہے دوسرے ایک قسم کا آتشک
وہ ہے جو مفاربت کے بعد زخم بصورت رگڑ کے عضو پر ظاہر ہوتا ہے۔ اِس میں کوئی
درد وغیرہ محسوس نہیں ہوتی۔ اسپر کوئی دُہوڑا چھڑکا جائے۔ تو وہ زخم کبھی سوکھ
جاتا ہے۔ اور کبھی ہرا ہو جاتا ہے۔ پس چند عرصہ بعد وہ زخم گہرا ہو کر دو دکرنے لگتا ہے
اور جسم و تالو اعضا پر حملہ کرتا ہے۔ یہ قسم آتشک سب سے بُرا ہے اور اس کا انجام
نہایت ہی تکلیف دہ ہوتا ہے خدا بچائے +
تیسری قسم آتشک وہ ہے جسکے جسم پر ابتدا میں درد ہو اور پانی۔ پیپ بہ کثرت نکلے
اور رانوں کی جڑوں کے غدود اکڑ جائیں اور بعض دفعہ پیشاب میں جلن ہو جاتی ہے یہ
معمولی علاج سے دفع ہو جاتا ہے۔ پیارو میری نصیحت یاد رکھو فوراً اُس کا علاج شروع
کرو اور مرض کو اخفا نہ کرو۔ اسی میں بہتری ہے اور عورتوں کو بھی اسی طرح سے ہوتا ہے
چہرے کا رنگ زرد سیاہی مایل بے رونق معلوم ہوتا ہے۔ بدن پر خشکی اور منہ پھٹ جاتا ہے
اور عموماً چھالے بھی نکل آتے ہیں اور آنکھوں میں پانی بھرا رہتا ہے لیکن عورت کا
رنگ سفیدی زردی مائل نظر آنے لگتا ہے۔ اور آنکھوں کے گرد ذرا سیاہی کا حلقہ
معلوم ہوتا ہے۔ پس ہر صاحب کو چاہئے کہ اپنے آپ کو بچائے۔ کیونکہ اِس میں دینی
دنیوی ہر طرح سے بھلائی ہے۔ ورنہ پھر سوائے افسوس کے کچھ چارہ نہ ہوگا۔ اِس
مرض میں پرہیز ضروری ہے۔

نسخہ جات دافع آتشک

فائدہ۔ یہ یاد رکھو کہ دوا کھانے سے پیشتر کوئی مسہل ضرور لینا چاہئے کیونکہ معدہ

صاف ہو دوا بہت جلد اثر کرتی ہے۔
نسخہ مسہل آتشک۔ یہ مسہل بغیر کسی طرح کی اذیت کے ہے اور مادہ آتشک کو بیخ وبنیاد سے اُکھاڑ دیتا ہے اور بلغم کو بھی نکالتا ہے۔ اِسی کو پہلے لے لینا چاہیے۔
سیماب۔ گندھک آملہ سار ہر دو ہموزن لیکر خوب ہی باریک کریں پھر حب السلاطین اوپر کی دواؤں کے برابر لیکر خوب سحق کریں۔ واضح ہو کہ جس قدر سحق کیا جائیگا اسیقدر زیادہ فائدہ ہوگا۔ پس جب خوب سحق ہو جاوے تو پھر سنگ بصری ہر ایک جزو کے برابر خوب کھرل کریں اور ایک کورے برتن میں ڈالکر اس پر پانی اس قدر ڈالیں کہ دوا دو انگشت اوپر ہو جائے پھر اسکو نرم آگ پر رکھکر خشک کرکے اس کو پیسکر سنبھال رکھیں خوراک بقدر ایک رتی سے ایک ماشہ تک حلوا میں رکھکر نگل کر اوپر سے پاؤ پختہ شیر تازہ گاؤ پلا دینا چاہیے۔ اور غذا شیر برنج استعمال کریں۔ گرم مزاج اور کمزور آدمیوں کو کم مقدار استعمال کرنی چاہیے۔ اس سے پیٹ خوب صاف ہو جاتا ہے۔
نسخہ دیگر۔ برنج ساٹھی ۵ تولہ۔ عاقرقرحا ایکتولہ۔ اسگند ایکتولہ۔ جمالگوٹہ سات درم۔ سب کو کوٹکر پانی میں کھرل کریں اور سات گولیاں بناکر ایک گولی سات روز تک برابر کھاکر پھر کوئی دوا کا استعمال کریں۔
نسخہ منضج۔ دافع آتشک۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ گاؤ۔ تخم خیارین۔ گاؤزبان۔ افتیمون بسفائج۔ چرائتہ۔ شاہترہ۔ تخم خطمی۔ کاسنی۔ عناب ولایتی۔ منڈی ہر ایک پانچ پانچ ماشہ رات کو بھگوکر صبح چھانکر شربت بنفشہ تین تولہ ملاکر یا گلقند آفتابی ملاکر پئیں۔ اسی طرح چند روز کریں۔ سب صفائی معدہ کی ہو جائیگی۔
نسخہ مسہل آتشک۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مغز فلوس۔ خیارشنبر۔ تنبر خشت گلقند آفتابی تین تولہ سب کو بھگوکر صاف کرکے گلقند حل کرکے قدرے روغن بادام ڈالکر پینے سے مسہل ہو جاتا ہے اور اگر زیادہ قوی مسہل کرنا ہو۔ تو تربد سفید چھ ماشہ

حب النیل پانچ ماشہ۔ غاریقون چار ماشہ۔ ایلوا تین ماشہ۔ ادویہ مذکور میں اضافہ
کرکے پلائیں جب سب مواد خارج ہو جائے تو دوسرے روز تبرید تیار کرکے ۳ روز پلائیں
نسخہ تبرید۔ لعاب بہیدانہ۔ شیرہ گاؤزبان۔ شیرہ عناب۔ قدرے قدرے یکجا چھانکر
شربت بنفشہ ڈالکر پلائیں مجرب ہے۔ اس سے طبیعت کی گرمی دور ہو جاتی ہے۔
نسخہ دافع آتشک۔ بعد تنقیہ ہلیلہ سیاہ ایکتولہ۔ طباشیر چھ ماشہ۔ نیلا تھوتھا۔
تین ماشہ انکو پاؤ بھر عرق لیموں میں ایک ہفتہ کھرل کرکے رکھیں اس میں سے مریض کو ایک
رتی یا پونی رتی منقے میں رکھکر ہر روز بوقت صبح برابر سات روز یا زیادہ کھلائیں
غذا گوشت۔ گھی۔ دودھ۔ چاول۔ مصری۔ قدرے ڈالکر خوب گھی کھلائیں اور اگر زخم ہوں
تو رسکپور کا ثقل مسکہ گاؤ میں ملا کر بطور مرہم کے لگائیں۔ انشاء اللہ جلد فائدہ ہوگا۔
نسخہ حبوب دافع آتشک۔ جس سے شرطیہ سینکڑوں مرد اور عورتوں کو فائدہ
ہوا ہے۔ فلفل سیاہ۔ نیلا تھوتھا۔ ہر ایک ڈھائی درم۔ ہلیلہ سیاہ پانچ درم جملہ ادویہ
کوٹ چھانکر ایک سو ایک کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر
گولیاں بنا کر رکھیں ایک گولی صبح اور ایک شام مریض کو کھلائیں غذا دال مونگ کے
سوا کچھ نہ دیں۔ نسخہ دوم **حبوب فقیری دافع آتشک**۔ پان پندرہ عدد
مرچ سیاہ اکتالیس عدد۔ لونگ اکتالیس عدد۔ الائچی خورد۔ رسکپور۔ ایک ایک تولہ
سب کو باریک پیسکر چودہ گولیاں بنائیں۔ اول کوئی مسہل کرکے بوقت صبح ایک گولی نام
خدا پر اپنے پیچھے کو پھینکدیں اور ایک گولی کھائیں۔ اسی طرح برابر سات روز عمل کریں۔
فائدہ ہوگا۔ نمک۔ مرچ۔ ترشی سے پرہیز۔ نسخہ سوم **حبوب سنیاسی دافع آتشک**
اس نسخہ سے ایک سنیاسی ہزاروں روپیہ پیدا کرتا تھا۔ نہایت مجرب آزمودہ ہے تخم جمالگوٹہ
[illegible]ر دو عدد۔ چھوارہ کہنہ دو عدد۔ قند سیاہ ۲ درم۔ نارجیل کہنہ ۲ درم مرچ سیاہ نیم درم۔
مردار سنگ ۳ ماشہ۔ ان سب کو باریک کرکے سات گولیاں بنا کر اپنے مکان کے چاروں

کو نون میں ایک ایک گولی ڈالدیں اور باقی تین گولیاں تین دن بوقت صبح ایک ایک کرکے نگلیں۔ یہ یاد رہے کہ گولی کھانے سے پیشتر کھچڑی کھالیا کریں۔ انشاءاللہ بتیسرے روز آرام ہوتا ہے۔ اور یہی دوا صاحبِ گٹھیہ کو بھی کھلانی نہایت فائدہ مند ہے۔

نسخہ چہارم۔ دافع آتشک۔ اس نسخہ سے نہ تو دست نہ منہہ نہ قے آئے اور کیسا ہی پرینہ مرض ہو زیادہ سے زیادہ دو ہفتہ میں آرام۔ الائچی خورد ایکتولہ۔ کتھ سفید آٹھ ماشہ۔ زنگار تین ماشہ۔ سب کو بارہ عدد لیموں میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور خوب گھی کا استعمال کریں۔ اگر گھی نہ کھاؤ گے تو منہہ ورد کرے گا۔ اگر درد ہو بھی جائے تو گھی کے ہی غرارہ کرنے چاہئیں یہ تاکید ہے۔

نسخہ سفوف دافع آتشک۔ عشبہ مغربی چار تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سناءمکی۔ صندل سرخ ہر ایک تولہ کوٹ چھانکر سفوف بنائیں اور چند روز ۷ ماشہ نیم گرم پانی سے پھانکیں بفضلِ خدا آرام ہوگا۔ نسخہ سفوف جو زخم خشک کرے۔ خرمہرہ زرد سوختہ چار عدد۔ سپیاری کہنہ سوختہ دو عدد۔ سنگجراحت چھ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری چھ ماشہ۔ مردارسنگ تین ماشہ کتھ سفید ایکتولہ کافور ایک یا دو رتی سب کا سفوف کرکے اوّل زخم پر روغن زرد لگا کر اوپر سفوف مذکور چھڑکیں تین چار روز میں تمام زخم خشک ہوجائیں گے یہ نسخہ مجربات میں سے ہے۔

نسخہ مرہم دافع آتشک و دیگر تمام زخموں کیلئے مفید۔ چونہ قلعی کو کپڑے موٹے میں باندھکر ایک رات دن پانی میں تر کریں پھر پانی کو نتھار کر پھینکدیں۔ اور جو نیچے دوائی ہو اسکو خشک کرکے اس سے دوچند چوب چینی اور نصف حصہ برگ حنا اور مردارسنگ اور چوتھا حصہ موم سفید اور میل نقرہ و روغن زیتون سب دواؤں کے برابر لیکر مرہم تیار کرکے زخموں پر لگائیں اس سے تمام زخم خشک ہوجائیں گے۔

نسخہ عرق دافع آتشک، جذام و وجع مفاصل وغیرہ۔ منڈی۔ عشبہ۔ برگ حنا۔ خشک۔ شاہترہ۔ پوست درخت نیم۔ پوست درخت کچنار۔ بادیان۔ گلِ سرخ ہر یک دس دس

تولہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید پانچ پانچ تولہ۔ اِن سب میں دس بوتل پانی ڈالکر ایک رات بھگو کر جوش دیں۔ جب صرف دو بوتل پانی رہ جائے تو اُسکو چھانکر بوتلوں میں ڈال رکھیں اور ہر صبح صرف پانچ تولہ مریض کو ہر روز پلا کر دیکھیں۔ بالکل آرام ہو جائیگا اور غذا مرغن کھلائیں اور ترشی و بادی اشیاء سے پرہیز ضروری کرنا چاہیئے۔

نسخہ پٹی۔ دافع زخم آتشک۔ روغن زرد ایکتولہ۔ موم زرد چھ ماشہ۔ اوّل روغن کو گرم کرکے موم ڈالکر حل کریں پھر باریک کپڑے پر لگا کر بطور مرہم زخم پر لگائیں۔

نسخہ بخور۔ یعنے دہونی جو زخم آتشک کو خشک کرے۔ شنگرف۔ عاقرقرحا۔ اسگند ناگوری موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ ہموزن لیکر جوکوب کرکے آگ پر ڈالکر مقامِ خاص کو دھونی دیں اس سے زخم خشک ہو جائینگے۔ مجرب ہے۔

نسخہ دہوڑا زخم آتشک۔ کتھہ سفید۔ سفیدہ کاشغری۔ طباشیر عمدہ۔ مردار سنگ ہر ایک چھ ماشہ۔ ماجو سوختہ۔ سپاری تیلیہ سوختہ۔ سپاری دیسی سوختہ۔ زرد کوڑیاں سوختہ۔ ہر ایک دو دو ماشہ لیکر نہایت ہی باریک پیسکر زخموں پر ڈالیں بفضلِ خدا زخم خشک ہونگے۔

نسخہ معجون دافع آتشک۔ جو نہایت مجرب ہے۔ اس سے کسی طرح کی تکلیف نہیں ہوتی ورنہ اسکے استعمال سے زیادہ پرہیز کرنا پڑتا ہے۔ اور یہ معجون بوقتِ صبح چھ ماشہ پانی سے نگل لینی چاہیئے۔ عشبہ۔ سنا رہر ایک چھ تولہ۔ چوب چینی۔ دو تولہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ زرد۔ نسوت۔ بابچی۔ کبابہ۔ دار چینی۔ سورنجاں شیریں۔ بسفائج ۔ ۔ ۔ سرخ۔ سر ۔ ۔ ۔ ہر ایک تولہ۔ مصری ڈیڑھ پاؤ۔ شہد آدھ پاؤ۔ اول سب کا باریک سفوف کرکے مصری اور شہد کا قوام تیار کرکے معجون بنائیں۔ یہ نسخہ نہایت امیرانی اور ۔ ۔ ۔ تجربہ کا ہے۔ اس سے ایک دست بھی ہر روز آجاتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

نسخہ دافع رقت وغیرہ

یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ممسک اور احفاظ کے نسخے اپنا مزاج دیکھکر استعمال کرنے چاہئیں۔

کیونکہ اگر دوا بھی گرم ہوئی اور مزاج بھی تو کوئی فائدہ نہ ہوگا اور یہ بھی یاد رہے کہ ممسک نسخے انسان کو استعمال کرنے سے اکثر نقصان پہنچتا ہے۔ اسلیئے جہانتک ہو سکے اس سے پرہیز ہی کرنا چاہیئے کیونکہ وہ کام اچھا نہیں جس کے کرنے سے نقصان پہنچے۔

نسخہ ممسک۔ ایک عدد بیضہ مرغ میں چھ ماشہ قلمی تخم ملا کر خوب باریک کر کے تین گولیاں بنائیں اور ایک گولی پہر پیشتر کہائیں اور پھر ممسک کا ملاحظہ فرمائیں۔

نسخہ دیگر۔ نوشنج کی جڑ ایک انگل کا ٹکڑا منہ میں رکھنی مفید ہے۔ لیکن دودھ ساتھ پینا چاہیئے۔

نسخہ دیگر۔ تخم ریحان آٹھ درم۔ قند سیاہ ۹ درم سب کو باریک کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر ایک گولی کہائیں اور اس روز روٹی کم کہانا چاہیئے۔ پھر تماشا دیکھیں۔

نسخہ دیگر۔ لہسن کی پوتھی میں قدرے افیون بھر کر آفتاب میں رکھیں بعد اس کو پیسکر نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ اور وقت ضرورت ایک گولی کہائیں۔

نسخہ دیگر۔ ممسک بھی نہایت مجرب ہے۔ افیون ایک ماشہ۔ کافور چار رتی۔ زعفران ۲ ماشہ انکو جس قدر چھواروں میں ہو سکے بند کر کے اس پر آٹا لگا کر آگ میں پکائیں جب پختہ ہو جائیں تو آٹے سے چھوارے نکالکر خوب باریک پیسکر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر ایک ساعت پیشتر ایک گولی کہائیں۔ مجرب آزمودہ ہے۔

نسخہ دیگر۔ لاثانی جو نہایت ممسک ہے۔ ایک چھوارہ یعنے خرما لیکر اس میں ایک رتی افیون اور قدرے دودھ درخت پیپل اور مصطگی تین ماشہ ڈالکر اسپر آٹا لگا کر آگ میں پکائیں جب پختہ ہو جائے اسکو نکالکر گولیاں بقدر نخود بنا کر ایک گولی پیشتر مقاربت کے دودھ سے کہا کر تماشہ دیکھیں۔

نسخہ سفوف جو نہایت ممسک بھی ہے۔ تخم ریحان۔ ثمر سمندر سوکھ۔ تال مکھانہ ہر ایک پانچ درم سب کا سفوف کر کے آدھا درم صبح کہائیں اور اسی طرح چند روز استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں اس میں کوئی نقصان والی دوا نہیں۔

نسخہ دیگر۔ پوست درخت ڈھاک۔ گوند ڈھاک۔ گوند گولر۔ پوست گولر۔ گوند مولسری

گوند سنبل - پوست سنبل - تخود بریاں - سب کا سفوف کرکے چار درم بوقت صبح چند روز برابر قدرے دودھ سے پھانکیں اور ممسک و مبہی کا تماشہ دیکھیں -

نسخہ اخنظاظ - ایک مغز سر گنجشک لیکر اس میں قدرے نوسادر بریان ملا کر وقت ضرورت لگا کر اخنظاظ اُٹھائیں لیکن یہ یاد رکھو کہ ہمیشہ اس کو نہ استعمال کریں -

نسخہ دوم - اِس سے بڑھکر لاثانی کوئی نسخہ نہیں ہے - اول ایک بڑا مار و سنگین سیاہ رنگ کا لیکر اُس پر مٹی لگا کر آگ میں دفن کریں - جب وقت وہ پختہ ہو جائے اُس کو مٹی سے جُدا کرکے شیرہ نکالکر اس میں چند دانے فلفل دراز کے تین دن اور رات بھگو کر رکھیں پھر نکالکر خشک کرکے باریک پیسکر سنبھال رکھیں - وقت ضرورت قدرے دوا مذکور شہد میں ملا کر طلا کریں - **نسخہ سوم** - دارچینی - زنجبیل - عاقرقرحا - کبابہ - سب ہموزن لیکر باریک کرکے قدرے گوند ببول و عرق گلاب ڈالکر کل ادویہ کو خوب باریک کرکے گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر طلا کریں اور نصف گولی اپنے منہ میں رکھکر اسکا لعاب چوسیں اور تماشہ دیکھیں - **نسخہ چہارم** - پتہ کبوتر - اور نمک سنگ - فلفل دراز - سب کو شہد میں پیسکر طلا کریں - اِس سے طرفین خوش ہونگے - اور بعض لوگ صرف عطر حنا شہد میں ملا کر اور بعض کستوری و بیر بہوٹی ملا کر استعمال کرتے ہیں - بیشک وہ بھی عمدہ ہے +

علاج ورم خصیہ و درد خصیہ

اگر ورم خصیہ گرمی سے ہو تو اُسکی یہ علامت ہے کہ سُرخ رنگ و تشنگی ہو - اور علاج فصد باسلیق جانب دوم سے لیں - پھر لعاب اسبغول مسلم پانچ ماشہ - شیرہ عناب سات دانہ شربت نیلوفر تین تولہ میں ملا کر نوش کریں اور بجائے پانی کے عرق مکو ڈالیں - نہایت مجرب ہے اور لعاب اسبغول اور خرفہ گلاب میں تر کرکے مقام ورم پر رکھیں ابتدا ورم میں گل خطمی - تخم خشک حضض مکی - آب کشنیز سبز میں پیسکر ضماد کریں -

اگر زیادہ ہو تو آرد جو اور نخود باقلا پانی میں گھول کر ضماد کریں
نسخہ دیگر۔ درد و ورم کو مفید۔ تخم کاکنج۔ گوگنار۔ آرد جو۔ عدس مقشر سب مساوی الوزن زردی بیضہ مرغ میں قدرے روغن گل ملا کر طلا کریں۔ اس سے درد و ورم دور ہو جائیگا۔
نسخہ دیگر۔ زنجبیل۔ گیرو۔ بنولہ۔ کنجد سیاہ سب مساوی الوزن پیسکر بادہ گاؤ کے پیشاب میں پکا کر نیم گرم ضماد کریں۔ انشاء اللہ ایک دو روز میں بالکل آرام ہو جاتا ہے۔
نسخہ دیگر۔ دافع درد خصیہ۔ مال کنگنی۔ ہلدی۔ مغز بادام۔ مغز ارنڈ۔ ان سب کو ہموزن لیکر بھیڑ کے دودھ میں پکا کر ضماد کریں۔ اور اوپر اس کے برگ پان باندھیں مفید ہے۔
اگر درد خصیہ ریح سے ہو تو تخم ارنڈ صرف پانی میں پیسکر چاندی کے برتن میں گرم کر کے دن میں تین دفعہ خصیوں پر لیپ کرنے سے درد بالکل جاتا رہتا ہے۔
(نوٹ)۔ پانی میں قدرے بھول کیسو جوش دیکر اس کی ٹکور کرنی بھی مفید ہے

علاج چھوٹے بڑے ہونے خصیہ کے

جاننا چاہئے کہ چھوٹے بڑے خصیہ ہونیکا یہ سبب ہے کہ جب سردی لگ جائے تو اس میں ضرور بیضہ سکڑ کر چھوٹا ہو جاتا ہے۔ اس صورت میں یہ علاج کریں اس کو حمام کرائیں اور گرم دوائیں لگائیں۔ مثلاً عاقر قرحا۔ روغن گل میں پیسکر ضماد کریں۔ یا اکلیل الملک زنجبیل۔ روغن کنجد میں پیسکر مالش کریں نہایت مجرب ہے۔
نسخہ دیگر۔ بڑھ جانے خصیہ میں۔ اگر خصیہ بڑھ جائیں تو اجوائن خراسانی تھل۔ سیب بمعہ بیج وغیرہ پوست خشخاش ہموزن سب کے سب کشنیز سبز میں اور اگر سبز نہ ہو تو خشک میں پیسکر لیپ کریں یا گل ارمنی سرکہ میں ملا کر لیپ تمام پر کریں۔ تو بھی بہتر ہے۔ اور اور یہی لیپ عورت کے پستانوں پر لگائیں تو زیادہ بڑھنے نہیں۔ اگر پھل سیب نہ ملے تو کچھ بات نہیں اور ایک بہت ہی مجرب نسخہ باب ۱۲ میں بھی لکھا گیا ہے۔

علاج ورم عضو مخصوص

اگر گرمی یا کسی اور سبب سے عضو پر ورم ہو جائے تو اُسے غور سے دیکھ لیں۔ کہ سوزاک یا آتشک سے تو نہیں۔ اگر اِن سے نہ ہو تو اُس کا بھی وہی علاج کریں جو ورم خصیہ میں بیان ہو چکا ہے اس سے دور ہو جاتا ہے یا تخم سنبھالو۔ آرد نخود۔ آرد باقلہ۔ ہر ایک نو ماشہ۔ مویز منقیٰ پندرہ عدد۔ روغن سرسوں و چربی بط میں ملا کر خوب طلا کریں انشاء اللہ چند دفعہ طلا کرنے سے ورم دُور ہو جائیگا ÷

نسخہ دیگر۔ اگر حقہ کے پانی میں قدرے سرد چینی پیسکر ملاویں۔ اور اِس پانی میں عضو کو ڈبوئیں تو بھی ورم دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ دیگر۔ پوست سرس سبز۔ کشنیز خشک۔ گوگل۔ سب مساوی الوزن اور قدرے انزروت بھی ڈالکر خوب پیسکر طلا کریں نہایت مجرّب ہے۔

باب (۱۰) دسواں

بیان اُن بیماریوں میں جو خاص عورتوں سے مخصوص ہیں

رحم یا بچہ دان۔ یہ ایک عضو ہے میقاتِ عصبانی سے مرکب مثانہ کی شکل اور رحم کی جگہ پیٹ میں امعاء کے اوپر اور مثانہ کے نیچے ہے اور اس کی درازی چھ انگشت سے کم نہیں ہوتی۔ اور نا بالغ کا بہت چھوٹا ہوتا ہے۔

خون حیض کسکو کہتے ہیں اور کس عمر میں آتا ہے

خون حیض یہ ایک قسم کا جوش ہے جو جسم عورت سے ایام بلوغت سے شروع ہو کر پورا

ایک ماہ میں رحم میں جمع ہو کر مقام مخصوص عورت سے نکلنا شروع ہو جاتا ہے۔ اِس کو حیض یا کپڑے آنا یا پلیتی کہتے ہیں۔ جب سے یہ شروع ہوتے ہیں تب ہی سے عورت بالغ سمجھی جاتی ہے۔ اور حاملہ ہونے کے لایق ہو جاتی ہے یہ تخمیناً ۱۲ برس کی عمر سے ۵۰ برس کی عمر تک آتے ہیں۔

یہ بھی یاد رہے کہ جس عورت کو حمل ہو جاتا ہے۔ اُس کو پھر حیض نہیں آتا۔ اور حمل بھی حیض آنے کے بعد پندرہ روز تک اگر آجائے تو ہو جائے۔ ورنہ پھر رحم کا منھ بند ہو جاتا ہے۔ اور نطفہ نہیں ٹھہر سکتا۔ پھر حیض آنے پر کھلتا ہے۔ اور پندرہ روز کے بعد بند ہو جاتا ہے۔

بیان عقر یعنے بانجھ ہونے میں

عقر اور ہندی میں بانجھ عورت کے حمل نہ ہونے کو کہتے ہیں۔ اِس کے کئی سبب خاص عورت یا مرد کی جانب سے ہیں۔ اگر عورت کی طرف سے ہوں تو اُس کی نشانی خون حیض کا کم آنا۔ اور رنگ سرخ رقیق ہونا اور بال عانہ میں کم بلکہ بعض کے ہونے بھی نہیں۔ پس اگر رحم میں کوئی بیماری نہ ہو اور بدن سالم ہر طرح سے ہو لیکن امور خارجیہ یا نفسانیہ میں سے کوئی امر پیش آئے کہ نطفہ کو نہ ٹھہرنے دے۔ تو یہ سبب بھی کئی طرح سے پیدا ہوتے ہیں۔ جن کی تفصیل آگے لکھی جاتی ہے۔

اول۔ یہ کہ عورت انزال کے بعد جلد اُٹھے۔ اِس سبب سے منی نکل جائے رحم میں نہ ٹھہرے۔ دوم۔ یہ کہ سخت حرکت کا اتفاق ہو یا بھوکھ سے یا کسی اور سبب سے رنج پہنچے۔ اور اِس سے خارج ہو جائے۔ سوم۔ خلط کے استفراغ یا جماع کی زیادتی یا حمام کی کثرت کا اتفاق ہو۔ لیکن یہ کل امور طبیب کو ضرور دیکھنے چاہئیں کہ آیا عورت میں یا مرد میں نقص واقع ہے پس اسکے موافق تدارک

کریں۔ ہاں بعض کوئی بیماری ظاہر نہیں ہوتی۔ لیکن وہ بانجھ رہتی ہیں یہ حکم ایزدی ہے۔ اِس میں کسی کا چارہ نہیں۔ جیسا کہ بعض درختوں کو پھل آتا ہے اور بعض کو نہیں۔ پس یہی عقر حقیقی ہے۔ عقر کے دریافت کرنے کی بہت ترکیبیں ہیں لیکن بندہ مختصر آسان درج رسالہ ہذا کرتا ہے۔

فائدہ۔ اِس بات کے امتحان کرنے میں کہ عقر عورت کی طرف سے ہے یا عقم مرد کیطرف سے پس دونوں کی منی جُدا جُدا الیکر پانی میں ڈالیں۔ جس کی منی پانی پر ٹھہر جائے اور تہ میں نہ بیٹھے عقم اُس کی طرف ہے۔ (نوٹ) یہ یاد رہے کہ عقر عورت کیطرف سے اور عقم مرد کیطرف سے ہوتا ہے * **دوم**۔ گیہوں یا جوار یا باقلا کے سات دانہ لیں انکو علیحدہ علیحدہ مٹی کے برتن میں اُگائیں اور اس پر علیحدہ علیحدہ ہی پیشاب کریں پس جس کے پیشاب سے دانے نہ اُگیں اُسی کیطرف سے عقر سمجھے۔ اور یہ تجربہ خاص اس عقر کیلئے ہے۔ جس کی منی کے سبب سے پیدائش نہ ہو۔ کیونکہ عورت اور مرد کیجانب سے حمل نہ ہونے کے اور کئی انواع بھی ہیں جو مختصر بیان کیئے جاتے ہیں۔

اوّل۔ سوء مزاج سرد رحم میں عارض ہو کر منی اور خون سرد و خشک ہو جائے اُسکی یہ علامت ہے کہ خون حیض دیر میں کم اور سرخ رقیق آئے۔ جب خون آنے لگے اگرچہ کم ہو مگر کئی دن برابر آئے۔ کیونکہ خون بلغمی جلد دفع نہیں ہوتا۔ اِس صورت میں اگر سوء مزاج سادہ ہو تو گرم دواؤں سے علاج کریں۔ اور زعفران۔ سنبل۔ اکلیل۔ تیزپات۔ قردمانا۔ تلخ۔ مرغی کی چربی۔ زردی بیضہ مرغ۔ یہ سب ادویات ملا کر سفوف اس میں بھر کر فرزجہ کرنا اور حیض سے پاک ہونیکے بعد زرنیخ سرخ۔ مُر۔ جوز سرو۔ سنبھالو۔ قطار سب کی دھونی نلکی کے ذریعہ سے رحم میں پہنچانا مجرب ہے۔ اور زردی بیضہ مرغ نیمبرشت دار چینی یا تخم انجرہ باریک پیسکر اس پر چھڑک کر کھانا اور ساتھ اس نسخہ کا چند روز پینا بھی مجرب ہے۔ **نسخہ**۔ گاؤزبان چھ ماشہ۔ تخم کسنبھ چھ ماشہ۔ تخم خربوزہ چھ ماشہ

قند سیاہ چار تولہ - اِن دواؤں کا کاڑھا کر کے بوقت صبح چند روز برابر استعمال کریں خدا چاہے ایامِ ماہواری باقاعدہ آنے لگ جائینگے اگر پہلے ماہ میں نہ آئیں تو دوسرے ماہ پلائیں - دوم - اگر سوءِ مزاج گرم رحم میں آجائے اور منی کو جلا کر فاسد کر ڈالے اُسکی علامت یہ ہے کہ خون حیض میں گرمی اور غلاظت وسیاہی ہو اور عانہ پر بال زیادہ ہوں
علاج - اِسوقت تبرید کے لئے شربت بنفشہ - یا نیلوفر - یا خشخاش - سیب - صندل - لیموں پلائیں اور زردی بیضۂ مرغ - چربی بطخ و مرغی کا روغن بنفشہ میں ملا کر فرزجہ کریں اور اگر صفرا بھی غالب ہو تو اُس کے تنقیہ میں کوشش کریں -
سوئم - اگر سوءِ مزاج خشک رحم میں عارض ہو اور منی کو خشک کر دے - اِس کی علامت یہ ہے کہ حیض نہ آئے اگر خدانخواستہ آئے بھی تو بہت کم اور خشکی عام ہو اور بدن دُبلا اور ناتوان رہے اور حمل نہ ہو اور عموماً جوڑوں میں درد بھی ہوتا ہے -
علاج - ترطیب کے لئے چکنی چکنی چیزیں کھلانا تازہ دودھ اور شربت بنفشہ - نیلوفر - پلانا اور روغن بنفشہ و روغن کدو - روغن نیلوفر و چربی بطخ و مرغی کا مثانہ پر اور فرج پر ملنا اور روغن گاؤ وغیرہ کا فرزجہ مفید ہے - اور نسخہ اول پینا نہایت مجرب ہے -
چہارم - اگر سوءِ مزاج تری رحم میں پیدا ہو اور اس کی ماسکی کو ضعیف کر ڈالے - اور اُس میں ایک صفائی آجائے - اِسی سبب سے اکثر اِس میں منی نہ ٹھہر سکے اور اِس کی علامت یہ ہو کہ ہمیشہ رحم سے رطوبت بہے - اور اگر حمل بھی ہو جائے تو جلد ساقط ہو جائے اور اکثر تین مہینے سے زیادہ نہ ٹھہر سکے +
علاج - تنقیہ رطوبت اور قے کرانی اسوقت بہت نفع دیتی ہے - اور خشک غذائیں جیسے کباب گرم اور خشک مصالحے ملا کر کھلانا اور شحم حنظل - انزروت - شبت - سماق - مر - زعفران - عود - باریک پیسکر شہد میں ملائیں اور صوف اس میں بھر کر فرزجہ کریں -
پنجم - سبب یہ کہ خلط بلغمی یا صفراوی یا سوداوی رحم پر گرے اور رحم منی کو فاسد

کرے۔ تو اسکی علامت یہ ہے کہ بلغمی میں رطوبت سفید اور صفراوی میں زرد۔ سوداوی
میں سیاہ۔ اِس کا علاج تنقیہ عام پینے کی چیزوں سے اور رحم پاک کرنے کے لئے حقنہ
کریں۔ تاکہ رحم کو قوت حاصل ہو اور پھر نئے مادہ کو قبول نہ کرے۔

ششم۔ نوع یہ کہ عورت حد سے زیادہ موٹی ہو۔ اور بدن و رحم میں چربی آجائے
اِس کی یہ علامت ہے کہ شکم جیسا چاہئے اُس سے بڑا اور اونچا ہو اور اُٹھنے بیٹھنے
میں سانس تنگ ہو۔ تھوڑی ریح اور براز شکم میں جمع ہو کر ایذا دے اور فرج تنگ رہے۔

علاج۔ بدن دُبلا کرنے کیلئے فصد اور مسہل دیں اور غذا بہت کم کر دیں اور دوائے
لک یا جوارش کمونی کھلائیں۔ یہ یاد رکھو کہ دوائے لک اِس مرض کیلئے اکسیر چیز ہے
جس سے جگر طحال اور معدے کی سختی دور ہوتی ہے اور استسقا اور سدہ کھولے اور
بول کا ادرار کرے اور بدن کو بہت جلد دُبلا اور سنگ گردہ اور سنگ مثانہ کو توڑ کر نکالے

ہفتم۔ یہ کہ عورت نہایت دُبلی ہو۔ **علاج**۔ فربہی کے لئے مسمن غذائیں اور دوائیں
کھلائیں۔ مثلاً باقلی مقشر۔ مغز کدو شیریں۔ دونوں کو باریک کرکے روغن بادام
اور آب انار شیریں میں مویز منقٰے پکا کے کھلانا مفید ہے +

نسخہ دوم۔ عناب اور مویز منقٰے دونوں کو نمک کے پانی میں پکا کے صاف کریں۔ پھر
مغز بادام اور خشخاش۔ مغز تخم کدو شیریں۔ صمغ عربی اِن سب کو بریان کرکے باریک
کریں۔ پھر سب کو ملا کر تھوڑی دیر پکا کے روغن بنفشہ۔ اور چربی مرغ میں ملا کر حلوا
بنائیں اور اِس میں قدرے گلاب ڈالیں اور ہلائیں تاکہ جو روغن ڈالا تھا سب علیحدہ
ہو جائے پھر اِس روغن کو علیحدہ کرکے بدن پر مالش کریں اور حلوا کو کھائیں +

نسخہ سوم۔ اِس نسخے سے بہتر کوئی نسخہ نہیں۔ تودری سُرخ۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک
پانچ درم۔ جوز۔ جنگلی انار دانہ جس کو حب قلقل کہتے ہیں۔ ہر ایک درم۔ زعفران دس
درم۔ مغز بادام ایک سیر۔ فندق مقشر۔ ڈھائی سیر۔ مغز اخروٹ دس عدد۔ چاول ایک سیر

شہد کف گرفتہ دو سیر۔ قند سفید ایک سیر۔ کتیرا گوند آدھ سیر۔ آرد باقلا۔ آرد نخود ہر ایک ساڑھے ۱۳ تولہ۔ اوّل قند کو تکر شہد میں ملا کر آگ میں رکھیں۔ پھر سوائے زعفران کے باقی کل دواؤں کا سفوف اس میں ملائیں۔ پھر زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے قدرے شکر ملا کر نرم آنچ پر قدرے قدرے روغن کنجد ڈالکر حلوا بنائیں پھر کل ادویات مذکور میں ملا کر ایک جان کر لیں خوراک ہر روز بوقت صبح پانچ درم کہانا بہتر ہے۔ یہی دوا دُبلے آدمی کو موٹا مضبوط کرتی ہے +

ہشتم۔ وہ ہے کہ جنین کی غذا یعنے خون حیض اگر کسی وجہ سے بند ہو جائے۔
علاج۔ مادر طمث ہی۔ وہاں پر نسخہ پینے کا اور حمول کا استعمال کریں۔
نہم۔ یہ کہ رحم میں ورم گرم یا قرحہ رویہ عارض ہو۔ اِس سبب سے حمل نہ ٹھہر سکے۔ حکماء کا قول ہے کہ حمل جب رہتا ہے کہ جب رحم صحیح اور اسکے افعال سالم ہوں۔
دہم۔ باد غلیظ رحم میں پیدا ہو جائے اور نطفہ کو نہ ٹھہرنے دے۔ (علامت)۔ اُس کی پیڑو ہمیشہ پھولی ہوئی رہیں (علاج)۔ ریاح توڑنیوالی دوائیں استعمال کرائیں۔ اور ذیل کی جوارش بناکر کہلانی ریاح کو دفع کرتی ہے۔
نسخہ جوارش دافع ریاح۔ نرکچور۔ درونج۔ جائفل۔ الائچی کلاں۔ اقاقیا۔ لونگ اجوائن۔ تخم کرفس۔ زنجبیل ہر ایک دو درم۔ زیرہ سیاہ سرکہ میں مدبر کیا ہوا پانچ درم۔ تخم ارنڈ نصف درم سب کو کوٹ کر قند یا شہد میں ملائیں خوراک ایک مثقال نیم گرم پانی کے ساتھ کہلانا مفید ہے +

یازدہم۔ فم رحم میں ورم ہو جائے۔ اس کا علاج اوپر گذر چکا ہے دیکھ لیں۔
دوازدہم۔ فم رحم فرج کے مقابل سے پھر جائے اس سبب سے اس میں منی نہ پہنچے۔ علامت اس کی یہ ہے کہ جماع کے وقت رحم میں درد ہو۔ پس اس کا علاج اِس طرح کریں کہ تنقیہ کے بعد جو دائی عمدہ تدبیر سے واقف ہوشیار ہو وہ اپنے ہاتھوں کو روغن کنجد

سے تر کر کے اُس وقت رحم کو سیدھا کرنے کی کوشش کرے اور رگوں کو کھینچے اِسی طرح چند روز عمل کرنے سے درست ہو گا۔

بیان حیض

یہ یاد رہے کہ جب عورت کے ماہواری خون میں خرابی ہو گی۔ اِس کو حمل بالکل نہ ہو گا اگر بہ نقت دیر ہو بھی تو جلد گر جاتا ہے۔ پس اِس کے لئے عورتوں کو بڑا احتیاط رکھنا چاہیئے کہ حیض میں کسی قسم کی خرابی واقع نہ ہو۔

ایام حیض میں عورتوں کو کس طرح سے رہنا چاہیئے

ایام حیض میں ایک تو مرد کے نزدیک نہ جائے۔ دوسرے زود ہضم اور لطیف غذا کم مقدار میں کھائے۔ تیسرے زیادہ گرم یا سرد کوئی چیز نہ کھائے۔ تیل اور خوشبویات۔ سرمہ بھی لگانا بہتر نہیں ہے۔

ایام حیض کے بعد غسل کر کے پھر کیا کرنا چاہیئے

تیسرے یا پانچویں یا چھٹے دن جب خون بند ہو جائے تو غسل کرنا چاہیئے اور غسل کر کے کوئی عمدہ ہی چیز دیکھنی چاہیئے۔ اور پھر اپنے خاوند کے پاس جانا چاہیئے۔ اور چوتھے۔ چھٹے۔ آٹھویں۔ دسویں۔ بارھویں۔ روز شب کو ہمبستری کرے تو بہتر ہے اگر اِن تاریخوں کے خلاف کرو گے تو اچھا نہیں ہے اور طاق تاریخوں میں یعنی حیض کے بعد سے شمار کر کے ہمبستری کرنے سے لڑکی عموماً پیدا ہوتی ہے۔

حیض عمدہ کی شناخت

جو حیض کا خون لاکھ دھوئے ہوئے پانی کی طرح یا خرگوش کے خون کے رنگ جیسا پھیکے

رنگ کا سُرخی لئے ہوئے ہو۔ اور اگر سفید کپڑے پر لگا کر پانی میں دھوڈالنے کے بعد کوئی داغ باقی نہ رہے۔ اور کسی قسم کا درد نہ ہو۔ اور سوزش جلن بھی نہ ہو۔ اور ۲۸ یا ۲۹ یا ۳۰ روز کے بعد دوبارہ جاری ہو جائے تو بہتر ہے۔

حیض کی بیماریوں کا علاج

نسخہ حیض بستہ دیرینہ کو کھولے اگر سبب اس کا رطوبت یا سردی ہو۔ گوگل۔ پیپل دراز مین پھل۔ جوا کھار۔ تخم کدو تلخ سب برابر لیکر کوٹ کر قدرے دودھ ڈنڈا نہو ہر سے گولیاں قدرے قدرے بنا کر حمول کریں مفید ہیں۔

نسخہ دیگر۔ اگر درد سے حیض آئے اسکو دفع کرے۔ عرق افیون دس یا پندرہ بوند چھٹانک پانی میں ملا کر دن بھر چار پانچ دفعہ پلائیں اور تین چار رتی کے قریب کافور آٹے میں گولیاں بنا کر دو چار دفعہ دن میں کھلائیں اسیطرح چند روز کریں آرام ہوگا۔

نسخہ دیگر حیض کو کھولے۔ سونف۔ بابڑنگ۔ ہر ایک چار ماشہ۔ بہروزہ گجراتی تین ماشہ اُنکا سفوف بنا کر تین گولیاں بنائیں اور حیض سے تین دن پیشتر ایک ایک گولی صبح کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حیض تیسرے روز آنا خوب شروع ہوگا۔

نسخہ دیگر۔ ادرار حیض۔ تل سیاہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ پوست بہارنگی۔ قند سیاہ۔ سب ایک ایک درم لیکر پانی میں جوش دیکر پندرہ روز تک برابر پینے سے حیض خوب جاری ہو جاتا ہے۔ اسگند کے کاڑھے میں گائے کا دودھ اور گھی ملا کر حیض کے وقت عورت صبح یا پنج دن پیئے مزور حیض سے ہو یا صفحہ ۹۷ میں جو نسخہ پہلے ہے استعمال کریں نہایت مجرب بارہا دفعہ کا آزمودہ خود میر احمد شاہ لوہاذی کا ہے۔

بیان و علاج کثرت خون حیض

اگر خون حیض معمولی دنوں سے بڑھ کر آنے لگے تو اس کا سبب دیکھیں اگر چہرہ کا رنگ

ادرار حیض کی مجرب دوا ... منگوا کر ... دیباچہ سے طلب فرما کر فائدہ اٹھائیں

زردنہ ہو۔ اور قوت بدن خوب ہو تو زیادتی خون کا باعث ہی۔ علاج کی ضرورت نہیں ہے اگر تغیر رنگ اور ضعف بدن ظاہر ہو تو اُسوقت پستانوں کو باندھنا مفید ہے۔ اور ذیل کے نسخوں میں سے کسی کا استعمال کرائیں انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

نسخہ۔ جو کثرت حیض کو روکے۔ ٹنکچر آف ہمپ یعنے عرق گانجہ پانچ بوند۔ آرگٹ آف رائی کا سفوف تین رتی۔ عرق افیون دس بوند۔ پانی آدھی چھٹانک ملا کر دن میں چار دفعہ پلائیں انشاء اللہ زیادتی خون کی دور ہو گی اور بدن کو طاقت دینے کے لئے ہیرا کسیس ایک رتی اور آدھی سفوف سونٹھ گوند کے پانی میں گولی بنا کر صبح شام دو وقت کھلائیں۔

نسخہ دیگر۔ جو خون کو روکے۔ ٹنکچر آہن۔ گیرو۔ مساوی الوزن لیکر سفوف بنا کر چند روز بوقت صبح چھ ماشہ ہمراہ پانی کے کھلانا مفید ہے۔

نسخہ دیگر۔ تخم کاہو بقدر دو دام ہمراہ شربت انار کے کھلائیں۔ خون حیض و سیلان رطوبات ہر قسم کو بفضل خدا روکے مجرّب ہے۔

نسخہ دیگر۔ سنگ جراحت دو دام۔ گوند ڈھاک ایکدام۔ مائیں خورد نصف دام مصری سفید دو دام سب کا سفوف بنا کر بقدر ایکتولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ کے کھلائیں۔

نسخہ دیگر۔ افراط حیض کو روکے گلسرخ۔ عدس مقشر۔ ہر ایک پانچ درم۔ اقاقیا گلنار صندل سرخ و سفید ہر ایک تین درم۔ گل ارمنی چار درم۔ بلوط۔ طباشیر۔ ہر ایک درم سب کو کوٹکر پانی میں رگڑ کر عانہ و پشت پر لیپ کرنا مفید ہے اور قرص کہربا بقدر دو درم کہانا نہایت بہتر ہے۔ جس کا نسخہ یہ آگے لکھا جاتا ہے یہ بھی مجرب ہے۔

نسخہ۔ قرص کہربا۔ بسد کہربا۔ مروارید ناسفتہ۔ کوڑی سوختہ۔ شاخ بزکوہی سوختہ۔ شادنج مغسول ہر ایک تین درم۔ گل سرخ۔ تخم خرفہ۔ کشنیز خشک۔ سماق۔ نشاستہ بریان صمغ عربی بریان۔ گلنار۔ ہر ایک پانچ درم۔ طباشیر۔ اقاقیا۔ عصارہ ریشہ۔ برگد کوٹ چھانکر آب بارتنگ میں گوندھ کر قرص بنا کر قرص دو درم کہانا مفید ہے۔

نسخہ حیض زیادہ روکنے والا ۱۲ باب میں دیکھو

علاج دردِ رحم

اگر رحم میں کسی سبب سے درد ہو تو اُس کو پیسکر ضماد کریں۔ فوراً درد موقوف ہو۔ زعفران افیون۔ اجوائن ہر ایک دو دو ماشہ۔ تخم خطمی۔ تخم السی ہر ایک پانچ ماشہ زردی بیضہ مرغ نیمبرشت یک عدد ملا کر پیڑو پر لیپ کرو مجرب ہے۔

نسخہ دیگر۔ درد رحم جو ایام حیض میں ہو اُسکو مفید ہے۔ ریوند خطائی مصری وزن برابر سفوف کر کے چھ ماشہ حیض سے دو تین دن پیشتر کھانی شروع کریں۔

نسخہ دیگر۔ درد رحم جو مابعد جماع یا ولادت یا حیض کے ہو۔ برگ نیم برتن پر رکھکر گرم کر کے عانہ کے اوپر باندھے درد موقوف ہو۔

نسخہ دیگر۔ درد رحم جو بعد نفاس کے ظاہر ہو۔ کوکنار قدرے پانی میں تر کر کے سرد یا نیم گرم قدرے شکر ملا کر پینا مفید ہے اور پیڑو کو سینک دینا بھی مفید ہے۔

نسخہ دیگر۔ درد رحم و درد پشت جو قبل حیض کے ظاہر ہوتا ہے۔ دفع کرے۔ تخم کرفس ایکدرم۔ میتھی دو تولہ۔ تخم خیارین نیم کوفتہ چودہ ماشہ۔ بادیاں نیم کوفتہ۔ انیسون تخم سُبت۔ مجیٹھ ہر ایک سات ماشہ لیکر سب کو جوش دیکر ساڑھے ۱۸ تولہ قند سیاہ میں قوام کریں۔ یہ دوا سات روز پیکر ختم کریں مجرب ہے۔

علاج ورم رحم

نسخہ۔ اسپغول۔ تخم کتان کو پیسکر ساتھ شہد کے ملا کر فرج میں رکھیں۔

نسخہ دیگر۔ ضماد برائے دافع ورم رحم۔ مغز املتاس چھ ماشہ۔ تخم خطمی۔ رسوت۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ جو ہر ایک تین ماشہ۔ تخم کاسنی چار ماشہ۔ آب گلو سبز کے ساتھ پیسکر روغن گل و سرکہ ہر ایک چھ ماشہ ملا کر نیم گرم ضماد کریں فوراً ورم دور ہو۔

علاج شقاق رحم و قرح رحم

نسخہ- موم سفید- چربی گردہ بز تولہ تولہ لیکر پگہلا کر آپس میں ملائیں اور سنگجراحت چھ ماشہ- مُردار سنگ ۳ ماشہ پیسکر اس میں ملائیں اور ایک مدت تک اس مرہم کو اُوپر شقاق کے رکھیں- اچھا کر دیگا- آزمودہ ہے-

نسخہ قروح رحم- شہد کو شیر گاؤ دوچند میں پکائیں- جب شیر جل جائے پھر اس میں رُوئی آلودہ کر کے حمول کئی دن کریں- قرحہ بالکل صاف ہو جائیگا-

علاج خارش رحم و سیلان رحم

نسخہ دافع خارش رحم- زعفران- کافور- ہر ایک دانگ- حب الغار نصف درم سب کا سفوف کر کے سفیدی بیضہ مرغ و روغن گل میں گہو لکر حمول کریں-

نسخہ دیگر- سرب قدرے کو پانی کاسنی میں پیسکر گل نیلوفر- تخم کاہو قدرے قدرے گلاب کا عرق ملا کر اندر اندام کے طلا کریں- خارش کو مفید ہے-

نسخہ دافع سیلان رحم- تخم کاہو- گل نیلوفر- ہر ایک ڈیڑھ درم- گوگل ایک درم- شفتالو- برگ سداب- پودینہ خشک تین درم- کبیلا دو درم- سب کو پیسکر چھان کر بتی بنا کر رحم میں رکھیں اور آدمی کے نزدیک بالکل چند روز جانے سے پرہیز کریں-

فائدہ- یہ یاد رکھیں کہ اگر مذکورہ بالا مرضوں سے حمل نہ ہوتا ہو تو اُنکا حال دیکھکر علاج عورت کا کریں- اگر مرد کیطرف سے کچھ کسر ہووے تو اُس مرض کا علاج کریں- اگر کوتاہی آلہ مرد ہے تو وقت خاص کے عورت کی کمر کے نیچے تکیہ رکھہ دینا اور قدرے عطریات عورت کی رانوں اور مقام خاص میں لگانا مفید ہے- اِس لئے کہ خوشبو سے رحم نزدیک ہو جاتا ہے-

مددگار حمل

اگر کوئی مرض عورت کو نہ ہو تو برادہ دندانِ فیل اصلی شہد میں ملا کر عورت چند روز کھائے یا اجوائن کفِ دست چند روز بعد حیض کے کھائے اور باز کی بیٹھ شہد میں حل کر کے فتیلہ بنا کر فرزجہ کریں۔ مددگار حمل یہ عمدہ ہیں۔

علامت حمل ہو جانے کی

جب عورت کو حمل ٹھہرتا ہے اُسوقت عورت کے بدن میں سستی اور بوجھ ظاہر ہوتا ہے بعد جماع کے حواس کا سست ہونا اور قدرے متلی اور ڈکار ترش آنا اور رونگٹے کھڑے اور درد سر ہونا اور آنکھوں کے نیچے اندھیرا آنا اور دل پر گھبراہٹ و بھوک کم ہو جانا اور دردسر ہونا اور پیشانی پر پسینا آنا اور درمیان ناف اور اندام نہانی کے کسی قدر درد کا ہونا اور رحم کا مُنہہ اور حیض بند ہو جانا اور بعد رہنے حمل کے ہر ایک چیز سے نفرت کرنا اور پیشاب دشواری سے آنا یہ علامت حمل کی ہے۔ بقراط کا تجربہ ہے کہ اگر حمل معلوم کرنا ہو تو شہد چھ تولہ ہموزن آب باران میں حل کر کے رات کو سوتے وقت عورت کو پلائیں اگر درد بیچ ناف کے پیدا ہو گیا تو معلوم کریں کہ عورت حاملہ ہے ورنہ حاملہ نہیں ہے تجربہ دیگر۔ عورت نہار مُنہہ لہسن کی پوتھی ناابت رحم میں رکھ کر سو رہے اگر مزہ اور بو لہسن کی مُنہہ میں ظاہر ہو تو حاملہ نہیں۔ اگر معلوم نہ ہو تو حاملہ ہے۔

شناخت حمل لڑکا ہے یا لڑکی

اگر دریافت کرنا ہو کہ عورت حاملہ پسر کی ہے یا دختر کی تو ایک جوں ہاتھ پر رکھ کر اسپر دودہ اس عورت کا ڈالیں اگر وہ جوں اس دودہ سے نکل جائے تو معلوم کریں کہ اسکو

حمل دختر ہے اگر نہ نکلے تو حمل پسر کا ہے۔

یادداشت۔ سوال۔ حمل کتنی مدت میں وضع ہوتا ہے۔ جواب۔ نویا دس مہینے بعد اس سے پہلے جو ہووے وہ پورے دن کا نہ کہلائیگا۔

حاملہ عورتوں کو کن کن باتوں کی احتیاط چاہیئے

(اوّل) اپنے بدنکو صاف ستھرا رکھنا چاہیئے (دوم) قبض اور پیشاب رکنے نہ دینا چاہیئے (سوم) کسی قسم کا غم دلپر نہ رکھنا چاہیئے (چہارم) قے اور دست لانیوالی چیز کا استعمال نہ کرنا چاہیئے (پنجم) زیادہ محنت کا کام نہ کرنا چاہیئے۔ (ششم) چار مہینے حمل ہونے پر جماع نہ کرنا چاہیئے کیونکہ اس سے حمل گر جاتا ہے (ہفتم)۔ زیادہ گرم اشیا نہ کھانی چاہیئے۔

نسخہ بچہ پیدا ہوتے وقت تکلیف ہو۔ اگر اس وقت درد کی شکایت معلوم ہو تو فوراً خوشبوہائے مطبوع تھوڑی سی سنگھائیں اور اگر ضعف ہو تو عرق میوہ جات پلانا اور پودینہ کو پانی میں جوش دیکر اسمیں بٹھلانا درد عسر ولادت کو فوراً دور کرتا ہے۔ یا سم خر جلا کر دھونی دیں۔ یا پوست خشخاش پانی میں بھگو کر تھوڑا سا پلائیں یا پھٹکنڈہ بوٹی کا پودہ معہ برگ و بیخ کے خشک کرکے اس سفوف کی ایک پوٹلی بنا کر جسم کو خوشبو اسکی دیں اس سے بھی فوراً مخلاصی ہو جاتی ہے مجرب و آزمودہ ہے یا منشی محمد اصغر علی مصنف کتاب ہذا مقام لودیانہ سے پہلے ہی تعویذ منگوا کر رکھنا چاہیئے۔

علاج اخراج مشیمہ و مردہ بچہ

ایسے وقت میں چھینک لانیوالی دوائیں استعمال کرائیں اور ناک منہہ کو چھینک کے وقت بند کر کے زور لگائیں اور عود بلسان و اہل۔ لہسن کے پتوں کا بندق بنا کر بخور کریں نسخہ دیگر۔ نوشادر تین تولہ۔ اشق دس ماشہ پانی میں فتیلہ بنا کر عورت جسم میں رکھے

اور ہمراہ قدرے گنجد سیاہ کے ایک رات دن پانی میں بھگو کر صبح ملکر اسکا پانی دو تین دن پینا مفید ہے۔ یا سانپ کی کینچلی اور سرگین کبوتر کا دھواں رحم میں پہنچانا بھی یہ کام کر دیتا ہے یا پوست بیخ درخت پیپل دس ماشہ کوٹ کر چاولوں کی پیچھ سے ملا کر کھلانا مفید ہے کلونجی۔ اجوائن۔ وزن برابر لیکر قند سیاہ میں ملا کر کھائے اور یا بیخ چرچرہ پنجدرم گھسکر صبح کو پینا فوراً اسقاط ہوتا ہے۔ تخم سویہ ایک مثقال کو جوش دیکر قند سیاہ ملا کر پلاویں فوراً حیض جاری ہو اور مُردہ بچہ باہر آئے۔ یا مر۔ جاؤشیر۔ خربق سفید برابر کوٹ کر چھانکر ساتھ زہرہ گاؤ کے فرزجہ کریں یا تخم جھواڈیڑھ تولہ نیم سبز بختہ پانی میں جوش دیں جب بنصف پانی باقی رہ جائے تو چھانکر پلائیں مجرّب ہے۔ یا مشک کستوری۔ زعفران چار چار رتی۔ لونگ چار عدد۔ ورق طلا ۴ عدد۔ شہد ۳ تولہ ملا کر ایک ایک ماشہ چار چار گھنٹہ بعد چٹاویں تو فوراً بچہ پیدا ہوگا مجرّب ہے۔

نسخہ مانع حمل

بعض ایسے سبب ہیں کہ جن سے اگر حمل ہو جائے تو مرنیکا خوف ہوتا ہے اسلئے صحبت کے وقت بڑا خیال رکھنا چاہئے کہ نطفہ نہ ٹھہرے۔ اس کیلئے روغن سرسوں یا چنبیلی وغیرہ عضو پر لگا کر استعمال کرنا بہتر ہے یا روغن بنولہ کا پھاہا یا حیض کے وقت پانچروز اپنے جسم میں رکھیں اس سے بھی حمل قرار نہ پائیگا۔

نسخہ دیگر۔ اگر سرگین فیل خشک دو ماشہ۔ کاکنج چار ماشہ۔ شہد پانچ ماشہ باہم ملا کر عورت کھائے حاملہ نہ ہو۔

نسخہ دیگر۔ قدرے بیخال کبوتر جنگلی کو پانی میں رات بھر بھگو کر صبح جو عورت پی لیوے بانجھ ہو جائے۔ یعنی پھر حمل نہ ہوگا یا چند روز لونگ ایک ایک کھانا بھی مفید ہے یا رسوت ہڑ۔ آملہ یہ تینوں ہموزن پیسکر بقدر ۵ ماشہ بعد غسل حیض کے سرد پانی سے نگلا ئیں۔

نسخہ جات مضیق

نسخہ مضیق - خواہ کسی طرح سے پیدا ہوئی ہو اس کے لئے نہایت مفید ہے کونپل درخت ڈھک سایہ میں خشک کر کے برابر شکر سفید ملا کر ہر روز چھ درم کھائیں - گیاراں روز کھا کر خشکی جسم کو دیکھیں - یہ نسخہ نہایت عمدہ ہے - نسخہ دوم - ماجو - کافور - شہد ہر سہ کو خوب ملا کر جائے مخصوص میں لگانا بہتر ہے - نسخہ سوم - برگ بیخ ثمر آنار کی لیکر پانی میں خوب پیس کر روغن کنجد میں پکا کر وہ روغن استعمال کرو - یا ایم - اے علی مینیجر یونانی شفاخانہ لودیانہ سے بنی بنائی دوا طلب کریں - نسخہ چہارم - آملہ - ماجو - گل سرخ - پھٹکری - برگ آس - دانہ الائچی خورد - مائیں خورد و کلاں - گل سپاری - گل دھوا - سنگجرا حت گوند ڈھاک یہ سب مساوی الوزن نہایت باریک پیس کر ایک پارچہ عرق گلاب میں تر کر کے اس سفوف میں آلودہ کر کے حمول کریں بعد دو گھڑی کے خشکی کا تماشہ دیکھیں - لیکن اس قسم کی دوائیں استعمال کرنی مضر صحت ہیں -

باب گیارہواں (۱۱)

بیان و علاج امراض بچوں میں

یہ یاد رکھنا چاہئے کہ جو بیماریاں بچہ کو پیدا ہوتی ہیں وہ دایہ یعنی ماں کے ثقل اور ثقیل اور سخت چیز کے کھانے سے ہوتی ہیں - بچہ دودھ پیتا ہو تو اس صورت میں دوا دایہ کو پلانی چاہئے اور جب تک بچہ کے دانت نہ نکل آئیں اسوقت تک کوئی غذا بلکہ غیر دودھ بھی بچہ کو نہ دینا چاہئے اگر خدانخواستہ دودھ گائے یا بکری کے دینے کی

ضرورت ہو۔ ایک حصہ دودھ گاؤ یا بکری میں ایک حصہ پانی گرم اور ذراسی مصری
ملاکر شیر گرم پلانا چاہیئے۔ اگر دودھ پلانے سے قبض ہو اور پیٹ میں درد ہو اور
دودھ گرائے اور دست آنے لگیں تو اِس صورت میں ایک حصہ گرم پانی اور
ایک حصہ چونے کا پانی اور آٹھ حصہ دودھ اس میں قدرے مصری ملاکر پلائیں
اگر گدھی کا دودھ ملجائے تو سب سے بہتر ہے۔

چونے کا پانی بنانا۔ ایک بڑی بوتل میں سوا سیر پختہ پانی ڈالکر اسمیں سوا تولہ چونا قلعی خشک
یعنے پتھر کا چونہ ڈالیں اور اس بوتل کو ڈاٹ لگا کر خوب ہلا کر رکھیں بعد تین چار پہر کے اس
بوتل میں نتھرا ہوا پانی باآہستہ کسی دوسری بوتل میں ڈال دیں بس یہی چونے کا پانی بن جائیگا
بڑی احتیاط سے اسکو اوپر سے نتھار کر پھر چھانکر سنبھال رکھیں یہی چونے کا پانی ہے۔

احتیاط۔ دایہ کو چاہیئے کہ دودھ بچہ کو باری باری دونوں پستانوں سے دے
تاکہ ہر دو پستان میں دودھ برابر پیدا ہو۔ اگر زچہ کے دودھ نہ اترے تو اس صورت میں
چار پانچ برگ ارنڈ پانی میں جوش دیکر اس پانی سے پستانوں کو دھو کر اوپر سے وہی برگ
گرم باندھ دینے مفید ہیں۔ اگر پستان میں دُنبل ہو جائے تو قدرے صابون ولائتی کو گل
گھیکر طلا کریں۔ زچہ یا دایہ کو چاہیئے کہ بار بار دودھ نہ پلائے اس کے لئے وقت
مقرر کرنا بہتر ہے اور اسی طرح پاخانہ پھرانے کی بھی عادت ڈلوانی چاہیئے۔

جو بچے تندرست ہوتے ہیں وہ دِن بھر میں دو تین دفعہ پاخانے اور دو دو گھنٹے
بعد پیشاب کرتے ہیں اگر بیمار یعنی پیٹ میں کچھ خرابی ہوگی تو اس کے برعکس پاخانہ ہوگا
اگر بچہ کو قبض ہو جائے تو عرق گلاب میں تھوڑا سا شہد حل کرکے دِن بھر میں
دو تین دفعہ پلائیں یا کسٹر آئل کا جلاب دیں یا عرق سونف میں قدرے املتاس
ڈالکر پلائیں بچوں کے جب وقت دانت نکلتے ہیں انکو سخت تکلیف ہوتی ہے۔
اور علامات ذیل ظاہر ہوتے ہیں۔ پیاس کا زیادہ لگنا منہہ سے رال کا بہنا مسوڑے

کا گرم و سرخ ہونا۔ دست اور قے لگنا۔ اپنی انگلیاں چبانا۔ دودھ بسبب درد کے نہ پی سکنا۔
رخسار و نیز سرخی آجانا۔ پس جب یہ علامتیں ہوں تو اسوقت شہد و نمک لاہوری ملاکر مسوڑھے و نیز دوسرے
تیسرے دن ملنا چاہیئے اور گھٹی مقشر چوسنے کو دینی چاہیئے۔ تیل کسٹرائل ایک مہینے کے بچے تک
چار ماشہ اور دو مہینے کے بچے کو ساڑھے ماشہ اگر اس سے دست نہ آئیں تو قدرے پیٹ پر مالش کر دینی چاہیے
جب دانت نکلنے شروع ہوں ان دنوں میں سر کو سرد رکھنا چاہیئے کیونکہ ان دنوں
میں خون کا میلان سر کیطرف زیادہ ہوتا ہے اس لئے سر کا سرد رکھنا ضروری ہے۔
اگر بچہ کو پاخانہ زرد اور بدبودار آئے تو اس صورت میں اس کو ریوند چینی قدرے
دیدینی چاہیئے۔ تاکہ ایک دو دست آجائیں اس سے پیٹ صاف ہو جائیگا۔
اگر بچہ کا پاخانہ سفید ہو تو بدہضمی کی علامت ہے اسوقت دودھ میں چونہ کا پانی ضرور
ملاکر دیں اور الائچی خورد۔ پودینہ خشک۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ نمک سیاہ ہموزن
سب کا سفوف کرکے چھ مہینہ کے بچہ کو دو تین رتی چار روز تک شام کے وقت دیں۔
اگر بچہ کو قبض ہو جائے اور بار بار پاخانہ آئے تو اس صورت میں جلاب دیں یا قدرے
سونف پانی میں باریک پیسکر چھانکر ایک چمچہ ذرا گرم کرکے پلائیں یا انار کی کلی۔ چونہ کتھہ
گڑ سب کو ہموزن لیکر مونگ برابر گولیاں بناکر بچہ کو ایک گولی دیں۔
اگر بچوں کے پیٹ میں چلونے یعنے چھوٹے کرم پیدا ہو جائیں تو قدرے اندرجو
پیسکر پلائیں یا کسٹرائل اور تارپین کے تیل کی بوندیں ملاکر پلائیں۔ یا عرف بوٹی
کوکر جہدی کا لڑکے کے مقعد میں لگائیں۔
اگر بچہ کو کھانسی بہت ہو اور چھاتی جم جائے تو ہلیلہ خورد۔ فلفل دراز۔ کاکڑا سنگی۔
قدرے قدرے پیسکر شہد میں ملاکر بچہ کو چٹائیں اور دوا بہ دو تولہ سپستان پانی میں جوش
دیکر پئیں مجرب ہے۔ اگر کھانسی بھی ہو اور بخار بھی ہو تو عرق سونف قدرے ملاکر بچہ کو دینا مفید ہے
مرض پسلی۔ جب مرض پسلی کا بچہ کو شروع ہو تو فوراً جلاب دیں اور قدرے بارہ سنگھہ

اور دو چار سیاہ مرچ رگڑ کر لیپ کریں اور اس پر سینک دیں یا خون خرگوش یا کستوری قدرے شہد میں ملا کر چٹائیں۔ اور مقام درد پر گرم کپڑا باندھنا مفید ہے۔

اگر بچہ کے منہ میں چھالے پڑ جائیں تو سہاگہ اور شہد لگائیں یا الائچی خورد۔ طباشیر کتھ سفید۔ ماز و ہموزن سفوف بنا کر قدرے منہ میں لگائیں۔

اگر بچہ کی آنکھیں دکھنے لگ جائیں تو کشتہ جست آنکھ میں ڈالکر ملائی کا پھایا اوپر باندھ دینا چاہیئے۔ جب کان میں درد ہو تو بچے کان میں انگلی ڈالتے ہیں اس وقت قدرے تیل سرسوں یا بادام روغن نیم گرم ڈالنا چاہیئے اگر پھنسی کان میں ہو تو نیم گرم پانی میں پھٹکری ملا کر پچکاری کرائیں اگر پیپ جاتی ہو تو شہد کان میں ڈالیں یا بوٹی گل حسن کا پتہ نیم گرم کر کے پانی اس کا ڈالیں۔ اگر بچہ سوتا ہوا چونک پڑتا ہو تو ٹکڑہ بلور کا گلے میں ٹکائیں۔ اگر ہچکی آتی ہو تو جو زہندی اور شکر سفید ملا کر چٹائیں اور اگر رونا ہو تو کسی فقیر سے تعویذ بنوالیں۔ اگر چیچک نکل آئے تو سرمہ کان اور ناک میں پھونکیں اور مروار بد خورد چند عدد کھلائیں اور جب نکل چکیں تو اسوقت آدھ رڑکا دودھ پلانا چاہیئے۔

اگر بچوں کے سر پر خارش یا پھنسیاں وغیرہ ہو جائیں تو پارہ گندھک۔ نیلا تھوتھا۔ نوشادر۔ روغن گاؤ پہلے روغن گاؤ کو ایک پانی میں دھو کر گندھک پارہ کا کھرل کر کے پھر سب کو کھرل میں ڈالکر روغن میں ملا کر تین گھنٹہ کھرل کر کے جسم پر ملیں اور ایک لحہ کے بعد دھو ڈالیں اس دوا سے ہر قسم کا داد بھی دور ہوتا ہے لیکن لگا کر دیر تک رکھنا چاہیئے اگر سر میں پھوڑے ہوں تو سر کو صابون کار بالک سے دھو کر سندھور۔ سہاگہ بریان۔ الائچی کلاں پیسکر لگائیں

اگر کسی کے بچے سوکھ کر مر جاتے ہوں یعنے وہ مرض جس کو سوکھیا مسان کہتے ہیں اس کے لیئے یہ گولیاں بقدر نخود بنا کر قدرے شیر دایہ میں بچہ کو دیں اور دو گولی صبح اور شام دایہ خود کھائے انشاء اللہ برابر چالیس روز میں بچہ فربہ ہو نسخہ یہ ہے۔ دانہ الائچی کلاں دو تولہ مرچ سیاہ پانچ ماشہ۔ چاول زیرہ سفید۔ عود صلیب۔ جدوار خطائی

دو دیا نہ سے تعویذ ... کا ٹکٹ مخفول کا بچہ ... سے سکوا وہ لیکن نام بچہ کا ضرور لکھو۔

پوست اندرونی سنگدانہ مرغ - اندرجو مقشر - صندل سرخ وسفید - داڑھی درخت بیل -
ہرایک چار ماشہ - سہاگہ بریان - گلسرخ - زعفران ہرایک دو ماشہ ان سبکو اول عرق
گلاب میں اور پھر عرق کیوڑہ میں کھرل کریں ہرایک عرق کا وزن تین تین تولہ ہو -
پھر گولیاں بقدر نخود بنا کر استعمال کریں -
نسخہ دیگر - چولہے کی بھپوڑ اور گھوڑی کا پر ہموزن لیکر گولیاں شہد میں بقدر ماش بنائیں
ایک ایک گولی صبح دایہ اپنے دودھ سے بچے کو دے اگر بچہ بڑا ہے تو اس کو عرق
سونف سے دیں مفید ہے اور نسخہ مذکور کی گولی خود ایک ایک کھائے -

باب (۱۲) بارھواں

مختلف مرضوں کے چیدہ چیدہ نسخے

علاج سرخی چشم - پھٹکری سفید ۳ تولہ - اول رات کو دو تولہ سفید زیرہ اور دو تولہ حنا
خشک لیکر ان کو پانی آدھ پاؤ میں بھگو دیں اور صبح چھانکر اس میں پھٹکری کھرل کر کے
بار چہ پھیر خشک ہونے پر کریں اور پھر آنکھ میں لگائیں مجرب ہے -
علاج پھولا و طحال و ہاضمہ - نوشادر ایک سیر پختہ جو سیاہ نہ ہو لیکر جو کوب کر کے
اس کو برگ سرس کے پانی میں قدرے تر و خشک سات دفعہ دھوپ میں کریں - پھر اس
کے جوہر جو ہر بنے ساتویں دفعہ کے لیویں - پہلی آنچ چار پہر کی دوسری دو پہر کی
ہوگی - بس ان جوہروں میں سے چار رتی سکنجبین سرکہ سے چند روز طحال
واسطے کیلئے اور ہاضمہ کے لیے بچہ کو دو بسم دودھ سے مفید ہے - اور اگر پھولا کیلئے
استعمال کرنی ہو تو جوہر لیکر اسکو کٹورا کانسی میں جست کی چیز سے اسمیں رگڑیں جب سیاہ

خوب ہو جائے تو آنکھ میں لگائیں پھولا بفضلِ خدا رفع ہو جائیگا۔ مجرب ہے۔

نسخہ مرہم سفید۔ ہر قسم کے زخموں کیلئے مفید۔ مردار سنگ۔ کافور۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک تولہ۔ موم روغن ڈیڑھ تولہ۔ گل روغن چار تولہ۔ سفیدی بیضہ مرغ دو عدد۔ اول گل روغن میں قدرے برگ نیم کی ٹکیہ بنا کر خوب روغن کو سرخ کر کے ٹکیہ نکالدیں پھر اس میں موم ملا کر بعد ہر سہ اشیاء جو ارل تین ماشہ گل روغن میں پسی ہوں ملا کر اتار کر پھر سفیدی بیضہ مرغ بھی ڈالدیں اور نرم آنچ پر خوب حل کر کے کام میں لائیں

نسخہ (نسوار دافع زکام)۔ اسطوخودوس۔ بالچھڑ۔ کشمیری پتچہ۔ کچور۔ سفید کنیر کے پھول ہر ایک ایکتولہ پھل کیٹلی کلاں دو عدد۔ کافور تین ماشہ سب کا سفوف کر کے نسوار بنا کر قدرے لیں۔

علاج کہو کہلی ڈاڑہ۔ آئینہ کا پانی جو قلعی اور پارہ ہوتا ہے اس میں قدرے افیون ملا کر خوب کوٹو کہ وہ لیسدار بنجائے پھر اسکو ڈاڑھ کہو کہلی میں ڈالدیں تو وہ پختہ اور مضبوط ہو جائیگی یا ردی مصطگی میں افیون قدرے ملا کر دو تو بھی بہتر ہے۔

علاج داد اور خارش کہنہ۔ ہڑتال ورقی دو تولہ۔ تیل کنجد ۲۰ تولہ میں ملا کر آگ پر پکائیں جب خوب پکے تو دیگچی میں آگ لگائیں اور منہ بند کریں اور آگ سے نیچے اتارلیں۔ پھر آگ پر چڑھا کر آگ لگائیں۔ اس طرح پانچ چھ دفعہ آگ لگائیں اور بجھائیں پھر وہ تیل تیار ہو جائے گا تو اس تیل کو داد پر لگائیں یہ نسخہ مجربات انور صاحب لاہوری سے ہے۔

حب نزلہ۔ اجوائن جنگلی بنگین۔ تخم کاہو۔ صمغ عربی نشاستہ۔ ہر ایک تولہ زعفران ابریشم ہر ایک پانچ ماشہ سب کو پیسکر گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنا کر ایک گولی سوتے وقت کہائیں

(علاج) اگر پلک سرخ اور موٹی ہو جائے تو آک یعنے مدار کی جڑ جلا کر اس راکھ کو پانی میں ملا کر آنکھ کے گرد چند روز طلا کریں۔ بفضلِ خدا پلکوں کی بیماری کو آرام ہو گا۔

علاج مجلوق۔ منڈی اور مال کنگنی ہرا۔ لیکر ہر روز ہفتہ روغن گاؤ میں بریان کر کے

چالیس روز تک برابر ایک ایک تولہ صبح دودھ یا پانی سے کہانا مفید ہے۔
سنون دندان۔ ہر قسم کے امراض دانت کو مفید۔ سینگ بارہ سنگہ سوختہ۔ مازو۔ گل سرخ۔ تنکر ہر ایک ۷ ماشہ۔ نمک اندرانی دو ماشہ انکا سفوف بناکر دانتوں پر ملیں۔
سفوف۔ قوت باہ و درد پشت کیلئے مفید ہے تج خراسانی۔ موصلی سفید۔ دکھنی سناو بیج بند۔ تالمکھانہ۔ گوکھرو۔ اسگند ناگوری۔ بھسوڑیاں۔ گوند ڈھاک۔ گوند سنبل بالچھڑ۔ موچرس۔ تخم کونچ۔ سمندر سوکھ ہموزن لیکر سفوف بناکر تولہ تولہ صبح دودھ سے دس گیارہ روز کہائیں مجرب ہے۔
خضاب۔ کسیس ایکتولہ۔ مازو دو تولہ۔ پھٹکری تولہ۔ ان سب کو شیرہ بادنجان میں چار پہر برابر کہرل کرکے ٹکیہ بنائیں اور ان ٹکیونکو آدہ سیر روغن چنبیلی میں بھونیں پھر سرد کرکے لوہے کے ظروف میں ڈالکر چوب نیم سے ایک پہر تک خوب گھوٹ کر شیشہ میں بھر کر منہہ بند کرکے گھوڑی کی متالی میں چالیس روز دفن کریں۔ بعد میعاد کے نکالکر چھانکر بالوں پر تیل لگائیں فوراً سیاہ ہو جائیں گے۔
مجرب خونی دستوں کے لئے۔ لعاب بہیدانہ بریان دو مثقال۔ صندل سفید تخم ریحان۔ انکو باریک پیسکر شربت انجبار تولہ یا دو تولہ ڈالکر پینا مفید ہے۔
نسخہ دافع کیڑے جسکو چاچونے کہتے ہیں۔ افسنتین رومی۔ ایلوا۔ اندرائن کا گودا ان کو گائے کے پتے میں خوب رگڑ کر بچے کے مقعد پر ضماد کریں چلونی دور ہوجاتی ہے
نسخہ حبیبی طبیب۔ نوسادر لیکر اسکو عرق لیموں کے پانی میں ایک دن خوب کہرل کرو۔ پھر دوسرے دن عرق امر بیل بوٹی میں۔ تیسرے روز اٹ سٹ بوٹی کے رس میں چھٹے دن کیلے کے پانی پانچویں روز بسکھپرہ کے پانی میں خوب کہرل کرو۔ لیکن یہ یاد رکہنا چاہیئے کہ شام کو جب کہرل کرکے چھوڑو تو بالکل خشک کرکے رکھو چھٹے روز خوب خشک کرکے دو پیالونکو جوڑ کر تصعید کرلیں اور جو جوہر ہوں انکو لیکر

ایک حصّہ تووہ اور ایک حصّہ کاربالک ایسڈ اور پانچ حصّہ کافور اور پانچ حصّہ پیپرمنٹ اور پانچ حصّہ ست اجوائن اِن سب کو ملا کر ایک شیشی میں بند کرکے ذرا دھوپ میں رکھدیں سب اجزا فوراً تیل بن جائینگے۔ اِس کی دو تین بوند پانی میں ڈالکر پینا ہیضہ کو مفید اور دستوں کو اور دانتوں کو لگانا فوراً درد بند کرتا ہے۔ غرضیکہ ہر مرض کے لئے سمجھ کر استعمال کرنا نہایت مفید ہے۔

نسخہ دافع پیچش خونی۔ بارتنگ ۲ تولہ اور عرق بادیان دس تولہ میں قدرے پکا کر رکھو پھر مغز تخم کدو شیریں چھ ماشہ لیکر پانی ڈالکر اس کو رگڑو اور جب باریک ہو جائے تو بارتنگ مع عرق کے ڈالدو۔ اور شربت بنفشہ ۳ تولہ بھی ملادو۔ اور مریض کو پلاؤ۔ اسی طرح صبح شام پلاؤ بفضل خدا ہوگا۔

نسخہ حیض زیادہ کو روکے۔ کہربا شمعی۔ رال۔ چنیا کہ۔ بیل کھٹی ہر ایک ماشہ ماشہ دم الاخوین دو ماشہ۔ مصری ۶ ماشہ۔ اِس کو پیسکر شربت نیلوفر۔ شربت عناب ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۵ تولہ ملاکر پہلے سفوف کھلاکر اوپر سے شربت وعرق پلادو اور دوا صبح شام کھلاؤ اگر خون بہت ہی زیادہ ہوں تو دن میں تین دفعہ دوا کھلاؤ۔ اور یہ وزن ایک دفعہ دینے کے لئے ہے۔

نسخہ دافع چھائیں و خارش بدن مجرب المجرب جیبہ۔ عرق لیموں ۶ ماشہ عرق گلاب ۴ تولہ۔ سرکہ ۳ ماشہ۔ تیل چنبیلی یا کنجد ۴ تولہ ان سب کو ملاکر بدن پر خوب ملیں اور دو تین گھنٹہ بعد غسل گرم پانی سے کریں۔ چار پانچ روز میں آرام ہوگا۔

نسخہ مجرب دافع طحال۔ ایک بڑا حنظل یعنے تمہ لیکر اِس میں ذرا سوراخ کرکے ۲ چھٹانک نمک لاہوری بھر کر اس پر آٹا لگادو۔ اور قدرے گرم راکھہ میں دبادو۔ جب آٹا پختہ ہو جائے تو آٹا دور کرکے پھینکدو اور نمک مع تمہ کو ٹکر باریک کرکے ہر روز پانی سے ۴ ماشہ یا ۶ ماشہ پھانکو۔ بفضل خدا ہر روز ایک دست ہوگا۔ اور چند روز میں

ٹلی خواہ کتنی ہی مدت کی ہو رفع ہو جائیگی۔

نسخہ نادر دافع ورم پستان - مغز بادام۔ مویز منقی بغیر دانہ۔ کشمش میوہ سبز۔ یا سُرخ سب کو وزن برابر لیکر خوب پیسکر پستان پر ضماد کریں۔ خدا چاہے ورم تحلیل ہو گا۔

نسخہ بے نظیر حمپل و داد - اگر کسی کے حمپل یا داد ہو تو اُس کو پہلے کوئی مسہل دینا چاہئے تاکہ پیٹ صاف ہو جائے اور پھر ذیل کا نسخہ بنا کر استعمال کریں نہایت مجرب ہے۔ ایک گندم کی روٹی تنور میں پکا کر پھر آگ میں جلا کر بالکل کوئیلہ کر لیویں راکھ نہ ہووے سخت کوئیلہ ہی ہووے پھر وہ کوئیلہ اور اُس کے برابر باریک کمیلا اور دھواں نسہ یعنی وہ دھواں جو جھٹر بھوجوں کے چھپروں میں سے اُترتا ہے لیلو اور ہر سہ کو سرمہ سا کر کے سب کے دو چند مسکہ گاؤ جو کہ سو بار پانی دھویا ہووے ملا کر سنبھال رکھیں اور پھر چار پہر کے بعد جو کے برابر موٹا ضماد کیا کریں اور روزمرہ اُسی پر ضماد کرتے جائیں بعد تین یوم کے کبھی کبھی برگ نیم کے پانی میں قدرے صابون ملا کر ضماد کر دیا کریں خدا کے فضل سے دس بارہ روز میں جگہ بالکل صاف ہو جاتی ہے۔ مجرب آزمودہ ہے۔

نسخہ دافع چندرہ انگشت - اگر پہلے دن یا دوسرے دن یہ معلوم ہو جائے کہ یہ جو درد چندرہ نکلنے کا ہے تو فوراً اُس موقع پر انگریزی صابون ایک منٹ تک ملنے سے درد موقوف ہو جائیگا اور صحت ہو جائیگی مجرب ہے۔ اور اگر بد تقدیر کئی دن ہو گئے ہیں اور درد بہت ہے تو اسپغول چار تولہ لیکر پانی ڈالکر اس کا خول انگلی پر چڑھا کر ہر وقت پانی سے تر رکھو۔ اور اسپغول کو دو دو پہر کے بعد بدلتے رہو۔ مجرب ہے۔

حب ٹکیالہ دافع کھانسی و نزلہ - کتیرا گوند کیکر کا گوند۔ نشاستہ گندم مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو شیریں مغز تخم خربوزہ ہر ایک تین ماشہ خشخاش سفید پانچ ماشہ مصری تولہ۔ ان سب کو پیسکر لعاب بہیدانہ ملا کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر منہ میں رکھو کھانسی اور قرقری کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ بالنسن مقوی باہ درجہ اول - زعفران تولہ۔ سید الکڑی نو ماشہ۔ بالنگنی ۲ اونس

ایکوٹی نائیڈ اسپرٹ آف وائن یعنی ٹنچر ایکونیٹی بیس اونس۔ سب کو پیسکر اسپرٹ میں ڈالکر آٹھ روز رکھیں پھر بعد گزرنے آٹھ روز کے کپڑے میں چھانکر دن میں دو دفعہ مالش کریں دو چار روز کے بعد قوت کا ملاحظہ فرمائیں بعد مقاربت کے اِس سے دہونا نکان دور کرتا ہے۔

نسخہ دافع بواسیر خونی و بادی۔ کافور دیسی۔ مغز تخم نیم ہر دو وزن برابر لیکر بطریق پتال جنتر تیل نکالیں پھر بتاشہ میں ایک بوند ڈالکر صبح نگل لیا کریں۔ بفضلِ خدا آرام ہوگا۔

نسخہ دافع سوزاک۔ رال۔ گندم بریاں۔ شکر بورہ سفید ہر ایک چار چار تولہ لیکر پیسکر گیارہ پوڑیہ بناکر صبح شام ایک ایک پوڑیہ ہمراہ دودھ بکری اگر دودھ بکری نہ ملے تو خیر دودھ گاؤ سے ہی بجالائیں فضل ہوگا۔

نسخہ دافع سستی عنین۔ مجرب میر احمد شاہ صاحب ٹوہانوی۔ برادہ دندان فیل۔ انبہ ہلدی۔ نارجیل۔ کلونجی۔ روہو مچھلی کے دانت۔ تل سیاہ۔ مالکنگنی۔ عاقرقرحا۔ ہر ایک تین تین تولہ لیکر دس پوٹلیاں بناکر ہر روز ایک پوٹلی بھیڑ کے دودھ میں تر کرکے آلہ تناسل پر اور جڑوں میں اور ناف تک کل جگہ ٹکور کریں۔ یہاں تک کہ ٹکور کرتے کرتے پانچ تولہ دودھ جذب ہوجائے۔ پھر اُسی پوٹلی کو کھولکر اِس میں قدرے دودھ ڈالکر حشفہ چھوڑ کر باندھ دیں بفضلِ خدا دس روز میں بالکل آرام ہو جائیگا مجرب ہے۔

حبوب قبض کشا۔ ایلوا زرد تولہ۔ سقمونیا انگریزی تولہ۔ گوند کیکر ایک ماشہ۔ شہد خالص تولہ۔ گوگل ۳ ماشہ۔ تخم لیموں تولہ۔ سب کو باریک پیسکر گولیاں بقدر ماش بناکر ایک گولی صبح پانی سے نگل لیں۔ چند روز کے استعمال سے قبض نہ رہیگی۔

عطیہ مختلف مرضوں کے مجرب نسخے بابو نصیر الدین صاحب کلرک لودیانوی حال ملازم گونٹہ ملک راجپوتانہ

الحمدللہ والمنت کہ کتاب گنجینہ طبیب مؤلفہ منشی محمد اصغر علی صاحب جو چوتھی دفعہ شایع ہوئی ہے

اِس کے لیئے ایسا کہہ دینا مبالغہ نہیں ہے کہ یہ کتاب واقعی مجرّب اور سہل نسخوں کا گنجینہ ہے۔ اِس کتاب کی ضرورت جس قدر ہر طبقہ کے اصحاب کو ہوئی ہے۔ اس پر ظاہر ہے کہ اُمرا و غربا کے لیئے ایسے مختصر اور سہل الحصول نسخہ جات کی مہیا کرنے اور کسی سخت نازک وقت پر حکیم حاذق کی طرح مشورہ دینے میں اسی کتاب نے ہر دلعزیزی حاصل کی ہے ہم اپنے عزیز منشی محمد اصغر علی صاحب کو مبارک باد دیتے ہیں۔ کہ ان کی تالیف نے پبلک میں خاص قبولیّت حاصل کرلی ہے۔ جس کی مانگ دن بدن ترقی پر ہے اور آج اُس کے پانچویں اڈیشن کی نوبت ہے۔

چونکہ منشی صاحب موصوف نے مجھ سے پھر ان کو میرے چند ایک دیرینہ مجرب نسخہ جات کیلئے درخواست کی ہے لہذا میں بڑی خوشی سے چند ایک جو میرے زائد از بست سالہ مجرب نسخے ہیں برائے فوائد عامہ اسی کتاب کے ذریعہ پبلک کے پیش کر کے متدعی دعائے خیر کا ہوتا ہوں اور خداوند کریم اس کتاب کے عالمین کو اپنے فضل سے مستفیض کرے۔ آمین۔

الراقم نصیر الدین از کوٹہ مورخہ ۱۲ فروری ۱۹۰۱ء

نسخہ اول۔ دوائی مانع نزول الماء فی العین مقوی بصر و مجلی چشم درخت باویاں یعنی سونف کے بوٹے جو قریب پختگی کے ہوں اسوقت انہیں بمعہ برگ پھل و بیخ اُکھاڑ کر گرد و غبار سے صاف کر کے کوٹ کر عصارہ لیں اور کسی صاف چینی کے برتن میں ڈالکر دھوپ میں رکھیں کہ گاڑھا ہو جائے۔ پس اُس میں سے ہمیشہ آنکھ میں ایک ایک سلائی لگایا کریں۔ پرہیز ترشی و بادی اشیاء سے +

نسخہ دوم۔ حبوب برائے کھانسی۔ گوند کتیرا۔ گوند ببول۔ ملیٹھی کی جڑ۔ ست ملیٹھی تخم خشخاش مغز کدو۔ مغز تخم باقلا ہر ایک تین تین ماشہ سب کو کوٹ چھانکر لعاب اسپغول میں گوندھ کر گولیاں بنا رکھیں بوقت ضرورت ایک گولی منہہ میں رکھیں۔

نسخہ سوم۔ نمک سلیمانی۔ اسکے فوائد بیشمار ہیں۔ معدہ کو طاقت بخشتے بھوک کو بڑھاتے

درد شکم۔ درد معدہ۔ بدہضمی۔ اسہال قبض۔ باؤ گولہ۔ بائی درد سر۔ وغیرہ کو دور کرے
کل دردوں اور ورموں کو نافع۔ بینائی کو تیز۔ رنگ رخسار کو صاف کرے۔ نسیان اور
ضعف دماغ کو دور کرے گردے کو گرم اور ریاح توڑے باہ کو حرکت میں لائے منی بکثرت
پیدا ہو۔ شہوت جماع برانگیختہ ہو اور کل زہروں کو دفع کرے۔

نسخہ یہ ہے۔ نمک لاہوری ۳ پاؤ لیکر خوب بریان کریں پھر کسی برتن میں ڈالکر منہ بند کرکے
تنور میں رکھدیں جب سرد ہو نکال لیں بعد ازاں لیویں نمک سیندھا۔ نوسادر۔ نمک اندرانی یعنے
لاہوری ہر ایک ۱½ پاؤ اجمود کے بیج ۳ تولہ مرچ سیاہ دو تولہ۔ اذخر بلی یعنی گندھیل مرچ سفید
۲ تولہ۔ اکاس بیل ۲ تولہ۔ بالچھڑ ایکتولہ۔ ہینگ ایکتولہ۔ زیرہ کرمانی ایکتولہ۔ دارچینی۔ کاسنی کے بیج
مغز تخم کسنبھ۔ سونٹھ۔ میتھی۔ انیسون یعنے سونف رومی ہر ایک ۷۔ ماشے بس ان سب کو
علیحدہ علیحدہ کوٹ چھانکر اول ٹھیک وزن کریں پھر سب کو نمک بریان میں ملا کر کسی برتن
چینی یا روغنی میں ڈالکر منہ بند کرکے غلہ جو میں دفن کریں۔ جس قدر زیادہ عرصہ رہیگا اکسیر ہوتا
جائیگا۔ اگر جلد ضرورت ہو تو کم از کم چالیس روز بعد استعمال میں لاویں۔ استعمال تیزی نگاہ
کیلئے بقدر ایک ماشہ نہار کہائیں تقویت باہ کے لئے بیضہ مرغ نیم بریاں میں ملاکر کہاویں
اشتہاء اور ہضم طعام کیلئے کہانا کہانیکے بعد دردوں اور ورموں کے لئے جس مقام پر
شہد لگا کر اوپر اس کے نمک کو چھڑکدیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہو۔

نسخہ چہارم۔ حبوب دافع ہیضہ و سوء ہضمی وغیرہ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔
آملہ منقی۔ گلسرخ۔ زیرہ سیاہ۔ کشنیز خشک مقشر۔ پیپل۔ اجوائن دیسی۔ سونف۔ سونٹھ۔
چیتہ یعنے شیطرج۔ دارچینی۔ الائچی کلاں۔ پودینہ باغی۔ پودینہ جنگلی۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ
نمک سانبھر۔ جواکھار سب ہموزن پیس چھانکر سرکہ میں گوندھ کر بقدر جنگلی بیر کے گولیاں
بناویں ایک ایک گولی مریض کو دیویں۔

دیگر حبوب ہاضم۔ پودینہ خشک ۲ تولہ پودینہ سبز ۲ تولہ نمک لاہوری ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ چھ ماشہ۔

سونٹھ ۳ ماشہ اِن سب کو عرق لیموں کاغذی میں کہرل کریں کہ بقدر ایک پاؤ عرق لیموں جذب ہو جائے بس گولیاں بقدر دانہ نخود بنا دیں ایک دو گولی بعد طعام کہا لیا کریں۔

نسخہ پنجم۔ برائے ضعف باہ یہ نسخہ ہے تو قدرے قیمتی مگر ہزار مجرب نسخوں سے چیدہ اِس کے استعمال سے پھر اور کسی دوسری دوا کی ضرورت نہیں۔ ہے بھی سہل جب چاہو بنا لو۔ اسکے فوائد یہ ہیں۔ اوّل تو ضعف دماغ دوئم ضعف بصر کو کہوتا ہے سوئم باہ۔ چہارم امساک پنجم فرحت ششم لذت بخشتا ہے اور نیز تقویت اعضاء رئیسہ کیلئے بہ چوٹی کا نسخہ ہے۔

نسخہ خاص۔ جاوتری۔ زعفران۔ دانہ الائچی۔ لونگ۔ دارچینی۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ شقاقل مصری۔ خولنجاں ہر ایک ۳۔ ماشہ مشک خالص۔ مشک عنبر۔ ورق طلا ہر ایک چار رتی۔ موچرس خالص ۱۱۔ ماشہ مصری ۱۸ ماشہ سب کو کوٹ چہانکر سفوف بنائیں خوراک ۶ رتی یا ایک ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نوش کیا کریں۔

نسخہ ششم۔ حبوب تازہ دم۔ یہ نسخہ بھی اعلیٰ درجہ کا ہے صفت اِس کی یہ ہے کہ سرعت انزال کو رفع کرتا ہے قوت مجامعت بخشتا ہے اور ملذذ ہے زیادہ خوبی یہ ہے کہ اگر ایک گولی بعد از جماع کہائیں تو پھر تازہ دم ہو جائیں تکان دور ہو وہ یہ ہے: الائچی خورد ۱۰ ماشہ۔ جائفل ۱۰ ماشہ۔ دارچینی ۱۰ ماشہ۔ تیسپاری ۷ ماشہ۔ گلرخ ۷ ماشہ۔ صندل سفید ۹ رتی۔ مشک ۹ رتی۔ سب کو کوٹ پیکر عرق گلاب و بیدمشک میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ اگر اس میں ایک رتی کشتہ طلا بھی داخل کرلیں تو نورٌ علیٰ نور نہایت مقوی ہو جائیگا۔ استعمال ایک گولی کہائیں اور منہ میں نگاہ رکہیں۔

حب دیگر بھی فائدہ دیتی ہیں اگر بعد جماع دو چار گولی تناول کرلیں تو تب تکان دُور ہو جائیگا ایسا معلوم ہوگا کہ حرکت نفسانیہ کی ہی نہیں۔

نسخہ یہ ہے۔ مومیائی اصلی ۶ ماشہ مصطگی ۹ ماشہ۔ سونف ۳ ماشہ ہر سہ کو

معہ مصطگی کے پیسکر گوندہ کر گولیاں بمقدار گول مرچ بنالیں دو سے چار گولی تک استعمال کر سکتے ہیں
نسخہ ہشتم برائے جریان۔ ثعلب مصری ۲ ماشہ۔ سپیاری چکنی ۳ تولہ۔ الائچی خورد
ڈیڑھ تولہ۔ طباشیر ا تولہ۔ موچرس ا تولہ۔ کمر کس ا تولہ مصطگی ا تولہ۔ ست گلو ا تولہ
مصری ۱۲ تولہ سب کو جوکوب کرکے شیر درخت بڑ میں تر کریں خشک ہونے پر کوٹ کر سفوف
بنالیں بقدر ۶ ماشہ ہمراہ شہد تناول کریں۔
نسخہ نہم۔ اسرار سے ہے۔ عورت حاملہ ماہ پنجم سے ۳ ماہ تک ہر مہینے کی چودھویں تاریخ
اگر چار عدد ورق نقرہ شیر گاؤ میں حل کرکے پی لیا کرے تو انشاء اللہ بچہ قوی خوبصورت
اور سلامت اور صاحب علم پیدا ہوگا۔ گلاس شیشہ کا ہو جس میں ورق حل کئے جاویں
ورق ایک ایک کرکے حل کریں۔
نسخہ یازدہم۔ طلا برائے سست شدہ۔ کنیر سفید ۲ تولہ کی جڑ کی چھال۔ گھونگچی سفید
۲ تولہ۔ کوٹ تلخ ۵ ماشہ۔ جمالگوٹہ ۵ ماشہ۔ اِن سب کو جوکوب کرکے ۲ سیر شیر گاؤ میں پکاویں
جب نصف رہے تو اُتار کر دہی جمالیں اور مسکہ نکالکر قدرے عضو پر مالش کریں اور بقدر
ایک رتی ہمراہ پان کے کہلاویں۔ انشاء اللہ دو ہفتہ میں صحت ہو گی۔

باب ۱۳ تیرھواں

شربت واطریفل ومعجون بنانے کے معتبر نسخے

یہ یاد رہے کہ جس کا شربت بنانا ہو اس دوا کو ۲۴ گھنٹے بیشتر پانی میں بھگو کر عرق
نکالکر اس میں سہ چند چینی کا قوام کریں اور ہر ایک شربت کی تاثیر علیحدہ علیحدہ ہے۔
شربت بنفشہ۔ کہ ذات الجنب ذات الریہ دردسر وغیرہ کو مفید برگ بنفشہ آدھ پاؤ

کو ۲۹ تولہ پانی میں تر کر کے جوش دیں جب سوم حصہ پانی باقی رہے آدھ سیر شکر سفید ملا کر قوام شکر طیار کریں۔

شربت نیلوفر۔ ذات الجنب تپ صفراوی ذات الریہ کو مفید۔ سفید پتی گل نیلوفر تازہ ایک سیر اگر خشک ہو تو ۲۸ تولہ اس کو ۲۹ تولہ پانی میں جوش کریں۔ جب سوم حصہ پانی باقی رہے تو آدہ سیر شکر سفید ملا کر قوام کریں۔

شربت فریادرس۔ تپ و کہانسی و نزلہ کو دفع کرے۔ برگ گاؤزبان صندل سفید۔ پرسیاوشاں دو دو تولہ۔ اصل السوس۔ بادیاں تخم خطمی۔ گل سرخ۔ گل سیوتی پوست خشخاش۔ دانہ خشخاش ایک ایک تولہ مویز منقے ۲۵ دانہ۔ ان سب کا قوام تین پاؤ شکر ملا کر بنائیں۔

شربت اعجاز۔ واسطے اقسام کہانسی و تپ دق کو مفید۔ عناب ۳۰ دانہ سپستان ساٹھ دانہ۔ اصل السوس مقشر تخم خبازی تخم خطمی گل نیلوفر گل نفشہ۔ ڈیرھ ڈیرھ تولہ بہیدانہ چھ ماشہ۔ گوندکیکر ۹ ماشہ۔ سیر بھر پانی میں جوشاندہ خیساندہ بنا کر تین پاؤ شکر سفید میں قوام کر کے چھ ماشہ کتیرا گوند کا سفوف ملائیں۔

شربت زوفا۔ تپ و کہانسی بلغمی و ضیق النفس کو دفع کرے۔ زوفا۔ اصل السوس ڈیڑھ تولہ۔ پرسیاوشاں۔ کرفس چھ چھ ماشہ۔ انجیر زرد دس دانہ۔ مویز منقے ۴۰ دانہ حلبہ نو ماشہ۔ گلقند آفتابی چھ تولہ شکر سرخ آدھ سیر میں بدستور شربت بنائیں۔

شربت بزوری معتدل۔ حمیات و امراض جگر و گردہ کو مفید اور مواد کو ساتھ ادرار بول کے دفع کرے۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ تخم خربزہ۔ ایک ایک تولہ بیخ کاسنی۔ بیخ بادیان۔ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ شکر سفید پاؤ سیر بدستور قوام شربت تیار کریں۔

شربت بزوری بارد۔ امراض جگر گرم کو و نیز ہائے گرم و امراض گردہ مثانہ کو مفید پوست بیخ کاسنی دو تولہ تخم خربزہ تخم خیارین۔ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ اڑھائی پاؤ شکر سفید کے

ساتھ بدستور قوام بنائیں اور اثناءِ قوام میں مغز تربز۔ مغز تخم پیٹھا انکا شیرہ بناکر داخل کریں
شربت وینارہ۔ ملین طبع دافع عفونت اخلاط و درد جگر و رحم و مثانہ و مدر بول ہے تخم کاسنی
گلسرخ دو دو تولہ۔ پوست بیخ کاسنی چار تولہ۔ گل نیلوفر۔ برگ گاؤزبان ایک تولہ
تخم کشوث ڈیڑھ تولہ۔ قند سفید تین پاؤ میں بدستور شربت بنائیں۔
شربت ورد۔ ملین طبع مسہل صفرا لکالے دافع حرکت خون۔ گل سرخ۔ تازہ مصفی ۲۸ تولہ
کو دریا کے پانی میں جوش کریں۔ جب چہارم حصہ پانی جل جائے تو ملکر چھان لیں اور اسی
پانی میں ۲۸ تولہ گل سرخ ملاکر جوش کریں جب پھر تیسرا حصہ پانی خشک ہو جائے مل چھانکر
پھر گل سرخ ملا کر جوش دیں۔ غرضیکہ اسی طرح تین دفعہ کریں چوتھی دفعہ پانی میں ۲۸
تولہ شکر سفید ملاکر قوام شربت تیار کریں۔
شربت انجبار۔ خون تھوکنے اور خون کی قے کرنے اور زیادتی خون حیض و بواسیر کو دفع
کرے بیخ انجبار دو تولہ۔ پوست انار شیریں۔ حب الآس۔ ایک ایک تولہ برادہ صندل سفید
۹ ماشہ جوش و صاف کرکے آب برگ کیکر ۴ تولہ۔ شکر سفید آدھ سیر ملاکر شربت تیار کریں۔
شربت گلو۔ تپہائے کہنہ کو مفید خواہ کہانسی سے ہو۔ گلو سبز نیم کوفتہ چھ تولہ۔ گل نیلوفر
۴ تولہ۔ گلسرخ ۲ تولہ شکر سفید ۲۸ تولہ۔ بدستور شربت بنائیں۔
شربت اسطوخودوس۔ تپ کہانسی بلغمی فضلات کو سینے سے نکالیں۔ اسطوخودوس
دو تولہ۔ اصل السوس تخم خطمی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ برگ بنفشہ ایکتولہ۔ مویز منقے ساٹھ دانہ۔
سپستان ۴۰ دانہ۔ عناب ۱۹ دانہ شکر سرخ آدھ سیر۔ شہد آدہ پاؤ بدستور شربت بنائیں۔
نسخہ دوم۔ نافع صرع مالیخولیا و جمیع امراض دماغی جو باعث برودت ہوں مفید ہے۔
اسطوخودوس۔ پرسیاؤشاں۔ عود صلیب ہر ایک پانچدرم۔ گاؤزبان۔ اصل السوس رازیانہ
پوست بیخ کرفس۔ گل بنفشہ۔ گل خطمی گلسرخ۔ ہر ایک تین درم۔ مویز منقے۔ بسپستان
ہر ایک پچاس عدد پانی میں بھگو کر جوش دیں آدھ سیر شکر سفید کا قوام کریں +

شربت عناب - گرمی خون اور احتراق کو مفید - عناب بیس دانہ - آلوبخارا سات عدد تمر ہندی چار تولہ گلسرخ - صندلین گل نیلوفر ہر ایک چار تولہ آدھ سیر پختہ شکر سفید ڈال کر بنائیں

سکنجبین سادہ - غلبہ صفرا و حرارت جگر و تشنگی و تلخی دہن و سدہ کھولے اور ادرار بول کرے سرکہ خالص پاؤ سیر شکر سفید اڑھائی پاؤ آگ پر رکھکر صاف کریں اور قوام بنائیں اگر زیادہ تیز بنانی ہو تو سرکہ زیادہ کریں - فائدہ - جس شربت میں سرکہ ملایا جائے - اس کا نام سکنجبین سے تبدیل ہو جاتا ہے - مثلاً شربت بزوری بارد میں سرکہ ملایا تو سکنجبین بزوری ہوگی - یہ امراض پیٹ کے لئے مفید ہے -

شربت نارنج تپ صفراوی و تفریح طبع

" صندل واسطے خفقان وغیرہ کے

" بنفشہ واسطے تپ صفراوی وغیرہ کے

" زوفا ہر قسم کی کھانسی کے لئے

" شیریں انار تپ دموی ضعف جگر وغیرہ کیلئے

سکنجبین بزوری واسطے امراض معدہ و جگر و مثانہ

شربت خشخاش کھانسی زکام وغیرہ کے لئے مفید

شربت نیلوفر واسطے حرارت تیز و صفراوی کیلئے

شربت دینار واسطے استسقا کے مفید

شربت عناب جوش خون کو روکے

شربت ورد مخرج صفرا وغیرہ

سکنجبین سادہ واسطے امراض جگر -

مذکورہ بالا ترکیب سے جس دوا کو چاہو جوش دیکر شکر ملا کر شربت بنالو -

باب (۱۴) چودھواں

نسخہ جات اطریفل

اطریفل کشنیزی - سر اور آنکھ اور کان کے درد کو جو نزلہ سے ہو اور ضعف بصر اور ہر قسم کی بواسیر کیلئے مفید ہے - کشنیز خشک تین تولہ - ہلیلہ کابلی - ہلیلہ سیاہ و ہلیلہ زرد

پوست بلیلہ۔ آملہ۔ ایک ایک تولہ سب کا سفوف کرکے روغن گاؤ یا روغن بادام میں چرب کرکے چودہ تولہ شکر و شہد کے قوام میں اطریفل بنائیں۔

اطریفل اسطوخودوسی۔ امراض دماغی و جلدی کو مفید۔ ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ۔ آملہ۔ تین تین تولہ اسطوخودوس۔ گل سرخ دو دو تولہ۔ افتیمون۔ انیسون۔ بادرنجبویہ۔ شبطرج ہندی ایک ایک تولہ شہد سہ چند میں تیار کریں اور سنبھال کر رکھیں۔

اطریفل خاص۔ دماغ کو قوت بخشنے سر اور آنکھوں کے مرضوں کو مفید۔ ابخرہ کو دماغ کی طرف جانے سے روکے۔ ترپھلا یعنے ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ برابر لیکر گھی میں بھونکر کوٹ لیں تب اسمیں گلسرخ۔ مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز پستہ۔ گل مہندی۔ سب دوائیں برابر لیکر مصری اور شہد دواؤں کے دو چند ملاکر اطریفل بنائیں خوراک چھ ماشہ سے دو تولہ تک +

اطریفل سادہ۔ مقوی معدہ و دماغ و مصفی معدہ۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ سب مساوی۔ کوٹ چھانکر روغن بادام میں بریان کرکے شش چند شہد کف گرفتہ میں ملائیں اور

اطریفل کبیر۔ واسطے امراض معدہ و بواسیر کو مفید ہے۔

اطریفل صغیر۔ تمام امراض معدہ کو مفید۔

باب پندرھواں (۱۵)

نسخہ جات جوارش

جوارش مصطگی۔ دافع برودت معدہ وجگر وسیلان لعاب دہن و مقوی معدہ و ہاضمہ ہے رومی مصطگی ایک جزو سفوف کرکے قوام شکر سفید سولہ جزو میں کہ عرق گلاب سے بنایا ہو ملائیں۔

جوارش دارچینی۔ تمام اعضاء اور باہ کو قوت دے اور درد سر و سعال بلغمی۔ بواسیر بادی۔

وسنگ گردہ کو مفید - دار چینی - خولنجان - قرنفل - دانہ الائچی خورد - تج - بالچھڑ - موتھہ - زنجبیل مرچ سیاہ - دار فلفل - اسارون - قسط شیریں ہر ایک تولہ تولہ زعفران ۶ ماشہ مصطگی ڈہائی تولہ شکر برابر مجموعہ اور شہد ہموزن دونوں کے جوارش تیار کریں -

جوارش عود زرشک - مقوی معدہ اور ہاضمہ طعام - عود پانچ تولہ - قرنفل سنبل الطیب زرشک - ایک ایک تولہ سفوف کرکے ۲۸ تولہ شکر سفید کے قوام میں جس میں دس تولہ عرق کاغذی لیموں یا بارہ تولہ عرق انار ترش داخل کریں -

جوارش خاص - معدہ جگر روح کی حفاظت کرے اور طاقت بخشے - خفقان بارد - جلندھر دور ہو - بدن موٹا ہو - بدن کے پسینے کی بدبو دور ہو - نیز بات کوٹ چھانکر دس درم لیں اور پاؤ بھر شکر کا قوام کرکے ملائیں اور اُتار کر دارچینی ایکتولہ ملا کر چند روز ۹ یا ۱۰ ماشہ کہائیں دوائے لک - ٹک - تخسول - جنگلی گاجر - تخم کرفس کوہی - زیرہ کرمانی - زنجبیل ہر ایک ۲۴ ماشہ - گگرونده - زوفا خشک ہر ایک چودہ ماشہ - چیطبانہ - زراوند ہر ایک ۱۱ ماشہ - سنبل ہر ایک ۲۲ ماشہ - حب بلسان - سلیخہ - مصطگی - جرائتہ - اسارون - مقل - ہر ایک ۱۸ ماشہ - کندر ایکتولہ - دار فلفل - زراوند طویل ہر ایک نو ماشہ - رب السوس سات تولہ - ریوند - عنبر بید - اذخر ہر ایک چھ ماشہ - تلفل - قسط ہر ایک ۲۰ ماشہ سب کو باریک کرکے دہ چند شہد میں ملائیں مقدار خوراک ساڑھے تین ماشہ - جوارش آملہ - تقویت دل معدہ کو مفید ہے

باب (۱۶) سولھواں

نسخہ جات معجون و خمیرہ و لعوق سپستان و غیرہ

معجون فلاسفہ - اسے مادۃ الحیات بھی کہتے ہیں - ہاضمہ کو قوت دے اشتہا لا بلغم

نسیان وردِ پشت درد گردہ دردِ مفاصل کو دور کرے اور منی کو زیادہ کرے باہ کو بڑھاتے
زنجبیل۔ دارچینی۔ آملہ۔ مویز منقیٰ۔ دار فلفل۔ فلفل گرد۔ ہلیلہ۔ شیطرج ہندی۔ زراوند
ثعلب مصری۔ مغز چلغوزہ۔ عرق بابونہ۔ نارجیل تازہ ہر ایک دس درم۔ تخم بابونہ ۵ درم
مویز منقیٰ۔ عسل خالص وزن ادویہ سے دو چند لیکر معجون بنائیں اس سے بہتر کوئی معجون نہیں
معجون مصطگی۔ معدہ اور امراضِ جگر کو مفید۔ رومی مصطگی نو ماشہ۔ دارچینی پندرہ ماشہ۔
پیپکر ۲۸ ماشہ شکر سفید کو گلاب میں حل کرکے دوائیں مذکور پیپکر ڈالیں اگر قبض کی زیادہ
شکایت ہو تو دارچینی کے بجائے سنوت سفید مدبر اس کے وزن کے برابر ڈالیں۔
معجون سیر۔ سیر یعنے لہسن آدھ سیر چھیل کر ایک سیر دودھ گاؤ میں پکا کر بھرہ کریں پھر دو یا
سہ چند شہد اور بیس درم روغن گاؤ مادہ ڈالیں اور آہستہ آہستہ نرم آگ پر پکا کر نیچے اتاریں
بعدہٗ لونگ۔ جوتری۔ جائفل۔ سیاہ مرچ۔ مصطگی۔ الائچی خورد و کلاں۔ ہلیلہ کابلی۔ دارچینی۔
زنجبیل، ۷ ماشہ۔ رعشہ۔ فالج۔ صرع۔ نقوی کو مفید ہے۔ اس سے بہتر اور کوئی معجون نہیں ہے۔
معجون زرد۔ قولنج سخت کو کھولتی ہے اور اس کے نفع بہت ہیں۔ الائچی خورد۔ تج۔ تیزپات
پیپل۔ بائے برنگ مقشر۔ زنجبیل۔ آملہ مقشر۔ لونگ ہر ایک مثقال۔ تخم اجمود۔ بالچھڑ۔ زعفران
مصطگی رومی ہر ایک آدھا مثقال۔ تسوت سفید مقشر۔ سقمونیا ہر ایک دو مثقال کو کوٹ کر
سہ چند شہد میں معجون تیار کریں اور حسب ضرورت کھائیں۔
معجون لبوب۔ مغلظ منی۔ مغز بادام شیریں۔ چار مغز۔ مغز منبولہ۔ مغز چلغوزہ۔ حب الزلم۔ مغز
فندق۔ مغز پستہ۔ تخم ہلیون خولنجان سب ہموزن سفوف کرکے سہ چند شہد ملا کر معجون بنائیں
معجون زرعونی۔ ناگدون۔ شقاقل۔ تودری سفید۔ اندرجو ہر ایک چھ ماشہ۔ خصیۃ الثعلب
تخم انجرہ ہر ایک تولہ۔ زنجبیل۔ تخم شلغم۔ تخم گندر۔ تخم سویہ۔ تخم پیاز۔ تخم رتج نبد۔ خولنجان۔ تخم ہالون۔
جائفل۔ دارچینی۔ فلفل دراز۔ بہمن سفید۔ زاکی۔ زعفران ہر ایک دو دو تولہ شہد برابر ادویات
شکر سفید سب کے برابر لیکر قوام بنائیں اور حسب مزاج دودھ سے کھائیں۔

معجون مقل - واسطے بند کرنے خون بواسیر - آملہ - بلیلہ - ہلیلہ ہر ایک نو ماشہ - کہربا - بیخ مونگا ہر ایک ۲۲ ماشہ - پھٹکڑی - اجوائن دیسی ہر ایک نو ماشہ مقل یعنی گوگل سات تولہ اس کو گندنا کے پانی میں حل کر کے ۲۶ تولہ شہد میں کل دوائیں ملائیں -

خمیرہ گاؤزبان - مقوی اعضاء رئیسہ و معدہ ہے - گاؤزبان ڈیڑھ تولہ یا گل گاؤزبان - بہمن - ابریشم - کشنیز خشک - بادرنجبویہ گلسرخ - صندل سفید ہر ایک چھ ماشہ سبکو عرق گلاب میں تر کریں اور صبح جوش کر کے قند سفید دوچند وزن قوام کریں اور پھر دانہ الائچی طباشیر ہر ایک سات ماشہ کیوڑہ میں حل کر کے ملائیں خوراک ایکتولہ یا جیسا مناسب عمر دیکھہ کر +

خمیرہ خشخاش - نافع بیخوابی و نزلہ درد سینہ و معدہ وغیرہ کو کنار مع تخم ایکسو عدد نیکوب کر کے ڈھائی سیر بارش کے پانی میں پکا کر جب تہائی پانی رہے تو آدھ سیر شکر سفید ملائیں مجرب ہے +

خمیرہ صندل - دافع ہول دل و خفقان گرم کو مفید - برادہ صندل سفید آدھ پاؤ - گلاب میں تر کر کے جوش کریں اور چہانکر شکر سفید ایک سیر کا قوام کریں خوراک ۲ تولہ مناسب عمر دیکھکر

خمیرہ بنفشہ - امراض صدر ذات الریہ ذات الجنب کو مفید و خلط صفرا کو خارج کرے + گل بنفشہ گلسرخ - گل گاؤزبان تین تین تولہ قند سفید ڈیڑھ پاؤ عرق گلاب آدھ سیر داخل کر کے پکائیں

لعوق سپستان - کہانسی بلغمی و نزلہ کو مفید سپستان پختہ ۵۰ عدد - عناب ۲۰ عدد - اصل السوس تخم خطمی ایک ایک تولہ پوست خشخاش دو تولہ - بہیدانہ چھ ماشہ - جوشاندہ بنا کر شکر سفید آدھ سیر ملا کر قوام کریں آخر قوام کیوقت جو مقشر مغز بادام شیریں - مقشر خشخاش ہر ایکتولہ تولہ کا شیرہ نکالکر ملائیں بعد تیاری قوام کے رب السوس - کتیرا - گوند کیکر - چھ چھ ماشہ سفوف کر کے ڈالیں دن میں تین چار دفعہ مریض کو چٹائیں نہایت مفید ہے +

لعوق خشخاش - دافع نزلہ و کہانسی اصل السوس مقشر - بہیدانہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ - پوست خشخاش ایکتولہ تین پاؤ پانی میں جوش کر کے ڈیڑھ پاؤ شکر سفید کا قوام بنائیں اور وقت تیاری رب السوس کتیرا گوند کیکر ایک ایک رتی ملائیں مجرب ہے -

باب (۱۷) ستارھواں

نسخہ حلواجات

حلوا اصغری مقوی باہ۔ اس حلوا سے بہتر کوئی حلوا نہ ہوگا۔ طاقت کیلئے دو تولہ صبح اور دو تولہ شام کھانا چاہیے۔ روغن زرد ایک سیر لیکر سرخ کرکے ایک سیر شکر سفید ملائیں پھر ۲۰ عدد زردی بیضہ مرغ اس میں خوب پھینٹیں پھر تین ماشہ زعفران پانچ تولہ دودھ میں حل کرکے ملائیں بعد ازاں دانہ الائچی سفید پانچ تولہ جو کوب کرکے اور اکیس عدد الائچی منہ کھولکر اور پندرہ تولہ بادام مقشر دو ٹکڑے کرکے دو تولہ چھالیہ دودھ گائے میں بھگو کر صندل پیسکر اور دو تولہ گٹھلی خرما بھی پیسکر ان ہر دو اشیاء کو نرم آنچ میں مثل حلوا پکائیں اور پھر آدھ پاؤ روغن زرد میں بریان برنگ سرخ کرکے سب اشیاء ملا کر آہستہ آہستہ ہلاتے رہیں یہانتک کہ اس میں گھی نکلنے لگے تو اسوقت پانچ تولہ ساگودانہ پسا ہوا آب ریشہ لوبہر میں تر کرکے سایہ میں خشک کیا ہوا ڈالکر پانچ منٹ ملائیں پھر مروارید تین ماشہ عرق کیوڑہ میں پیسکر مربہ سیب خمیرہ گاؤزبان مربہ گزر مغز نارجیل دس دس تولہ۔ مغز اخروٹ پانچ تولہ۔ شہد ۵ تولہ۔ ایک دفتری ورق نقرہ کلاں۔ ورق طلا ۱۶ عدد سبکو ملائیں مجرب ہے خوراک حسب طبیعت

حلوا گزر۔ نہایت مقوی و مفوی طبع۔ گزر مصفیٰ دو سیر ہموزن شیر گاؤ میں پکاکر مع شیر مذکور پیسکر آدھ سیر روغن گاؤ میں بریان کریں کہ رطوبت خشک ہوجائے تب چرونجی آدھ پاؤ مغز بادام مقشر۔ مغز نارجیل مقشر۔ ایک ایک چھٹانک باریک کرکے شکر سفید ایک سیر ڈالکر حلوا بنا دیں۔ خوراک صبح شام دو تین تولہ دودھ سے بہتر ہے۔

حلوا بیضہ مرغ۔ تقویت باہ و تفریح طبع بیس عدد انڈوں کی زردی لیکر … حل کرکے

روغن زرد ڈیڑھ پاؤ میں نرم آنچ پر پکائیں اور پھر پاؤ شکر کا قوام کر کے انڈے نیم داخل کریں
اور ساتھ ہی سفوف دارچینی۔ جاوتری۔ زعفران تین تین ماشہ دانہ الائچی سفید دو ماشہ
شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ ایک ایک تولہ ملائیں اور طبیعت کے موافق کھائیں۔

حلوا مغلظ منی۔ شیر گاؤ چار سیر۔ شکر سفید ایک سیر ملا کے مثل کھویا پکائیں پھر انکا سفوف
ملا کر ڈیڑھ تولہ صبح کو کھائیں۔ ستاور۔ شقاقل۔ اسگندھ۔ کلیجن ایک ایک تولہ۔ خرما چھ تولہ۔
کمیل کھانہ دو تولہ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ چرونجی تین تین تولہ باریک کر کے ڈالیں۔

حلوا دافع سرعت انزال۔ ترنجبین خراسانی۔ شکر سفید۔ نو نو تولہ شہد اٹھارہ تولہ۔
شیر گاؤ دو سیر میں حل کر کے چھانکر کھوا بنائیں اور مغز تخم کونچ۔ بہمنیں ایک ایک تولہ۔
شقاقل۔ ستاور ہندی۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ تین تین تولہ۔ مزکچور۔ جاوتری۔
چھ چھ ماشہ۔ زعفران چار ماشہ انکا سفوف کر کے ملائیں حسب طبیعت تولہ سے شروع کریں۔

حریرہ دافع پیچش۔ لعاب ریشہ خطمی۔ لعاب بہیدانہ۔ شیرہ خشخاش۔ لعاب اسپغول۔
شیرہ نشاستہ۔ روغن بادام۔ کتیرا گوند کیکر سب کا حریرہ کر کے مصری بقدر ذائقہ ملا کر
مریض کو پلائیں مجرب ہے اور صرف خرفہ ایک تولہ سیاہ مرچ ۷ عدد انکو رگڑ کر صبح شام
پئیں۔ گرمی دور ہو۔ مجرب ہے۔

باب ۱۸ اٹھارھواں

نسخہ جات حبوب

حب الشفاء۔ امراض منزلہ اور تپہائے بلغمی و سوداوی کو مفید۔ تخم دھتورہ تین ماشہ۔ ریوند چینی دو
ماشہ۔ زنجبیل ایک ماشہ سفوف کر کے گوند کیکر کے پانی میں گولیاں بقدر نخود بنائیں ایک صبح ایک شام کھائیں

حبوب انوری لاہوری مجرب دافع کہانسی ونزلہ۔ افیون خام شنگرف مغال۔ رب السوس خشخاش گوند کیکر ہموزن لیکر خوب باریک کر کے قدرے لعاب بہیدانہ دیکر خوب ہی کوٹکر گولیاں بقدر ماش بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک دوپہر ایک شام نگل لینی چاہیئے۔

حبوب اصغری۔ جو ذیل کی ۶۳ مرضوں کیلیئے مفید معلوم ہوئی ہیں جن کا نسخہ یہ ہے جمالگوٹہ مدبر سات تولہ۔ میٹھا تیلیہ جو دو سیر دودھ میں مدبر کیا ہوا ایک تولہ سیماب۔ گندہک آملہ سار۔ ہرتال ورقی۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ شیطرج ہندی۔ ہلیلہ بلیلہ۔ آملہ۔ فلفل دراز ریوندچینی ہر ایک دو تولہ۔ سنا دو تولہ۔ عرق بہنگرہ میں دس روز خوب کہرل کریں پہر حبوب بقدر ماش تیار کر کے ہر مرض کو مناسب بدرقہ کے ساتھ گولیوں کا استعمال فرمائیں نہایت مجرب ہے۔

نمبر شمار	نام مرض	بدرقہ
۱	درد چشم	ایک گولی قدرے سفید زیرہ و آملہ لیکر پانی میں گہسکر رات کو آنکہہ کے تمام گرد لیپ کریں اور صبح دہو ڈالیں۔
۲	سرخی چشم	ایک گولی عرق گل کنجد سے لگائیں اگر پہول نہ ملے تو تلوں کو پانی میں بہگو کر اس پانی سے لگائیں سرخی دور ہوگی۔
۳	ڈھاکلہ	ایک گولی قدرے تیل سرسوں میں گہسکر لگائیں۔
۴	پورانا تپ	ایک گولی روغن السی ۲۰ ماشہ کے ساتھ تین روز برابر بلا ناغہ کہائیں
۵	باریک تپ	کے لئے ایک گولی ساتھ زیرہ سفید ۲ ماشہ شکر سفید ۲ ماشہ پیسکر کہائیں
۶	بچہو کے کاٹنے	پر ایک گولی سونٹھ کے پانی میں حل کر کے زخم پر لگائیں۔
۷	کرم دراز شکم	ایک گولی عرق ادرک کے ساتھ نوش کریں۔
۸	پیشاب کہولنے	کے لیے ایک گولی ۹ ماشہ سفوف سونٹھ کے ساتھ کہائیں۔
۹	ہاضمہ	ایک گولی اجوائن ۹ ماشہ کے ساتھ بعد کہانا کہانے کے نوش کریں۔

۱۱	کمزوری معدہ	ایک گولی برگ پان کیساتھ چندروز کہانیسے طاقت ہو۔
۱۲	اسہال دیرینہ	ایک گولی گائے کی چھاچھ سے کہانا دیرینہ اسہال بند کرے۔
۱۳	درد جوڑ	ایک گولی عرق بہنگرہ چار ماشہ کے ہمراہ تین روز برابر کہائیں۔
۱۴	دل و جگر کی گرمی	ایک گولی دس عدد مرچ سیاہ کے ساتھ تین روز برابر کہائیں۔
۱۵	سوزاک	ایک گولی بکری کے دودھ کے ساتھ چند روز کہائیں۔
۱۶	جریان	ایک گولی عرق سنبھالو ۱۰ ماشہ سے یا بکری کے دودھ کے ساتھ چند روز کہائیں اور سرخ مرچ اور ترشی سے پرہیز۔
۱۷	سکتہ	ایک گولی ہمراہ پیپل دراز کے پانی میں گھسکر آنکھ میں لگائیں۔
۱۸	بدبو دہن	ایک گولی ۱۰ ماشہ قند سیاہ کے ساتھ چندروز کہائیں اور قدرے ادرک کہاکر اوپر سے پان کہانا بھی مفید ہے۔
۱۹	خرابی معدہ	ایک گولی شیرہ پان کے ساتھ کہائیں۔
۲۰	درد سر	ایک گولی سفوف آملہ۔ بلیلہ۔ ہلیلہ ۱۰ ماشہ کے ساتھ کہائیں۔
۲۱	درد نیم سر	ایک گولی روغن سیاہ میں حل کرکے سر پر مالش کریں۔
۲۲	جالندھر	ایک گولی سفوف منڈی بوٹی یا برم ڈنڈی کے ہمراہ ایک ہفتہ برابر بوقت صبح کہائیں۔ وزن بوٹی کا دو ماشہ ہو۔ عرق بہتر ہے۔
۲۳	مقوی باہ	ایک گولی شہد خالص ۲ ماشہ کے ساتھ ۳ روز کہائیں۔
۲۴	امساک	ایک گولی پان کے ساتھ قبل از جماع کہائیں پڑی کم کہانی اُس روز چاہیے
۲۵	ملذذ	ایک گولی سفیدی بیضۂ مرغ میں حل کرکے قضیب پر طلا کریں۔
۲۶	سر میں چکر	آنے کو روکے ایک گولی سفوف تج ۲ ماشہ کے ساتھ کہائیں اور ایک گولی پانی میں حل کرکے سر پر لگائیں اور قبض ہو تو اسکو بھی دور کرے
۲۷	مرگی	ایک گولی پیپل دراز ۱۰ ماشہ کے ساتھ پانی میں گھسکر ناک میں ٹپکائیں

۲۸	داغ سفیدی	ایک گولی ہمراہ سفوف تخم کونچ و تخم دہتورہ ایک ایک ماشہ کے ساتھ اکیس روز تک کہائیں اگر زیادہ گرمی کرے تو ہمراہ سفوف تخم کونچ ایکماشہ دھنیا ایک ماشہ کے ساتھ کہائیں اور اوپر بھی لگائیں۔
۲۹	باوسول..	ایک گولی روغن خشخاش ۱۰ ماشہ یا شیرہ ادرک کے ساتھ کہائیں۔
۳۰	ناسور...	ایک گولی بلی کی ہڈی کے ہمراہ گھسکر ناسور پر لگائیں۔
۳۱	گنج سر	ایک گولی گھونگچی ۳۰ ماشہ آملہ کے پانی میں پیسکر چند روز مالش کریں۔
۳۲	ناخنہ	ایک گولی زیرہ سفید میں حل کرکے آنکھہ میں دو تین دفعہ لگائیں۔
۳۳	اسہال کودکے	ایک گولی اجوائن ۱۰ ماشہ کے ساتھ کہائیں مفید ہے۔
۳۴	خونی اسہال "	ایک گولی قند سیاہ سات ماشہ و موچرس ۱۰ ماشہ کے ہمراہ ایک ہفتہ برابر کہانا مفید ہے اور گرم اشیار اور قند سیاہ سے پرہیز
۳۵	درد گوش	ایک گولی ہمراہ سونٹھ ۱۰ ماشہ عورت کے دودھ میں گھسکر کان میں ڈالیں فوراً درد رفع ہو اور کان میں عرق گل حبس کبھی ڈالنا بہتر ہے۔
۳۶	درد دنداں	ایک گولی ہمراہ برگ کٹائی ۱۰ ماشہ چبائیں اور ملیں۔
۳۷	اندہراتا	ایک گولی اپنے لعاب دہن میں ہتھیلی پر گھسکر آنکھہ میں تین روز لگائیں۔
۳۸	کدرو دانہ	ایک گولی ہمراہ تخم چرچرہ ۳ ماشہ کے نہار کہا کر اوپر سے پان کہائیں۔
۳۹	حیض کو کہولے	ایک گولی ہمراہ بیضہ مرغ چالیس روز کہائیں اور آب گرم سے غسل عورت ہر روز کیا کرے۔ خدا چاہے حیض سے ہو۔
۴۰	باد فرنگ	ایک گولی ہمراہ برگ نیم ۳ تولہ کے ۴۰ روز برابر کہائیں۔
۴۱	قے کو روکے	ایک گولی تین حصہ ہینگ کے ساتھ کہائیں۔
۴۲	سنگ مثانہ	ایک گولی ہمراہ زیرہ ۱۰ ماشہ پانی میں پیسکر پلائیں۔
۴۳	جہنب بدن	دس گولیاں روغن مشن نصف سیر اور ۳ تولہ سیندور میں ملا کر قدرے

نمبر	مرض	ترکیب استعمال
		قدرے مالش کریں اور گرم پانی سے دہو ڈالیں۔
۴۴	زکام	ایک گولی ہمراہ سفوف سونٹھ ۳ ماشہ کے ۷ روز کہائیں۔
۴۵	درد کمر	ایک گولی ہمراہ لونگ ۵ عدد - ادرک ۷ ماشہ کے کہائیں۔
۴۶	پیچش	ایک گولی ہمراہ سونٹھ ۳ ماشہ اور ایک چھٹانک دودھ گاؤ گرم کر کے سات روز تک کہائیں اگر گرمی ہو تو ۲ ماشہ سونٹھ ڈالیں۔
۴۷	پیشاب بار بار آئے	ایک گولی ہمراہ دھنیا ۳ ماشہ کے روز کہائیں۔
۴۸	درد ناف	ایک گولی ہمراہ پانچ عدد لونگ کے کہائیں۔
۴۹	درد مقعد	ایک گولی ہمراہ بہنگ ۳ ماشہ کے سات روز کہائیں
۵۰	عقیمہ	ایک گولی ہمراہ چہارم حصہ کافور کے کہائیں۔
۵۱	بواسیر ہر قسم	ایک گولی ہمراہ شیرہ اکاس بیل ۳ ماشہ کے ۲۱ روز پلائیں۔
۵۲	دافع زہر	ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی سے کہائیں کسی قسم کی زہر اثر نہ کرے
۵۳	پنڈ روگ	ایک گولی ہمراہ بنبھی ۷ ماشہ کے سات روز کہائیں۔
۵۴	سانپ کے کاٹے کے لیے	ایک گولی پانی میں گہسکو طلا کریں مگر قبل طلا کے پچھنے لگا کر خون نکالیں خون اسی وقت نکالکر گولی لگانا مجرب ہے۔
۵۵	آگ سے جلے پر	ایک گولی آب آملہ میں گہسکر اس جگہ پر لیپ کریں۔
۵۶	برائے رفع پیاس	ایک گولی ہمراہ زیرہ سیاہ دو ماشہ کے کہائیں۔
۵۷	سستی ذکر	ایک گولی سفیدی بیضہ مرغ میں حل کر کے چند روز طلا کریں۔
۵۸	تپ لرزہ	ایک گولی شیرہ بہنگرہ کے ساتھ کہلائیں۔
۵۹	تپ ہاضمہ	ایک گولی ہمراہ اجوائن ۷ ماشہ کے کہائیں۔
۶۰	جنون	ایک گولی ہمراہ شیرہ گہیکوار ۷ ماشہ کے چالیس روز کہلائیں
۶۱	دافع قبض	ایک گولی ہمراہ نیم گرم پانی کے رات کو سوتے وقت کہائیں

۶۲	جلاب	اوّل تین روز کھچڑی کھاکر پھر ایک گولی ہمراہ پانی دیں اور اُوپر سے پان کھلائیں اور دس سال کی عمر تک دو گولی اور جوان کے لئے چار سے چھ تک۔
۶۳	درد پسلی بچہ	ایک یا نصف گولی ہمراہ شیر والدہ کے گھسکر پلائیں۔

بیان مرض طاعون

وبائے طاعون کا ہندوستان میں زور پانچ سال سے زیادہ ہوگیا ہی جسکا نتیجہ شامت اعمال اور قہر الٰہی ہے یہ بصورت ایک ورم کے مثلاً دانہ باقلا یا اس سے بھی اور کبھی بڑا اخروٹ کے برابر ہوتا ہے اسمیں بہت سخت جلن ہوتی ہی اور بیمار کو بخار اور ایسی جلن ہوتی ہے کہ گویا کسی نے اس جگہ آگ رکھدی یہ غدوی اعضا مثل پستان۔ خصیئے۔ جانگ۔ بیخ زبان کان کے پیچھے یا بغل میں ہوتا ہے اس سے اختلاء عقل یعنے بیہوشی ہوتی ہے۔

ہدایات

ایام وبا میں غذائیں ٹھنڈی اور ہلکی کھانی چاہئیں اور مکان کو میل اور کیچڑ سے صاف اور ستھرا رکھنا چاہئے۔ لباس موٹا اور گرم پہننا مناسب ہے مکان میں سرکہ ہینگ وغیرہ چھڑکنا بہتر ہے اور خوشبودار چیزیں جلانا بھی مفید ہیں۔ اور دومنزلہ مکان پر رہنا بہتر اور ہوا کی آمد و رفت کا خیال رکھنا ضروری ہے اور شربت انار و شربت سنگترہ وغیرہ کا استعمال بہتر ہے جس محلہ میں یہ مرض ہو جائے اُن لوگوں کو چاہئے اول تو باہر اُس گھر کے نکلکر اسکو صاف کرائیں اور اپنے کوٹھے کی چھت پر رہنا اختیار کریں پانی صاف کیلئے محلہ کے کنوؤں میں جہاں یعنے کو جو دریا کے کنارے بہت ہوتا ہے ڈالیں اُس سے پانی صاف ہوجائیگا اور جب کسی کے گلٹی نمودار ہو تو فوراً اُس پر برگ جہاؤ ایک تولہ اور انکول چھ ماشہ پانی میں گھس کر لگاؤ یا کچلہ اور گھنگھچی قدرے قدرے گھس کر لگاکر سینک دو اور اگر ورم پختہ

ہوجائے تو اسپر جونکیں لگا کر تمام موذی مادہ نکلوا ڈالو اور پینے کیلئے برگ جہاؤ چھ ماشہ مغز کرنجوہ چار ماشہ۔ کونپل درخت نیب دو ماشہ فلفل ایک ماشہ۔ ان کو پانی میں گھوٹ کر دن میں دو دفعہ پلاؤ اور سنگترہ خوب کھلاؤ اور اگر بخار کی تیزی زیادہ ہو تو کافور ایک رتی۔ کشتہ دو رتی پیسکر مریض کو دو دو گھنٹہ بعد عرق کیوڑہ وبید مشک۔ عرق گلاب۔ شربت انار وغیرہ سے پلاؤ اور نیز ذیل کی دواؤں کو پیسکر انگی گولی بنا رکھو حفظ ماتقدم کے لئے ایک گولی صبح ہر روز کھانا اور مریض کو دو دو گھنٹے بعد عرقیات مذکور سے ایک ایک گولی کھلاؤ نہایت مفید ہے اور حبیب طبیب کا عرق بھی مفید ہے جس کا نسخہ باب ۱۲ میں ہے۔

نسخہ حبوب دافع طاعون وحفظ ماتقدم۔ تخم سنگترہ۔ تخم لیموں۔ تخم ترنج۔ صندل سفید۔ کافور۔ ریوند خطائی۔ جدوار۔ زعفران۔ گل ارمنی۔ مصطگی۔ آبلوا۔ مرکی۔ فلفل سیاہ۔ کندر۔ زنجبیل۔ زرد چوب۔ نرکچور سب تولہ تولہ مشک خالص ۳ ماشہ شہد پانچ تولہ۔ پوست سنگترہ۔ ۴ تولہ انکو پانی سنگترہ میں کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بناکر استعمال کریں مجرب ہیں۔ نوٹ۔ اگر گولیاں مذکور بنانے میں تکلیف ہو تو آٹھ آنہ سینکڑہ محمد اصغر علی منیجر یونانی دواخانہ لودیانہ سے طلب کرو۔

خوراک مریض

مریض کو غذا سریع الہضم دینی چاہیئے مثلاً مسور ترکہ میں پکاکر یا گوشت بٹیر یا بچہ مرغ آش جو۔ ساگودانہ۔ ساگ پالک۔ خرفہ۔ گھیا۔ کدو۔ خشک دہی وغیرہ بہتر ہے۔

باب (۱۹) انیسواں

نسخہ جات سفوف ہاضمہ ومقوی معدہ ونسخہ جات روغن

بار ہا تجربہ سے ثابت ہے کہ ذیل کے نسخہ کا استعمال کرنیوالا کبھی ہیضہ میں مبتلا نہوگا یہ نسخہ خاص

مجرب بابت میر احمد شاہ ٹوہانوی کا ہے خوراک جوان کو ایک ماشہ اور شیر خوار کو ایک رتی یا ۲ رتی ہر امراض معدہ بدہضمی ہیضہ عظم طحال وغیرہ کے لیئے مفید۔

نسخہ۔ زنجبیل۔ سونف۔ پودینہ۔ اجوائن۔ کالی مرچ۔ سب دو دو تولہ۔ دار چینی۔ مگھ پیپل تولہ تولہ۔ سہاگہ خام۔ نمک دیسی۔ سونچر دو دو تولہ۔ نوسادر ۱۲ تولہ سب کا سفوف کرکے باریک چھانکر سنبھال رکھو۔ **نسخہ مقوی ہاضمہ**۔ نمک لاہوری ۲ تولہ الائچی خورد ۶ ماشہ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ پودینہ۔ دارچینی۔ پوست سماق دانہ سونٹھ۔ نوسادر قلمی شورہ۔ پوست ہیر دل پستہ۔ عود خام۔ سونف۔ اجوائن دیسی۔ رومی مصطگی۔ زیرہ سیاہ وسفید ہر ایک آٹھ ماشہ اور ذیل کی اشیاء ایک ایک رتی ڈالکر سفوف بنا کر بعد از طعام ۲ رتی کہلائیں جس قدر کہانا کہایا ہو سب ہضم ہوجائے۔ جوہر پودینہ۔ جوہر اجوائن۔ جوہر سونف روغن دارچینی۔ روغن لونگ۔ ست لیموں۔ سوڈا خوراکی درجہ اول۔ زہر مہرہ۔ ورق نقرہ۔ نمک سنگ۔ نمک سونچل۔ نمک تسانبر۔ یہ نسخہ نہایت مجرب ہے۔

نسخہ سفوف دافع بواسیر خونی وبادی۔ مغز تخم بکاین۔ مغز تخم نیم۔ رسوت۔ ہلیلہ سیاہ بوزن مساوی سفوف کرکے ہر روز تین ماشہ آب سرد کے ساتھ کہائیں اور اس پر قدرے دانہ نخود بریاں چبائیں مجرب ہے۔ اور گھی کا خوب استعمال کریں۔

سفوف اکسیری۔ مجربات میر احمد شاہ صاحب ٹوہانوی۔ اگر چند رتی سفوف بعد کھانا کھانے کے کھالیجائے تو معدے کی حالت نہایت درست رہتی ہے بمرض ہیضہ بدہضمی اور عظم طحال کیلیئے مفید ہے۔ خوراک جوان کو ماشہ تک اور بچے کو ۴ رتی اور شیر خوار کو ۲ رتی کہلائیں اور دوا کہانے کے بعد پانی سے کلی کر لینی بھی ضروری ہے۔

اور یہ سفوف ہر ایک گھر میں ضرور تیار رکھنا چاہیئے۔ ہر معدی کی مرض کو مفید ہے۔ نسخہ۔ سونٹھ۔ سونف۔ اجوائن۔ مرچ سیاہ۔ پودینہ خشک۔ سہاگہ خام نمک دیسی۔ نمک سونچر ہر ایک دو دو تولہ۔ مگھ پیپل۔ دارچینی۔ ہر ایک تولہ تولہ

نوسادر بارہ تولہ سب کو خوب باریک کرکے چھانکر بوتل میں سنبھال رکھیں۔

نسخہ جات روغن

روغن مرکب جسکے استعمال سے دو ہفتہ میں بال جم جائیں ایک عدد خربوزہ نیم پختہ کو سوراخ کرکے اُسکے تخم نکالیں اور اس میں دس عدد زردی بیضۂ مرغ ایکتولہ برادہ آہن ۲ تولہ برگ تازہ کنار چار تولہ۔ روغن سرسوں کل حصہ بھر کر منہہ اُس کا خوب بند کرکے گلحکمت کرکے چار پہر بہاڑ میں رکھیں۔ صبح کو مٹی دور کرکے سب کو رگڑ کر اس جگہ لگائیں چند دفعہ لگانے سے بال پیدا ہو جائیں گے۔

روغن مورچہ۔ نافع امراض اعضائے تناسل اور قضیب کو سخت و موٹا و دراز کرے روغن چنبیلی آدہ پاؤ۔ ایک شیشی میں رکھیں اور اُس میں ایک سو چیونٹے کلاں قبرستان کے ڈالکر ۴۰ روز دہوپ میں رکھیں پھر مالش کریں۔

باب بیسواں (۲۰)

دھاتوں کے کشتہ کرنے اور جوہر نکالنے و گنگا بنانے میں

بیان کشتہ جات

کشتہ چاندی نہایت عمدہ۔ ورق نقرہ پانچ ماشہ یا برادہ نقرہ باریک پانچ ماشہ اسکو پہلے ٹھنڈا تھوہر کے پانی میں گھوٹ کر پانی نکالکر اس میں یا آب گل بہاریمیں گھوٹا اس پانی سے خوب پیسکر اسکا غلولہ بنائیں پھر آدہ آدہ سیر بختہ کی دو تھاپی لیکر اس میں گڑھا کرکے دو سیر کی آگ دیدو کشتہ سفید بے چمک ہو جائیگا۔ خوراک ایک چاول تولہ مسکہ میں

کھلائیں۔ ایک رتی تک کھا سکتے ہیں۔ لیکن ایک سال میں تین ماشہ سے زیادہ نہ کھانا چاہیے اور اگر معدہ کے لئے استعمال کرانا ہو۔ تو طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ جوارش مصطگی میں اور اگر قوت بدنی یا جریان وغیرہ کے لئے دینا ہو تو دو دو رتی۔ دانہ الائچی خرد اور بھوسی اسپغول۔ ست سلاجیت و مروارید۔ ثعلب مصری میں ملا کر دودھ سے کھلائیں

نسخہ دوم۔ اوّل نقرہ کو ٹھنڈا تھوہر کے دودھ میں ۷، ۸ بار بجھاویں۔ بعدہٗ اجوائن خراسانی۔ کائفل۔ ہر ایک دو دو تولہ۔ پھلاوہ پانچ عدد۔ برگ و ثمر کونج ۳ تولہ سب کا نگدہ کر کے اس میں نقرہ مذکور رکھکر سات سیر پاچک دستی کی آگ دیدو مجرب ہے۔

نسخہ سوم۔ برگ عشق پیچہ کا عرق نکالکر اس میں پترہ کو ۴۰ بجھاؤ دیکر اُسی کے پتوں میں بند کر کے تین سیر پاچک دستی کی آنچ دیں کشتہ ہوگا۔

نسخہ چہارم۔ برگ گھونگچی سرخ ۶ ماشہ۔ برگ بھنگرہ سفید آدہ پاؤ پختہ۔ سوہاگہ ۱۰ ماشہ پہلے دونو برگ کو پیسکر نگدہ بنا کر سہاگہ ڈالکر اس میں روپیہ رکھدیں اور پر اور سہاگہ ڈالکر اور نگدہ ڈالکر گولا بنا کر او پر کپڑا پیلی مٹی میں لت پت کر کے کپروٹی کریں اور ۲۲ سیر پختہ کنڈے صحرائی یعنے اُپرے جنگلی کی آگ دیدیں۔ خدا چاہے کشتہ عمدہ ہوگا۔

نسخہ پنجم۔ کٹائی خورد سفید پھول کا نگدہ کر کے روپیہ کو اس میں رکھ کر تین چار سیر کی آنچ دیدو۔ یہ کشتہ جاذب آب سیماب ہی۔

نسخہ ششم۔ خالص درخت سہانجنہ کی جڑ کیکے پانی میں زعفران ایکتولہ پیسکر نگدہ بنا کر اُس میں تولہ نقرہ کا پترہ کر کے رکھو اور اُس پر پوست جڑ سہانجنہ کا نگدہ ایک سیر دیکر مضبوط کپر دوٹی کر کے گجپٹ آنچ دیں۔ ایک ہی آنچ میں کشتہ ہوگا۔ آگے ہموزن کشتہ کی صاف سیماب لیکر روغن موئے سر جوان آدمی سے سات روز تک تصعید اور تشویہ کریں۔ تو شاید نقرہ تیار ہو۔ لیکن میرا یہ تجربہ نہیں ہے۔

نسخہ ہفتم۔ سات آنچ میں کشتہ چاندی کو ۹ دفعہ شیر مدار یعنی آگ میں [illegible] پھر اس کے

نیچے اوپر چھ تولہ تودہ دکھنی دو اوپلوں میں رکھکر آدہ سیر کی آنچ دیدو۔ اسی طرح سے پھر تودہ دو اور آنچ دو کشتہ ہوگا۔ جب کہانا ہو تو کشتہ چاندی سات رتی اور طباشیر۔ دانہ الائچی۔ مصری ہر ایک تولہ تولہ لیکر سب کی سات پوڑیہ کرکے ایک روز بوقت صبح مسکہ گاؤ یا ملائی سے کہائیں ہر مرض کے لئے مفید۔

نسخہ ہشتم۔ ایک روپیہ کو دس تولہ شراب برانڈی میں بجہادو کہ وہ شراب تمام ختم ہوجائے پھر برگ فالسہ پاؤ بہر بختہ کا نگدہ کرکے اس میں رکھدو اور ڈیڑھ سیر کٹرا اوپلے پٹ کر آگ دیدو سفید کشتہ ہوگا۔ نسخہ نہم۔ مقوی درجہ اول خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن۔ پارہ۔ گندہک آملہ سار۔ سم الفار سفید ہر ایک تولہ تولہ لیکر انکو دودہ آک میں کہرل کرکے روپیہ محمد شاہی پر لیپ کرکے خشک کریں۔ اور دو پیالوں میں بند کرکے دو سیر بختہ لید گھوڑا یا جنگلی اوپلوں کی آگ دیدیں کشتہ ہوجائیگا۔

کشتہ سونا۔ برادہ سونا ایکتولہ۔ عرق چولائی خاردار دس تولہ میں ڈالکر خوب کھرل کرکے آگ پر خشک کریں کشتہ ہوگا۔ فوائد۔ جملہ عوارض کیلئے مفید۔ خصوصاً ضعف باہ دل۔ جگر۔ گردہ۔ مثانہ کو اکسیر خوراک ایک چاول تولہ شہد میں ڈالکر کہانا بہتر ہے اور گھی کا خوب زور رکھیں۔ اور مرچ سرخ سے پرہیز۔

نسخہ دوم۔ پوست بکائن ۲ تولہ میں سترہ ایکتولہ کو رکھکر ایک آبخورہ گلی میں رکھکر گلحکمت کرکے دس سیر بختہ آگ دیدیں۔ نسخہ سوم کشتہ طلا اکسیری۔ تین ماشہ عمدہ کھرل میں ڈالکر دس تولہ آب بیخ عباسی میں کہرل کریں۔ جب تمام پانی ختم ہوجائے پھر آب گلسرخ بہاری ورنہ عرق گلاب دوآتشہ میں گلسرخ بہاری خشک ۵ تولہ رات بہر بھگو کر اسکا پانی لیکر اس سے کہرل کریں۔ پھر آب پوست نیم سے پھر آب برگ تلسی سے پھر غلولہ بنا لو۔ یہ غلولہ سیاہ رنگ کا ہوگا۔ پہر دو مٹی کے پیالوں میں خوب بند کرکے گل حکمت کرکے خشک کرو اور پہر ایک گھڑے میں دس سیر بختہ اوپلے نصف نیچے اوپر

نصف اوپر دیکر آگ دیدو۔ کشتہ قدرے سرخی مائل ہوگا۔ باریک پیسکر شیشی میں سنبھال رکھیں
خوراک خشخاش سے چاول تک ہر مرض کیلئے مسکہ یا ملائی دو چار تولہ سے دیجائے۔
پرہیز ترشی بادی۔ ودال موٹھ مسور وغیرہ سے ضروری ہے۔

کشتہ نحاس یعنے تانبہ۔ ایک تولہ تانبہ لیکر اس کے نیچے اوپر ۲ تولہ ہڑتال ورقی پیسکر
سمپٹ کرکے ۸ اسیر پختہ اوپلے کی آگ دیدو۔ یہ کشتہ برنگ آسمانی ہوگا۔ فوائد قدرے
آنکھ میں سرمہ کی طرح لگانے سے پڑوال دور ہونگے۔ جب لگاؤ تو پہلے بال اکھاڑ کر لگانا چاہیئے
نسخہ دوم۔ آدہ پاؤ برگ گہوگہجی سفید سبز کی نگدی کرکے اُس میں تولہ تانبہ رکھہ کر کپڑ وٹی
کرکے خشک کریں اور ایرنہ کی آنچ گجپٹ کی ہوا سے بچا کر دیدیں تیسرے دن۔ سرد ہوگا
اور کشتہ سفید نکلیگا۔ نسخہ سوم۔ آدہ پاؤ بوٹی بن گوبھی سفید پہول کے نگدہ میں
راجہ شاہی پیسہ لیکر دو دفعہ گل حکمت کرکے دو سیر پوست درخت پیپل کے درمیان
رکھہ کر پانچ سیر پختہ اوپلوں کی آگ دیدو۔ کشتہ سفید باوزن ہوگا۔ اس بوٹی کو
دکن میں کڑوی پتری اور خاندیس کی طرف ہندل اور پنجابی میں چار رنگڑہ کہتے
ہیں یہ بوٹی شروع برسات میں پتھری کنکریلی زمین میں ہوتی ہے اور تین پتیاں
یا چار پتیاں ہوتی ہیں اور نہایت تلخ ہوتی ہے۔ اور پان کی شکل کی چھوٹی پتیاں ہوتی
ہیں اور اوپر پہول سفید ہوتا ہے۔ نسخہ چہارم۔ پھٹکری ایک تولہ کوٹ کر آک کے
دودہ میں حل کرکے اُس میں ایک پیسہ رکھہ کر دو پا چکپہ ستی کلاں میں آگ دیدیں کشتہ ہوگا
فوائد۔ مقوی۔ دافع سرفہ۔ خوراک نصف چاول۔ نسخہ پنجم۔ تانبہ کے پتر کو خوب
گرم کرکے سات دفعہ شیر آک میں بجھادیں اور پھر سات دفعہ کوار گندل کے عرق میں
پھر قدرے ہڑتال پیسکر نیچے اوپر تانبہ کے دیکر ایک کلیا مٹی میں رکھہ کر گلحکمت کرکے گڑھے
میں چار من خام آگ اوپلوں کی دیدیں جب سرد ہو نکال کر پھر اس کشتہ کے ساتھ آٹھ
ماشہ پارہ دیکر عرق کوار گندل میں دو پہر کہرل کرکے اُسکی ٹکیاں بنا کر ایک کوٹھالی میں رکھکر

ایک ایک سیر کی آگ تین دن دیدیں۔ **فوائد**۔ ہر قسم کے بخار اور مقوی باہ۔ دافع ضیق النفس ہے۔ خوراک نصف چاول مکھن۔ ملائی وغیرہ میں کھلائیں مجرب ہے۔

کشتہ قلعی۔ جو اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ قلعی ایکتولہ۔ سیماب ایکتولہ ان کو خوب طرح سے کھرل کرکے دانہ دانہ کریں اور ایک پاؤ زرنباد یعنے نرکچور کوٹ کراو بلہ کلان میں گڑھا بناکر نرکچور کے چار حصہ کرلیویں ایک حصہ نیچے رکھکر اوپر دانہ قلعی اور پھر نرکچور دوسرا حصہ اور پھر دانہ قلعی پھر تیسرا حصہ اور چوتھا حصہ دونوں کو دو اوپلوں میں رکھکر درز بند کرکے گڑھے میں آگ دیدیں۔ قلعی پھول جاویگی۔ **فوائد** مقوی باہ دافع جریان وعسرت ورقت وسوزاک خوراک ایک رتی مکھن یا ملائی وغیرہ میں پرہیز ترشی وسرخ مرچ سے۔

نسخہ دوم۔ نصف سیر بھنگ میں یا برگ وسمہ مہندی میں یا برگ آملی یا برگ نیم میں قلعی کا ریزہ ریزہ کرکے سمپٹ کرکے آگ دیں کشتہ ہو جائیگا یہ دھات ہر ایک بوٹی میں کشتہ ہو جاتی ہے۔ لیکن جو کشتہ مہندی وسمہ کے پتوں میں ہوتا ہے وہ بہتر ہے۔ **فوائد**۔ جریان رقت۔ سرعت۔ سوزاک کو مفید خوراک ایک رتی تک وقت صبح دودھ سے۔

کشتہ جست۔ جست ایک تولہ لیکر کڑاہی میں ڈالیں پھر ایکتولہ پارہ اس میں زیادہ کرکے کالپی مصری کی چٹکی دیتے جائیں اور بکائن کی لکڑی سے خوب ہلاتے رہیں جست پھولکر سفید ہو جائیگا۔ مصری تولہ ڈیڑھ تولہ سب خرچ ہوگی۔ **فوائد**۔ مقوی باہ اور آنکھ میں ڈالیں تو دھند۔ پھولا۔ وغیرہ کو مفید۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن باہ کیلئے کھانی مفید ہے۔ **کشتہ سیسہ**۔ جسکو سکہ بھی کہتے ہیں دو تولہ پارہ دو تولہ سکہ ایک کڑاہی میں گلاکر اس پر ایک چٹکی سفوف پھول کمیسو جب تک سیاہی بالکل نہ ہو ڈالتے جاویں اور لوہے کی میخ سے ہلاتے جائیں اور نیچے بیری کی لکڑیاں جلائیں۔ بس کشتہ برنگ سیاہ ہو جائیگا اس کو سنبھال رکھیں پھر تین یوم کے بعد سفید رنگ کا ہو جائیگا۔ **فوائد**۔ سوزاک کہنہ رقو وجریان کو مفید خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن بپرہیز ترشی۔ بادی اشیاء سے

کشتہ پارہ - پارہ ایکتولہ قلعی ایکتولہ - اول ۲ تولہ روغن سرسوں کو کسی کڑچھی میں ڈالکر اُس میں پارہ اور اوپر قلعی ڈالکر نرم آگ نیچے جلائیں جب گرہ بنجائے تب آدہ پاؤ پوست درخت تیج بل کو خوب پیسکر گرہ مذکورہ کے نیچے اوپر دیکر اس پر سفید پارچہ بقدر زمین سپیٹ کر محفوظ جگہ آگ لگائیں سرد ہونے پر نکالیں پارہ پھول جائیگا اور قلعی کچی نکلے گی اور سفید رنگ کشتہ ہوگا - فوائد - مقوی باہ و دافع سوزاک خوراک ایک رتی - اگر ایک چھوارا میں ایک رتی کشتہ ڈالکر ایک سیر دودہ میں دو چھوارہ ڈالکر نرم آگ پر کہویا بنائیں پھر اسمیں ایک چھٹانک بتاشہ ڈالکر کہائیں اسی طرح اکیس روز جو کہائے نامرد سے مرد شیر دل ہوجائے - یہ کشتہ نہایت مجرب و آزمودہ ہے - نسخہ دوم - ایک چھوٹی سی قلعی کی ڈبیہ میں ایکتولہ پارہ ڈالکر بند کرکے دس تولہ مہندی باریک پیسکر نیچے اوپر دیکر دو اوپلوں میں رکھہ کر گڑھے کی آگ دیں پارہ پھول جائیگا اور قلعی نیچے بہ جائیگی - فوائد - دافع مرگی - خوراک مکھن یا ملائی کے ساتھ ایک رتی پھر سات روز کہانا بہتر ہے -

کشتہ چوہاتا - قلعی - جست - سکہ تولہ تولہ پارہ چھ ماشہ ان چاروں اشیا کو کسی کڑچھی میں گلا کر پوست کو کنار باریک پیسکر چٹکی دیتے جائیں جب خاک ہوجائے تو اُتار کر گوار گندل کے پانی میں کہرل کریں - پھر تین روز بھیڑ کے دودہ میں کہرل کرکے ٹکیہ بناکر خشک کریں پھر دو پیالیوں میں بند کرکے خوب گل حکمت کرکے ایک من اوپلوں کی آگ دیں کشتہ برنگ زرد ہوگا فوائد - دافع سوزاک - قرحہ - جریان - خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن -

نوٹ - اگر قوی آدمی ہو اور سردی ہو تو لونگ کے ساتھ ۲ رتی تک اور اگر گرمی ہو تو لعاب اسپغول کے ساتھ بھی اس کشتہ کا استعمال ہوسکتا ہے -

کشتہ شنگرف - فلفل سیاہ چار تولہ - شنگرف ۲ تولہ ہر دو اشیار کو خوب باریک کرکے پیسکر پھر شیر بز قدرے ڈالکر چہار یوم تک خوب کہرل کریں پھر ٹکیہ سی بناکر روغن زرد ایک پاؤ پختہ میں اُس کو بریاں یہاں تک کریں کہ سرخ ہوجائے اس کو نکالکر علیحدہ سنبھال رکھیں

فوائید - صرف وہ گھی ہی ایکتولہ کھلانا قوت باہ کو بڑہاتا ہے اور اس ٹکیہ کا سفوف امراض بلغمی کیلیئے اکسیر اور قوتِ بدنی اور مردہ اعصاب کو طاقت دیتا ہے خوراک ایک رتی مکھن یا بالائی سے کہانی چاہیئے (پہلے اس کا تجربہ کرلو کہیں خام نہ ہو)۔

نسخہ دوم کشتہ شنگرف - لہسن یعنے تھوم مقشر بارہ تولہ شنگرف ایک تولہ اول تھوم کا نگدہ کرکے اس میں گرہ شنگرف رکھہ کر اس پر چار تولہ سوت کچا لپیٹ دیں اور آگ بقدر دو سیر پختہ دیں پہر دہیمے پر پہر تہوم اتنا ہی لیکر اسی طرح آگ دیں غرضیکہ تین آگ پورا کریں۔ بفضلِ خدا کشتہ سفید ہوگا فوائید امراض بلغمی وغیرہ کیلیئے مجرب اور مقوی باہ ہے خوراک ایک رتی۔ مکھن یا حلوا یا ملائی میں رکھکر کہائیں موسم سرما میں کہانے کے لیئے بہتر ہے۔

کشتہ ہڑتال ورقی - ہڑتال پانچتولہ پہل درخت نیم ایک سیر پختہ کا خوب نگدہ بناکر درمیان ہڑتال رکھکر کسی کوزہ میں ڈالدیں اور گلحکمت کرکے ہوا سے بچا کر گڑھے میں ایک من پختہ آگ دیدیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔ فوائید - برائے بخارہائے ہر قسم و قوت باہ و بدنی کو ایک چاول کہانا مفید ہے + نسخہ دوم - ہڑتال ورقی سات تولہ ایک دن شیر آک میں خوب کہرل کریں اور پہر ایک دن کوار گندل میں کہرل کریں پہر ایک دن عرق لیموں میں پہر چپٹے چھوٹے روز ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور درخت چھچھرہ یعنے ڈھاک کی راکھہ کرکے نیچے اوپر راکھہ ان ٹکیوں پر دیکر کٹھیا گلی میں رکھہ کر منہہ بند کریں اور گل حکمت کرکے سولہ پہر کی آگ دیدیں۔ کشتہ سفید ہوگا۔ فوائید - ہر ایک مرض کے لیئے اکسیر ہے۔ خوراک ایک رتی +

نسخہ اول - سم الفار ایکتولہ کو عرق کہتکل بوٹی جس کو تین پتی اور کہٹ میٹھی بھی کہتے ہیں۔ اس میں سات روز کہرل کریں۔ پہر عرق پیاز میں تین روز کہرل کریں پہر عرق لیموں میں تین روز پہر ٹکیہ بنا کر خشک کریں پہر نگدہ بیگن میں اس ٹکیہ کو خوب گلحکمت کرکے خشک کریں اور دو سیر پختہ اوپلوں کی آگ دیویں کشتہ نہایت عمدہ ہوگا۔ فوائید۔ نامرد کو ایک ہفتہ میں یا حد اکیس روز میں مرد کرے غذا مرغن گھی دودہ خوب استعمال کریں۔ خوراک چوتھائی

چاول سے ایک چاول تک آخیر درجہ ہے۔

کشتہ فولاد۔ برادہ فولاد تین تولہ لیکر اُس کو تین روز ترش انار کے پانی میں تر رکھکر چوتھے روز اُس میں چھ ماشہ پارہ چھ ماشہ شنگرف ملا کر خوب کھرل کریں اور ایک کوزہ میں ڈالکر گل حکمت کرکے خشک کریں۔ اور دس سیر پختہ اوپلونکی آگ گڑھے میں دیدیں پھر سرد ہونے پر نکالکر اتناہی پارہ اور شنگرف اور قدرے پانی انار ترش کا دیکر کھرل کرکے آگ بطریق مذکور دیں غرضیکہ اسی طرح اکیس آگ پوری کرنے سے کشتہ سفید نہایت عمدہ ہو جائیگا فوائد۔ درد کمر وضعف باہ کو دور کرے اور ضعفِ جگر وطحال کو مفید لیکن دہی یا باسی چھاچھ سے کہلانا چاہئیے۔ اکیس ۲۱ روز میں چہرہ سرخ اور بدن مضبوط ہو جائیگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن اور اوپر سے دودھ پینا مفید ہے اور اگر پیاس لگے تو بھی چھاچھ پلانا چاہیئے۔

کشتہ لوہ چون۔ چار تولہ۔ لوہ چون لیکر چینی کے برتن میں ڈالکر اُس میں عرق لیموں بھر دیں اور ایک ہفتہ دہوپ میں رکھکر پارہ تین ماشہ۔ اِس لوہ چون میں ڈالکر خوب کھرل کریں پھر کوزہ گلی میں بند کرکے ۵ سیر پختہ اوپلونکی آگ دیں جب سرد ہو نکالکر پھر پارہ وزن مذکورہ ڈالکر عرق لیموں میں کھرل کرکے اِسی طرح آگ دیں غرضیکہ اسیطرح اکیس آنچ دینے سے نہایت عمدہ ہو جائیگا۔ فوائد۔ اعلیٰ درجہ کا مقوّی باہ ودافع ضعف جگر وطحال ہے۔ خوراک ۲ رتی ملائی یا دہی وغیرہ سے وقت صبح کہائیں۔

کشتہ ابرق۔ ابرق ایکتولہ قلمی شورہ تین تولہ۔ اول قلمی شورہ کو عرق گلر وندہ یعنے گکڑ چھدی کے پانی میں کھرل کرکے ریزہ ریزہ کرکے ابرق اُس میں ملائیں اور پھر کوزہ گلی میں ڈالکر گل حکمت کرکے تین سیر پختہ آگ دیدیں کشتہ ہوگا۔ فوائد۔ تپ کہنہ وکھانسی کو مفید ہے خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن۔ کشتہ عقیق۔ کول ڈوڈا آدہ سیر عقیق ایکتولہ۔ اول کول ڈوڈا کو جوکوب کرکے ہنڈی یا چکپستی میں گڑھا سا کرکے نصف کول ڈوڈا نیچے اور نصف اوپر اور درمیان عقیق رکھکر اُسپر دوسری پاچکپستی رکھکر خوب جوڑ دیں اور بقدر چار سیر پختہ پاچکپستی ڈالکر گڑھے

میں آگ دیدیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ فوائد۔ ضعفِ دل کو ازحد مفید مجرب ہے
خوراک ایک رتی سے دو رتی ہمراہ مکھن یا ملائی سے کہائیں۔ پرہیز ترشی و بادی سے۔

کشتہ مرجان۔ پانچ تولہ مرجان کو مکوے کے پانی میں اچھی طرح سے کہرل کریں جب خوب کہرل ہوجائے تب ٹکیہ بناکر کسی آبخورے میں ڈالکر گل حکمت کرکے بیس سیر پختہ اوپلوں کی آگ دیدیں۔ فوائد۔ مقوی دل و دماغ دافع جریان و سوزاک وغیرہ۔ خوراک ۱ رتی سے مکھن یا ملائی میں رکھکر کہانا مفید ہے۔

کشتہ موتی۔ موتی خورد چھ ماشہ یا تولہ کو لیموں کے رس میں چھ روز تک تر رکھیں پھر جب پانی خشک ہوجائے تو کسی چھوٹی سی کلیا میں ڈالکر گل حکمت کرکے دس سیر پختہ آگ اوپلوں کی دیدیں عمدہ کشتہ ہوجائیگا۔ فوائد۔ ضعف دل و دماغ و جگر کو مفید مفرح درجہ اول مقوی بدن دافع سوزاک و جریان و سرعت انزال وغیرہ۔ خوراک ایک رتی مکھن یا ملائی میں بہتر ہے۔

کشتہ پوست بیضہ مرغ۔ پوست بیضہ مرغ چار سو عدد لیکر باریک کرکے آب نوشادر نمک تلخ میں تین شبانہ روز تر کرکے صاف اسقدر کریں کہ جہلی دور ہوجائے پھر کوزہ گلی میں ڈالکر گل حکمت کرکے کمہاروں کے آوے میں آگ دیدیں اسی طرح پانچ سات آگ دیکر سنبھال رکھیں۔ فوائد۔ بیشمار ہیں ہر قسم کے تپ اور سوزاک جریان کثرت احتلام کو مفید نیز مقوی باہ و بدن ایک دو رتی تک پان یا ملائی یا حلوا وغیرہ میں کہانا نہایت مفید ہے۔

نسخہ جوہر رسکپور۔ رسکپور ۲ تولہ تخم ہنپواڑ دس تولہ نیم کوفتہ کرکے ایک رات بہر شیر مادہ گاؤ میں تر رکھیں بوقت صبح تخم نکالکر خشک کریں۔ پھر ایک پیالہ گلی آب نارسیدہ میں تخم مذکور ڈالکر اس پر رسکپور جو کوب کرکے ڈالکر اوپر سے دوسرا پیالہ منہ جوڑ کر رکھدیں اور پیالہ پر ایک کپڑا پانی سے تر کرکے رکھدیں اور نیچے ایک پہر تک نرم آنچ جلائیں۔ اوپر کے پیالہ پر تمام جوہر آجائیگا۔ فوائد۔ آتشک خواہ پندرہ سالہ ہو ایک ہفتہ میں آرام ہو لیکن اول بدن کا تنقیہ کرالیویں بعدہ الائچی خورد ایک ماشہ باریک پیسکر ایک رتی جوہر ڈالکر مکھن یا ملائی

میں رکھکر نکل لیویں۔ صرف چار روز استعمال کرا کر چھوڑ دینا چاہیئے۔ پرہیز ترشی بادی نمک وغیرہ

باب (۲۱) اکیسواں

دھاتوں کے جوہر اڑانے میں

جو دوائی دہات کے ساتھ لکھی ہے اُس کے ساتھ کھرل کر کے دو پیالوں میں رکھکر آگ دو۔
جوہر نکل آئینگے۔ شنگرف کو کوار گندل اور عرق کیلہ کے ساتھ کھرل کر کے ہڑتال کو انار
ترش کے پانی میں گندہک کو نوسادر اور برادہ آہن سے سم الفار کو عرق حرمل
یا پیاز میں پارہ کو تیزاب میں کھرل کر کے جوہر اڑائیں۔

باب (۲۲) بائیسواں

دھاتوں کے تیل نکالنے کی ترکیب

قاعدہ عمدہ آسان تو یہ ہے کہ جب دہات کا تیل نکالنا ہو تو اُسی دہات کو بہیکہ
روغن کنجد یا روغن السی میں جوش دیں۔ جب خوب سرخ ہو جائے اور اُسی
دہات کی بُو آنے لگجائے تو وہ تیل امراض ذیل کیلئے مفید ہیں اور خالص دہات
کا تیل ذرا مشکل سے نکلتا ہے وہ اکسیر کے کام آتا ہے۔
تیل گندہک۔ خارش۔ کرم دندان زہر خوردہ کو فربے خوراک ہیضہ والے کو مفید ہے۔
تیل ہڑتال۔ گوشت فاسد۔ ناسور اور جذام والے کو مفید ہے۔

تیل سنکھیا - گٹھیا - ادھرنگ - سردی بدن - تشنج - آتشک والے کو مفید -
تیل کافور - روشنی - لذت جماع - مرہم زخم - آتشک کو نافع ہے -
تیل شنگرف - قروح خبیثہ زخم جلے ہوئے و مقوی باہ ہے -

نقشہ تپال جنتر

تپال جنتر کے ذریعہ تیل اگر نکالنا ہو تو خواہ مٹی کی ہانڈی لیلو - خواہ بوتل یہ اپنی خوشی ہے - ہر طرح سے عمدہ نکلیگا -

نقشہ ڈول جنتر

ڈول جنتر میں دھاگہ یا تار پوٹلی میں باندھکر ہانڈی میں لٹکائی جاتی ہے جس میں دودھ یا پانی یا تیل ڈالا ہوا ہوتا ہے -

باب (۲۳) تئیسواں

کشتوں کی شناخت اور زندہ کرنیکی ترکیب جلمندرہ ڈگنگہ پارہ

کشتوں کی شناخت

ایک عام شناخت تو یہ ہے کہ اگر کشتہ کو آگ پر ڈالیں تو دھواں نہ دے تو عمدہ ہی یعنے پختہ

۱؎ ادھرنگ آدھے بدن کا رہجانا ۲؎ تشنج بدن کا کھیچ جانا ۳؎ قروح خبیثہ گہرے زخم خراب کو کہتے ہیں -

ہے یا ذیل کے طریقہ سے ہر کشتہ کی شناخت کریں یہ بھی طریقہ نہایت بہتر ہے۔
(۱) کشتہ طلا۔ عرق لیموں میں کھرل کرو۔ اگر سرخ ہو جائے تو بہتر ہے۔
(۲) کشتہ چاندی۔ لونگ کے ساتھ کھرل کرو۔ اگر سیاہ ہو جائے تو بہتر ہے۔
(۳) کشتہ تانبا۔ اگر دہی میں ملانے سے زنگار نہ دیوے تو بہتر ہے۔
(۴) کشتہ لوہا۔ پانی پر تیرے تو بہتر ہے۔ اگر ڈوب جائے تو خام ہے۔
(۵) کشتہ رانگ یعنی قلعی آگ پر ڈالنے سے زرد رنگ ہو جائے تو بہتر ہے
(۶) کشتہ جست۔ کہانے سے قبض ہو اور پاخانہ نہ آئے بہتر ہے۔
(۷) کشتہ ابرق بینہ سے ملا کر ملوا کر اصلی حالت پر نہ آئے تو بہتر ہے۔
(۸) کشتہ ہڑتال }
(۹) " شنگرف }
(۱۰) " سم الفار }
(۱۱) " پارہ }
کشتے سفید ہوں اور آگ پر دھواں نہ دیں تو بہتر ہیں ورنہ وہ خام ہیں۔ اِسکا کہانا سخت نقصان دہ ہے۔

نوٹ۔ چاندی۔ سونا۔ قلعی کا کشتہ زندہ کر کے بھی دیکھ سکتے ہیں۔

ترکیب کشتوں کے زندہ کرنے کی

مار الحیات میں اِس قدر کشتہ جات ملاؤ کہ گولی بندہ جائے تب کو ٹھالی میں ڈالکر خوب ہی دہونکو جو دھات ہوگی جگر کہا کر وہی نکل آئیگی۔

نوٹ۔ واضح ہو کہ صرف وہی دھاتیں زندہ ہو سکتی ہیں جو آگ پر چرخ کھا سکتی ہیں دوسری نہیں
نسخہ مار الحیات۔ شہد سہاگہ۔ گھی۔ یہ تینوں چیزیں برابر ہوں تو مار الحیات کہلاتا ہے۔

نسخہ حل منذرہ

جس چیز کا تیل نکالنا ہو اس کو صیقل شدہ کڑاہی آہنی میں رکھو اور کٹورہ کانسی اوپر ڈھانکدو۔ پھر کٹورہ کے ارد گرد ایک پاؤ نخچہ ڈنڈا اتھو۔ پھر ڈالکر نیچے آہستہ آہستہ دی آگ

جلاؤ مضبوط ہو جائیگا۔ **نسخہ دوم** ۔ چونہ قلعی تازہ آب نارسیدہ ۔ قند سیاہ ۔
آرد ماش ۔ ٹوٹی ہوئی رکابی کی چینی ہر ایک دو دو تولہ ۔ استخوان سوختہ دو تولہ ۔ ان
سکو کوٹ پیسکر مثل موم کے بناکر پیالیکے دہن کو بند کرو جس قدر زیادہ کوٹا جائیگا اُسیقدر
بہتر ہے اگر تر کرنا ہو تو سفید بیضہ مرغ ڈالکر کوٹیں نہایت مجرب اسرار میں سے ہے ۔

عقد سیماب

سیماب صاف پانچ تولہ لیکر اس کو پندرہ ماشہ برادہ نقرہ خالص میں کھرل کریں اور
کھرل کیوقت سرکہ انگوری یا عرق لیموں ڈالکر خوب طرح سے کھرل کر کے گولی بنالیں ۔ پھر
اُس گرہ کو نرکھلے کے قدرے پانی میں جوش دیں اور پانی خشک کریں اور پھر پانی ڈال
دیں اسی طرح سے تین دن پکائیں پانی دن میں دو دفعہ جذب کر کے ڈالیں گرہ سخت
ہوگی ۔ بعد ازاں دو سیر آب لہسن میں ترکیب بالا کیطرح سے پکائیں اور پھر اس میں سوراخ
کردیں گولی تیار ہوگی ۔ یہ گولی دودھ میں ابال کر وہ دودھ پینا طاقت پیدا کرتا ہے ۔
نسخہ دوم ۔ سیماب تولہ ۱ ۔ ادہسم انفار سفید تولہ دونوں کو عرق لیموں ایک عدد میں کھرل
کر کے گرہ بناکر دو تانبے کی کٹوریوں کے اندر پان نیچے اوپر ڈالکر اسمیں گرہ رکھکر ۳ ماشہ
مرداسنگ بھی ڈالکر گل حکمت خوب کر کے ۲ سیر آنچ اوپلیوں کی دیدیں اور سرد کر کے نکالیں
گرہ پختہ ہوگی ۔ آگے کسی عمل سے یہ چاندی بھی اس گرہ کی بن سکتی ہے مجرب مولوی محمد صدیق صاحب صاد بند
نسخہ سوم خاص جس کے منہ میں رکھنے سے باہ اور امساک ہو اور دور تشنگی کو زائل کرے
اور تنگی نفس کو مفید اور منہ و تالو کی خشکی کو نافع ہے ۔ برادہ طلائے سرخ خالص دو حصہ ۔
برادہ نقرہ یک حصہ ۔ سیماب یک حصہ ۔ تینوں کو یکجا کر کے اچھی طرح سحق کرے اور گولی
باندھ کر آٹے میں ملاکر سیاہ مرغی یا سیاہ کوّے کو نگلاوے اور ۲۴ گھنٹے برابر نگاہ
رکھے بعد اس کے ذبح کر کے گولی نکال لے اور سرد پانی سے خوب دھو کر ضرورت
کے وقت منہ میں رکھ کر تماشہ دیکھو نہایت عمدہ چیز ہے ۔

باب چوبیسواں (۲۴)

دواؤنکے اصطلاحی نام جو اہل صنعت یعنی کیمیا گروں نے وضع کئے ہیں

اصل نام	اصطلاحی نام جو بعض بعض نسخوں میں لکھے ہوئے ہیں
پارہ	سیماب- زیبق- عطارد- شو- افززرد- کاب- برق- فرار- عیار- مغرب روح
سونا	طلا- شمس- خورشید- آفتاب- ذہب- زرزین- بکمون- کنک- بطی- سنتہ- نور-
چاندی	نقرہ- قمر- فضہ- سیم- سفید- بیا- مگس- ربیہ- مہ- ماہ- درب- رکمنی- بیضہ-
تانبا	تمشیر- مس- نحاس- بہرام- زہرہ- شبرام- راس- مامز- تانبر- بصیرا- بسد-
قلعی رانگ	سنگ مشتری- راوشن- رصاص ابیض- ارزیر- حجرالدر- حجرموسی- بنگیشیر-
سیسہ	رصاص اسود- سرب- زحل- مطرب- جبوب الارض- فرفش- بسودا- کیوان-
پیتل	حلقوش- صعد- برنج- سخت- روئی سوختہ- مثل سونا-
لوہا	فولاد- آہن- حدید- جارش- جہود- تموز- مریخ- زحل- روہن-
سنکھیا	سفید بچھر- اصل الحار- قتال- سم الفار- مرگ موش- زہر آدم- تنک- یکچھ- قاتل البقر-
شورہ	کہبر خستہ- اسدالارض- کھار- طانین- آتشبازی کا خاص جز کھار-
شنگرف	زنجفر- مرنب- سرخ- انگر- بعود- زنگفرز- فسابیوسن-
گندک	کبریت گوگرد- عقرب- عروس عروسک- شندروس-
ہڑتال	زرنیخ- اصل- روشن زرد- زرنیخ اخضر- روح صفری- تنکری- زیب ورق- علم مصالحہ عورات-
موئے سر آدمی	سفرہ دہن- مجل دہن- روغن موئے آدمی یعنی خون نیرہ- سنگ سیاہ-
سہاگہ	تنکار- بورہ عرب- بورہ آز- کون نمک- ضحاک- کنب- قطہ-
منسل	نیخ احمر- زرنیخ احمر- زردخون- چربیت- علم سرخ- منخل- خوین-
نوسادر	عقاب- ذغال- غلام بچہ- سرخ رومی- بورہ ماطول- تریاق-
مردار سنگ	مردار سج- مرتک- وجود گیا- مراسخ-

باب (۲۵) پچیسواں

دواؤں کے مُدبّر اور بعض بوٹیوں کے نمک بنانیکی ترکیب

تدبیر چھالگوٹہ - اوّل انکو چھیل کر اندر کا پتہ نکالیں اور ایک تھیلی میں ڈالکر گوبر میں
قدرے پانی ملاکر اُس میں خوب اوبال کر دھوئیں - پھر دودھ میں جوش کر کے صاف کریں
اور گوکھرو کے جوشاندہ میں بھی جوش دیکر پھر کام میں لائیں عمدہ مدبر ہوگا -
تدبیر گندک و بروزہ - اِن دونوں کی ایکہی ترکیب ہی کہ کسی برتن میں
دودھ بھرکر اُس کے منہہ پر باریک کپڑا باندھیں اور اس پر گندھک خواہ بروزہ
یعنی جو صاف کرنا ہو پیسکر ڈالدیں اور اوپر ایک ابرق کا ٹکڑہ رکھہ کر آگ برتن کے نیچے
کریں تاکہ اوپر کا مادہ آگ کے سینک سے پگھلکر دودہ میں گر پڑے تب دودہ میں سے نکالکر کام میں لائیں
تدبیر سرمہ - سرمہ کو پیسکر بکری کی چربی میں ملاکر کسی برتن میں ڈالکر آگ پر رکھدیں جب
چربی جل جاے تب سرمہ پیسکر پانی میں دہوکر کام میں لائیں - تدبیر چاکسو - چاکسو قدرے
لیکر پوٹلی بناکر سونف کے پانی میں پکاکر چھیل ڈالیں اور خشک کر کے کام میں لائیں +

بوٹیوں سے نمک بنانیکی ترکیب

یہ یاد رکھو کہ اگر کسی بوٹی کا نمک نکالنا ہو تو اول بوٹی کو جلاکر اُس راکھہ کو پانی میں خوب
گھولکر آبِ منقطّر اُس کا کریں پھر اُس آبِ مقطّر کو کسی برتن میں ڈالکر آگ پر خشک کریں -
پس خشک ہونے پر جو رہجائیگا وہی نمک ہی سنبھال رکھیں اور کام میں لائیں +

باب (۲۶) چھبیسواں

مختصر بیان تریاق

افیون - اگر کسی نے افیون زیادہ کھالی ہو تو اُسکو آبِ شبت و نمک گرم کر کے دو تین دفعہ

پلائیں فی الفور قے ہو گی اور افیون نکل جائیگی یا قدرے ہینگ بھی پانی میں حل کرکے پلانی مفید ہے۔ یا نارجیل دریائی بقدر چار رتی آب خالص میں گھسکر دو تین دفعہ پلانا مفید ہے یا سب سے عمدہ دوا یہ ہے کہ آٹا بنولوں کا ماشہ یا ۲ ماشہ کھلائیں۔ فوراً نشہ دور ہو گا مجرب ہے۔

بھنگ۔ اگر بھنگ زیادہ پیکر بیہوش ہو تو قے کرانی مفید ہے اور بینگن خام کھلانا اور آب لیموں اورک و نمک پلانا بھی مفید ہے۔ اچار ہر قسم کا بھی فائدہ دیتا ہے۔

شراب۔ اس کا زیادہ نشہ بہت برا ہے اگر دور کرنا ہو تو قے اور مسہل عمدہ ہے یا شربت لیموں و انار ترش عرق گلاب میں پلائیں یا ملتھی مقشر کو پانی میں ابالکر پینا بہتر ہے یا صندل سرکہ۔ کافور کا لخلخہ بنا کر سونگھانا بہتر ہے اگر برف ہو تو سر پیشانی آنکھ وغیرہ پر پھیرو۔

دھتورہ۔ اگر کسی کو دھتورہ کھانیسے بیہوشی ہو تو قے کرانا آب گرم اور روغن کنجد ملا کر پلانا مفید ہے۔ (پارہ)۔ اگر پارہ کھایا ہو تو قے کرائیں اور برگ لیموں ۱ہ روز پانی میں پیسکر پلائیں پارہ نکل جائیگا اور اگر کشتہ پارہ یا شنگرف یا تانبا وغیرہ کھایا ہو تو برگ جامن تور دو تین تولہ ہر روز پیسکر چھانکر صاف کرکے پلائیں بہتر ہے یا خار دار چولائی کی جڑ گھوٹکر ۳ تولہ پلائیں پارہ خام کو بھی نکالے اور فادزہر اس سے بہتر کوئی نہیں +

باب (۲۷) ستائیسواں

شعبدات و اعمال عجیبہ یعنی علم سیمیا و عملیات وغیرہ

شعبدات

نسخہ شعبدہ۔ ٹکڑہ کافور کا روشن کرکے پانی میں ڈالدیں تو برابر جلتا رہیگا۔ دیگر۔ خون کبوتر میں آب شاہترہ ملا کر لکھیں تو دنکو حروف دکھلائی نہ دینگے۔ رات کو دینگے۔ دیگر۔ اگر ہڑتال اور بین پھل گائے کے مسکہ میں سات گولیاں بنا کر ایک ہفتہ طاؤس کو کھلائیں

بعد ہفتہ کے اُس کی بیٹھ ہاتھ میں طلا کریں جو کچھ از قسم زر یا نقرہ ہاتھ پر رکھیں کسی کو دکھائی نہ دیگا۔ **دیگر۔** گھونگچی سفید پانی میں گھسکر کھڑاؤں پر طلا کریں اور خشک کرکے پاؤں اپنے دھوکر کے اسپر رکھے بغیر کھونٹیو نکے چلنے لگیگا۔ **دیگر۔** زبان مینڈک کی پارہ کتان میں لپیٹ کر خوابیدہ کے سینہ پر یا بالین کے نیچے رکھدے راز دل کل بیان کرنے لگیگا۔ **دیگر۔** سفیدی بیضہ مرغ اور شب یمانی اور نمک سبکو حل کرکے کپڑے پر ملیں اور پھر اُس میں آگ کے انگارے اُٹھائیں کپڑا نہ جلیگا **دیگر۔** منہہ میں آگ رکھیں اور منہہ نہ جلے۔ پہلے نوسادر۔ عقر قرحا۔ کافور قدرے چباکر آگ منہہ میں رکھیں آگ کا کچھہ اثر نہ ہوگا۔ **دیگر۔** بکری کو زمین پر لٹاکر اُسکے گلے پر جوتی اگر رکھدیں تو وہ اُسیطرح پڑی رہیگی جلائیگی۔ **دیگر۔** اگر گندک اور ہڑتال اور اجوائن انگوشیر آگ میں بھگوکر اُسمیں کوئی اناج ترکرکے جس کسی جانور کو کھلائیں بیہوش ہو جائیگا۔ **دیگر۔** گندہک آملہ سار۔ خون چڑیا منوالی اور سانپ کی کینچلی ان ہر سہ اشیاء کو برابر وزن لیکر کوفتہ بیختہ کرکے فتیلہ بناکر چراغ میں روشن کریں جس مکان میں یہ چراغ جلیگا وہ مکان بالکل پر از آب معلوم ہوگا۔ **دیگر۔** خراطین یعنی کینچوا مٹی سے صاف کرکے اِسمیں سیندھور بھرکر روئی لپیٹ کر بتی بناکر روشن کریں پس اِس مکان میں زرد ہی زرد روشنی ہوگی۔ **دیگر۔** اتوار کو جس جگہ گدہا لیٹے اُس جگہ کی مٹی لیکر اگر کسی کے دسترخوان کے نیچے رکھدیں خوب ہنسی ہوگی۔ **دیگر۔** کپڑا مثل آگ کے نظر آئے۔ بروزن مثل ہڑتال۔ گندہک۔ سیندھور ہموزن ہمراہ پانی کے پلسیکرات کو اگر کپڑے پر مالش کریں تو وہ کپڑا آگ معلوم ہوگا **دیگر۔** اگر جلے ہوئے کاغذ کو پڑھنا ہو تو اُس پر سلفیورک ایسڈ ڈالیں تمام حروف پڑھے جائینگے۔ **دیگر۔** اگر بلی کا منہہ کالا کرکے شیشہ دکھائیں تو وہ پھر اُس جگہ نہ آئیگی۔ **دیگر۔** سرکہ انگوری میں انڈے کی زردی حل کرکے کاغذ پر ملکر دھوپ میں رکھدیں۔ کاغذ سے تمام حروف اڑ جائینگے۔ **دیگر۔** آندھی میں چراغ گل نہو باریک کپڑا لیکر اِسمیں قدرے گندہک لپیٹ کر چراغ میں ڈالدیں اِسمیں تیل تارپین ہو اور پھر اسکے گرد سفوف پھٹکری سفید و گندہک زرد بھی ڈالدیں چراغ ہوا میں نہ بجھیگا +

باب (۲۸) اٹھائیسواں

اعمال عجیبہ

تجربہ اوّل - اگر عورت کے پستان غائب کرنے ہوں لائیں ایک چمگاڈر اور سات انوار اُسکو گوگل کی دھونی دیں پھر دوپہر کو اسکا کاجل بنا کر اُسکو ہاتھ میں لگا کر جب عورت کو دکھائیں اور مٹھی بند کر لیں۔ پستان غائب معلوم دینگے مٹھی کھولنے سے ظاہر ہو جائینگے۔

تجربہ دوم - واسطے حب کے مکرر سہ کرر تجربہ میں آچکا ہے۔ کافور سیکار شدہ اور نصف حصہ قرنفل کا موافق مراتب کے ترکیب کریں۔ ایک عدد اُس وقت میں لیں کہ آفتاب گہن میں ہو تالاب یا حوض یا دریا میں اُسیوقت غوطہ لگا کر نکال لیں اور پھر کھڑے رہیں اور آفتاب کو دیکھتے رہیں جب گہن ہٹ جائے تو گھر آکر براز کا خیال رکھیں اس میں سے وہ ثمر مذکور نکالکر سنبھال رکھیں جس کسی کو وہ قدرے مٹھائی میں کھلائیں وہ تابعدار ہو جائے اور اگر یہ عمل عورت نے کرنا ہو تو اُسکو تالاب وغیرہ پر نہیں جانا چاہیے۔ صرف اس وقت میں وہ ثمر کو اپنے جسم میں رکھے اور ختم ہونے پر نکالکر کام میں لائے نہایت مجرب ہے یہ نسخہ مجھ کو میاں صاحبزادہ سیف اللہ شاہ سرہندی نقشبندی سے ملا ہے اور تجربہ شدہ ہے۔

تجربہ سوم - جو محبت کیلئے اکسیر ہے - انوار کے دن کتیا کا دودھ ایک پیالہ میں لیکر اُسمیں کچھ چاول ساٹھی کے ڈالکر خشک کریں جب سب دودھ خشک ہو جائے تو اُن چاولوں کو لیکر کسی حیض آلودہ کپڑے میں ڈالکر وہی آدھا کپڑا اوپر رکھیں جب دانے بالکل خشک ہو جائیں تو اُنکو سنبھال کر رکھیں پس جس شخص کو اپنا تابعدار بنانا ہو تو ایک چاول مٹھائی میں رکھکر کھلا دیں۔ اُس سے وہ شخص محبت کریگا۔

تجربہ چہارم - عداوت اور محبت کیلئے - لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان چاولوں افان

کی آواز نہ پڑے یعنے اُنکو باہر شہر کے رکھنا چاہیئے۔ اور جب شہر میں لائے جائیں۔ تو
اذان کا وقت نہ ہو پس اگر اذان کی آواز اُنپر پڑ جاویگی تو عمل خراب ہو جائیگا اِسلئے
سخت تاکید ہو کہ آواز سے اس کو بچانا چاہیئے۔ **ترکیب عمل**۔ چاول لیکر اُس کا
چھلکا کسی کنواری نابالغ لڑکی کے ناخنوں سے چھلوائیں جب اوپر کا چھلکا اُتر جائے
تو چاند یا سورج گہن کے وقت درخت پیپل کے نیچے اُسی درخت کی لکڑی سے انسان
کی کھوپری میں سیاہ جانور کے دودھ میں خواہ گائے ہو یا بھینس یا بکری لیکن پہلی
دفعہ بچہ جنی ہو اُس میں وہ چاول پکائیں اور پھر اُسی درخت کی جڑ پر اُن چاولوں کو
اوندھا دیں تاکہ جانور کھا جائیں اور آپ گھر چلا آئے دوسرے روز جا کر دیکھے جو دانے
اُس درخت پر چپٹے ہوں اُنکو علیحدہ اور جو نیچے گرے ہوں اُنکو علیحدہ رکھیں پس چپٹے ہوئے
دانوں میں سے دو تین دانے اور قدرے اپنے بدن کی میل ملاکر شیرینی میں جس کو
چاہتا ہو کھلائے۔ تو وہ محبت اُس سے کرے اور نیچے گرنے والے اگر کھلائیں تو وہ
عداوت کرے یہ نہایت اسرار میں سے عمل مجرّب ہے۔ **تجربہ پنجم**۔ کچّا سوت جو کہ نا کتخدا
لڑکی کا کاتا ہو اتوار یا منگل کے روز لیں اور کنجشک جفتی جتنی دفعہ کھوتا ہو اُس میں گرہ دیں
پھر اُسکو سنبھال کر رکھیں اُس میں دو فائدے ہیں۔ **اوّل**۔ اگر اُسکو بر سر راہ ڈالدو اور جو عورت
اُس پر سے گذرے فوراً ازاربند اُس کا ٹوٹ جائیگا۔ **دوم**۔ اگر کسی عورت سے زیادہ محبت
کرنی ہو تو کسی طرح اُس کے بازو پر باندہ دو بہت محبّت کریگی۔ **تجربہ ششم**۔ عداوت
کیلئے پورا کام دیتا ہے۔ چاند کے آخری منگل کے دن چاول اور دال برابر کی لیکر کھچڑی
پر دہی ڈالکر قبرستان لیجائیں اور ہر قبر پر ایک ایک لقمہ ڈالکر ایک ایک کنکری اُس
پر سے اُٹھالیں۔ یہاں تک کہ ۲۳ کنکریاں ہو جائیں پھر اُنکو تھیلی میں بھر کر دشمن
کے گھر کے صحن میں دبا دیں۔ تھوڑے ہی روز میں وہ نہایت خراب ہو جائے گا۔
اگر دیر ہو جائے تو اس عمل کو دوبارہ کریں۔ نہایت آزمودہ ہے +

باب انتیسواں (۲۹)

عملیات میں

عمل کشایش رزق۔ خواجہ بہاؤ الدین قدس سرہ سے منقول ہے کہ جو کوئی سورہ الم ترکیف
کو بعد نماز کے ۱۲ مرتبہ پڑھا کرے کشایش رزق ہو۔ دیگر اگر کوئی اسم مغنی کو ایکہزار
ایک سو بار بعد ہر نماز کے پڑھے غنی ہوجائے اور یا استغفار پڑھے ہر طرح فضل ہو۔
عمل قرض ادا ہونیکا۔ یہ دعا واسطے قرض کے بعد نماز صبح تین سو مرتبہ اُسی قدر
بعد نماز عشا کے اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے درود شریف جو یاد ہو دعا یہ ہے۔
اَللّٰھُمَّ خَلِّصْ بِدَیْنِی بِحَقِّ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ۔
ہر کام کیواسطے۔ اگر صدق دل سے بعد نماز عشا اور فجر نوچندی دوشنبہ سے ہر روز
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بارہ سو مرتبہ پڑھے یا سات سو چھیاسی دفعہ تو خدا چاہے کامیابی ہو
عمل ہر مراد کیلئے۔ جو کوئی اس آیت کو اوپر ایک سو مرچ سیاہ کے سو سو بار پڑھ کر
دم کرکے کوئیلوں کی آگ میں ایک ایک کرکے ڈالیں چالیس روز میں دلی مُراد حاصل ہو۔
ناغہ کسی روز نہ کرے آیت یہ ہے۔ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ۔
عمل واسطے عداوت۔ اگر پارہ سنگ سرخ پر یَا قَہَّارُ یَا جَبَّارُ لکھکر دفن کرے
اور اُس پر آگ جلائے۔ مگر جن میں عداوت ڈالنی منظور ہو بغض فلاں علی فلاں ضرور لکھو
دیگر تجربہ۔ اگر دشمن کو ضرری پریشان کرنا ہو تو بیضہ مرغ لیکن گندہ ہو اُس پر آیتی
سورہ تبت لکھے اور پرانی قبر میں اُس کو دبائے اور خود بھی اِس قبر کے درمیان میں بیٹھکر
ہر روز دوسو اسی ۲۸۰ دفعہ سورہ مذکور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن تین ہفتہ میں ضرور
خراب پریشان ہوگا۔ دیگر۔ بعض کے لئے ایک تعویذ لکھکر قبر میں دفن

کردو اور دوسرے کو پانی میں گھولکر دونوں کو پلادو۔۔۔۔۔۔
یہ قبر میں دفن کرو۔۔۔

نام دشمن جس کے ساتھ عداوت ڈالنی ہو مع اُس کی ماں کے نام کے

ہر دو پر لکھو

اِس جگہ اُس کا نام و اُسکے باپ کا نام لکھو　　اسجگہ بھی نام مع باپکے اوپر بھی اسیطرح سے لکھو

دیگر کشایش رزق کیلیئے ہر نماز کے بعد اسکو ۹ دفعہ پڑھو۔ نہایت ہی مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا اللہ۔ یا لطیف۔ یا فتاح یا وہاب۔ یا باسط یا رزاق۔ یا غنی یا مُنعم

دیگر عمل ہر کام کیلیئے نیت کر کے شروع کرو بہت جلد مُراد حاصل ہو۔ ہر روز ایک یا دو سو بار صبح یا شام کو پڑھو اول آخر درود شریف یا مصطفےٰ احمد۔ یا مرتضیٰ علی۔ حاجت روا محمد مشکل کشا علی

دیگر حب کیلیئے نہایت مجرب عمل ہے۔ اِس عمل کو چالیس دن برابر ہر روز ۱۱ کوڑیوں پر ایک ایک سو بار پڑھکر دم کر کے اِن کوڑیوں پر دم کر کے ہر روز اُس کنوئیں میں ڈال دیا کریں جہاں سے مطلوب پانی پیتا ہو اول آخر درود شریف پانچ پانچ سو بار ضروری پڑھنا چاہیئے۔ اِسم یہ ہے:۔ یا عزیز یا سلام یا حب ہمیشہ عمل عروج ماہ پیر یا جمعہ کی شب سے شروع کرو۔ **دیگر**۔ یہ تعویذ جس عورت کے پاس ہوگا اُس کا خاوند اُس سے محبت کریگا اور یہ پانی میں گھولکر پلانا بھی عمدہ ہے۔ کئی روز عورت پلائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

٧٨٦					٧٨٦
٨	٢	١٠	٦	١	٨
٩	٧	۴	٧	۵	٣
٣	١١	۵ ٦	٢	٩	۴

ب[1] ب
ج ج
د د

دیگر اگر کسی کا لڑکا بہت روتا ہو تو ذیل کے اِسم لکھکر تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈالدیں بفضلِ خدا کبھی نہ روئیگا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس یا قدوس

[1] یہ حرف ہر ایک اکیس اکیس لکھے ہیں یعنی ہر ایک کے نیچے نیچے چاروں حرف ہونے چاہیے۔

یا قدوس یا قدوس۔ یا غفور۔ یا غفور۔ یا غفور۔ یا غفور۔ یا غفور یا غفور ططططططط لالالالالالا ھھھھھھھھھھھھ برحمتک یا ارحم الراحمین۔ دیگر۔ حمل کا حمل خام گر پڑتا ہو اسکو ہر روز ۹۰۹ ہ برابر اللہ یا اللہ یا محمد کاغذ پر لکھکر پلاؤ۔ اور نقش کو لکھکر گلے میں ڈالو بفضلِ خدا حمل نہ گریگا مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا علی سات دفعہ لکھو۔ یا حلیم سات دفعہ لکھو۔ یا محمد سات دفعہ لکھو یا حامد سات دفعہ لکھو

۷۸۶		
اللہ	یا اللہ	یا محمد
اللہ	یا اللہ	یا محمد
اللہ	یا اللہ	یا محمد

دیگر۔ اگر کسی کا آدھا سر درد کرتا ہو تو اس کے سر کو پکڑ کر دم کرو سات دفعہ پڑھنے سے آرام ہوگا۔ کالا چڑا کل سرا کا لسن کو جائے آ محمد جاپ دے آدھے سر کا درد جا۔ دیگر۔ ہر مشکل کیلئے اسکو صبح بعد نماز فجر یا بعد نماز عشا غسل کرکے ہر روز کم سے کم چھ سو دفعہ ضرور پڑھو۔ مشکل آسان ہوگی۔ ترقی ہر کام میں ہوگی۔ اسم یہ ہے۔ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِن سب عملوں کی اجازت عام ہے ہمارا پنجسورہ مترجم مع فوائد کے بھی منگوا کر دیکھو۔ جس

باب ۳۰ تیسواں

مختصر صنعت و حرفت کے نسخے

موتیوں کو صاف کرنا۔ تخم بجائین کو پانی میں جوش دیکر سرد کریں اور اسمیں موتی ڈالیں موتی صاف آبدار ہو جائینگے۔ دیگر۔ چربی ماہی روہو کو نیم گرم کرکے موتیوں کو اسمیں غوطہ دیں اور میدہ برنج میں خوب ملیں صاف ہو جائیں۔

سونیکو جلا دینا۔ لائیں قلمی شورہ اسکو بھونکر برابر اُسکے قلعی کا چونہ ملا کر دونوں کو پانی میں پیسکر سونے پر لگا کر دھوپ میں خشک ہونے پر صاف کریں سونا چمکنے لگ جائیگا۔

چینی کا برتن جوڑنا۔ قدرے قلعی کا چونہ اور انڈے کی سفیدی دونوں کو باہم ملا کر

نوٹ۔ ہمارا پنجسورہ مترجم مع فوائد کے دو آنے کو منگوا کر ملاحظہ فرمائیں اس میں عمل بہت قسم کے ہیں۔

خوب باریک پیسکر ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑ لیں نہایت مضبوط جوڑ ہو جائیگا۔

صابون بنانا۔ سجی دس سیر۔ قلعی چونہ پانچ سیر دونوکو علیحدہ علیحدہ برتن میں ڈالیں پانی سجی میں ایک من اور چونہ میں بیس سیر ڈالکر ۲۴ گھنٹہ تر رکھیں بعدہٗ اُنکا آبِ زلال لیکر تیل کنجد میں ملاکر جوش دیں وقت تیاری قوام کے قالب میں ڈالیں اور جو رنگ کرنا ہو وہ رنگ ڈالیں مجرب ہے۔

تانبے کو سفید کرنا۔ تانبے کو سفید بنانا ہو تو سنکھیا سفید دو تولہ۔ سفیدی بیضۂ مرغ چار عدد لیکر خوب باریک پیسکر چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بناکر خشک کر رکھیں جب سفید کرنا چاہو تو تانبے کو گلاکر بحساب تولہ تانبا کے تین ماشہ دوا اندر کو رڈالیں سفید ہوگا لیکن اسکے دہوئیں سے بچنا چاہیے۔

جرمن سلور بنانا۔ جست بیس تولہ۔ تانبا سات تولہ۔ نکل عمدہ پچیس تولہ اول نکل و تانبے کو گھٹالی میں گلائیں پھر جست ڈالیں اوپر سے تھوڑا سہاگہ دیکر گلائیں جرمن سلور عمدہ ایک آنہ تولہ کا ہو جائیگا (نکل عام سوداگروں سے مل سکتا ہے)۔

موم مصنوعی بنانا۔ رال سفید ۳۵ تولہ۔ چربی صاف ۱۷ تولہ۔ آٹا آلو ۴۰ تولہ۔ ہلدی زرد پسی ہوئی ۲۰ تولہ۔ اول آلو کو چھیلکر باریک باریک کترکر خشک کرکے آٹا بنائیں پھر رال چربی کو گلاکر سب کچھ ملائیں اور ڈلیاں کرلیں موم بنجائیگا۔ اگر ذراسی ہاتھی دانت کی سیاہی ملائیں تو سیاہی مائل ہو جائیگی۔

کستوری مصنوعی بنانا۔ گوند آم۔ زعفران۔ دونوں ہموزن عمدہ لیکر عرق گلاب میں کھرل کرکے خشک کریں۔ اسی طرح چار دفعہ کھرل کریں اور خشک کریں پھر ایک شیشی میں بند کرکے چندروز کے بعد فی تولہ ۳ ماشہ کے حساب اصلی مشک کستوری آمیز کریں عمدہ مشک کستوری بنجائیگی۔ اور بہت ترکیبیں یاد ہیں اس میں لکھنے کی گنجایش نہیں۔

پارہ کے برتن یا دانے بنانے۔ جس قدر چاہو پارہ لیکر لوہے کے برتن میں ڈالکر زیتون کا تیل بھریں اور نرم آنچ پر جوش دیں۔ جب تیل خشک ہو فوراً اور روغن زیتون یا نیز اب ہلدی ڈالدیں تاکہ پارہ جم جائے اُسوقت جو چاہو اُسی طرح کا بنالو۔

تماشے کا سانپ بنانا۔ کافور ۵ تولہ۔ گندھک ۵ تولہ۔ سفیدہ کاشغری ایکتولہ چاک مٹی دس تولہ۔ سہاگہ پانچ تولہ۔ پھٹکری سفید ۳ ماشہ سب باریک پیسکر سریش مچھلی سفید میں ملا کر بتیاں بنا کر خشک کریں پھر وہ دوا تھوڑی سی آگ پر ڈالنے سے سانپ بنجاتا ہے

عمدہ زنگار بنانا۔ برادہ تانبے کا لیکر بڑے ظرف مسی میں بسرکہ ڈالکر دھوپ میں رکھیں سرکہ تانبا کو کھاکر زنگار بنا دیگا۔

ٹھنڈا ملمع کرنا۔ نیٹرک ایسڈ ایک تولہ۔ پانی مقطر ایکتولہ میں ملاکر سلوشن بنائیں جو چیز اسمیں ڈالو گے پاؤگھنٹہ میں عمدہ ملمع ہوجائیگا پھر برادہ لکڑی میں خشک کرکے برش ملایم سے صاف کریں + **لوہے پر حروف کندہ کرنے۔** اول لوہے کو خوب صاف کرکے اُس پر موم قدرے جمائیں پھر جو کندہ کرنا ہو وہ لوہے کی قلم سے لکھو تاکہ موم صاف ہوجائے پھر اس پر تیزاب شورہ نمک ڈالیں دس منٹ کے بعد صاف کریں کندہ ہوجائیگا

شیشے پر کندہ کرنا۔ ترکیب مذکور کیطرح اوّل شیشے پر موم لگاکر جو لکھنا چاہو لکھیں اور پھر اُسپر فلارک ایسڈ ڈالیں تو دس منٹ بعد کندہ ہوجائیگا تیزاب فلارک ایسڈ انگریزی دوافروشوں سے ملسکتا ہے یا حاجی جہنڈو سوداگر لودیانہ سے ایک شیشی ۸ کو اور بڑی شیشی ۱۲ کو ملسکتی ہے

گندھک کا گلاس بنانا۔ گندھک صاف ایک حصہ۔ رال صاف ایک حصہ اگر کم لاگت کا بنانا ہو تو رال چار حصہ تک ڈال سکتے ہیں اوّل رال کو پیسکر پارچہ بیز کریں اور اسیطرح گندھک کو پھر لوہے کے برتن میں خفیف آنچ پر دونو نکو گلاکر سانچے گلی یا چوبی میں جسکو چکنائی لگائی دو بھر کر سرد کریں اس گلاس میں پانی یا دودھ پینا ہاضمہ کو درست کرتا ہے اور خنوت آتی ہے

چمنی یا شیشیونپر بیل بوٹے بنانا۔ اوّل منوگراوف لیڈ کو جو السی کے تیل میں جوش کیا ہوا ہو ملاکر سخت برش سے اُسکو جلدی شیشہ پر لگائیں تاکہ سب جگہ برابر لگجائے جب خشک ہوجائے تو جس قسم کے بیل بوٹے بنانے ہوں کاسٹک پوٹاس سے اس کا نمونہ بنائیں اور تھوڑی دیر بعد نرم کپڑے سے صاف کریں جہاں جہاں کاسٹک پوٹاس لگا یا گیا

تھا وہ جگہ صاف ہو جائیگی اور بیل بوٹے نمایاں ہونگے۔

دیگر۔ انگریزی سیاہی کپڑے پر سے دور کرنی۔ دو چھٹانک پانی کے ساتھ ایک تولہ گندھک اور ایک تولہ چونہ ملائیں جب تک سوئنے کی طرح کا سرخ ہو جاوے آگ پر رکھیں پھر آگ سے اتار کر ٹھنڈا پانی اور ڈال دیں کہ کل پانی ایک چھٹانک ہو جاوے پھر داغ پر روئی سے وہ پانی لگائیں اور دھو ڈالیں۔ فوراً داغ دور ہو جائیگا۔

مصالح لفافوں کے جوڑنیکا۔ سریش عمدہ ایک تولہ پانی میں گرم کرکے گلائیں اور اس میں تین ماشہ گڑ ملا کر کام میں لائیں یا گوند کیکر لیکر اس میں گڑ پکا کر کام میں لائیں۔

تانبے کو جلد پگھلانا۔ یہ دھات بہت مشکل سے پگھلتی ہے۔ اگر تخم بیگن پیسکر اس پر ڈالا جاوے تو جلد پانی کی طرح ہو جاتا ہے۔

موتیوں کا جلا دینا۔ زرد رنگ کے اگر موتی ہوں تو ترنج کے پانی میں ابال کر برش نرم سے جلا دیویں صاف روشن ہونگے۔

زنگار بنانا۔ برادہ تانبے کا لیکر بڑے ظرف مٹی میں سرکہ ڈالکر دھوپ میں رکھیں سرکہ تانبے کو کھا کر زنگار بنا دیگا۔

موم بنانے کی ترکیب۔ رال سفید ایک سیر خوب پیسکر ایک ہانڈی میں جوش دیں۔ بعد اس کے ایک سیر چربی سفید عمدہ صاف ڈالکر دونوں کو ملا کر نیم گرم سرد کریں اسوقت آدہ پاؤ سہاگہ سفید پیسکر اور آدھ سیر خالص شہد ڈالکر لکڑی سے ملا کر ایک جوش اچھا دیکر سرد کر لو۔ موم خالص تیار ہو جائیگا۔

کافور مصنوعی بنانا۔ ایک حصہ پھٹکڑی سفید لیکر باریک پیسکر سمپٹ مٹی میں بھریں اور ایک حصہ کافور ریزہ ریزہ کرکے اس پر رکھیں اور بند کرکے کھچڑی ماش میں پکائیں کھچڑی دو انگل نیچے اور دو انگل اوپر ہو اور دم پر چھوڑ دیں کہ سرد ہو جائے کافور تیار نکلیگا اور موافق اصلی کے ہوگا

اعلیٰ درجے کی وارنش بنانا۔ ایک بڑی بوتل میں اسپرٹ ڈیڑھ پاؤ ڈالکر اس میں

عمدہ چیڑ الا کہہ ۳ چھٹانک - رومی مصطگی ایک چھٹانک اِن کو بھی بوتل میں ڈالکر منہہ بند کر کے دھوپ میں رکھیں دو تین روز میں یہ دوائیں حل ہو جائینگی پھر اس میں جونسا رنگ دینا ہو دیکر بکسوں میزوں وغیرہ پر لگائیں پرانی بھی نئی کے موافق ہو جائیں +

چراغ پر پروانہ نہ آئیں - چراغ میں پیاز کا ایک ٹکڑا ڈالدو پروانہ نہ آئیگا +

صابون جادو - اگر تیل اور پانی کو ملاؤ کبھی نہ ملینگے لیکن امونیا ڈالدینے سے فوراً جم جائینگے - یہ جادو کا صابون کہلائیگا + مکھی مار کاغذ بنانا - تیل السی میں منقّی پکا کر قوام کر کے برش سے ایک کاغذ پر لگاؤ + لوہا پینل ٹین وغیرہ جوڑنیکا مصالح - بروزہ ۷ تولہ سنگجراحت ۱۰ تولہ سرسوں یا السی کا تیل ۲ تولہ - ان سب کو لوہیکے برتن میں پکا کر گرم گرم جوڑدو +

انگریزی سیاہی کا نسخہ - ترپھلہ پندرہ تولہ - ماجو ۶ تولہ کسیس ۷ تولہ - لوہچون ۵ تولہ - پانی دو سیر سب کو ایک آہنی برتن میں ڈالکر ۹ یوم پڑا رہنے دو بعد اس کے اس کو پکا کر جب ڈیڑھ سیر یا سوا سیر رہ جائے آگ سے اُوتار کر کپڑے میں چھانکر کام میں لاؤ +

دیمک دور کرنے کی ترکیب - جہاں کہیں دیمک لگجائے وہاں تھوڑی ہینگ تیل میں ملا کر چھڑکنے سے دیمک دور ہو جاتی ہے (نوٹ) - اِن کے علاوہ اور بہت ترکیبیں یاد ہیں اِس میں گنجایش نہیں کہ درج کی جائیں +

مُہر کی سیاہی بنانا - ریناتن نامی رنگ مختلف رنگ کے انگریزی دوکانوں پر ملتے ہیں جس قسم کا رنگ لیکر اُس میں ۸ گنا گلسرین اور ۸ گنا اسپرٹ وائن ملا کر کام میں لاؤ -

لکھنے کیلئے ملاگیری روشنائی بنانا - کتھہ کو لیکر جوش دو - اور قدرے اُس وقت سفوف سوڈا ڈالدو - اور چھانکر بوتل میں رکھو نہایت عمدہ روشنائی بن جائیگی -

لوہے کو چمکانا - نوسادر اور پھٹکری یمانی پانی میں گھسکر تلوار پر ملو خوب چمکدار ہو جائیگی

نوٹ - اِنکے علاوہ ترکیبیں تو بہت یاد ہیں لیکن اس باب میں اور گنجایش نہیں - بشرط زندگی اور فرصت چھٹے اڈیشن میں کچھ اور معلومات درج کیے جائیں گے +

باب (۳۱) اکتیسواں

مخزن الادویہ معہ خواص الادویہ اُردو۔ عربی۔ فارسی میں

اردو	عربی	فارسی	خاصیت
آڑو	خوخ	شفتالو	سرد تر ۲۔ پیاس صفرا اور خون کے جوش کو ہٹائے اسکے تخم کا تیل درد
"	"	"	کان کو مفید ہے۔ شگوفہ ایک دانگ پینا اسقاط کراتا ہے۔
آک و مدار	عشر	حزک	گرم خشک ۳۔ پھول ہاضم۔ دودھ جلد پر زخم کرے پتے سرد ورم کو تحلیل
"	"	"	کریں اور درد کو دفع کریں اور جڑ کی مسواک بنا کر دانتوں کو مفید۔
آلو	۰	آلو	سرد خشک اور دیر ہضم منی غلیظ کرے۔ اِسکا سرمہ لگانا مقوی چشم
"	۰	"	اور دفع کرنے والا آنکھوں کی سفیدی کو اس کا سفوف ہے۔
آلو بخارا	اجاص	آلو بخارا	سرد تر۔ خون اور صفرا کے جوش کو بجھائے۔ طبیعت نرم کرے صفراوی
"	"	"	دموی بخار ہٹا دے۔ خارش دور کرے۔
آنب	آنج	انبہ	پختہ گرم خشک ۲ روح مثانہ باہ کو طاقت دے قلمی انب ثقیل دیر ہضم گٹھلی
"	"	"	منی کو گاڑھا اور دست بند کرے پتا حقہ میں پینا بواسیر کو مفید ہے
انبہلدی	دارہلد	دارچوبہ	گرم خشک ۲۔ چوٹ اور ورم پر لیپ مفید۔ ریح کو تحلیل کرے۔ پیشاب کھولے
آنولہ	املج	آملہ	سرد خشک ۲ قبض کرے دلکو طاقت اور فرحت دیتا ہے باہ کو حرکت دے۔
ابرق	طلق	سارہ زمین	سرد خشک ۲۔ کشتہ امراض بلغمی کو مفید۔ طلا اسکا چھانیوں کی سوجن کو مفید
انیسون	ایک گھاس	کی جڑ ہے	گرم خشک طعام ہضم کرے ریاح کو تحلیل بلغم۔ بواسیر۔ استسقا کو دور کرے
اجمود	کرفس	کرفس	گرم خشک ۲ ریاح کو تحلیل کرے طحال اور جگر کا سدہ کھولے پیشاب لائے

اردو	عربی	فارسی	خاصیت
اجوائن دیسی	کموں ملوکی	نانخواہ	گرم خشک۔ طعام ہضم کرے۔ اپھارہ۔ طحال دور کرے پیشاب لائے۔
اجوائن خراسانی	بزر البنج	تخم بنگ	سرد خشک نزلہ ور طوبت کو روکے کان کے درد کو مفید۔
اخروٹ	جوز	گردگان	گرم خشک تیل بال بڑھائے اور باہ پیدا کرے مغز بریاں کھانسی کو مفید
ادرک	زنجبیل رطب	زنجبیل تر	گرم³ خشک بھوک لگاتا ہے۔ معدہ جگر کو طاقت دیتا ہے۔
اروی	قلقاس	۰	سرد تر² - اپھارا پیدا کرے منی غلیظ کرے۔ جریان دور ہو۔
اڑد	ماش	ماش	گرم تر۔ منی غلیظ پیدا کرے۔ باہ ہو۔ اعضاء کو قوت دے۔
ارنڈ	خروع	بید انجیر	گرم خشک² حل کرنیوالا مواد کا۔ تیل ملین اور معدہ عورات کی فرج کو مواد سے پاک کرے درد کمر و گردہ کو رفع کرے۔ پانی سے جلے ہوئے کو مفید۔
اڑوسہ	بک بوٹی	دوگواپنجی	گرم خشک پھول دق اور صفرا تیزی خون و جلن پیشاب کو دفع کرے۔
ارہر دانہ	شاغل	شاغل	گرم خشک² صفراوی دست اور بلغم کو روکے۔ پتے نکا جوشاندہ درد دانت کو مفید
حرمل اسپند	حرمل	اسپند	گرم خشک² - آنتوں کی پیچ کو تحلیل کرے تمام سر و امراض کو مفید حیض کھولے۔
اسطوخودوس	(گھاس ہے)		گرم خشک² - دماغ دل کو طاقت دے۔ سر اور سینے کے امراض کو مفید۔
اسپغول	بزر قطونا	اسپغول	سرد تر² - پیاس در گرم اور خون کا جوش دور کرے پیچش مروڑ کو مفید ٹوٹا ہوا تانا ہے
اسپرکا	۰	اکلیل الملک	سرد خشک¹ بدن موٹا اور منی زیادہ کرے لیپ سوجن کو تحلیل کرے۔
اشنان	۰	غاسول	گرم خشک² - سدہ کھولے حیض اور پیشاب جاری کرے دانتوں پر منجن کرنا مفید
افسنتین	افسنتین	مرده	گرم خشک¹ حیض جاری کرے صفراوی سوداوی بلغمی بیماریوں کو دور کرے۔
افیم	لبن الخشخاش	افیون	سرد خشک⁴ قبض کرے نیند لائے۔ درد اور سرعت انزال کو مفید ہے لیپ امراض آنکھ کو مفید ہے سست کرے (سم ہے)
اکاس بیل امر بیل	افتیمون	درخت پیچان	گرم خشک³ - سدہ کھولے مالیخولیا۔ سوداوی وغیرہ مرضوں کو مفید ہے۔
اکرکرا	عاقرقرحا	عاقرقرحا	گرم خشک³ سرد مزاج کی باہ کو طاقت دے۔ خراب دانتوں کو غرغرہ مفید

اردو	عربی	فارسی	خاصیت
اگر	عود غرقی	•	گرم خشک سدے کھولے باہ پیدا کرے ریاح کو تحلیل کرے رحم کی سردی کو مفید
الائچی خورد	قاقلہ صغار	ہیل بوا	گرم خشک ۲ فرحت دے۔ جلا کرے۔ دل معدہ و خفقان متلی کو نافع۔
الائچی کلاں	قاقلہ کبار	ہیل کلان	گرم خشک ۲۔ معدہ کو طاقت دے۔ طعام ہضم کرے۔ منہہ سے رال بند کرے
السی	بذر کتان	بزرگ	گرم خشک ۳۔ چھاتی کو صاف کرے پیشاب لائے منی غلیظ کرے۔
اُلّو	بوم	چُغد	گرم خشک۔ اسکا گوشت کھانیسے بیوقوف ہو۔ پتہ اور خون کا پینا
•	•	•	سلسل بوم کو اور بول فی الفراش کو مفید ہے۔
امرود	کمثری	امرود	سرد تر۔ دل معدہ کو طاقت دے۔ طعام سے پہلے کھانا قبض کرے۔
املج سید	•	•	سرد تر۔ خون کا جوش کم کرے۔ باؤ گولہ اور پیٹ کی ریاح کو نافع۔
املتاس	خیار شنبر	خیار چنبر	گرم اتر۔ سینہ اور طبع کو نرم کرے۔ اس سے نرم جلاب ہوتا ہے۔
املی	حبار را	تمر ہندی	سرد خشک ۲ متلی کو بند کرے۔ دل و معدہ کو طاقت دے۔
انار میٹھا	رمان الحلو	انار شیریں	سرد تر۔ جگر کو طاقت دے پیاس بجھائے۔ باہ کو طاقت دے۔
انار ترش	رمان حامض	انار ترش	سرد خشک۔ خون کا جوش ہٹاتا ہے قے۔ دست کھجلی کو نافع۔
انار کھٹا	انار میخوش	انار مز	سرد تر۔ بیج ہر قسم کے انار مقوی معدہ ہیں اسکا چھلکا مسوڑوں کو طاقت دے
انجن	اثمد	سرمہ	سرد خشک ۲۔ طاقت بینائی کو دے۔ آنکھ سے میل دور کرے۔
انجیر	تین	انجیر	گرم تر۔ طبع نرم کرے۔ مرگی فالج اور امراض بلغمی کو مفید۔
انجبار	ایک درخت کے پتے ہیں		سرد خشک ۳۔ بواسیر کا خون اور پیچش و صفراوی دست کو بند کرے۔
اندر جو	لسان العصافیر	زبان گنجشک	گرم خشک ۲۔ پسلی و رحم کے درد کو اور پورانی کہانسی کو آرام دیتا ہے۔
اندرائن پھیل	حنظل	خربزہ تلخ	گرم خشک ۲۔ بلغم اور سودا کو دست کی راہ نکالے۔ کدو دانہ کو نکالے۔
انڈا مرغی	بیض الدجاج	تخم مرغ	زردی گرم۔ سفیدی سرد تر۔ نیم برشت دل۔ دماغ بدن کو طاقت دے
؍؍	؍؍	؍؍	گرم تر نزلہ کو سینہ پر گرنے سے روکے۔ خون تھوکنے کو دفع کرے۔

اردو	عربی	فارسی	خاصیت
انگور	عنب	انگور	گرم تر۔ جلد ہضم ہو۔ خون صاف کرے اور پیدا ہو بدن موٹا کرے۔
اناناس	۰	اناناس	سرد تر۔ فرحت بخش دل و دماغ اور جگر کو طاقت دے۔
اونٹ کٹارا	اشترخار	اشترخار	گرم خشک پیشاب لائے۔ سیرقان۔ گٹھیا۔ طحال دور کرے۔
اونگن کے بیج	بزرالقرنفل	تخم انجرہ	گرم خشک۲۔ گردہ کو مفید مقوی باہ۔ شہد میں ملا کر ضماد کرنا قضیب کو
"	"	"	مستحکم کرے۔ سینہ اور پھیپھڑے کو صاف کرتا ہے۔
اونٹ	لفلاح	شتر	گرم خشک اسکی ہڈی روغن زیتون میں پیسکر لگانا مرگی کو مفید ہے۔
گنا پونڈا	قصب السکر	نیشکر	گرم تر۲۔ کھانسی کو مفید۔ پیشاب لائے۔ معدہ کی جلن دور کرے۔
ایلوا	صبر سقوطری	مصبر	گرم خشک سدہ کھولے۔ ریاح نکالے۔ خون کا فساد اور جذام کو مفید۔
اینگر	زنجفر	شنگرف	گرم خشک قبض کرے۔ خارش کھجلی جذام یعنے جلدی امراض میں
"	"	"	کم مقدار کھانا مفید ہے اگر اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہو تو بہتر ہے۔

باب الباء

اردو	عربی	فارسی	خاصیت
بابونہ	بابونہ	بابونج	گرم خشک۲۔ لیپ ورم کو نرم کرے۔ حیض دودھ پسینہ پیشاب لائے۔
بابچی	مشہور تخم ہے)		گرم خشک۲ کھانے لگانے سے برص کھجلی خون کے فساد کو دور کرے۔
بابونہ	گاؤبہار	یہ ایک گھاس ہے [illegible] جیسے	گرم خشک۲۔ نیند لانیوالی۔ بلغم اور سودا دستوں کی راہ نکالے۔
باجرا	گاورس	جاورس	گرم خشک۔ بدن۔ معدہ کمر کو طاقت دے۔ قبض کرے پیشاب لائے
بادام میٹھا	بادام شیریں	لوز الحلو	گرم تر۔ سدہ کھولے۔ خشک کھانسی کو مفید۔ باہ پیدا کرے۔
بادام کڑوا	بادام تلخ	لوز المر	گرم خشک۲ جلا کرنیوالا۔ پتھری کو توڑے۔ ایک درم شہد میں ملا کر
"	"	"	چاٹنا کتے کے کاٹے کو مفید اور روغن کان میں ڈالنا مفید ہے۔
بادیان رومی	بادیان رومی	انیسون	گرم خشک۲۔ سدہ کھولے۔ ریاح تحلیل کرے۔ پسینا اور پیشاب لائے۔
بادیان ختائی	بادیان ختائی	۰	گرم خشک۲ معدہ اور ہاضمہ کو طاقت بخشے ریح اور کھانسی سختی کو دور کرے۔

اردو	فارسی	عربی	خاصیت
بارتنگ	بارتنگ	لسان الحمل	سرد خشک اسہال اور پیچش کو مفید اسکا عصارہ سل و دق کو نافع۔
باکلا	باکلا	باقلا	سرد تر چھائیں اور بدن کے داغ کو کھووے۔ مقوی باہ۔
بالنگو	تخم بالنگو	.	گرم تر خفقان کو مفید دلکو طاقت بخشے عرق گلاب سے کھانا پیچش کو مفید
بالچھڑ	سنبل ہندی	سنبل الطیب	گرم خشک معدہ۔ جگر دماغ کو طاقت بخشے ادرار کرے سدہ کھولے
بانس	نے	قصب	سرد خشک پتے شہد میں ملا کر کھانے سے کھانسی اور سوزاک کو مفید
باؤبڑنگ	برنگ کابلی	برنج کابلی	گرم خشک معدہ اور آنتوں اور کیسہ کے کرم ہلاک کرے۔
باگھ	شیر	اسد	گرم خشک۲ اسکی کھال پر بیٹھنا بواسیر خونی بادی درنجار کو دور کرے
باز	باز	باز	گرم خشک۳ پر آنکھ میں لگانا نزول الماء کیلئے مفید ہے۔
بارہ سنگ	گوزن	ایل	گرم خشک۳ سینگ رگڑ کر پینا لذت جماع پیدا کرے گھسکر لگانا درد کو مفید
بام مچھلی	مارماہی	جریث	سرد خشک پتے کی نسوار جنون کو مفید۔ کہانا نہایت مقوی باہ ہے
ابن اوی	گیدڑ	اسفاناخ	پالک	اصابع الصفر	ہتھہ جوڑی
ابن عرس	نیول	اسپنج	موا بادل	افراس الطلب	کھنکالی
اترج	بجورہ لیموں	اسقیل	جنگلی پیاز	اطریلال	کاک جنگھا
اثل	جھاؤ	اسفیداج	سفیدہ کاشغری	اظفار الطیب	نکھ
اثمد	سرمہ	اسد	شیر	اظفار الجن	کرن پات

نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو
آثلق	سنبھالو	اسروع	•	افشرہ	رس گنے کا
آتشخور (ف)	چکور	اسپ (ف)	گھوڑا	افتیمون	آکاس بیل
آجاص	آلو بخارا	اَستر	خچر	اقاقیا	کیکر کا گوند
آجر	اینٹ	استقنقور	جنگلی ناکو	اقحوان	مرہٹی یعنی جنگلی بابونہ
اخریص	کسم	اسقولوقندریون	•	اقلیمیا محرق	چاندی کا میل
احمر	لال چڑیا	اسقوردیون	جنگلی لہسن	اکارع	کلا پایہ
اوزی بون	سورج مکھی	اشترغار	اونٹ کٹارا	اکثمت	کرنجوہ
آواک یا آراک	پیلو	اشراش	سریش	اکلیل الملک	ناخونہ
اذراق	کچلا	اشق	کاندر	الیش	صعتر
آذریا اروک	بطیخ	اشنان	لانی	التوا التوا	مروڑ پھلی
آلیہ	دنبہ	انیسون	رندلی	انجرہ	اُٹنگن
الماس	ہیرا	انفحہ	پنیر مایہ	انناس	•
آلوچ	آلوچہ	انکمہ	چرچٹا	انسان	آدمی
ام غیلان	ببول	انسان الماء	دریائی آدمی	انیس	•
امعاء الارض	کینچوا	انجیر آدم	گولر	انگوزہ	ہینگ
انجبار	•	اوقاموفی	بن پوستہ	اوشہ	کندر
انبر باریس	زرشک	اوزقاز	بطیخ	آہن (ف)	لوہا
انزروت	لانی	اہلیج اسود	کالی ہڑ	اہلیج کابلی	انبیا ہڑ
انقردیا	بھلانواں	آہک	چونہ	ایرسا	بیخ سوسن
ایل	بارہ سنگا	•	•	•	•

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو	نام دوا عربی	ترجمہ اُردو	نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
ب		بابونج	بابونہ	بزر البطیخ	خربوزہ کا بیج
بزر الہندی	تربوز کا بیج	بزر البقلۃ الیمانی	چولائی کا بیج	بادرنجبویہ	بلی لوٹن
بزر النیل	کچری کا بیج	بادروج	جنگلی تلسی	بزر البنج ابیض	اجوائن خراسانی
بادنجان	بینگن	بند الجرجیر	چندسر	باقلا	باکلا
بزر الجزر	گاجر کے بیج	بامیا	بھنڈی	باز	باز
بزر احبق	شبادہری کا بیج	بزر الرطب	.	باشق	باشہ
بزر الحرمل	اسپند	باسوم	گل داودی	بادیاں	سونف
بزر الحسک	گوکھرو	بزر الریحان	تخم ریحان	بادآورد	اونٹ کٹارا
بزر الحماض	چوکے کا بیج	بیغا	طوطا	بارزد	گندہ بیروزہ
بزر الخطمی	بیج خطمی کا	بزر السداب	تتلی کا بیج	بان	بکاین
بزر الخمم	لونوری	برنجاسف	گندہ مار	بادیان خطائی	.
بزر الخس	کاہو	بزر السلق	چقندر کا بیج	برنجوت	پستو
بزر الشاہسفرج	شاہسفرہ کا بیج	برطانیقی	سرپالی	بزر الشبت	سویہ کا بیج
برقان	بھنبیری	بزر الفجل	مولی کا بیج	برنج کابلی	بابڑنگ
بزر الفرفخ	خرفہ کا بیج	برش	امرتہ	بزر فرنجمشک	رام تلسی کا بیج
بردی	گونڈل	بزر القثار	ککڑی کا بیج	بزر الاترج	لیموں کے بیج
بزر القثدا	کھیرے کا بیج	بزر الاسفاناخ	پالک کا بیج	بزر القطف	بتھوے کا بیج
بزر انجرہ	تخم اٹنگن	بزر قطونا	اسبغول	بزر البصل	پیاز کا بیج
بزباز	جاوتری	بزر القنب	بھنگ کے بیج	بقلۃ الحامض	چوکا کا سگ
بزر الکتان	السی کے بیج	بقلۃ یمانیہ	چولائی	بزر الکرفس	اجمود کے بیج

نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو
بقلۃ الانصار	لوبیا کا ساگ	بزر الکراث	گندنا کے بیج	بقلۃ الحلبہ	میتھی کا ساگ
بزر الکرفس	اجمود کے بیج	بقلۃ الخسک	گوکھرو کا سگ	بزر الکزبرہ	دھنیا
بقلۃ الحرف	سرسوں کا ساگ	بزر الکذنب	کرم کلہ کا بیج	بنقم	بنگ
بزر اللسان الحمل	بارتنگ	بقر جبلی	سرہ گاؤ	بزر اللفت	شلغم کے بیج
بقر وحشی	نیل گاؤ	بزر المرد	تخم کنوچہ	بقر	گاؤ
بزر النمام	.	بلیج	بھیڑا	بزر النیلوفر	نیلوفر کا بیج
بلح	ہما	بزر الورد	گلاب کے بیج	بلادر	بھلانواں
بزر الہلیون	ناگدون کے بیج	بلہ	ڈھاک	بزر الحلبہ	میتھی کے بیج
بلوط	بلوط	بزر القرلیقن	اٹنگن کے بیج	بلفار	بودار چھرا
بزر المحدبہ	پیٹھہ کا بیج	بندق	.	بزر الہندبا	کاسنی کے بیج
بنق	بیر	بنفسج	بنفشہ	بزر القرع	کدو کے بیج
بسد احمر	مونگے کی جڑ	بنوماش	لونگ	بسباسہ	جاوتری
بندق ہندی	ریٹھہ	بسفائج	افراس الکلب کہنکالی	بورق	پاپڑی نون
بستان افروز	جٹادھاری	بوزبدان	.	بصل	پیاز
بوم	اُلو	لبعل الفار	جنگلی پہاڑی جل کا ندرا	بوئے مادران	برنجاسف
بط	بطخ	بوئے (ف) جہودان	گوگل	بطیخ	خربوزہ
بنبش دربندی	.	بطیخ ہندی	تربوز	بہمن احمر	بہمن لال
بغل	خچر	زنی اخضر		بہمن ابیض	بہمن سفید
بھری	بہری	بقر	گاؤ	بیض الدیکہ	مرغی کا انڈا
بقلۃ الحمقا	خرفہ کا ساگ	بیدا انجیر	ارنڈ	بیخ مرندہ دگہ	چینیہ

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
بیش	بچھناگ
پ	
پنجنگشت (ف)	سنبھالو
پرسیاوشاں (ف)	کالی چھانپ
پشم ورع	گاہی
پشہ (ف)	مچھر
پرستوک (ف)	ابابیل
ت	
تتن	تمباکو
تخم دہل	ڈھوبیر
تدرو	چکور
تربد	نسوت
ترمس	باقلا
ترنجبین	ترنجبین
ترب	مولی
تراب	مٹی
ترہ روباہ	بکو
تشمیزج	چاکسو
تفاح	سیب
تمر	چھوہارا

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
تمر ہندی	املی
تماح	گھڑیال
تنکار	سہاگہ
تنباک	تنباکو
تمروی خطائی	•
تنوط	بیا
توبال الحدید	لوہچون
توت حلو	توت میٹھا
توت حامض	توت کھٹا
توتیائے اخضر	زنگار
توتیا	نیلا تھوتھا
توتیائے کرمانی	کھپریا
تین	انجیر
تیس	پہاڑی بکری
تیواج	اندرجو کی چھال
تیہو	تیتر
ث	
ثعلب	لومڑی
ثلج	برف
ثمرالاثل	چھوٹی مائیں

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
ثمرۃ الطرفا	بڑی مائیں
ثوم (ف)	لہسن
ج	
جاورس	باجرا
جاوشیر	•
جاموش	بھینسا
جار النہر	•
جبن	دودغہ
جدوار	نربسی
جرجیر	ترہ تیزک
جراد	ٹڈی
جراد البحر	جھینگر
جریش	بام مچھلی
جزر	گاجر
جعدہ	عنبر بید
جعرانہ	سوال
جعل	گریلہ
جفر	•
جلاب	گلاب
جلابا	جلاپا

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
جلنجبین	گلاب
جلنار	گلنار
جمیز	گولر
جمد	برف
جلبان	مٹر کابلی
جند قوقا	لبکھپرہ
جند بید ستر	اود بلاؤ کے خصیئے
جنطیانا	پکھان بید
جوز	اخروٹ
جوز بوا	جائفل
جوزا پلقے	بن پھل
جوز ماثل	دھتورہ
جوز الطیب	جائفل
جوز السرو	سرو کا پھل
جوز الہند	اخروٹ
جیذب	جھینگر
جیلان	عناب
چ	
چشم (ف)	چاکسو
چغند (ف)	آلو

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
چکی (ف)	کھٹمل
چلپاسہ (ف)	چھپکلی
ح	
حاج	جواسہ
حاشا	۔
حاسیش	حسن یوسف
حب الآس	اودہرا کے بیج
حبق	کلفہ
حب البان	بکاین کے بیج
حب البقر	مٹر
حب بلبسان	۔
حب الخضرا	پستہ
حب السودا	کلونجی
حب الخروع	ارنڈ
حب الرمان	انار دانہ
حب الرشاد	ہالون
حب الزبیب	منقہ کا دانہ
حب السفرجل	بہیدانہ
حب السلاطین	جمالگوٹہ
حب الکتم	نیل کے بیج

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
حب السمنہ	چرونجی
حب الصنوبر	چلغوزہ
حب الفقد	سنبھالو کا بیج
حب القرع	کدو کا بیج
حب القطن	بنولہ
حب القلقل	جنگلی انار دانہ
حب القلب	بہلانواں
حب النیل	کالا دانہ
حب القلت	کلتھی
حباحب	جگنو
حباری	چرز
حب المحلب	گہیونی
حب سلاطین الاشجار	سرس کا بیج
حب الفہم	بہلاواں
حب العروس	سرد چینی
حب الزلم	۔
حب القرطم	کسنبھہ کا بیج
حب المعصفر	۔
حجر الاعرابی	سنگ جراحت سرگولہ
حجر المقناطیس	چمک پتھر

نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو
حجر الیشب	یشب پتھر	حازون	سنکھ	خیترق	افسنتین
حجر المحک	کسوٹی	حماحم	کلفہ	خربق اسود	کٹکی سیاہ
حجر النار	اگن جھاڑ پتھر	حمام	کبوتر	خربق ابیض	کٹکی سفید
حجر البقر	گاؤ لوچن	حمص	چنا	خردل	رائی
حجر البلور	بلور	حمار	گدھا	خروع	بیدانجیر ارنڈ
حجر الدم	شان	حمار الوحش	گور خر	خراطین	کیچوا
حجر السمک	سنگ مہر	حمرہ	لال	خر (ف)	گدھا
حجل	چکو	حماض	چوکا	خروس (ف)	مرغ
حداۃ	چیل	حماسا	.	خرس (ف)	ریچھ
حداق	جنگلی بینگن	حمص الفغر	مٹر	خرما (ف)	چھوارا
حدید	لوہا	حنا	مہند	خرچنگ (ف)	کیکڑا
حربا	گرگٹ	حنطہ	گیہوں	خرفطان	باندا
حردون	باہمنی	حنظل	تونبا	خرنوب شامی	کسرگا درزونی
حرلیش	کنسلائی	حیہ	سانپ	خرنوب نبطی	.
حرف	سرسوں	**خ**		خزف	ٹھیکری
حصیع البان	لوبان	خاکسیر	خوب کلاں	خزران	بنیت
حضض	رسوت	خایہ ابلیس (ف)	تکرنجوہ	خس	خس
حصرم	انگور کا عرق	خبہ	خوب کلاں	خشکدانہ	گڑ
حلتیت	ہینگ	خبث الحدید	لوہچون	خشب الحیات	چوب حیات
حلبہ	میتھی	خبازی	.	خشب الصینی	چوب چینی

نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو
خصیۃ الثعلب	لومڑی کا بیضہ	دار الفلفل	پیپل	دماغ روغن (ف)	بھیجا۔ مغز سر
خطمی	گل خیرا	دار ہلد	اتیہ ہلدی	دوده (ف)	کاجل
خطاف	ابابیل	دار چوبہ	ہلدی	دوقو	جنگلی گاجر
خفاش	چمگادڑ	دالہ	چھڑیلہ	دوالی	چھڑیلہ
خل	سرکہ	دت	ریچھ	دوسر	جنگلی گیہوں
خلاف	بید	دبسی	کندریچھ	دہن	تیل
خلا	چھچھوندر	دبا	گول کدو	دہن البابونج	روغن بابونہ
خلر	کابلی مٹر	دجاج	مرغی	دہن الجوز	روغن اخروٹ
خندروس	جوار	دچ (ف)	اگد۔ گھڑبچھ	دہن حب البنج	روغن مغز انب
خنغار	گہریلا	دخن	چینا	دہن حب بلسان	روغن بلسان
خنزیر	سور	دخن	کاکن	دہن حب الفہم	روغن بہلانواں
خوخ	آڑو	درخشنک	لوبان	دہن حب قرطم	روغن کسنب
خوک (ف)	سور	دردنج عقربی		دہن حب قرع	روغن مغز کدو
خیار شنبر	املتاس	دراج	تیتر	دہن حب صرف	روغن سرسوں
خیل	گھوڑا	دشنکار	رتن جوت	دہن بزر القثا	روغن مغز ککڑی
خیری	لہسنا گھاس	دفلی	کنیر	دہن بزر المحدبہ	روغن پیٹھہ
خولنجان	کلنجن	دلب	چنار	دہن بزر ملبہ	روغن بلاس پاپڑہ
د		دلق	دلہ	دہن خس	روغن خس
دار صینی	دار چینی	دلفین	سوسن	دہن الخشخاش	روغن خشخاش
دار شیشعان	کانٹیل	دم الاخوین	سہرادوکھی	دہن زیتون	روغن زیتون

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
دہن السمسم	روغن تل
دہن السوس	روغن سریوں
دہن شجرۃ الحن	روغن مہ بودار
دہن بیود	روغن عود
دہن الکتان	روغن السی
دہن الگدجن	روغن گدجن
دہن اللوز	روغن بادام
دہن مالکنگنی (اف)	روغن مالکنگنی
دہن مہوہ	روغن مہوہ
دہن نارجیل	روغن کھوپرہ
دہن نیب	روغن نیب
دہن ورد	روغن گلاب
دیک	صرع
دیوچہ (اف)	دیمک
ذ	
ذات لذائب	برگد
ذباب	مکھی
ذیب	بھیڑیا
ذراریح	تیلن
ذرہ	جوار

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
ذہب	سونا
ر	
رازیانج	سونف
راوند	ریوند
راسن	زنجبیل شامی
راتینج	.
رب السوس	ملٹھی کا ست
رجل الغراب	کاک جنگھا
رجل الجراد	برہمی طالیسپتر
رصاص الابیض	قلعی
رصاص اسود	سیسہ
رطب	چھوارا
رمان الحلو	انار میٹھا
رمان الحامض	انار کھٹا
رمان میخوش	انار کھٹا
رمل	ریت
رولبان	جھینگا
رشح البنج	چرس
روسختج	سنگ بابنج
روناس	مجیٹھ

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
روباہ	لومڑی
ریحان کوہی	جنگلی ریحان
ریباس	.
ریشہ خسخانہ	خس
ز	
زاج ابیض	کسیس
زاج اخضر	ہرا کسیس
زاک	پھٹکری
زب الارض	بل کتہ
زبد	مکھن
زبد البحر	سمندر جھاگ
زبیب	منقے
زجاج	کانچ
زراوند طویل	زراوند لمبا
زراوند مدحرج	زراوند گول
زرنب	طالیسفر
زرنباد	نرکچور
زرنیخ	ہڑتال
زرنیخ احمر	مینسل
زرد ورد	گلاب کا پھول

نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو
زرافہ	شتر گاؤ	زہرہ لسان الثور	گل گاؤ زبان	سعد کوفی	موتھہ
زرزور	مینا	زہرہ عباسی	گل عباسی	سفیتن بری	بگلہ
زردک	گاجر	زیبق	پارہ	سفرجل	بہی
زعفران	کیسر	زیت	زیتون	سقمونیا	عصبر
زغر	السی	س		سکر ابیض	مصری
زغن	چیل	ساذج ہندی	تیز پات	سکبینج	کندل
زفت رطب	.	سام ابرص	چھپکلی	سکر احمر	شکر تری-راب
زفت یابس	.	ساج	سال کی لکڑی	سلخ الحیہ	سانپ کی کینچلی
زقوم	تھوہر	سامس	کھٹمل	سلطان الاشجار	سرس
زقنج	جوڑا	سامسم	ششنیم	سلق	چقندر
زمرد	پنا	سجبین	کھنکھجورا	سلت	جو برہنہ
زنجار	زنگار	سپستان	لہسوڑہ	سلیخہ	تج
زنجبیل	سونٹھ	سدر	بیر	سلحفات	کچھوا
زنبق	نرگس	سداب	تتلی	سلوی	لوا
زنجفر	شنگرف	سرطان	کیکڑا	سماک	تنز یک
زنبور	بھڑ	سرخس	کیل وارہ	سمارودع	کھنب گگن دھول
زنجرہ	جھینگر	"	کھٹمل	سمسم	تل
زنبان	اجواین	سریق	بچھوا	سمک	مچھلی
زنجبیل شامی	راسن	سطوخ	فاختہ	سم الفار	سنکھیا
زوفائے	زوفائے	سطر الطیوس	جل کھنبی	سمن	گھی

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو	نام دوا عربی	ترجمہ اُردو	نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
سمانی	بھٹیر	سیر (ف)	لہسن	شحم	گودا
سمندر	آگ کا کیڑا	سیماب	پارہ	شخار	سجی
سمور	کابلی چوہا	سیلان	عناب	شعیر	جو
سمک اربیان	جھینگا	ش		شعر	بال
سمک الرجل	ریگ ماہی	شاخل	ارہر	شعر الجن	کالی جھانپ
سمک الصیدا	؍؍	شادنج	شاہدانہ	شعر الجبال	
سکک المسک	سرشیم ماہی	شامخ	سانمک	شعر الارض	پرسیاؤشاں
ستاروکی	سنار۔ مہاہی	شاہترج	شاہترہ	شعید الفرمان	جو برہنہ
سنبل الطیب	بالچھڑ	شاہسپند	۔	شغال	گیدڑ
سنجاب	ایرانی چوہا	شاہسفرم	نازبو	شقراق	نیل کنٹھ
سنور	بلی	شاہ جینی	شتر موی خطائی	شقاقل	مثالی۔ دودھائی
سنباذج	۔	شاسن	شاسن	شقایق	لالہ
سنبل رومی	ناردین	شارک	مینا	شکاعی	اونٹ کٹارا
سنبل ہندی	سنبل	شب پرہ (ف)	چمگادڑ	شکر تیغال	شکر تیغال
سورنجان المر	سورنجان تلخ	شب یمانی	پھٹکڑی	شلجم	شلغم
سورنجان الحلو	سورنجان شیریں	شبرم	آک	شمع	موم
سیسپند	دودھی	شبث	سویہ	شملیت	میتھی
سودانی	گٹھ بھوڑا	شبوط	روہو مچھلی	شمام	کچری
سوسن	گہن	شبہ	جست	شوکت العبیان	۔
سورنجان	جنگلی سنگھاڑا	شجرۃ الفن	دیودار	شوکۃ الجمال	اونٹ کٹارا

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
شوکۃ العنفیا	بجوالسا
شونیز	کلونجی
شوکران	.
شیح	درمنہ
شیر خشت	شیر خشت
شیطرج ہندی	چیتہ
شیلم	ممنا
شہدانہ شاہدانج	بھنگ
ص	
صابون	صابون
صبر سقوطری	ایلوا
صحناط	.
صدف	سیپ
صعتر	سانتر
صرصر	جھینگر
صرد	لٹورہ
صعوہ	ممولا
صمغ عربی	کیکر کا گوند
صندل ابیض	چندن سفید
صندل احمر	چندن سرخ

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
صنوبر	صنوبر
صفرزعون	ممولا
ض	
ضان	بھیڑ یا
ضب	سوسمار
ضبع	بجو
ضر	لوبان
ضفدع	مینڈک
ضبان	جاہی جوہی
ط	
طباشیر	بنسلوچن
طحلب	کائی
طاقنعون	کالنہ دہات
طالیسفر	برہمی
طراثیث	ہلکتھ
طرخشقوق	جنگلی کاسنی
طرابیا	بطخ
طلق	ابرکھ
طین ابیض	کھریا مٹی
طین داغستانی	گل داغستانی

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
طین فارسی	سردھونکی مٹی
طین مختوم	گل مختوم
طین ملتانی و خراسانی	گچنی
ظ	
ظلف	کھر یعنی سم
ع	
عاج	ہاتھی دانت
عاقر قرحا	اکرکرہ
عثم	گلنار
عجروف	جیونٹا
عدس	مسور
عرق الجبال	مومیائی
عرق الصفر	ہلدی
عروسک	بیربہوٹی
عرعر	سرو
غری	سریش
غری السمک	سریش ماہی
عسل	شہد
عشبہ مغربیہ	رس
عشب و آب	دوب

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
عشر	آک
عصارہ ریوند	۔
عصارہ غافث	۔
عصارہ افسنتین	۔
عصفور	چڑیا
عصی الراعی	لال ساگ
عفص	رسوت
عقرب	بچھو
عقیق	عقیق
عقاب	عقاب
عقعق	مہوکا
علق	جونک
علک البطم	گوند بطم کا
علفا	گندنا پہاڑی
عناب	عناب
عنب	انگور
عنب الثعلب	مکو
عنب الشہب	مکو
عنقا	سیمرغ
عنکبوت	مکڑی

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
عود البرق	کائفل
عود بلسان	۔
عود غرقی	اگر
عود فادانید	۔
عین	آنکھ
عین الدیک	گھونگچی
غ	
غار	۔
غاریقون	غاریقون
غافث	غافث
غالیون	۔
غبار الرحی	گرد آسیا
غرب	کیکر
غداف	کالا کوا
غراب	کوا
غراب الزرع	کھیت کا کوا
غبیرا	جھڑبیری
غلاف الغول	سیم
غبواز	چیل
غول	سیم کے بیج

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
ف	
فادزہر معدنی	زہر مہرہ
فاوانیا	۔
فاختہ	گھگھی
فار	چوہا
فارۃ النمل	گلہری
فاغرہ	فاختہ خنداں
فاغر	چینا
فالسہ	فالسہ
فان	پان
فانیذ	گڑ
فجل	مولی
فربیون	۔
فرنجمشک	تلسی
فراش	پتنگا
فراسیون	گندنا پہاڑی
فریقیا	لوبیا
فستق	پستہ
فستقی	کہنکالی
فافس	کھٹمل

نام دواء عربی	ترجمہ اردو	نام دواء عربی	ترجمہ اردو	نام دواء عربی	ترجمہ اردو
فطراساليون	جنگلی پودینہ	قابضہ	سنگدان	قشر الاترج	چھلکا لیموں کا
فطر	کھنب	قبج	چکور	قشر البیض	چھلکا انڈیکا
فضہ	چاندی	قبرہ	چنڈول	قشر الخشخاش	ڈوڈا
فلفل الماء	جل پیپل	قراصیا	آلو بالو	قشر الرمان	نسپال
فلفل اسود	کالی مرچ	قرومانا	۰	قشر الفستق	چھلکا پستہ کا
فلفل احمر	مرچ سرخ	قرطاس	کاغذ	قشمش	کشمش
فلوس خیار شنبر	املتاس	قرطم	کسنبھ	قصب	نے
فلات	میدہ	قرع	کدو	قصب السکر	پونڈا
فوت الصبغ	مجیٹھ	قرن الایل	بارہ سنگھا	قصب الزریرہ	چرایتہ
فودنج	پودینہ	قرن البحر	کہرپا	قطف	ہاتھو
فوفل	سیپاری	قرنفل	لونگ	قطن	روئی
فوفل رطب	چکنی "	قراد	چیچڑ	قطا	۰
فہد	چیتا	قرد	بندر	قطرب	بھونرا
فیل	ہاتھی	قرع المر	کڑوا توتیا	قلقاس	اروی
فیروزج	فیروزہ	قرفہ	تج	قلی	سجی
فیلزہرج	رسوت	قز	ریشم	قمری	قمری
ق		قسط	کوٹھ	قمل	جوں
قاتل الکلب	کچلا	قسب	چھوارا	قنب	بھنگ
قاقلہ صغار	الائچی چھوٹی	قثار	ککڑی	قنبیل	کمیلا
قاقلہ کبار	الائچی بڑی	قثد	کھیرا	قنبہ	گندہ بیروزہ

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
قنفذ	ساہی
قنبط	گوبھی
قنب بری	گانجہ
قنطوریون کبیر	•
قنطوریون صغیر	•
قیصوم	برنجاسف
قیر	رال
قیقہر	رال
ک	
کات	کتھ
کافور	کافور
کادی	کیوڑہ
کاسنج	راجپوتکہ
کاہ مکی	گندھیل
کاشم	•
کاغنہ	بیر بہوٹی
کبک	چکور
کبابہ	سرد چینی
کبریت	گندھک
کبش	دُنبہ

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
کبیکج	جل بیل
کتم	وسمہ
کتیرا	کتیرا
کرکم	زعفران
کرنب	کرم کلہ
کتان	کہٹمل
کرکی	کونج
کردان	چوبینہ
کراع	کلہ پاچہ
کرویا	کالی زیری
کرم شب تاب	جگنو
کراث	گندنا
کرنب الماء	نیلوفر
کزبرہ	دھنیا
کسیلی	کہیلا۔کہیلی
کشف	کہچوا
کلس	چونہ
کلبز	بھڑ
کلب	کتا
کمثری	امرود

نام دوا عربی	ترجمہ اردو
کمون کرمانی	زیرہ
کاذریوس	منڈی
کافیطوس	گکروندہ
کمون ابیض	زیرہ سفید
کمون اسود	زیرہ سیاہ
کمون رومی	کالی زیری
کمون ملوکی	دیسی اجوائن
کندر	لوبان
کندش	نک چھکنی
کنار	بیر
کنجد	تل
کنجیدہ	لائی
کوشلون	پکھان بید
کوشرہ	کوٹھ
کہیلانی	کمیلا
کیک	پسو
کیتو	بیا
گ	
گردگاں (ف)	اخروٹ
گرگ (ف)	بھیڑیا

نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو
گز (ف)	جہاؤ	لبن الحمار الوحش	دودہ گورخر	لحم البقر	گوشت گاؤ
گاؤدانہ (ف)	مٹر	لبن الخفاش	دودہ چمگادڑ	لحم البقر الوحش	گوشت نیل گاؤ
گوگرو (ف)	گندک	لبن الخنزیر	دودہ سور	لحم البقر الجبلی	گوشت سرہ گاؤ
گوزن (ف)	بارہ سنگا	لبن الرماک	دودہ گھوڑی	لحم التمساح	گوشت گرمچھ
گوش خر (ف)	کنسلائی	لبن الضان	دودہ بہیڑیا	لحم الثعلب	گوشت لومڑی
گیاہ قیصر (ف)	اکلیل الملک	لبن الغزال	دودہ چکارہ	لحم الجاموش	گوشت بھینس
ل		لبن للنعاج	دودہ اونٹنی	لحم الجراد	گوشت ٹڈی
لازورد	لاجورد	لبن الماعز	دودہ بکری	لحم الچغد	گوشت الو
لادن	سن	لبن النساء	دودہ عورت	لحم الحجل	چکور کا گوشت
لاسن	۰	لبن الابل	دودہ اونٹنی	لحم حمار الاہلی	گوشت گدھا
لاغیہ	۰	لحم الاسد	گوشت شیر	لحم حمار الوحش	گوشت گورخر
لبن	دودہ	لحم الابل	گوشت اونٹ	لحم الحمام	گوشت کبوتر
لبا	پیوسی	لحم الدیل	گوشت بارہ سنگا	لحم الحیۃ	گوشت سانپ
لبلاب	عشق پیچہ	لحم ارنب	گوشت خرگوش	لحم الخنزیر	گوشت سور
لبن الخشخاش	افیون	لحم ابن العرس	گوشت نیولا	لحم الخطاف	گوشت ابابیل
لبن الاسد	دودھ شیر	لحم الاوز	گوشت بطخ	لحم الخفاش	گوشت چمگادڑ
لبن الدیان	دودہ گدھی	لحم البازی	گوشت باز	لحم الدب	گوشت بھٹر
لبن البقر	دودہ گائے	لحم الببغا	گوشت طوطا	لحم الدجاج	گوشت مرغ
لبن الجاموش	دودہ بھینس	لحم البط	گوشت بطخ	لحم الدراج	گوشت تیتر
لبن الحامض	دہی	لحم البغل	گوشت خچر	لحم الذیب	گوشت بھیڑیا

نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو
لحم الریمان	گوشت ہنس	لحم الفاختہ	گوشت گھگی	لحم الہدہد	گوشت ہدہد
لحم الرخمہ	گوشت ہڑگیلہ	لحم القنفہ	گوشت ساہی	لحم الیوز	گوشت چیتا
لحم الذرافہ	گوشت شترگاؤ	لحم الفرس	گوشت گھوڑا	لحیتہ التیس	کائیپل
لحم البسزک	گوشت نیل کنٹھ	لحم الفیل	گوشت ہاتھی	لرکیماس	کیسر
لحم السلحفات	گوشت کچھوا	لحم القبرہ	گوشت چنڈول	لسان الثور	گاؤزبان
لحم السلوا	گوشت لوا	لحم القردہ	گوشت بندر	لسان الحمل	بارتنگ
لحم السمانی	گوشت بھٹیر	لحم القمری	گوشت قمری	لسان العصافیر	اندرجو
لحم السنجاب	گوشت سنجاب	لحم الکبش	گوشت دنبہ	لعل	لعل
لحم الشاہین	گوشت شاہین	لحم الکرکی	گوشت کونج	لفت	شلجم
لحم الشقراق	گوشت نیلکنٹھ	لحم الکلب	گوشت کتا	لفاح	جنگلی بیگن
لحم الصفراغون	گوشت ممولا	لحم اللق لق	گوشت لک لک	لق لق	٠
لحم الضبان	گوشت بہیڑیا	لحم الماعز	گوشت بکری	لک	لاکھ
لحم الضب	گوشت سوسمار	لحم المالک الحزین	گوشت بگلہ	لوبیا	لوبیا
لحم الضبع	گوشت بجو	لحم المرکیس	گوشت گینڈا	لوز	بادام
لحم الطاؤس	گوشت مور	لحم الحمام وحشی	گوشت چکوا چکوی	لؤلؤ	موتی
لحم الظبی	گوشت ہرن	لحم النسر	گوشت گدھ	لیموں	نیبو
لحم العصفور	گوشت چڑیا	لحم النعامہ	گوشت شترمرغ	م	
لحم العقعق	گوشت مہوکا	لحم النمر	گوشت تیندوا	ماش	اڑد
لحم العندلیب	گوشت بلبل	لحم الوعل	گوشت پہاڑی بکرا	ماش ہندی	موٹھ
لحم الغراب	گوشت کوا	لحم الواق واق	گوشت بدابدی	ماش مج	مونگ

نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو	نام دوا عربی	ترجمہ اردو
ماہیزہرج	ہتھاجوڑی	مرجان	مونگا	مصطگی	مصطگی
مارالکادی	عرق کیوڑہ	مروارسنج	مردارسنگ	مغاث	بھٹوانس
ماء	پانی	مرزنجوش	دونا مروا	مغر	بکڑا
ماءالورد	عرق گلاب	مُر	بول	مفاج	اونٹنی
ماءالہندبا	عرق کاسنی	مرقیشثا	سونا مکھی	مگس (ف)	مکھی
ماءالثعلب فروق	مکو کا پھاڑا ہوا پانی	مرمیس	گینڈا	ملح اسود	کالا نمک
مامیثا	۰	مرز	چولائی	ملح اندرانی	لاہوری نمک
مامیراں	ماہیرا	مرگ موش (ف)	سنکھیا	ملخ (ف)	ٹڈی
مارزیون	۰	مرجومک	مور	ملح الزجاج	کچلون
مالک البحرین	بگلا	مستعجلہ	۰	ملح البحیط	سمندرلون
ماہ پروین	ثریبی	مسک	کستوری	مغاث	میدہ لکڑی
ماہی (ف)	مچھلی	مشک طرامشیع	جنگلی پودینہ	موز	کیلا
مار (ف)	سانپ	مشط الغول	درخت کنگی	موش کور	چھچھوندر
ماکیاں (ف)	مرغی	مشمش	زردآلو	مو (ف)	بال
ماہی ریگ (ف)	جھینگا	مشنگ گاؤ (ف)	مٹر	مور (ف)	چیونٹی
معدہ	پیٹھ	مسکہ	مکھن	مہک	ملٹھی
محیص	چھاچھ	مشک زمین	موتھہ	مبنجک	لونگ
مجموع	مصبر	مشاسا	مسور	ن	
مراره	پتہ	مشکرامشہ	مشکرامشہ	نارجیل	کھوپرا
مرد	کنوچہ	مشمیہ دوا ہے	بچہ دان	نارجیل	دریائی کھوپرا

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
ناشپاتی (ف)	ناشپاتی
ناخن پریاں (ف)	مکھ
نان کلاغ	خبازی
نانخواہ	اجوائن
نبات	مصری
نحاس	تانبا
نخالہ	حرام مغز
نحل	شہد کی مکھی
نسج العنکبوت	مکڑی کا جالا
نشاستہ (ف)	نشاستہ
نسر	گدھ
نسرین	سیوتی
نعنع	•
نعامہ	شتر مرغ
نطرون	جواکھار
نفط	•
نقل خواجہ	چرونجی
نمک سنگ (ف)	لاہوری نمک
نمر	تیندوا
نمل	چیونٹی

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
نمام	•
نورہ	چونہ
نوسادر	نوسادر
نیلج	نیل
نیب	نیم
نے نہاوندی	چرائتہ
نیشکر	پونڈا
نہنگ	مگرمچھ
و	
وج	بچ
ودع	کوڑی
ورد احمر	گلاب
ورد بری	جنگلی گلاب
ورق النشاط	باجرا
ورق پلہ (ف)	برگ ڈھاک
ورد پلہ (ف)	ٹیسو
ورد چینی (ف)	سیوتی
ھ	
ہلیون	ناگدون
ہدہد	ہُدہُد

نام دوا عربی	ترجمہ اُردو
ہندبا	کاسنی
ہوچوبہ	رتن جوت
ہیوفاریقون	•
ہیل	الائچی
ی	
یاسمین	چنبیلی
یاقوت	یاقوت
یامو	•
یاقوت کبود	نیلم
یبروج الصنم	ہتھا جوڑی
یشب	یشب
یقطین	کدو
یرجوع	گھونس
یوز	چیتا

تمام شد

(نوٹ) فہرست ہیں نام دیکھکر پھر فہرست خواص میں کل حال پڑھ لیں کیونکہ فہرست خواص صفحہ ۱۶۵ سے شروع ہے ملاحظہ فرمائیں۔

نسخہ عجیب و غریب برائے قوت باہ

یہ نسخہ کاتب محمد علی صاحب لودیانوی نے گنجینہ طبیب اڈیشن چہارم کے لئے خاص نذر کیا تہا جو کئی صاحبان پر آزمایا گیا ہے۔ اِس کم خرچ بالانشین سے بہتر کوئی نسخہ قوت باہ کے لئے نہیں ہے۔ یہ نسخہ ہر موسم میں اور ہر مزاج والا استعمال کر سکتا ہے۔

نسخہ منظوم

میں بتاؤں نسخہ قوت باہ کا
آزمودہ ہے یہ سب حکماء کا

ہفت عدد لے مغز تو بادام کا
پانچ عدد لیجو چوہارا کام کا

چار تولہ بھر ہو مصری ای عزیز
دیکھنا اس کا تماشہ باتمیز

ہموزن مصری کے روغن گاؤ کا
اِن سبھوں کو لیکے پھر حلوا بنا

آب کی جا اِس میں فی بیناڈال شیر
یاد رکھو ہے یہ نسخہ بے نظیر

کھا بوقتِ صبح پیش از آفتاب
جب میں جانوں لا سکے قوت کی تاب

(نوٹ)۔ اگر آپ یہ معجون یا کوئی اور معجون یا روغن یا کوئی دوا خود تیار نہ کر سکیں تو کارخانہ محمد صبغت علے مینیجر یونانی دواخانہ لودیانہ سے لکھیں وہ تیار کر کے آپ کو روانہ کر سکتا ہے۔ لیکن یہ بھی یاد رہے کہ فرمایش بھیجنے پر بطور پیشگی کچھ منی آرڈر روانہ کر دینا چاہیے۔ بغیر وصول پیشگی کچھ رقم کے دوا کوئی تیار کر کے روانہ نہیں کی جاتی +

مختصر انگریزی دواؤں کے نام معہ ہندی نام کے جو دیسی دواؤں سے مخصوص ہیں

تلفظ	انگریزی	ترجمہ یعنی دیسی نام
اربک گم	Arabic Gum.	گوند کیکر
اریکا کیٹیچا	Arecha Catecha.	پھل سپاری
آرمینین بول	Armenianbol.	گل ارمنی
آرسینک وہیٹ	Arsenic white.	سنکھیا سفید
آرسینک یلو	Arsenic yellow.	ہڑتال
آسافی فائی ٹیڈا	Assafoetida.	ہینگ
ارسینک ریڈ	Arsenic red.	مینسل
اکوا ریگا	Aqua regu.	تیزاب نمک
اکاشیا اربیکا	Accacia arabica.	گوند ببول
اسٹیٹ آف کاپر	Acitate of copper.	زنگار
ایسڈ نائیٹرک	Acid nitric.	تیزاب شورہ
ایسڈ سلفیورک	Acid sulphuric.	تیزاب گندھک
ایسڈ موریاٹیکا	Acid Muriatic	تیزاب نمک
ایسڈ ایسیٹیائس	Acid Acetice.	سرکہ
البومن	Albumen.	سفیدی انڈا
ایلوز	Aloes.	ایلوا
ایلوز وڈ	Aloes wood.	اگر کی لکڑی
الم	Alum.	پھٹکڑی
اکانی ٹم ریڈکس	Acanitum Radix	میٹھا تیلیا

تلفظ	انگریزی	ترجمہ یعنی دیسی نام
امونیا	Amonia.	نوسادر
انٹی مونی	Antimony.	سرمہ
انی تہم سوا	Anithum Sowa.	تخم سوا
انی سیڈ	Aniseed.	تخم کتان
بائی سلفیورک	Bisalphuric.	شنگرف
بائی بوریٹ آف سوڈا	Biborate of soda.	سہاگہ
بائی کلوریٹ آف مرکری	Bichtorate of mercurny	رسکپور
بارک آف پائی گرنیلیٹ	Bark of pomegranate.	نسپال
بلیک لیڈ بتھارج	Blaek lead Btharge.	مردارسنگ
بلووٹ رائیٹ	Blue vitroil.	نیلا تھوتھا
بورکیس	Borx.	سہاگہ
بوس ویلیا	Boswellia.	لوبان
برم سٹون	Brimstone.	گندھک
براس	Brass.	پیتل
براذیل وڈ	Brazil wood.	مجیٹھ
بوٹیا گمنی	Buteu Gumni.	چینیا گوند
کلکس لیکر	Catcli liguor.	چونہ کا پانی
سنے مس	Cinnemion.	دارچینی
کمفور	Compkor.	کافور
کاربونیٹ آف سوڈا	Carbonate of soda.	سجی

تلفظ	انگریزی	ترجمہ یعنی دیسی نام
کاربونیٹ آف لایم	Carbonate of lime.	کھریا
کسٹرائیل	Custor oil.	ارنڈ کا تیل
سنابار	Cinnabar.	شنگرف
سٹرون	Citron.	کاغذی لیموں
کوپل گم	Copal gum.	سندرس
کریٹا پری پریٹ	Creta preparate.	کھریا مٹی
کاپیرس۔کراکس	Copperas Crocussa.	ہیرا کسیس زعفران
کرٹین سیڈ	Craton seed.	جمالگوٹہ
کاپری سلفاس	Coprisulphus.	نیلا تھوتھا
ڈرل	Drill.	اجوائین
ڈرگین بلیک	Dragon black.	دم الاخوین
امینی	Emeny.	کرنڈ
امبلس	Emblis.	آملہ
یولوفیا ریڈکس	Eulophia radix.	ثعلب مصری
یوپوربیم	Euporbium.	زقوم
فری سلفس	Ferri sulphus.	ہیراکسیس
فائیلنگ آئرن	Filings Iron.	لوہچون
فائل	Foil.	ورق
فرین کن سینس	Frankincense.	لوبان
گال نٹ	Gallnut.	ماجوپھل

ترجمہ یعنے دیسی نام	انگریزی	تلفظ
عصارہ زلیوند	Gamboge.	گمبوج
بگھان بید	Gentlina.	جینٹیلینا
ادرک	Ginger.	جنجر
سریس	Glue.	گلیو
ملٹھی	Glycyrhisa.	گلائی سریشیا
ہیرا کسیس	Green vitroil.	گرین وٹرائیل
کہربا	Gum amber.	گم انبر
سلاجیت	Gum Benzoin.	گم بنزائین
گوگل گوند	„ Bdellium.	گم بڈیلیم
ڈہاک کا گوند	„ Kino.	گم کانیو
مصطگی گوند	„ Mastic.	گم مسٹک
کاکڑا سنگی	Hart shorn.	ہارٹ شورن
سُہانجنہ	Horse rodish.	ہارس روڈس
شہد	Honey.	ہنی
نمک کا تیزاب	Hydrochloric acid.	ہیڈروکلورک ایڈ
پارہ	Hydrargyrum.	ہیڈرارجی رم
زوفا	Hyssof.	ہسف
لوہچوں	Iron Filings.	ایرن فائلنگس
زنگ	Iron rust	ایرن رسٹ
لوہا	Iron.	ایرن

ترجمہ یعنی دیسی نام	انگریزی	لفظ
ہاتھی دانت	Ivory.	ایوری
گڑ	Jagree.	جاگری
لاکھ	Lac.	لک
سیسہ	Lead.	لیڈ
کشتہ جست	Led sugar.	لیڈ شوگر
لاجورد	Lapis Lazuli	لیپس لزولی
جوہر کافور	Laurus conphoria.	لارس کمفوریا
نیمبو	Lemon.	لیمون
اجوائن	Lequesticun aiwana.	لیکواسٹی کم اجوانہ
چونہ کا پانی	Lime water.	لایم واٹر
کہربا	Lime carbonate.	لایم کاربونیٹ
السی	Linseed.	لنسیڈ
ملٹھی	Liquorous.	لیکورس
مرداسنگ	Litharge.	لدارج
ست ملٹھی	Liquorous Extract.	لیکورس اکسٹریکٹ
مقناطیس	Load stone,	لوڈسٹون
مجیٹھ	Madder.	میڈر
ابرق	Mica.	میثا
پودینہ	Mint; peppermint	منٹ پیپرمنٹ
سیندور	Minium.	مینیم

تلفظ	انگریزی	ترجمہ یعنی دیسی نام
مولاسیس	Molasses.	راب
مسٹرڈ آئل	Mustard oil.	کڑوا تیل
نائٹریٹ آف پوٹاس	Nitrate of potass.	شورہ
نائٹریٹ آف سلور	" " Silver.	کاشٹک
نائٹرک ایسڈ	Nitric acid.	شورہ کا تیزاب
نٹ مگ	Nutmeg.	جائفل
نکس وامیکا	Nux vomica.	کچلہ
اوکر ریڈ	Ochrered.	گیرو
اوکر یلو	Ochre yellow.	پیلی مٹی
الوآئل	Olive oil.	زیتون
اُنین	Onion.	پیاز
اوپیم	Opium.	افیون
آرپی منٹ	Orpiment.	ہڑتال
اورس روٹ	Orris root.	بیخ بنفشہ
اکسمیل	Oxymil.	سکنجبین
پلنٹو اسپگولیا	Planto ispagolia.	اسپغول
پائپ ڈے	Pipe day.	کھریا
پنڈانس اوڈورو	Pandanus. odoro,	کیوڑہ
پلم بگو	Plumbago.	شیشہ
پوٹاس	Potash.	کھار

تلفظ	انگریزی	ترجمہ یعنی دیسی نام
پاپی ہیڈ	Poppy head.	پوست خشخاش
کویک سلور	Quick silver.	پارہ
کوئنیس سیڈ	Quince seed.	بہیدانہ
ریزن	Rasin.	کشمش
رہوبارب	Rhubard.	ریوند
راک سالٹ	Rock salt.	پہاڑی نمک
روزن	Rosin.	رال
رائی	Rye.	رائی
سفرون	Saffron.	زعفران
سالپ	Salep.	ثعلب مصری
سارساپارلّا	Sarsaparilla.	چوب چینی
سقمونی	Scammony.	سقمونیا
سیلنگ وکیس	Sealing coax.	لاکہہ
سینا	Senna	سنا
شل لک	Shel lac	چپڑا
سیسامن	Sesamun.	تل
سلک	Silk.	ریشم
سوپ ورٹ	Soap.wort.	ریٹھہ
سپائیکنیرڈ	Spikenard.	سنبل
شوگر	Sugar	شکر

ترجمہ یعنی دیسی نام	انگریزی	تلفظ
گندہک	Sulphur.	سلفر
گندہک کا تیزاب	Sulphuric acid.	سلفورک ایسڈ
املی	Tamrind.	ٹیمرنڈ
چاہ	Tea.	ٹی
ہلیلہ	Tarminalea.	ٹرمینالیا
رانگ	Tin.	ٹن
تمباکو	Tobacco.	ٹوبے کو
ہلدی	Turmeric.	ٹرمرک
ابرق	Talk mice.	ٹاک میشا
رال	Tar.	ٹار
تیل تارپین	Turpintin oil.	ٹرپن ٹائن آئیل
گندہ بروزہ	" common.	ٹرپن ٹائن کامن
مین پھل	Vanguera spenta.	ونگویرا اسپینٹا
زنگار	Verdigris.	ورڈیجرس
شنگرف	Vermellian.	ورمیلین
اخروٹ	Walnut.	والنٹ
موم	Wax.	وکس
پھٹکڑی	White stone.	وہایٹ سٹون
سفیدہ	Whitelead.	وہایٹ لیڈ
جست	Zinc.	زنک

تمام شد

باب (۳۲) بتیسواں

ضمیمہ خاص

میری ۴۳ سال کی عمر کے معلوما خاص کا ذخیرہ

جو بپاس خاطر

گنجینہ طبیب اڈیشن چہارم پیش کیا تھا اور اب یہ پانچویں اڈیشن کے ساتھ بھی شامل کیا گیا ہے

خدا کے فضل اور بزرگوں کی عنایت سے اِس ضمیمہ میں جو کچھ درج ہے وہ بالکل درست مجرب ہے اور کسی طرح کا ترکیب وغیرہ میں بخل نہیں کیا گیا۔ دنیا بس چند روزہ ہے۔ یہ خاص یادگار میری شائقین کے لئے ہے۔ امید ہے کہ ہر صاحب اِس سے فائدہ خوب اُٹھا کر خاکسار کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔ اور اگر کہیں سہو یا غلطی تحریر وغیرہ کی پائیں گے تو عالی حوصلگی کو کام میں لا کر اصلاح فرمائیں گے۔ اور جو خاکسار کو اطلاع دیکر ممنون و مشکور کریں گے۔ تاکہ آئندہ چھپنے اڈیشن میں صحت کیجائے۔ اوّل چند بوٹیوں کی خواص پھر صدری نسخے معہ جوڑہ بنانے کے درج ہیں +

خواص اک سن بوٹی

یہ بوٹی اک سن کے نام سے عام مشہور ہے۔ پنجاب ہندوستان میں عام باغوں پہاڑوں

کہیتوں کی باڑ میں ہوتی ہے۔ ایک ایک گز تک بلند ہو جاتی ہے پتے اس کے مثل ہسوڑہ کے مزا تلخ بُو ملنے و سونگھنے سے گرخت اسلئے اس کو دیسی اسگند کہتے ہیں۔ بہت شاخیں اور ہر شاخ پر کثرت سے ڈوڈیاں سرخ مثل گھونگچی لیکن سب پر خول غلاف کی طور پر چڑھا ہوا ہوتا ہے۔ فوائد اس بوٹی کے یہ ہیں +

اول۔ اس کی جڑ نکالکر سایہ میں خشک کرکے پیسکر وزن برابر کہانڈ ملا کر سنبھال رکھو۔ اگر کوئی وجع مفاصل سے جفت شدہ کیوں نہو چند روز ایک کف دست پھانکا کر اوپر سے دودہ گائے یا بکری کا جس قدر گرم پیا جائے پلا دو۔ اُسی روز پسینہ آکر فائدہ دکہاتا ہے اور چند روز میں تو بالکل بفضلِ خدا آرام ہو جاتا ہے +

دوم۔ رعشہ۔ فالج۔ لقوہ و مرض اعصابی میں مثل اکسیر مفید ہے حسب ترکیب بالا استعمال کریں۔

سوم۔ وجع الورک یعنی درد پیٹ میں ذیل کی ادویات کا حلوا بناکر استعمال کرائیں۔ تین چار روز میں کلی آرام ہو۔ جڑ بوٹی مذکور چھ ماشہ۔ آرد گندم۔ روغن زرد۔ شکر سفید۔ ہر ایک دو دو تولہ۔ میوہ جات جو دل چاہے۔ یہ سب ایک دن میں کہائیں۔

چہارم۔ جڑ بوٹی مذکور شکر سفید۔ کونپل برگد سایہ میں خشک کی ہوئی ہر ایک چھ ماشہ لیکر سفوف کرکے پہانک کر اوپر سے دودہ پینا مولد منی اعلیٰ درجے ہے۔

پنجم۔ جڑ بوٹی مذکور کی دودہ مادہ گاؤ میں گھسکر کچھ دنوں تک لگانا پستان نرم کو سخت کر دیتا ہے

ششم۔ ضماداً محلل اورام خصوصاً نیشن کو بیحد فائدہ دیتا ہے۔

ہفتم۔ جڑ بوٹی مذکور سات ماشہ ایک تولہ شہد میں ملا کر اسی مقدار سے چالیس روز تک کہانے سے دافع نسیان و مقوی حافظہ ہے۔

ہشتم۔ شروع حیض سے جڑ بوٹی مذکور سات ماشہ ایکتولہ شہد میں ملاکر عورت کو چند روز کہانا اور غذا شیر برنج رکہنا اور بعد حیض شوہر سے مقاربت کرنا معین حمل ہے۔ اور بھی ہزاروں خوبیاں خدا نے اس کو دی ہیں جن کو لکھنے میں حجم کتاب بڑھتا ہے +

خواص آک یعنی مدار عرف زہوک یا زاخل

یہ درخت پنجاب وہندوستان میں ہر جگہ عام پیدا ہوتا ہے۔ اِسکی زیادہ تشریح کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ کوئی بشر ایسا نہیں جو اِسکی شکل سے واقف نہو۔ فوائد اِسکے بیشمار ہیں۔ لیکن یہاں پر چند ضروری درج کئے جاتے ہیں جس سے عام لوگ فائدہ اٹھاکر دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔ (۱) جڑ آک کی ۴ تولہ اور سیاہ مرچ ایک تولہ نمک سونچل ایکتولہ اِنکو باریک پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر بوقت ضرورت ایک گولی صبح ایک شام چھ ماشہ روغن زرد کے ساتھ کھلاؤ۔ چند روز کے کھانے سے آرام ہوگا۔ (۲) ہیضہ والے کو ایک یا دو گولی کہلاؤ فوراً بفضل خدا صحت ہو (۳) ہاضمہ اور بھوک کیواسطے عمدہ ہے بعد کھانا کھانیکے ایک گولی نگل لینا مفید ہے (۴) اگر اس کے پھول میں سے لونگ نکالکر اس کے برابر نمک لاہوری اور فلفل دراز ڈالکر پیسکر گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنالو۔ اور کہانسی والے کو ایک گولی رات کو کھلاؤ۔ کہانسی بالکل نہ رہیگی۔ اور بچّوں کو ذرا چھوٹی گولی کھلاؤ (۵) لونگ پھولوں کے بیچ سے ایکتولہ لیکر اُس میں سیاہ مرچ تولہ۔ ادرک ڈیڑھ تولہ سب کو ملاکر گولیاں نخود برابر بناکر جس کو ہیضہ ہو ایک گولی دینے سے فی الفور صحت ہو۔ درد پیٹ وغیرہ کو بھی مفید ہے (۶) پھول جس کا منہ بند ہووے بقدر آدہ سیر۔ اجوائن پاؤ۔ قند سیاہ پاؤ۔ سب کو باہم پیسکر سایہ میں خشک کریں اور صبح کو ایک کف دست عمر کا لحاظ کرکے کہلائیں۔ ترشی وبادی اشیاء سے پرہیز نہیں جو دل چاہو کہاؤ۔ کہانسی۔ دمہ۔ باؤ گولہ۔ بلکہ سب امراض شکم وسینہ کو دور کرے (۷) برگ پاؤ پختہ تیل کنجد میں جلاکر خوب پیسکر مرہم بناؤ اور جس کو مرض فوتوں کے چھوٹے بڑے ہو جانے سے درد سخت ہو اس مرہم کو چپڑ کر لنگوٹ باندھ لیں فوراً آرام ہوتا ہے۔ (۸)۔ اِس کی جڑ اور پوست جڑ کمنیر سفید دو دو تولہ باریک پیسکر قدرے شہد ڈالکر غلولہ بنا رکہیں۔ قوت باہ کے لئے اس غلولہ کو قدرے شیر میش میں صندل کی طرح سے گھسکر عضو تناسل پر رات کو ضماد کریں۔

اور صبح کپڑے سے صاف کیا کریں اور پھر گرم پانی سے دھوڈالیں اسی طرح چند روز
میں بفضل خدا تندی وتیزی پیدا ہوجاتی ہے۔(۹)۔کسی عضو پر ضربہ یا سقطہ سے
ورم معروف بلّم دوڑ جائے۔جس سے اکثر انسان کو زندگی کی امید نہیں رہتی۔بس ایسی
حالت میں اسکی شاخیں بغیر پتوں کے کوٹکر اوپر کا چھلکہ یعنی اُسکی سن ۴ تولہ لیکر اُس کو خوب
باریک رگڑیں اور ٹکی بنائیں اور پھر ۲ تولہ گھی کڑچھی میں ڈالکر اِس گھی میں ٹکی کو دونوطرف
سے سرخ کر کے نیم گرم ورم کے منہہ پر باندھ دیں اور پھر دیکھیں کہ کتنی جلد مادہ بہہ کر ورم اور درد
پھر دن میں دور ہوجاتا ہے۔بس اِسی طرح کی دو تین ٹکیاں باندھنی کافی ہیں (۱۰) اِس کے
پتوں کا پاؤ بھر پانی لیکر اس میں دس تولہ روغن کنجد ڈالکر پکائیں جب تیل رہ جائے اُتار کر رکھیں
جوڑوں کے درد و نیز اس کا ملنا نہایت مفید ہے (۱۱)۔اِس کا تمام درخت جلا کر راکھ
کر کے نمک بناؤ۔پھر چار تولہ یہ نمک ایک مٹی کے برتن میں ڈالکر اس میں ایک تولہ پتر اتانبا
ڈالکر بند کر کے گل حکمت کر کے برتنوں کے آوے میں ایک برتن کے اندر اس کو رکھدیں۔
یا علیحدہ ٹوبہ میں سیر ڈیڑھ سیر اوپلہ کی آنچ دیدیں سرد ہونے پر نکالیں کشتہ آسمانی رنگ ہوتا ہے
یہ کشتہ پارہ نوش ہے (۱۲) اگر اس کا دودھ پانچ تولہ اور شیشہ نمک پانچ تولہ ملا کر ایک کوزہ
میں بند کر کے آگ ۵ سیر اوپلونکی گڑھے میں دبدیں۔اور اس نمک کو پیس کر رکھ چھوڑیں۔
درد دندان کیوقت جہاں ملا فوراً آرام ہوا۔(۱۳)۔شیر آک کا اس قدر لیں کہ جس میں ڈہائی
تولہ سم الفار سفید کی ڈلی ڈوب جائے۔شیر میں ڈلی سات روز رکھیں پھر سات روز کے بعد نکالکر
اِس سم الفار کو مسکہ گاؤ میں تین روز خوب کھرل کریں پھر ایک چینی کی رکابی میں ایک طرف رکھکر
ذرا خمدار کر کے دھوپ تیز میں رکھدیں کہ صاف گھی بہہ کر الگ ہوجائے یہ احتیاط رکھنا ضروری
ہے کہ سم الفار کی زہر گھی میں نہ آئے جس قدر گھی نکلے بحساب فیتولہ ۲ رتی زعفران ۔
۲ رتی مشک اور جاوتری ۔ لونگ ۔ عاقر قرحا ۔ جائیفل ۔ بیر بہوٹی ہر یک ماشہ
ماشہ سب کو باریک کر کے گھی میں ملا کر رکھ چھوڑیں۔اگر کوئی شخص بالکل نامرد ہو اُس کے

حشفہ دیپچے کے حصّے کو چھوڑ کر باقی سب طرف دو تین قطروں سے چیڑ کر ایک تہہ بھوج پترہ اور اُس پہ پارچہ لپیٹ دیں۔ اِسی طرح بعد آٹھ پہر کے پھر لگائیں۔ اور دہونیکی ضرورت نہیں اِسکے استعمال سے بعض کو تیسرے چوتھے بعض کو ہفتہ بعد بلا درد ذرہ ذرہ سُرخ پٹ نکلتی ہے۔ جب یہ معلوم ہو اُس دن ہی لگائیں پھر نہ لگائیں پھر جلا ہوا گھی ہی تا صحت لگاتے رہیں۔ یہ احتیاط ضروری رکھیں کہ فوطوں میں طلا نہ لگے یہ طلا اکسیر اعظم ہے۔ پانی سرد اور چھاچھ۔ ترشی۔ دالی ماش اور برف سرد اشیار اور ہوا سرد سے پرہیز ضروری ہے۔ اگر پندرہ روز دوائی کے استعمال کو گذر گئے ہوں تو ایک دفعہ پھر عمل کریں تو سالہا سال تک اعصاب مثل جوان بیس برس کے قایم رہینگے گھی۔ دودہ۔ گوشت۔ بیضہ مرغ یہ استعمال رکھیں۔ (۱۴)۔ ہر ایک دہات کو مثلاً شنگرف۔ زرنیخ۔ سم الفار۔ یا جس کو چاہو اس کے دودہ میں رکھ کر اور حل کر کے قدرے قدرے آگ دیکر قایم اور کشتہ کر لو۔ (۱۵)۔ جس یا ابرک سیاہ یا نقرہ یا طلا یا آہن۔ سکہ قلعی۔ جست جو مطلوب ہو اُس کا برادہ کر کے اِس کے شیر میں آٹھ پہر خوب کھرل کر کے آگ دیدیں۔ کشتہ ہو جاتا ہے۔ اگر ڈلی مارنی ہو تو پہلے دودہ میں ڈلی رکھ کر دودہ کو خشک کرو۔ پھر اِسی کی جڑ کے نگدہ میں رکھ کر چند خفیف خفیف آگ دو۔ کشتہ ہو جائیگا۔ (۱۶)۔ استسقالحمی یعنی ورم تمام بدن کو دور کرنے میں بے نظیر ہے۔ برگ آک سبز پاؤ پختہ۔ ہلدی ڈیڑھ تولہ ہر دو کو خوب گھوٹکر دانہ مونگ کے برابر گولی بناویں اور چار گولی ہر روز عرق مکوہ سے کہلائیں اور ہر روز ایک گولی زیادہ کرتے جائیں یہانتک کہ سات گولی تک نوبت پہنچ جائے پھر سات گولی ایک ہفتہ کہلا کر پھر ایک ایک سے کم کریں بفضل خدا جلد آرام ہوگا غذا بہت کم کہائیں۔ یعنی آٹھواں حصّہ خوراک سے زیادہ نہ کہائیں اور پکا کر مکوہ کہلانا مفید ہے اور پانی کیجگہ عرق مکوہ پلائیں مجرب اِس مرض کیلئے دواہی یا پوست سرس کا جوشاندہ عمدہ ہی جسکا مفصل حال خواص درخت سرس میں لکھا گیا ہے

خواص درخت نیم

(۱) نیم کے پتے آنکھ کے درد کو آرام دینے والے ہیں۔ (۲)۔ کیڑوں کی ہلاک کرنیوالے ہیں (۳)۔ قوت ہاضمہ کو مدد دینے والے ہیں۔ (۴)۔ کوڑھ اور بدہضمی کو رفع کرنیوالے ہیں۔ (۵) پوست درخت نیم امراض جلد اور صفرا اور قے کو دور کرتا ہے۔ اگر دو ماشہ کی مقدار میں پیسکر بخار اور تشنگی کی حالت میں دیا جائے تو نہایت مجرب ہے۔ (۶) نیم کے تازہ پتوں کا رس تین ماشہ۔ رس ہلیلہ تین ماشہ۔ روغن زرد تین ماشہ سب کو ملا کر کھلانا ہر قسم کے پھوڑا پھنسی خارش وغیرہ کے لیے نہایت مفید ہے۔ (۷) اس کے پتے اوبال کر زخموں کو دھونا یا باندھنا نہایت عمدہ ہے۔ اس سے زخم صاف ہو جاتے ہیں (۸) پھل اس کا گرم اور دست لاتا ہے۔ بواسیر۔ جذام۔ خارش۔ آتشک وغیرہ کو مفید ہے۔ (۹)۔ اگر اس کے تخم کا تیل اور سرسوں کا تیل ملا کر طاعون کے ایام میں بدن پر ملا جائے۔ تو بفضل خدا وہ شخص اس نامراد مرض کے حملہ سے محفوظ رہیگا۔ (۱۰) اگر اس کے تخم کی بدن پر مالش کیجائے تو جلد کی تمام بیماریوں کو فائدہ ہو۔ (۱۱) اگر اس کے تخم کا تیل کان میں ڈالا جائے تو ہر کان کی مرض کو مفید بلکہ بہرا پن کو بھی دور کرے (۱۲) اس کا پھول دماغی سدوں کو دور کرے (۱۳) اس کا پھول پیسکر ناف پر لیپ کرنے سے قے دور ہو (۱۴) اور اس کی ناف کے نیچے مالش کرنے سے شکم کے کیڑے مر جاتے ہیں (۱۵) تازہ پتوں کا رس حیض و پیشاب لاتا ہے۔ پتھری و قولنج کو دور کرتے۔ (۱۶) اگر تازہ چند پتے آب ادرک کے ساتھ پیسکر عورت پیے تو درد رحم اور درد حیض وغیرہ کو مفید ہے (۱۷) اس کے پتے جلانے سے وبائی ہوا دور ہوتی ہے۔ مچھر وغیرہ سب جانور مر جاتے ہیں (۱۸) اگر پتوں کا پانی نکالکر اس میں سرمہ درست کر کے باریک کیا جائے تو ہر امراض آنکھ کو مفید ہے۔

(۱۹)۔ اگر اس کے تخم کا مغز اور اس کے برابر سوت عمدہ لیکر باریک کر کے گولیاں بقدر بیر خرد بواسیر والے کو کھلائی جائیں تو چند روز میں بواسیر دور ہو۔ (۲۰)۔ اگر اس کے پتے کے پانی سے بال دھوئے جائیں تو بال سیاہ اور دراز ہوتے ہیں (۲۱) اگر اس کے پتوں کو ہانڈی میں ڈالکر نیچے آنچ جلا کر راکھ بنالیں اور پھر خاکستر برگ نیم کو لیموں کے رس میں کھرل اور خشک کر کے آنکھ میں لگانا جرب وخارش اور سفیدی جالا وغیرہ کو دفع کرے۔ (۲۲) اگر نیم کے پتے نیم گرم کر کے ناف کے نیچے باندھ دئے جائیں تو درد ایام حیض یا بعد جماع یا بعد نفاس کو دور کرتا ہے (۲۳) اگر پتوں کا شیرہ نکالکر اُس میں شہد ملا کر غرارا کرائے تو درد گلو کو مفید (۲۴) اگر اس کا پھل کھایا جائے تو اسہال کہنہ کو فائدہ دے (۲۵)۔ اگر نیم کی مستی آتشک اور جذام والے کو قدرے قدرے چند روز کھلائی جائے تو نہایت مفید ہے (۲۶) اگر نیم کے آدہ سیر پتے کے نگدہ میں ہڑتال گئودنتی ایک تولہ رکھ کر کپڑ روٹی کر کے خشک ہونے پر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیدیں۔ کشتہ ہو جائیگی۔ بخار سوہی اور چوتھیہ کو کافور ایک ماشہ کے ساتھ ایک رتی کشتہ مذکور کھلانا مفید ہے۔ (۲۷)۔ اگر پتوں کا رس ایک سیر کو ہڑتال ورقی ایک تولہ پر چوبہ دیکر پھر نیم کے ہی ایک سیر پتوں کے نگدے میں رکھ کر ڈیڑھ سیر رسیمان کی آنچ دیدیں۔ بفضل خدا کشتہ سفید رنگ نکلے گا۔ (۲۸) اگر سیماب مصفے ایک تولہ پر تین سیر نیم کے رس کا چوبہ دیا جاے تو سیماب غلیظ اور قابل عقد کے ہو جاتا ہے۔ (۲۹)۔ اگر نیم کے پتوں کا پانی معقطر کیا ہوا ایک اُس میں ہڑتال ورقی ایک تولہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ پھر خاکستر پیپل میں دیکر نیچے چار پہر کی آنچ کریں تو ہڑتال کشتہ ہو۔ اور بخار۔ استسقار دمہ۔ نامردی۔ وغیرہ وغیرہ سب کے لئے مفید۔ خوراک ایک یا ڈیڑھ چاول۔ پرہیز ترشی و بادی سے اور گھی خوب کھانا چاہئے +

خواص درخت سرس یعنی جسکو سہریں بھی کہتے ہیں

یہ عام بڑا درخت ہے اِس کو پھلیاں بالشت بالشت کی باریک لگا کرتی ہیں۔ اور
اور یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ہندوستان میں تخم باریک سیاہ۔ اور پنجاب میں تخم کلاں
سفید۔ خواص سیاہ تخم کے تو صرف یہ میرے تجربے میں آئے ہیں کہ اس کو سرمہ
میں پیسکر ملائیں۔ ہر مرض کو وہ سرمہ مفید ہو۔ اور پنجاب والے کے خواص جس کا تخم
کلاں اور سفید ہے بتفصیل ذیل آچکے ہیں:۔ (۱)۔ اِس کے تخم کا سفوف کر کے
اس کو ذرا ذرا سونگھا جائے تو اُس سے درد سر رفع ہو اور دماغ سے مادہ ریزش خوب نکلے
(۲) اگر اِس کے تخم کا مغز دو ماشہ چند روز پاؤ پختہ دودہ گاؤ سے صبح کو نہار کہا یا جائے
تو قوت باہ اور منی کو گاڑہا کرتا ہے (۳) یا اسکو گوشت میں پکا کر کہانا بھی مفید ہے۔
اور یہی فائدہ دیتا ہے۔ (۴)۔ اگر اسی کے تخموں کا سفوف ۳ رتی صبح شام دو تین
روز کہائیں بواسیر خونی کو فوراً بند کرے (۵)۔ اِس کے تخم کے سفوف میں دو چند شہد
ملا کر ۴ روز غلہ گندم میں دبا کر پھر ایک ماشہ سے لیکر ۳ یا ۴ ماشہ تک رات کو کہانا دافع و مانع خنازیر
ہے (۶) اگر اس کے تخم کا تیل تپال جنتر سے نکالکر وقت ضرورت ایک گھنٹہ پہلے کف پا پر کو
قریب ماشہ خوب ملا جائے نہایت ممسک ہے۔ (۷) اگر اس کا ۹ ماشہ پوست تین چہٹانک
پانی میں جوش دیکر جب آدھ پاؤ رہ جائے چہانکر پلائیں تو ہر قسم کے ورم معدہ و چہرہ
وغیرہ کو چند روز میں فائدہ دیتا ہے (۸)۔ اگر کوری ہانڈی میں اس کے پتوں کا
عرق خوب ڈالکر اُس میں پاؤ پختہ نمک لاہوری و پھٹکری و نوشادر و شورہ قلمی
و لوٹا سجی سب پیسکر اُس میں ڈالکر منہ ڈہانک کر رکھ دیں۔ پھر تیسرے چوتھے روز
اس ہانڈی کے باہر کچھ پہوٹ کر سفید سفید نکلے گا۔ اُسے کسی تنکے سے اُتار
اُتار کر کسی شیشی میں ڈالتے جاؤ۔ اور شیشی کو کاگ سے بند رکھو

کیونکہ یہ جوہر زیادہ ہوا لگنے سے پانی ہو جاتے ہیں۔ یہ دوا آنکھ کے پھولا دور کرنے کیلئے نہایت عمدہ ہے اور دھند غبار کیلئے بھی بہتر ہے۔ ایک سلائی میں ذرا لب لگا کر اُس میں دو چاول کے قریب دوا لگا کر پھولہ پر لگا دو۔ چند روز میں فضل ہوگا (۹)۔ اگر یہی جوہر ایک رتی ماشہ بھر کھانڈ میں ملا کر دو تولہ سکنجبین اور دس تولہ پانی ملا کر اس سے پھانکنا طحال کو دور کرتا ہے۔ مجرب ہے (۱۰) اگر اس کے بیجونکو پانی میں پیس کر اُس مقام پر لگائیں جہاں بچھو کا ڈنگ لگا ہو معاً آرام ہو۔ (۱۱) اگر اس کے پتے پانی میں پیس کر جلے ہوئے مقام پر لیپ کریں فوراً جلن دور ہو۔ اور چند روز کے استعمال سے شفا ہو۔ (۱۲)۔ اگر اس کے بیج دو تولہ اور سیاہ مرچ تولہ دونوں کو باریک کر کے دانتوں پر ملیں تو درد کو دفع کرے۔ (۱۳) دافعہ مہاسہ اگر پوست درخت مذکور اور سیاہ تل دونوں پیس کر مہاسہ پر چند روز لگائیں۔ مہاسہ دور ہو۔ (۱۴) اگر اس کے پھول پیس کر سر میں لگائے جائیں تو درد سر دور ہو۔ (۱۵)۔ پھول اس کا پکا کر کھانا دافع شور و دامیل ہے (۱۶) شبکوری کیلئے برگ تازہ کھانا یا شیرہ اسکا آنکھ میں لگانا مفید ہے۔ (۱۷) شیرہ برگ کے دو چار قطرے کان میں ڈالنا درد گوش حار کو مفید ہے (۱۸) برگ نیم۔ برگ آم۔ برگ ارنڈ برگ سرس سب کو پیس کر عرق نکال کر کان میں نیم گرم ڈالنا درد کو مفید۔ (۱۹) پوست سیاہ سرس کو پانی میں اُبال کر ناک کو دھونا مفید ہے اگر خون آتا ہو (۲۰) اس کے عرق میں روئی تر اور خشک کر کے چنبلی کے تیل میں کاجل بنا کر لگانا خارش چشم و ضعف بصارت کو مفید ہے (۲۱)۔ اس کے پوست کو جلا کر اس کا نمک بنا کر جس کا جگر خراب ہو گیا ہو وہ پانی میں ڈالکر ایک رتی کے قریب چند روز صبح پیئے بفضل خدا جگر کی کل بیماری کو دور کرے +

نوٹ۔ جن شائقین کو اسکے تخم کی ضرورت ہو وہ ہم سے منگوائیں قیمت اُن سے واجبی لیجائیگی۔ اور اگر کوئی دوا اکی بنوانی ہو تو وہ بھی تیار کر کے روانہ کر سکتے ہیں۔ قیمت صرف لاگت کی لاگت وصول لیجائیگی

حنظل عُرف تُمّہ واندراین

یہ عام ہوتا ہے اور ہند والے اِسکو اندراین کہتے ہیں۔ اِس کے خواص بہت ہیں مختصر ذیل میں درج ہیں:۔ (۱)۔ایک سبز حنظل یعنی تُمّہ لیکر اُس میں یا تولہ یا ڈیڑھ تولہ سرمہ سیاہ ڈالکر رکھہ چھوڑیں جب تک وہ خشک نہ ہوجائے جب خشک ہو جائے پھر اُس میں سے نکالکر دوسرے میں وہ سُرمہ ڈالکر خشک کریں پھر تیسرے میں پھر نکالکر ایک شیشہ میں سنبھال رکھیں۔ جس کے بڑبال پڑتے ہوں اُنکو اُکھاڑ کر وہ سرمہ اُس جگہ خدا کا نام لیکر لگادیں۔ اِسی طرح دوچار دفعہ اُکھاڑ کر لگانے سے آرام ہوگا۔ (۲) ایک بڑا تُمّہ لیکر اُس میں دس تولہ نمک لاہوری باریک کرکے بھر کر منہ اُسی سے بند کرکے اُس پر آٹا لگاکر تنور میں رکھکر آٹے کو پکالیں۔ جب اوپر سے آٹا سرخ ہوجائے تو اُس آٹے کو دور کرکے گرادیں اور اُس تُمّہ کو معہ نمک کے خوب باریک کوٹکر سفوف بنا رکھیں اگر کسی کو طحال ہو یا اور کسی مرض سے پیٹ بڑھ گیا ہو تو ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہر روز بوقت صبح پانی سے پھانکیں بفضلِ خدا چند روز میں آرام ہوگا۔ بادی اشیاء سے اور دودھ سے پرہیز (۳)۔ اگر اس کی جڑ خشک کرکے نوف قدرے پانی میں ملاکر درد مقعد جو بواسیر سے ہو اس پر لگائیں فوراً درد کو تسکین ہوگی۔ (۴) اِس کی جڑ ۳ تولہ لیکر آدھ سیر پختہ پانی میں جوش دو جب آدھ پاؤ پانی رہے تو ۳ تولہ شکر سفید ڈالکر چھان کر پلائیں اور بعد اس کے دو تولہ چاول دو تولہ دال مونگ آدہ پاؤ پختہ گھی ڈالکر نمکین پتلی کھچڑی بناکر کہلادو۔ بفضلِ خدا درد اعصاب اور مواد آتشک کو بذریعہ دستوں کے نکالے یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ جب یہ جوشاندہ پلایا جائے تو اول مٹھائی پیٹھا یا مربہ گاجر یا پیڑہ دودھ کا کھانا چاہیے۔ (۵) قبض کشا کے لئے یہ گولیاں نہایت عمدہ ہیں ایک گولی بوقت شب دودھ سے کھالینی چاہیے۔ اس کا پانی پانچ سیر نکالکر اُس میں تربد دو تولہ مغز تخم جبیل ایک تولہ پوست ہلیلہ زرد پانچ تولہ ملاکر پکاؤ۔ جب قوام سخت ہو جائے

گولیاں بقدر نخود بناکر روغن بادام میں چرب کرکے رکھ چھوڑو (۶) یہ گولیاں قبض کیلئے نہایت مجرب ہیں۔ مجربات میر احمد شاہ صاحب ٹوہانوی۔ عصارہ ریوند چار تولہ۔ شحم حنظل یعنی گودا تمہ سی چار تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ چار تولہ۔ بنفشہ عمدہ تین تولہ۔ ایلوا زرد ۴ تولہ۔ گوگل ایک تولہ۔ شہد دس تولہ۔ پہلے گوگل کو پانی میں گھول کر پھر تمام باریک دواؤنکو اس میں ملاکر گولیاں بقدر جنگلی بیر بناکر بوقت رات ایک یا دو گولی پانی یا دودھ سے کھائیں قبض رفع ہو (۷)۔ اس کے پتوں کے پانی کا عرق گھر ونمیں چھڑکنا مارنے دیمک وغیرہ کے مفید ہے (۸) اس کی دھونی دینی اور ارحیض کو مفید ہے (۹) اس کی جڑ لیکر دانتوں پر ملنا ہر قسم کے مرض دانت کو مفید اور درد اگر ہو تو اسے رفع کرتا ہے (۱۰)۔ اور اگر حنظل کو لیکر اس کا فرزجہ کیا جائے تو قاطع جنین ہے۔

خواص بوٹی جل نیب

یہ بھی بوٹی عام ہر جگہ میں پیدا ہوتی ہے اور عموماً ہر موسم میں ملجاتی ہے خاصیت مصفی اخلاط دافع امراض سوداوی خصوصاً جذام و آتشک اسکو روغن میں پکا کر لگانا دافع حکہ درب وتبورات ہے۔ نسخہ دافع خارش خشک و گنج سر۔ بوٹی جل نیب تازہ۔ پانچ تولہ روغن کنجد سفید ۲ تولہ اول بوٹی کو پیسکر پانی نکالکر اس تیل میں ڈالکر پکائیں۔ جب پانی جل جائے صرف تیل ہی تیل باقی رہے تو اس کو تاصحت لگائیں مجرب ہے۔ اگر اس تیل میں روغن گلسرین ۳ تولہ (جو عام انگریزی دوا فروشوں سے ملسکتا ہے) شامل کرکے کان میں ڈالا کریں تو ثقل سماعت کو دفع کرے۔ نسخہ دافع آتشک۔ بوٹی جل نیب ایک تولہ مرچ سیاہ سات عدد آدھ پاؤ پانی میں پیسکر روزانہ تاصحت استعمال کریں اگر کمزور آدمی ہے تو کم مقدار پلائیں نسخہ مصفی خون۔ بوٹی مذکور دو ماشہ۔ برگ سرپھونکہ چار ماشہ۔ مرچ سیاہ سات عدد آدھ پاؤ پانی میں پیسکر روزانہ پلائیں +

خواص رتن جوت بوٹی

یہ ایک خوبصورت بوٹی درخت کریر اور جنڈ کے نیچے بیساکھ جیٹھ میں اکثر اضلاع پنجاب میں ہوتی ہے شکل اس کی بعینہٖ مثل پنجہ گنجشک کے ہوتی ہے زمین پر بچھی ہوئی۔ شاخیں سرخی مایل برگ خورد خرد مشابہ برگ کاہو کے دانہائے خرد ایک بالشت کے اندر اندر پھیلتی ہیں اکھاڑ کر اگر رکھا جائے تو تین ماہ تک خشک نہیں ہوتی۔ مزا پھیکا لزجدار۔ یہ یاد رہے کہ جن لوگوں کے سر کا تالو جلتا رہتا ہے اور پگڑی نہ رکھ سکتے ہوں۔ یا جن کو گرمی سخت کا دھڑکا ہو یا پیشاب میں جلن ہو یا خاص سوزاک اور کسی طرح سے نہ جاوے۔ ان چاروں عارضوں کے لئے میرا خاص تجربہ ہے کہ اس کو چھ ماشہ آدھ پاؤ پانی سے پیس کر اور دو تولہ مصری ملا کر ایک ہفتہ پینے سے مرض دور ہوتا ہے اور ریاح و رطوبت کو تحلیل کرنیوالی ہے دستوں کو بند۔ اور حیض کو جاری۔ یرقان و تپ کہنہ کو دور کرے اور پیس کر لگانا ورم طحال و خنازیر کو تحلیل کرے۔ اور سرکہ کے ساتھ لگانا بہق کلف درد و نقرس کو دور کرے اور سرمہ میں ملا کر ہر امراض چشم کو مفید ہے +

کشتہ شنگرف - مقوی باہ۔ ممسک نہایت اعلیٰ درجہ کا اس طرح سے کرو شنگرف رومی ۴ تولہ لیکر آب مدار یعنی دودھ چھانا ہوا پانچ تولہ۔ آب لہسن ۵ تولہ۔ شراب دوآتشہ ۵ تولہ۔ آب پیاز ۵ تولہ دو یا تین روز کھرل کریں۔ جب خشک ہو۔ گولا بنائیں اور پھر رتن جوت بیس تولہ لیکر اس کے نگدہ میں رکھکر سمپٹ کر کے چار سیر ابرنہ جنگلی کی آنچ دیدیں شگفتہ برنگ سفید بوزن برآمد ہوگا۔ امید ہے کہ یہ چاندی کو بھی حملان کے لئے رنگ دیگا۔ جو شخص یہ عمل کرے نیک کام کے لئے کرے یہ تاکید ہے ورنہ اس کا کوئی نقصان ہوگا۔ یہ فقیری نسخہ ہے اور اسی طرح سے اجازت ہے کہ غریبوں کی پرورش کیجئے یا آپ اگر تنگ ہو۔ تو صرف روٹی کے لئے نیت کرے +

چیدہ چیدہ ہر مرض کے مجرّب نسخے

طبی معلومات

(۱)۔ آنکھ پر کسی تیزاب مثلاً گندہک یا شورہ یا سرکہ کی کوئی بوند گر جائے تو فوراً ٹھنڈا پانی ڈالو اور سوڈا یا پنج گرین ایک اونس پانی کے حساب سے ڈالکر اُس سے دہو کر پھر روغن کنجد چند قطرے لگاؤ۔ کسی قسم کا دھبہ نہ پڑیگا۔ (۲)۔ گرم کہانا کہانے کے بعد سرد پانی پینا اچھا نہیں۔ اگر طبیعت نہ صبر کرے تو گہونٹ گہونٹ منہہ میں رکھکر پینا کچھہ اچھا ہے (۳) بالاتفاق ثابت ہوگیا ہے کہ فکر دل اور خواہشوں کی زیادتی کا دوران خون و پرورش دماغ پر خراب اثر ہوکر اکثر دماغی و قلبی امراض پیدا ہوتے ہیں۔ اور عمر کم ہو جاتی ہے۔ اگر دلی اطمینان ہو تو صحت اچھی رہتی ہے۔ عمر زیادہ ہوتی ہے۔ جو شخص اپنے مالک حقیقی کیطرف رجوع کرتے ہیں اُنکو کیساہی فکر کیوں نہ ہو وہ دور ہو کر دل کو اطمینان حاصل ہوتا ہے جو صحت کیلئے نہایت ضروری ہے۔ عابد و خدا پرست لوگوں کی عمر زیادہ ہونیکا یہی سبب ہے۔ (۴) بچوں کے جونکیں یا پچھنے لگوانے نہیں چاہہیں۔ عرف مصفّی خون ادویہ ہی سے خون صاف کروالینا چاہیے۔ (۵) زیادہ کہڑے ہو کر کام کرنے سے پاؤں کی رگیں پھول جاتی ہیں۔ اور عورتوں کا رحم اپنی جگہ سے ٹل جاتا ہے اس لئے احتیاط چاہیے۔ (۶) زیادہ جُہک کر کام کرنے سے قوت بینائی و قوت ہاضمہ میں نقصان پہنچتا ہے اور سینہ بدوضع ہو جاتا ہے۔ اور دورانِ خون میں فرق پڑ جاتا ہے اور قبض دائمی۔ بواسیر۔ ضعف ہاضمہ یہ سب عارضے ہو جاتے ہیں۔ (۷) حاملہ عورت کو اگر بار بار قے آتی ہو تو اُس کو مکھی یعنی جوار کلان سرخ کی کھیلیں

بھنی ہوئی چبانا مفید ہیں۔ (۸) السی کے تیل میں جونک کو خوب پکا کر جس جگہ لگا دیا بال پیدا ہونے لگ جائیں گے۔ (۹)۔ جہاں پسو بہت ہوں وہاں اندراین کو پانی میں پیسکر چھڑک دیں پسو دور ہونگے۔ (۱۰) بچے کے قبض کے دور کرنے کی یہہ دوا عمدہ ہے۔ کہ قدرے ترنجبین و شیرخشت عرق بادیان میں حل کرکے پلاؤ۔ (۱۱) پھٹکری کو پیسکر پانی میں حل کرکے وہ پانی چارپائی میں ڈالنے سے کھٹمل دور ہو جائیں گے۔ (۱۲) اگر زیادہ بولنے سے آواز بیٹھ گئی ہو تو قدرے سہاگہ منہہ میں رکھکر چوستا رہے اور لعاب گرانا جائے (۱۳) کہانا ہمیشہ وقت مقررہ پر کہاؤ۔ اور بھوک سے کم کہاؤ۔ (۱۴) بہت گرم یا بالکل ٹھنڈا کہانا مت کہاؤ۔ (۱۵) پانی ہمیشہ چھانکر پیو۔ (۱۶)۔ چارپائی کا استعمال شوقیہ نہ کرو۔ (۱۷) کوئی نشہ کی چیز استعمال نہ کرو۔ (۱۸) جوانی میں بیجا عیاشی نہ کرو۔ (۱۹) ۱۸ برس سے قبل جماع سے پرہیز کرو۔ (۲۰) ۱۹ برس سے ۲۵ برس تک ہفتہ میں ۳ مرتبہ سے زاید جماع نہ کرو۔ (۲۱) ۲۶ برس کی عمر سے ۳۰ برس کی عمر تک ہفتہ میں دو مرتبہ سے زیادہ جماع نہ کرو۔ (۲۲) ۳۱ برس سے ۴۰ برس تک ہفتہ میں ایک مرتبہ جماع کرنا چاہیئے۔ (۲۳) ۴۱ برس سے ۴۹ برس تک مہینہ میں ایک مرتبہ (۲۴) پچاس برس سے زاید عمر میں جب کبھی از خود خواہش ہو۔ (۲۵) سوتے وقت پانی پینے کی عادت نہ ڈالنا چاہیئے۔ (۲۶) سونے کے قبل ہاتھ و پیروں کو خوب صاف کر لینا چاہیئے۔ (۲۷) دیوار سے پلنگ کو دور رکہنا چاہیئے۔ (۲۸) سونیکے دروازے ہمیشہ کہلے رکھنے چاہئیں (۲۹) آٹھ گھنٹے سے زیادہ کبھی نہ سونا چاہئے (۳۰) سونیکا کمرہ بالکل صاف ہونا چاہیئے۔ (۳۱) غسل ہمیشہ جسم کی حرارت کے مطابق گرم کرنا چاہیئے۔ (۳۲) ناشتہ سے قبل اپنی طاقت کیمطابق کوئی ورزش ضرور کرنی چاہیے۔ (۳۳) ورزش ہمیشہ کھلے میدان میں کرنی بہتر ہے (۳۴) کم سے کم تین میل روز پیدل چلو۔

نسخہ جات خاص مجرّب

نسخہ دافع دمہ۔ سوہاگہ۔ نوسادر۔ قلمی شورہ۔ سم الفار۔ برادہ صدف۔ پھٹکری سفید اِن سب کو دو دو تولہ لیکر پھٹکنڈہ کے پانی میں کھرل کریں۔ دوسرے دن شیر مدار میں کھرل کرکے ایک ٹکیہ بناکر خشک کرکے برتن گلی میں دو سیر پختہ چونہ آب نارسیدہ کی تہ میں دیکر ۲ سیر پختہ آنچ پاچلدستی کی دیدیں۔ سرد ہونے پر نکالکر پیسکے سنبھال رکھیں۔ خوراک ۴ چاول بالائی یا مسکہ میں غذا شیر برنج مفید ہے۔

حبوب دافع کھانسی تر و خشک۔ کتیرا گوند ۹ ماشہ۔ غاریقون ۶ ماشہ۔ گوند کیکر ۹ ماشہ رب السوس ۶ ماشہ۔ نشاستہ ۹ ماشہ۔ الائچی خرد ۹ ماشہ۔ سب کو باریک پیسکر عرق بادیان میں گولیاں بقدر جنگلی بیر خرد کے بناکر منہ میں لعاب اسکا چوستے رہیں۔

نسخہ کالی کھانسی کیلئے مجرب۔ جوکھار۔ نوسادر۔ سہاگہ۔ نمک سونچر۔ ہر ایک تولہ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۳ تولہ۔ پیپل کٹائی خرد پختہ ۱۲ تولہ۔ ان سب کو خوب باریک پیسکر ایک کوزہ گلی میں خوب بند کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیکر سفوف باریک کرکے سنبھال رکھیں چار چار رتی لیکر قدرے شکر سفید ملاکر کھلائیں مجرب ہے +

نسخہ مجملاً دافع نزلہ۔ زکام۔ اور تمام امراض کھانسی کو مفید ہے۔ اور سرعت انزال ضعف بدن۔ اعضا شکنی ایسے سب امراض میں سریع الاثر ہے۔ اسکا سب سے عمدہ بدرقہ دودھ ہے۔ سرد مزاج والے گرم گرم دودھ کے ساتھ پھانکیں اور گرم مزاج والے ٹھنڈے دودھ سے یا دودھ کی لسی کے ساتھ یا مناسب شربت سے دینا بھی بہتر ہے مرچ سیاہ مرچ سفید۔ اجوائن خراسانی۔ دس دس جزء افیون خالص پانچ جزء زعفران عمدہ قسیم ڈھائی جزء عاقرقرحا۔ فرفیون نصف جزء سب کو باریک کرکے شہد کف گرفتہ تگنے وزن میں ملاکر برتن میں ڈالکر غلہ جو میں چھ ماہ یا کم از کم ۳ ماہ دفن رکھیں جسقدر پرانا ہو بہتر ہے

خوراک مناسب طبیعت دیکھ کر ایک رتی سے ایک ماشہ تک مرض مذکور کے لیے مفید ہے۔
نسخہ روغن طلسم - دافع نزلہ - زکام - درد دانت - درد پیٹ - درد پسلی - لقوہ -
دمہ وغیرہ کیلیے جادو کہنا بجا ہے - دو بوند یا کم زیادہ سمجھ کر ہر مرض کو دینا واقعی جادو ہے
ست اجوائن تولہ - کافور دیسی عمدہ تولہ - ست لوبان عمدہ تولہ ان تینونکو ایک شیشی
میں ڈالدیں - روغن بنجائیگا خیال رکھیں کہ ایساہی نسخہ امرت دہارا اور ایساہی جیبی طبیب کا ہی
نسخہ دافع درد شقیقہ - جسکو آدہا درد سر کہتے ہیں - سمندر پھل - بکری یا گائے کے
دودہ میں گہسکر مخالف جانب نتھنوں میں نسوار لینے سے فوراً درد کو آرام ہوتا ہے -
اور اگر تمام سر میں درد ہو تو دونوں نتھنوں میں نسوار لینی بہتر ہے اور پینے کے لیے
نسخہ اسطو خودوس باب ۸ میں مجربات میر احمد شاہ لکہا گیا ہے -
نسخہ برائے دفعیہ سرخی و گرانی و سوزش چشم وغیرہ - پھٹکری بریان ۳ ماشہ -
نیل دیسی ۳ ماشہ - کافور دیسی ۳ ماشہ - دودہ بوٹی ستیاناسی ۲ ماشہ عرق لیموں ۲ عدد
ترکیب پہلے کہیل پھٹکری کو دودہ ستیاناسی میں تر کریں جب خشک ہو جائے تو نیل و کافور
بھی ملا کر عرق لیموں سے حل کر کے مانند کاجل کے تیار کریں اور پھر آنکہوں میں لگائیں مفید ہے -
نسخہ سرمہ اصغری - سرب یعنی سکہ پانچ تولہ کو کڑاہی میں گلائیں اور اُس میں سیماب یعنے
پارہ ایک تولہ بھی ملا دیں اور گندہک موصلی سوا سات تولہ کو پاس بیٹھکر رکھیں اور اسکی چٹکی
چٹکی دیتے جائیں اور درخت نیم کی سبز لکڑی جو کہ موٹائی میں انگوٹھے کے برابر ہو اُس کو
بیچ میں پھیرتے رہیں - جب تمام گندہک ختم ہو جائے اور لکڑی دو بالشت کے قریب بھی
جلجائے تو اُس کو سرد کر کے ایک کہرل میں ڈالیں اور اُس میں تخم سرس سیاہ ۳ ماشہ
تخم نیل ۳ ماشہ - فلفل دراز ۲ ماشہ - ممیراں چینی ۲ ماشہ - دُرِ ناسفتہ ۳ ماشہ - ورق نقرہ
ایک ماشہ - ورق طلا ۴ رتی - سب کو خوب پیسکر سنبھال رکھیں - بوقت شب اور
صبح منہ ہاتھ دہو کر دو دو سلائی خدا کا نام لیکر ڈالنے سے ہر مرض چشم کو مفید ہے +

اور نہایت مقوی بصر ہے۔ اس کے مفید ہونیکے ہزاروں سارٹیفکیٹ موجود ہیں یکماشہ

نوٹ۔ اگر کوئی صاحب سرمہ مذکور تیار چاہیں تو محمد اصغر علی مینیجر یونانی دواخانہ

لودیانہ سے ۱۲ ار تولہ کے حساب سے طلب فرمادیں۔ برائے فائدہ عام یہ سرمہ پندرہ

سال سے برابر بناکر فروخت ہوتا ہے۔ اگر یہ سرمہ مفید نہ ہو تو واپسی کا ہم ذمہ کرتے ہیں۔

دیگر نسخہ سرمہ۔ دافع پھولا۔ دھند۔ غبار۔ پڑوال۔ ڈہلکہ۔ وغیرہ۔ نیلہ تھوتھا

مرچ سفید۔ کوئیلہ ببول ۶ تولہ ایک کھرل میں نمبر اول کی دوا ڈالکہ ۴ پہر کھرل کریں

پھر دوسرے نمبر کی دوا ڈالکر ۸ پہر کھرل کریں۔ پھر اس میں نمبر ۳ کی دوا ڈال کر

۱۶ پہر کھرل کریں۔ پس یہ تینوں دوائیں ۲۸ پہر کھرل کر کے شیشی میں سنبھال رکھیں

اور صبح شام آنکھ میں لگائیں۔ مجرب ہے۔

نسخہ حبوب دافع پڑبال۔ فلفل سیاہ ۴ عدد۔ فلفل دراز ۲ عدد۔ کونپل درخت

ڈیک انکو باریک پیسکر گولیاں بقدر جنگلی بیر برابر بناکر سنبھال رکھیں جس کے پڑبال

پڑتے ہوں انکو اکھاڑ کر لعاب دہن سے گولی گھسکر لگائیں۔ چند روز میں آرام ہو۔

نسخہ بامن چشم۔ جو اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ ایک کانسی کے کٹورے پر گدھے کی لید کے

دہوئیں کا جل لگاؤ۔ پھر اس میں ۵ تولہ مسکہ گاؤ ایک سو ایک پانی میں دہو کر معہ افیون خام

۶ ماشہ سفوف سمندر جھاگ ایکتولہ ڈالکہ نیم کی لکڑی سے جس میں ایک پیسہ جڑا ہوا ہو

خوب دو تین روز گھوٹکر سنبھال رکھو۔ پھر صبح شام خدا کا نام لیکر آنکھ میں لگاؤ۔

نسخہ صفائی چہرہ۔ پاؤ بھر بارش کے پانی میں قدرے اجمود ڈالکر رات بھر رہنے

دو پھر صبح خشک کپڑے سے پہلے اپنے چہرے کو صاف کرکے پھر اُس پانی میں اسفنج بھگو کر چہرہ

کو تر کریں اور اسی طرح دن میں چہرہ کو دو تین مرتبہ تر کیا کریں۔ چند روز میں چہرے کا

رنگ نہایت ہی صاف عمدہ ہوگا۔ اگر چہرے کا رنگ دہوپ کی شدت سے سانولا ہو گیا ہو

تو پاؤ بھر پانی میں ایک چمچہ عرق لیموں ڈالکر وہ پانی میں رنگت چہرے کی صاف ہوگی +

دانت ہلنے کو مضبوط کرے - پھٹکری ۔ تخم ریٹھہ ۔ سالم معہ پوست سیاہ کی
مساوی الوزن لیکر ایک کسورہ گلی میں گل حکمت کرکے دو سیر بخینہ پا چکیدسنی کی آنچ دیں
اور سرد کرکے نکالکر سفوف بنائیں اور دنہیں دو چار مرتبہ استعمال کرنیسے دانت سخت ہو جائینگے

نسخہ منجن دافع درد دندان - اور ہلنے کو روکے اور گوشت دانتوں کا نکلا ہوا -
پیدا ہووے - ترپھلہ ۲ تولہ (آملہ - بلیلہ - ہلیلہ) ترکٹا - (سونٹھ - سیاہ مرچ - پکھیں)
نمک شور - طوطیا بریان - پھٹکری سفید - ماجو - نمک لاہوری - نمک سیاہ - چوب
پتنگ ہر ایک چھ چھ ماشہ لیکر پیسکر کسی شیشی میں رکھیں اور انگلی سے ملیں اُس وقت خوب پانی
نکلیگا - یا سپاری - ماجو - بھلانوہ - ہر سہ جلا کر ہموزن پیسکر ریات کو دانتوں پر ملیں مجرب ہے

اکسیر بیس مرضوں کے دافع کرینگی - کستوری ۲ ماشہ - زعفران ۲ ماشہ -
لونگ ۹ ماشہ - جائفل ۱ تولہ - افیون خالص ۱۵ ماشہ - اِن سب کو پیسکر شہد دو چند
میں ملا کر بقدر دانہ ماش کے گولیاں تیار کریں - اور ذیل کی مرضوں پر استعمال کریں
دافع پڑبال - چندروز پانی میں گھسکر آنکھہ میں لگایا کریں - **برای رکاوٹ** - شہد
کے ساتھہ دو گولیاں تین گھنٹہ پہلے کہائیں اور اگر ایک گھنٹہ پہلے وقت ملے تو صرف ایک گولی
کہائیں مجرب ہی - **برائے ملذذ** - ایک گولی لعاب دہن اسپ میں معہ ایک رتی
کافور کے گھسکر لگائیں - **برائے ہاضمہ** - ایک گولی پان میں کہائیں - **برائے
دافع اسہال** - ایک ایک گولی چار چار گھنٹہ بعد چھاچھ گاؤ یا آب آناردانہ یا دہون
چاول سے کہائیں اسہال و سنگرہنی دفع ہو - **برائی مار گزیدہ** - ایک یا دو گولی کھلائیں
اور مقام زخم دانت پر دودہ درخت آک میں دو تین گولیاں گھسکر لگائیں اگر کچھ پیویں
تو اور بھی بہتر ہے - اور بھڑ - بچھو - وغیرہ کے کاٹے پر ریٹھے کے ساتھہ گھسکر پانی میں لگائیں
اگر آنکھہ میں جلن ہو تو آملہ کے رس میں گھسکر آنکھہ میں سلائی سے لگائیں - **سرعت انزال**
کیلئے صبح کیوقت موچرس ۳ ماشہ کے سفوف میں ایک گولی رکھکر دودہ گاؤ سے کھایا کریں

چند روز میں آرام ہو + **دافع جریان** - مغز تخم املی جو بھگو کر نکالا ہو اس کا سفوف ایکماشہ میں ایک گولی رکہکر چند روز دودہ گاوٴ سے کہلائیں + **دافع بدبو دہن** - قدری روغن خشخاش میں ایک گولی گہسکر کہلائیں + **قوت باہ** کیواسطے ایک گولی مکہن گاوٴ میں چند روز کہلائیں **دافع درد سر** - پانی میں ایک یا دو گولیاں گہسکر لیپ کریں درد دفع ہوگا + **بانجھ عورت کو حمل ہو** - ایک گولی روز کشتہ سنگ یہود ۳ رتی میں رکہہ کر شیرہ تخم خربزہ ۶ ماشہ سے چالیس روز تک کہلائیں - خدا کے فضل سے مراد حاصل ہو - اور **یرقان** میں سفوف ترپھلہ ۳ ماشہ میں ایک گولی شہد کے ساتھ کہلائیں + **دافع درد کان** کیواسطے شیر عورت میں قدرے گہسکر کان میں ڈالیں + **شب کوری کیلئے** اپنے تھوک میں گہسکر سلائی سے آنکھ میں لگائیں + **پتھری پیشاب** کے دفع کرنے کیلئے شیرہ گوکہرو ۹ ماشہ سے کہلائیں **دافع دمہ** - سفوف پیپل دراز ایک ماشہ میں ایک گولی شہد سے کہائیں + **کھانسی** کیلئے صرف پانی سے کہائیں اور اگر نزلہ - زکام ہو تو پانی میں پیسکر نسوار لیں بفضل خدا آرام ہو درد جوڑوں کیواسطے جوشاندہ ہلیلہ زرد سے کہلائیں اور اسی طرح مناسب بدرقہ سے اکثر مرضوں کیلئے بھی یہ گولیاں مفید ہیں + **نسخہ دافع بواسیر خونی و بادی** - رسوت زرد - مغز پلاس مغز نیم تولہ تولہ گل ارمنی ۶ ماشہ - باریک پیسکر عرق گلاب میں گولیاں بقدر بیر جنگلی خرد کے بنائیں اور پھر ایک گولی ہمراہ عرق مکو و عرق بادیان پانچ پانچ تولہ سے کہائیں اور گھی خوب کہائیں مجرب ہے + **نسخہ دوم دافع بواسیر ہر قسم** - اجوائن خراسانی - بھنگ - برادہ سم اسپ - ہر ایک چار تولہ لیکر پیشاب بچہ گاوٴ میں پکا کر مثل مرہم بنائیں اور بقدر ۲ ماشہ کپڑے پر لگا کر باندہیں بفضل خدا خود بخود مسّے گلکر گر جائینگے بعد میں کوئی درد نام ہم نہ لگائیں

مجرب تین نسخے عطیہ مولوی فرخی ہیڈ ٹو نرہائینس دی نواب حب الضیا بہادر دربار رامپور

نسخہ اول - ستیا ناسی کا دودہ زرد رنگ کا ہوتا ہے وہ لیکر کیسی آنکھ دکھتی ہو سلائی

بھر کر لگانے سے ایک رات میں آنکھیں خوب صاف ہو جاتی ہیں + **نسخہ دوم** - اگر آنکھ میں سرخی آجائے تو ایک چٹکی انگریزی رنگ جو باریک چورا برنگ سبز ہوتا ہے ڈالدیں۔ جب وہ گھولنا شروع ہوگا تو پانی خوب نکلے گا اور سرخی دور ہو جائیگی + **نسخہ سوم** - برائے دافع درد پسلی جسکو نمونیہ بھی کہتے ہیں - اگر کسی بچہ کو یہ مرض ہو جائے تو ایک بڑا اچھا پانی پیاز کاٹے کر اُسمیں اُسیقدر شیر گاؤ یا شیر مادر ملا کر نیم گرم بچہ کو پلاؤ خدا چاہی فوراً درد دفع ہو اور دم درست آجائے

نسخہ مسہل بے ضرر - حب الملوک یعنی جمالگوٹہ ۲ تولہ لیکر اوّل گوبر گاؤ میں پکائیں پھر پوست اور پتہ دور کرکے اُسکو ایک سیر پختہ دودہ گاؤ میں خوب پکائیں پھر صاف کرکے پاؤ پختہ گوگھرو خشک لیکر اُسمیں پانی ڈالکر اسمیں پکائیں جب اس طرح سے اول صاف کرلیں تو پھر اُس میں بہیدانہ ۶ ماشہ اور رسوت ۶ ماشہ ملا کر باریک کرکے گولیاں بقدر دانہ نخود بنا کر جس کو ایک گولی کھلائیں پانچ سات دست آجائیں گے + **ہدایت** - جب کوئی دوا مصفی خون استعمال کرنی ہو تو پہلے ضرور مسہل کرنا چاہیے +

حبوب قبض کشا - ایلوا زرد - سقمونیا انگریزی - شہد - تخم لیموں ہر ایک تولہ تولہ - گوگل ساڑھے تین ماشے - گوند کیکر ایک ماشہ - ان سب کو باریک پیسکر گولیاں بقدر ماش بنا کر ایک گولی صبح پانی سے کھائیں - چند روز میں شکایت رفع ہو گی +

درد گردہ کا نہایت مجرب نسخہ - جسکے استعمال سے بفضل خدا کبھی درد نہیں ہوتا - ایک خرگوش کو ذبح کرکے اور اُس کا شکم چاک کرکے کل آلایش نکالکر جس قدر ممکن ہو سکے اُس کے شکم میں شورہ قلمی بھر کر اُس کی سلائی کرکے اُس پر کپڑ مٹی کرکے ایسے برتن میں جس میں دو من پانی پڑ جائے ڈالدیں - اور اُس برتن کو آگ پر رکھ کر پکائیں جب ایک من پانی رہ جائے تو سرد کریں اور اُسمیں سے شورہ نکال لیں قایم النار ہوگا - خوراک دو ماشہ تک +

دیرینہ درد خصیوں کا دفع ہو - سہاگہ ۷ ماشہ - اجوائن خراسانی ۹ ماشہ - مرچ سیاہ تین تولہ -

ایلوا انزروت ۴ تولہ - ہینگ اصلی ۴ تولہ - زنجبیل ۳ تولہ - قرنفل ۲ تولہ - ان سب کو کنوار کے پانی میں کہرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں اور تین گولیاں ہر روز کہائیں - درد دفع ہو - اور اگر درد ریح کا ہو وہ بھی دفع ہو - اور خصیوں پر کوکنار ذرا گرم گرم پانی میں تر کر کے باندہنا درد کو رفع کرتا ہے +

حافظہ تیز کرنیکا ایک عمدہ سہل نسخہ - کشتہ مروارید ۳ ماشہ - ست گلو ایک تولہ - دانہ الائچی خرد ایک تولہ - طباشیر عمدہ قسم ایک تولہ - ان سب کو اعلےٰ قسم کے کہرل میں عرق گلاب - اور قدرے روح کیوڑہ دیکر خوب کہرل کر کے گولیاں بقدر دانہ جوار خرد بنا کر رکہیں - اور چند روز کہائیں +

طلا جس سے بال پیدا نہ ہوں - چونہ سنکہ ایک حصّہ - ہڑتال ایک حصّہ - کافور آٹھواں حصّہ - جونک بریان ایک عدد - ان سب کو کانجی کے پانی میں کہرل کر کے جس جگہ کے بال ہٹانے ہوں لگائیں - پھر کبھی بال پیدا نہ ہوں گے - مجرب ہے -

نسخہ حفظ و ماتقدم دافع طاعون - پوست درخت سرس جس کو پنجابی میں سریں بھی کہتے ہیں ایک تولہ لیکر تین چھٹانک پانی میں ڈالکر نرم آگ پر جوشاندہ کر لیویں کہ سرخ رنگ کا خوبصورت عرق نکل آوے - بس اس کو چھانکر ایک بوتل میں محفوظ رکہیں اور علی الصباح نہار منہہ ایک تولہ ہر روز پی لیا کریں - خدا چاہے فضل رہیگا - اگر بیمار کو دینا ہو تو ۳ یا ۴ دفعہ پلائیں - مجرب آزمودہ ہے +

اکسیری نسخہ دافعہ موسمی بخار - شنگرف چھ ماشہ - پارہ پانچ ماشہ - گندہک آملہ سار دار فلفل - مرچ سیاہ - ہر ایک چار چار ماشہ - سب ادویات کو مدار کے پتوں کا پانی نکالکر اُس میں ۴ پہر تک کہرل کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود بنالیں -

تپ والے کو ایک گولی بخار ہونے سے پہلے کھلائیں۔ تپ دفع ہوگا +

نسخہ دافع ناسور ناک۔ نہایت ہی مجرب نسخہ ہے۔ شہد خالص ۵ا تولہ۔ کباب چینی باریک ایکتولہ۔ ان دونوں کو کرچھے میں ڈالکر ملائیں اور پھر اس میں رسکپور ایک تولہ کی ڈلی رکھکر پکائیں۔ جب شہد قریباً تین چار تولہ کے رہ جائے تو رسکپور کی ڈلی نکال لیں اور شہد کو گرا دیں۔ پھر اس رسکپور میں ہر سہ اجوائن تولہ تولہ ڈالکر پانی سے خوب کھرل کرکے گولیاں دانہ ماش کے برابر بنائیں۔ اور ہر روز اکیس روز تک ایک گولی صبح کھانے سے ناسور نہ رہے گا۔ اسی طرح کھانے سے آتشک بھی دور ہوگا۔ اور ذیل کا نسخہ بناکر ناک میں بتی دیں مجرب ہے۔

سیندور ایک تولہ کو برگ ارنڈ کے چالیس تولہ پانی میں کھرل کرکے بتی بناکر ناسور میں رات کو دیں صبح جب اُسے نکالیں گے تو اُس کے ساتھ باریک باریک سفید کیڑے نکلیں گے۔ اسی طرح تین چار روز بتی رکھنے سے ناسور دور ہوگا۔

نسخہ خضاب۔ جس سے سفید بال سیاہ ہو جائیں۔ بھلانوہ چالیس عدد اور برادہ خشت کہنہ پاؤ سیر ان دونوں کو کسی برتن میں ڈالکر اوپر سے پانی بھر دیں۔ اسی طرح سات روز تک برابر ہر روز نیا پانی اور برادہ خست کہنہ بھی ڈال دیا کریں اور پرانا گرا دیا کریں۔ جب سات روز گذر جائیں تو بھلانوہ کو صاف کرکے نگاہ رکھیں موسم سردی میں وہ بھلانوہ ایک عدد اور سیاہ تل مقشر دو تولہ میں ملاکر چالیس روز کھائیں خدا چاہے بال سیاہ پیدا ہونگے۔ اور دوم اس نسخہ کی یہ بھی صفت ہے کہ قوت باہ اس قدر ہوتی ہے کہ جسکا سنبھالنا دشوار ہوتا ہے مجرب فقیر ضیاء الدین صاحب از مکہ معظمہ۔

نسخہ دیگر۔ لگانے سے بال سیاہ ہوں۔ چونہ سفید بجھا ہوا چھ ماشہ لیکر کپڑے میں پانی ڈالکر صاف کریں اور پھر اس میں مُردار سنگ ایکتولہ۔ کھریا مٹی دو تولہ۔ انکی لیٹی سی بناکر بالوں پر لگائیں اور ایک گھنٹہ بعد صابون سے دھو ڈالیں اور کوئی تیل لگالیں بال سیاہ ہوں گے

نسخہ بال صفا۔ بیرم سلفائیڈ۔ یہ ایک انگریزی دوا ہے جو بہت سستی ہی
دو حصّہ نشاستہ گندم ایک حصّہ۔ اکسائیڈ آف زنک ایک حصہ۔ تینوں ملا کر جہاں
لگائیں بال صاف ہوں گے مجرب ہی۔ نہ کسی قسم کا داغ اور نہ تکلیف ہوتی ہے۔

نسخہ اسقاط حمل کو روکے۔ مجرب صدری حکیم نور الدین صاحب بھیروی
کستوری ایک ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ گل سرخ چار ماشہ۔ زیرہ
سفید ۴ ماشہ۔ تخم دہتورا ۱۱ عدد۔ برگ تلسی ۲ تولہ۔ بسباسہ ۲ تولہ۔ برگ سہد بوی ۴ تولہ
سب کو پیسکر گولیاں بقدر نخود بنا کر از ابتدائے حمل تا ایک ہفتہ ایک گولی صبح ایک
دوپہر ایک شام کہائیں۔ پھر چالیس یوم تک صبح شام کہائیں۔ پھر آخر وضع حمل
تک ایک ایک بار کہائیں اور جب بچہ پیدا ہو تو اسکو بقدر ایک باجرہ کے دیکر اوپر سے
دودہ دیدیں۔ اسی طرح سے دودہ چھوڑنے تک اسکو کہلائیں اور بچہ کی ماں بھی کہائے
مجرب ہے۔ اور میرے سے پینے والے تعویذ بھی منگوالیں +

نسخہ حیض باقاعدہ لائے۔ ہیراکسیس سبز رنگ ایکتولہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔
صمغ عربی تین ماشہ۔ اس کی سو گولیاں بنا کر ہر روز ایک گولی رات کو کہلائیں۔
چند عرصہ میں حیض باقاعدہ آئیں گے۔ اور درد وغیرہ سب دور ہو جائے گا۔

نسخہ جس عورت کے سوائے دختروں کے اولاد نرینہ نہ ہو اُن کے لیے مجرب ہے۔
شاخ مروارید ایکتولہ کو لعاب گھیکوار آدہ سیر میں لت پت کر کے ایک کوزہ گلی میں بند
کر کے سات سیر کی آنچ دیکر کشتہ کریں۔ پھر کشتہ ایکتولہ۔ اور مروارید ناسفتہ چار ماشہ
اُنکو عرق کیوڑہ و عرق گلاب میں دو روز کہرل کر کے اُس میں مشک خالص تین ماشہ۔
زعفران اصلی ۳ ماشہ بھی ملا کر کہرل کر کے گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنالیں بعدہ اور عورت
دونوں صبح یا شام ایک ایک گولی کہالیا کریں۔ جب اکیس روز گولیاں کھاتے ہو جائیں
تو عورت سے صحبت کریں۔ انشاء اللہ حمل اولاد نرینہ کا ہوگا۔ مجرّب ہے +

اوائل کی غلط کاریوں کا علاج - قرنفل - دارچینی - بیخ مدار - زعفران ہر چہار ادویہ ہموزن لیکر سایہ میں خشک کرکے خوب باریک پیسکر کٹائی کلاں کرانیں کہرل کرکے طلا کریں - خدا کے فضل سے چندروز میں کجی وغیرہ سب درست ہوجائیگی +

نسخہ دافع جریان - مجربات سردار عبدالصمد خانصاحب رئیس کوئٹہ مغز تخم املی دال ماش بریان ہر ایک چار تولہ - ثعلب مصری - شقاقل - بہمن سرخ - بہمن سفید بیجبند - تالمکھانہ - مغز تخم کونچ - گوندببول - گوند ڈہاک - گوند کتیرا - گوند سنبل آرد سنگھاڑہ - نشاستہ - گندم ہر ایک دو دو تولہ - ان جملہ ادویات کا سفوف کرکے بادام روغن میں چرب کرکے شیشی میں رکھہ لیں - اور پھر بوقت صبح نہار چھ ماشہ دودہ تازہ سے پھانک لیں - چند روز میں آرام ہوگا +

نسخہ دفعیہ رقت وسرعت - آرد گندم پاؤ بھر کو بجائے پانی کے عرق بوٹی ستیاناسی میں گوندھکر اسکی روٹی پکادیں - پھر شہد ۲ تولہ - روغن زرد پاؤ سیر میں چوری بناکر کم سے کم سات آٹھ روز تک اُس کو کھائیں اور باہ وغیرہ کا تماشہ دیکھیں

نسخہ تقویت باہ وممسک - نہایت مجرب سریع التاثیر ہے - لوبان کوڑیہ ۱۰ تولہ - عقرقرحا - دارچینی - جونتری - قرنفل والنے دار - جوزبویہ - مشک کافور ہر ایک تولہ تولہ - زعفران ۲ ماشہ - کستوری ایک ماشہ - جملہ ادویات مرقومہ کو علیحدہ علیحدہ پیسکر ہمراہ زردی بیضہ مرغ اکیس عدد میں کہرل کرکے بذریعہ پتال جنتر روغن نکالکر ایک قطرہ پان میں لگاکر کھائیں اور ایک قطرہ لگائیں اور فائدہ اُٹھائیں مجرب ہے -

نسخہ رکاوٹ بلاخوردنی ادویہ - گھونگچی سرخ وسفید - تخم دھتورہ ہر یک دام تیل گنجد پاؤ بھر خام میں ہر سہ ادویہ جوکوب کرکے ڈالدیں اور زمین کے نیچے اکیس روز دفن کرکے پھر نکالکر روغن صاف کرکے سنبھال رکھیں - وقت ضرورت اس تیل کو ہاتھ پاؤں کے تمام ناخنوں پر لگاکر تماشہ دیکھیں تاوقتیکہ نمک نہ کھایا جائے کام تمام نہ ہو +

نسخہ دافع سوزاک۔ کیکر کے پھول ۴ تولہ۔ اجوائن ایک تولہ۔ لونگ ۴ ماشہ مصری ۹ تولہ۔ سب کا سفوف بناکر دو دو ماشہ کی پوڑیہ بناکر دن میں تین دفعہ چند روز کھائیں کہنہ سوزاک بھی بفضل خدا دور ہو جائیگا۔ یا موم کا تیل نکالکر کھائیں وہ بھی مجرب آزمودہ ہے

روغن دافع سوزاک کہنہ۔ ہلدی کو جوکوب کرکے ایک ہنڈیہ میں معہ ڈھائی سیر دودھ گاؤ کے ڈالکر رکھدیں کہ خشک ہو جائے۔ جب وہ خشک ہو جائے تو اُس کا تپال جنتر سے تیل نکالکر سنبھال رکھیں۔ بوقت صبح ایک سیخ بالائی یا مسکہ میں لگاکر مریض کو چند روز کھلائیں۔ خدا چاہے شفا ہوگی۔ مجرب ہے +

کشتہ سرب دافع سوزاک۔ ایک پاؤ سرب یعنی سکہ لیکر عرق کنوار میں تمام دن کھرل کرکے رات کو ایک کلیہ گلی میں ڈالکر منہ بند کرکے مضبوط کپڑ ولی کریں اور خشک کرکے ایک گڑھا کھود کر دس سیر پختہ پا چکد سنی کی آنچ دیکر سرد کریں کشتہ نہایت عمدہ ہو جائیگا اگر کچھ خام رہ جاوے تو پھر عرق کنوار میں کھرل کرکے پھر آگ دیدیں اسیطرح سے سات آنچ بیشک دیدیں پھر ایک سرخ بالائی میں رکھکر چند روز کھلائیں۔

نسخہ دافع آتشک نہایت مجرب۔ رسکپور۔ دارچکنا۔ ملتانی مٹی ہر ایک تولہ تولہ لیکر باریک سفوف کرکے ایک چینی کے پیالے میں ڈالکر اوپر سے دوسرا پیالہ چینی دیکر کپڑ ولی کریں اور نیچے سوتی بتی کا چراغ جلاکر جوہر اُڑالیں اور یہ جوہر ۱۲ گھنٹے میں تمام اُڑکر اوپر پیالے میں لگ جائیں گے۔ پس اُس کو کھرچ کر ایک شیشی میں سنبھال رکھیں۔ خوراک موافق مزاج ایک چاول سے دو چاول تک کھلائیں شفا ہوگی۔ ترشی۔ بادی۔ روغن سیاہ سے پرہیز +

نسخہ درازی آلہ مرد۔ دار فلفل ایک تولہ سات روز تک بینگن کے پانی میں کھرل کرکے بذریعہ تپال جنتر تیل نکال رکھیں اور ایک قطرہ چھ ماشہ روغن چنبیلی میں حل کرکے رات کو حشفہ سیون چھوڑکر طلا کر لیا کریں۔ چند روز میں حسب دلخواہ درازی

ہوگی۔ لیکن ۳۵ برس کی عمر مریض کی نہ ہو جائے +

نسخہ سطبری یعنی موٹائی - کنجد بیخ ستاور ہموزن دونوں کو لیکر تیل نکالکر تین روز تک مالش کریں۔ مجرب ہے۔ زیادہ بڑی عمر والے مریض کو کچھ فائدہ نہیں ہوتا +

نسخہ روغن کلونجی دافع احتباس طمث - جہائیں جسم یا چہرہ پر ملنے سے آرام ہو۔ دانت میں لگانے سے درد رفع ہو۔ اور کپڑا نہ لگے۔ اگر ۳ ماشہ ہر روز شیر دن تک برابر کہایا جائے تو بال سفید نہیں ہوتے۔ ذہن کو قوی کرتا ہے نہایت عمدہ چیز ہے کلونجی ۸ تولہ۔ ہینگ ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ شکر سفید ایکتولہ ۸ ماشہ۔ نوشادر ساڑھے تین ماشہ۔ جملہ ادویات کو کوٹ کر پتال جنتر سے تیل نکالکر استعمال فرمادیں +

نسخہ روغن دافع نامردی - گندہک آملہ سار بیس تولہ مغز جمالگوٹہ بیس تولہ۔ عرق بوٹی کوکر بہدی جو عام کہیتوں کی باڑوں میں ہوتی ہے مشہور بوٹی ہے انکو پیسکر بوتل میں ڈالکر ۲۲ روز کسی گڑھے نمناک میں دفن کرکے پھر نکالکر اُس کی گولیاں مخروطی شکل کی بناکر سایہ میں خشک کرکے روغن کشید کریں تو روغن سرخ نکلیگا اور دو قسم کا ہوگا۔ جمالگوٹہ کا نیچے ہوگا اور گندہک کا اوپر ہوگا۔ گندہک کی تیل کو لیکر ایک تنکہ پان پر لگا کر کہلائیں۔ اور سیون وحشفہ چہوڑ کر ذرا لگائیں۔ اکیس بائیس روز میں آرام ہوگا +

کشتہ نقرہ جاذب پارہ - نقرہ ایکتولہ کا پترہ بناکر انار دانہ ترش کے پانی میں چالیس بار بجہاؤ پترہ نقرہ کو دیں۔ پھر خار دار تہوہر ۲ تولہ کا نگدہ کرکے اُس میں رکہکر گلحکمت کرکے خشک ہونے پر پانچ سیر کی آنچ دیدیں۔ کشتہ ہوگا۔ اگر ذرا خام رہے تو دوبارہ نگدہ میں رکہکر آگ دیدیں۔ یہ کشتہ ہرن کہری کی بوٹی کے پانی میں پارہ کہرل کرنیسے ۲۴ تولہ جذب کرتا ہے۔ اور لیموں کے عرق میں کہرل کرنے سے ۱۱ تولہ پارہ گرہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔ اگر کسی کے کوئی نشست یاد ہو تو یہ گرہ چاندی ہو سکتی ہے +

دیگر نسخہ کشتہ نقرہ جاذب سیماب - خالص چاندی ایک تولہ کا پترہ بناکر آٹھ پہاڑ شیر دار میں دیں۔ بعد ازاں بوٹی ہل ہل سفید پھول کے پتے پاؤ بھر یا ہاتھی سونڈی بوٹی کے پتوں کے نگدہ میں رکھکر کپڑ مٹ کرکے سات سیر اوپلوں کی ایک گڑھے میں آگ دیدیں چاندی بھسم ہوگی۔ ایک ماشہ چاندی بھسم ایک تولہ پارہ ڈالکر کھرل کریں تو گرہ ہو جائیگی۔

نسخہ نشست جو پارہ کی گرہ بٹھائے - لیکن میری آزمودہ نہیں ایک معتبر روایت سے نسخہ ملا ہوا ہے۔ جو صاحب تجربہ فرمائیں وہ مجھے بھی اطلاع دیں۔ مہربانی ہوگی +

نشست پارہ - عمدہ جست آدھ سیر لیکر اُسکو کڑاہی میں ڈالکر نیچے خوب آنچ کرو۔ اور اُس میں لکڑی درخت سہانجنہ پھیرتے جاؤ۔ یہاں تک کہ جست بالکل کشتہ ہو جائے پھر آدھ سیر پختہ سم الفار سفید لیکر اس کی بیس پوڑیاں بناؤ۔ اور ایک پوڑیہ کشتہ جست کے ساتھ باریک کرکے ملاکر ایک مٹی کے آبخورنے میں بند کرکے دو سیر اوپلوں کی آنچ دیدو۔ پھر سرد کرکے نکالکر دوسری پوڑیہ ملا کر آگ دو۔ غرضیکہ اسی طرح پوری بیس آنچ کردو۔ بس نشست تیار ہوگئی۔ پھر گرہ بناکر اسمیں رکھکر آگ دیدو قایم خدا چاہے نکلیگی +

نسخہ کشتہ چاندی - مجرب دافع دمہ۔ کھانسی۔ بواسیر خونی و بادی۔ ایام ماہواری خلاف عادت اِن جملہ امراض کیلئے یہ کشتہ اکسیر ہے۔ ورق نقرہ یا باریک برادہ نقرہ ایک تولہ لیکر ڈنڈا تھوہر کے پانی میں خوب کھرل کرکے گولی بنائیں پھر ایک پا چکد ستی اڑہائی یا تین سیر میں گڑھا کھودکر اُس میں وہ گولی رکھکر ایک اور پاچکد ستی تین سیر کی دیکر ہوا سے بچاکر آگ دیدیں۔ کشتہ نہایت عمدہ بے چمک ہوگا۔ خوراک نصف رتی ملائی یا مسکہ میں

پرہیز - ترش گرم اشیاء سے۔ غذا لطیف مرغن کا استعمال کریں۔

نسخہ کشتہ چاندی - چاندی تولہ بھر کا ایک پترہ بناکر ایک تولہ زعفران جسمیں درخت سہانجنہ کی جڑ کا پانی ڈالکر پیسا ہو وے دو ٹکیہ بناکر درمیان میں پترہ چاندی دیکر اسپر سہانجنہ کی جڑ کا پوست ایک سیر بھر کا نگدہ کرکے اسمیں رکھکر مضبوط کپڑ وٹی خوب کرکے گجپٹ آنچ دیدیں خدا چاہے کشتہ ایک آنچ میں ہوگا

نسخہ کشتہ شنگرف برنگ سفید - ایک تولہ شنگرف کی ڈلی کو آدہ سیر نگدہ بیخ گلا بانس
میں رکھکر آدہ پاؤ پارچہ لپیٹ کر کسی گوشہ میں ہوا سے بچاکر آنچ دیدیں کشتہ بفضل خدا ہو جائیگا
نسخہ کشتہ مس سفید - ایکتولہ پترہ تانبا کا ایک نگدہ سفید کنیر کی جڑ آدہ پاؤ کا کرکے
اُسمیں رکھکر پانچ سیر پارچہ پرانا لپیٹ کر آگ دیدیں خدا کے حکم سے کشتہ سفید نکلیگا +
نسخہ کشتہ ہڑتال ورقی برنگ سفید - ہڑتال ورقی ۲ تولہ کو ایک نگدہ بوٹی ہندرانی
جو کہ عام مشہور بوٹی ہے نہروں کے گرداگرد سُرخ پھول کی ہوتی ہے آدہ پاؤ لے کر
اُس میں ہڑتال کی ڈلی رکھکر کپڑوٹی کرکے ایک سیر اُپلوں کا سک لیکر اُس میں آگ دیدیں -
کشتہ خدا کی رحمت سے سفید ہوگا - بعض اس سے قلعی کی کوئی کہیں بھی بناتے ہیں
نسخہ کشتہ سونا - سونیکا برادہ باریک یا ورق لیکر اُسکو عرق جولائی خاردار میں خوب
کھرل کرکے پوست ریٹھہ ایک چھٹانک کے نگدہ میں رکھکر آگ دس سیر جنگلی اوپلوں کی دیدیں
اسی طرح سے ہر دفعہ قدرے پانی بوٹی جولائی خاردار میں کھرل کرکے دس آنچ پوری
کرلیں خدا کی مہربانی سے نہایت عمدہ کشتہ ہوگا - جو ہر ایک مرض بدنی کے لئے مفید ہوگا
ترکیب ہڑتال ورقی برنگ سفید اور موسیہ ہو جائے - اور پہر ایک حبہ وزن سفید ہڑتال
قلعی پر ڈالنے سے کچھہ بنجائے - ہڑتال ورقی ایک تولہ کو ایک سیر پیاز کوفتہ میں رکھکر برتن میں
بند کرکے گلکمت کرکے دو سیر کی آگ دیدو - اسیطرح سے نیا پیاز دیکر چالیس آگ پوری کردو
اُمید ہے کہ آخیری آگ میں ہڑتال سفید ہوگی - اکسیری یہ نسخہ ہی میرا تجربہ نہیں لیکن معتبر ہے +
نسخہ ہندوستانی کیمیا گری کا - یہ نسخہ میں نے بڑی محنت اور خدمت کرنے کے بعد
حاصل کیا تھا جو نذر شائقین گنجینہ طبیب کے کرتا ہوں - اُمید ہے کہ جب کوئی صاحب اسکو
بنایا کریں تو اس میں سے کچھہ فقیروں کو بھی کپڑا یا روٹی نام خدا دیدیا کریں +
نیلہ تھوتھا عمدہ دس تولہ لیکر باریک کرکے ایک کپڑہ کی پوٹلی میں باندھ لیویں - پھر اسی پوٹلی
کو تیل سرسوں میں جو کہ لوہے کے برتن میں ہو آٹھہ روز پڑا رکھیں - بعد آٹھہ روز کے اس کو آگ

لگادیں وہ راکھہ ہوجائیگا۔ پس اُس راکھہ کو بذریعہ ماء الحیات یعنی تنہار سہاگہ۔ گھی ہر سہ اجزاء ہموزن دیگر گلائیں۔ اور پھر نیاریوں کی طرح پانی ڈالکر دھوئیں اور تانبہ نکالیں اور احتیاط سے رکھہ چھوڑیں۔ بعدہٗ تانبہ برآمدشدہ کے ہموزن خالص چاندی قرص لیکر اُس کو گلائیں اور تانبہ جو دھوکر نکالا ہے اُسکی چٹکی دیتے جائیں جب تمام تانبہ ختم ہوجائے تو اُس چاندی کی شکل تانبے جیسی ہوگی۔ پس اُس کے برابر اصلی سونا ملاکر جو زیور چاہو بناؤ۔ نہایت عمدہ مقبول سونا ہوگا +

نسخہ دوم حملان زرد پختہ۔ یہ نسخہ مجربات صوفی محمد گل حسن صاحب رئیس سکھر کا ہے :-

اوّل دو چار تولہ جست عمدہ لیکر اس کا قرص بنائیں اور اس جست سے تین گنا زیادہ سم الفار زرد۔ صابون ولیتی۔ نمک سنگ۔ ابرق سیاہ محلول سب کو جدا جدا باریک پیسکر ملائیں اور پھر تین حصہ کرکے ہر ایک حصہ آب لیموں و آب گوار بوٹی میں خوب ہی کھرل کرکے اس قرص جست پر طلا کریں۔ اور خشک کرکے کسی کوزہ میں خوب بند کرکے پہلی آنچ آدھ سیر دیتہ گی اپلہ میں محفوظ آگ دیدیں۔ پھر دوسری دفعہ پیسکر ۳ پاؤ کی آگ دیدیں۔ پھر تیسری دفعہ پیسکر ایک سیر کی آگ دیدیں۔ پس وہ جست اصلی قایم النار ہوجائیگا۔ وہ جست نو ماشہ۔ برادہ حدید ۶ ماشہ۔ سرب دس ماشہ۔ سنگ زرنیخ۔ بازاری سرخ خط کا ڈیڑھ تولہ۔ نقرہ خالص ایک تولہ۔ سب کو عمدہ پختہ گھٹالی میں نیچے اوپر دواؤں کا سفوف کرکے درمیان میں نقرہ رکھہ کر چرخ خوب دیں۔ کہ وزن گھٹالی کی چیز کا دو تولہ رہ جائے۔ یہ کام عقل کا ہے۔ یا سرد کرکے وزن کرلیں جب دو تولہ رہ جائے تو نوسادر سہاگہ۔ پھٹکری سرخ۔ نمک لاہوری۔ ہموزن لیکر سفوف بناکر قدرے قدرے اسکی چٹکی دیتے جائیں۔ جب تمام ختم ہوجائے تو چاندی کی سیاہی وغیرہ سب دُور ہوجائیگی اور وزن بھی تولہ رہ جائیگا۔ پس اس کے برابر اصلی سونا ملاکر جو چاہو بنالو۔ پختہ جوڑہ بنیگا آزمودہ ہے۔ ان نسخوں کے بنانے میں مشق ضروری ہے +

نسخہ حملان نقرہ - مجرب خود ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب سول ہسپتال ایبٹ آباد -
نسخہ - سیماب خالص ایک تولہ - طوطیا سبز دو تولہ کو باریک کرکے ایک آہنی کڑاہی میں
نصف ڈالکر اوپر پارہ رکھکر اوپر باقی طوطیا بھی ڈالدو - اور پھر دو سیر پختہ پانی اسمیں بھر دو
اور آہستہ آہستہ پکاؤ - گھنٹہ دو گھنٹہ بعد ایک تنکے سے سیماب کو دیکھ لینا چاہیئے - کہ پختہ
ہوگیا ہے یا نہیں - پختہ ہونیکی یہ شناخت ہے - کہ تنکے میں لگ جائیگا - پس پھر اس پانی
کو گرا دو - اور اس میں قدرے نمک ڈالکر پانی سے خوب صاف کرکے پارہ علیحدہ کرکے
ایک پیالہ میں ڈالو اور پھر اس پر قدرے عرق لیموں ڈالدو - پارہ سخت ہو جائیگا پس
اس کی گرہ بنالو - پھر ایک عدد سوگندہ بوٹی جسکو پہاڑی جنگلی پیاز کہتے ہیں لیکر اس میں
سوراخ کرکے پارہ اس میں رکھکر اوپر وہی گودا ڈالکر کپڑ روٹی کرکے خشک کرو - جب
خشک ہو جائے تو اس کو آٹھ سیر اوپلوں کی آگ دیدو - کشتہ ہو جائیگا - پھر ایکتولہ عمدہ تانبا
لیکر چرخ دیکر ۳ ماشہ کشتہ سیماب کی چٹکی دیدو - تانبہ سفید ہو جائیگا - پس تانبہ سفید
اور خالص چاندی ہموزن چرخ دیکر جو چاہو بناؤ مقبول عام ہے +

نسخہ اکسیری حملانی - سیماب اصلی صاف شدہ ہو ایک تولہ - گندھک آملہ سار عمدہ ایکتولہ
منسل عمدہ ایک تولہ شنگرف رومی عمدہ ایک تولہ - طوطیا سبز انگریزی اڑہائی ماشہ ان
سب کو عرق تھوہر بے خار یعنی سیم تھوہر کے پانی میں دو پہر تک کھرل کرکے جست شیریں
عمدہ پانچ تولہ کے سمپٹ (ڈبیہ) میں بند کرکے یکے بعد دیگرے گیارہ کپڑ مٹ
کریں - جب خوب خشک ہو جائے تو ایک گڑھا کھود کر آنچ پا چاید ستی صحرائی ایک من کی
دیدیں - جب سرد ہو جائے تو نکالیں سب ایک ذات ہو کر کشتہ کی صورت کا نکلے گا -
پھر اس کو مس پر طرح کریں وہ مس تانبہ نہیں رہے گا +

دوسری طرح سے بھی یہ تیار ہوتا ہے یہ لکھنا ضروری ہے کہ بعض دفعہ گڑھے کی آگ کو
ہوا لگ جاتی ہے تو عمل خراب ہو جاتا ہے - اس لیے مبتدی اس طرح سے بناکر کام

میں لائیں۔ تمام دوائیں مذکور لیکر اسکو خواہ تھوہر بے خار کے پانی میں یا گنوار گے
پانی میں کہرل کر کے جست کی کٹوری میں اندر اندر لیپ کر دیں۔ (جست کی کٹوری ہی ہو
سمپٹ کی ضرورت نہیں) پھر نمک لاہوری (جو عام کہانے کے کام آتا ہے) آدہ پاؤ
کو جو شیر مدار پندرہ تولہ میں کہرل کر کے خشک کر کے اِس جست کی کٹوری میں جس میں دوائی
کا لیپ لگا یا ہوا ہے بھر دیں۔ کٹوری ایسی ہی پہلے سے بنوانی چاہیے۔ جس میں پورا نمک
آجائے۔ پھر ایک ہانڈی مٹی کی میں اوندہا کر کے رکھہ دیں۔ اور اُس پر ایک چہوٹا سا مٹی
کا پیالہ دیکر ذیل کے مصالحہ سے مہر کریں۔
قند سیاہ چھ تولہ۔ لوہ چون ۹ ماشہ۔ میتھی ایک تولہ۔ انکو خوب باریک پیسکر اِس
مٹی کے پیالہ کی درزوں کو مثل جل مندرہ کے لگا دیں۔ اور پھر اس باقی خالی ہانڈی
کے حصہ میں بالو ریت بھر دیں تاکہ ذرا بھی خلا نہ رہے۔ ہانڈی کا منہہ بند کر کے چولہے
پر رکھیں اور آٹھ پہر تک اِس ہانڈی کے نیچے آگ جلائیں۔ آنچ آہستہ آہستہ تیز کریں
بعد آٹھ پہر کے آگ بند کر دیں۔ جب ہانڈی سرد ہو جائے تو اس کو نکال کر سنبھال
رکھیں ایک ماشہ اسکو تولہ مس پر طرح کریں۔ عمدہ ہلکے درک کا سونا ہوگا۔ جو چاہیں بنا کر فروخت
کریں مقبول بازار ہوگا۔ اور دوسرا اگر اس کشتہ کو ادرک کے پانی میں سات دفعہ
تشقیہ اور تشویہ دیکر بعدہٗ آب مقطر قرعیاں میں سات روز کہرل کر کے آنچ دیدیں۔
پھر مختلف امراض کیلئے مناسب بدرقہ سے استعمال کریں نہایت مجرب ہے۔ بارقہ طبیب کی سمجھ پر منحصر ہے
نوٹ۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ملان کے نسخے میں ذرا بھی غلطی ہو جاتی ہے تو عمل خراب
ہو جاتا ہے۔ اِس لئے ہوشیاری سے بنانا چاہیے۔ اگر ایک دفعہ کوئی غلطی ہو جائے
تو پھر بنائیں۔ پھر ہاتھ صاف ہو جائیگا۔ کبھی خطا نہ ہوگا +
نسخہ آواز درست کرے۔ خولنجاں لیکر اسمیں قند نے شہد ملا کر گولیاں بنا کر منہہ میں رکہیں
نسخہ دیگر۔ ایکتولہ شربت بنفشہ میں ۲ ماشہ قلمی شورہ ڈالکر پی جائیں اور بعد میں لیٹ رہیں آواز صاف ہوگی

نسخہ دیگر۔ آملہ پختہ۔ عاقر قرحا۔ خولنجان۔ یہ سب ہموزن لیکر آب پان میں خوب کھرل کرکے گولیاں بنائیں اور ایک گولی منہہ میں رکھیں۔ آواز صاف ہوگی۔

موسم گرما میں لڑکوں کو پلائیں۔ تو گرمی سے بالکل نہ گھبرائینگے اور طاقت ہوگی۔ گل نیلوفر۔ کشنیز۔ دھانی کھیلیں۔ کاسنی۔ خرفہ۔ کاہو۔ ہر ایک تین تین ماشہ۔ طباشیر ایک ماشہ۔ مصری ۳ ماشہ۔ ان کو بھگو کر سرد پانی میں رکھہ چھوڑیں اور دن میں ۳ یا ۴ دفعہ آب مقطر کرکے موسم گرمی میں بچوں کو پلائیں اور مسکہ گاؤ سر پر لگائیں +

نسخہ دافع خارش۔ بدن یا ہاتھ کی انگلیوں یا ان کی جڑوں میں ہو۔ اور خارش سے پانی بھی نکل آتا ہے۔ اس کے لئے نہایت مجرب۔ میرا تجربہ شدہ ہے۔ گلونجی تولہ۔ سندھک آملہ سار تولہ۔ گیرو تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ۔ ان کو باریک کرکے ایک روٹی کے درمیان میں رکھکر پکاؤ۔ جب روٹی پختہ ہوجائے تو دوائیں روٹی مذکور والی نکالکر روٹی خوب صاف کرکے اس کو گھی میں چوری کرکے کھائیں اور دوا کے سفوف میں تیل کنجد ملاکر وہ جائے خارش پر خوب لگائیں +

نسخہ فقیری۔ نہایت مجرب دافع جریان تخم ملنگاں آدھ حصہ۔ عاقر قرحا ایک حصہ ان کو خوب ہی باریک کرکے مویز منقےّ میں گولیاں بقدر نخود بنا کر ایک گولی صبح ایک شام دودھ گاؤ سے کھائیں۔ اور پرہیز ترشی۔ بادی۔ قابض۔ تیل والی اشیاء سے ضروری ہے +

نسخہ افیون چھوڑانیکا۔ عنبر زرد۔ کونپل ارنڈ۔ جائفل ہر ایک تین تین ماشہ سب کو باریک کرکے گولیاں بمقدار معمول افیون بنا کر کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالے چندروز کے استعمال سے عادت افیون کی چھوٹ جائیگی +

ضمیمہ عطیہ از حکیم عبدالرزاق صاحب سنوری ریاست پٹیالہ

باب (۳۳) تینتیواں

خواص ستیاناسی

یہ ایک خودرو بوٹی ہے جسکو شجرۃ السّوم۔ سم شوفی۔ ہمکیشری۔ کٹارہ۔ ہیم سکھد۔ کیموں تھل بھی کہتے ہیں۔ پنجاب و ہندوستان میں ماہ جیٹھ۔ ہاڑ۔ ساون میں بکثرت پانی والی جگہ کے قریب قریب ملتی ہے۔ قد میں آدھ گز سے بھی اونچی۔ پتوں پر کانٹے اور سفید ریشے ہوتے ہیں۔ شاخ توڑنے سے زرد رنگ کا دودھ (زرد آب) نکلتا ہے اور پھول نازک زرد رنگ کا اور اُس کے ڈوڈہ اور اُس میں چار خانے جن میں سے (بارود کے مشابہ) سیاہ رنگ کے دانے نکلتے ہیں۔ مزاج اِس کا درجہ دوم یا سوم میں گرم خشک ہے۔ اوّل تو اس کا نام ہی بتلاتا ہے کہ یہ جمیع امراض کے ستیاناس کرنے والی ہے اِس کے پھل۔ پھول بیج۔ تخم۔ پوست۔ شاخ۔ برگ۔ دودھ۔ جڑ۔ وغیرہ میں عجیب و غریب تاثیرات و خواص ہیں۔ منجملہ ان کے تقویت باہ۔ بدن۔ کمر۔ پشت۔ تولید و تغلیظ منی امساک۔ رفع سیلان۔ جریان اوجاع مفاصل اورام بدن میں تو بہت ہی مفید ہے۔ جن کے فوائد جدا جدا مع ترکیب استعمال وغیرہ آگے لکھے جاتے ہیں

فوائد تخم ستیاناسی

(۱) کتنا ہی پُرانا پھوڑا کسی جگہ ہو اُس کے تخموں کو باریک کر کے پانی ملا کر بطور مرہم لگائیں فوراً آرام ہو (۲) تخم ایک کرکے پانی ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح ایک دوپہر

ایک شام لیکر اللہ کا نام پانی سے نگلو۔ اول درجہ مصفیٔ خون دافع خارش بھوڑا اچھپنی ہے۔ (۳) تخم ستیاناسی و سیاہ مرچ ہموزن پیسکر پانی سے سگ گزیدہ کو پلاؤ فوراً ایک دو قے آکر آرام ہوگا۔ (۴) نیلگر اس کے تخمونکو بجائے اپیکا کوانا کے استعمال کرتے ہیں (۵) بچے ان کو آگ پر ڈالکر پٹاخے بجاکر خوش ہوتے ہیں (۶) کشتہ سم الفار اس طرح سے عمدہ اس سے بنتا ہے ایک کڑاہی میں سم الفار کی ایک تولہ کی ڈلی رکھکر تھوڑے تھوڑے تخم ستیاناسی کو اس پر ڈالتے جائیں اور نیچے نرم آنچ رکھیں۔ جب تیل نکلنے پر آئے تو فوراً آنچ کو بند کردیں اور سرد ہونے پر چولہے سے اُتار کر دیکھیں کہ عمدہ سفید براق ملائم کشتہ ہوگیا ہے یا نہیں اور پھر اس کو کسی حکیم کی رائے سے استعمال کریں (۷) تخم ستیاناسی۔ آتشک۔ خارش پورانے زخموں کیلئے نہایت مفید ہے تخم کے برابر جب البنیل اور ان دونوں کے برابر مصری ملاکر باریک کرکے سات سات ماشہ ہمراہ آب استعمال کریں (۸) قے۔ دست۔ اور زرد پانی کے نکالنے ورم شکم اور درد جوڑوں اور استسقاء کے دور کرنے میں اسکے تخمونکو بڑا کمال حاصل ہے صرف تخم اور ہموزن کھانڈ ملاکر سات سات ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھائیں مجرب ہے +

فوائد روغن تخم ستیاناسی

روغن عمدہ طرح سے نکالنے کی دو ترکیبیں ہیں جو ذیل میں درج ہیں

(۱) کسی اُستاد تیلی سے کوہو میں تیل نکلواؤ (۲) تخم ستیاناسی کو باریک کرکے دیگچی میں پانی ڈالکر خوب ملو اور چولہے پر چڑھاکر آگ روشن کردو۔ تھوڑی دیر میں تیل اوپر تیر آئیگا۔ اس کو آہستہ پانی پر سے اوتار لو۔ تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ ایک سیر پختہ تخموں میں سے پانچ چھٹانک تیل نکلتا ہے ہیضہ والے کو تین تین چار چار قطرے دو دو گھنٹہ بعد دینے سے نیند آجاتی ہے اگر کسی کو قے کرانی ہو تو زیادہ مقدار میں دینے سے فوراً قے ہوجائیگی۔ درد شکم پیچش۔ کھانسی کالی کھانسی کیلئے نہایت مفید ہے۔ خارش والے کو اور وجع مفاصل کو تیل کا ملنا مفید ہے۔ بخار کی بھی دفع کرتا ہے بعض ملکوں میں اسکو چراغوں میں جلاتے ہیں اور بعض اس سے اکسیر کا بھی کام لیتے ہیں +

فوائد گل ستیاناسی

مقوی باہ۔ دافع کثرت احتلام۔ مغلظ منی۔ دافع جریان۔ سوزاک ہے۔ گل ستیاناسی کو سایہ میں خشک کرکے اس کے برابر طباشیر نیلگون۔ دانہ الائچی خرد۔ خوب ہیسکر ملائیے۔ گل ستیاناسی سے چوتھائی زعفران کو کیوڑہ میں کھرل کرکے حسب ضرورت شہد ڈالکر گولیاں بمقدار نخود بنائیں اور پھر ایک گولی صبح اور ایک دوپہر اور ایک شام ہمراہ دودھ خدا کا نام لیکر کھائیں۔ بفضل خدا ایک ہفتہ میں جس مرض کے لئے کھائی ہے دیکھیں *

فوائد برگ و شاخ

(۱) ترکیب کشتہ ہرتال ورقی :- ایک کڑاہی میں پانچ سیر پختہ نغدہ برگ ستیاناسی میں ہرتال ایکتولہ کو رکھکر کسی برتن سے ڈھانپ دیں اور گرداگرد مٹی وغیرہ سے بند کردیں نیچے اسکے ۱۸ گھنٹے برابر نرم آنچ جلائیں۔ سرد ہونے پر نکالکر دیکھیں کشتہ ہو جائیگا (۲) عرق برگ ستیاناسی آشوب سرخی۔ خارش چشم کیلئے مفید ہے (۳) شاخ کو مقشر کرکے گوشت میں پکانے سے بڑی لذیذ ہوتی ہے (۴) ذیل کے نسخے کا حلوا (مقوی بدن و باہ مولد مغلظ منی دافع جریان و سرعت انزال ہے) تازہ شاخ ستیاناسی کو مقشر کرکے سایہ میں خشک کریں۔ پھر آرد نخود مقشر۔ آرد گندم۔ آرد غلہ کنگنی۔ ہر چہار آرد پاؤ پاؤ پختہ۔ آرد مغز پنبہ دانہ آدھ پاؤ پختہ۔ ان سب کو آدہ سیر پختہ روغن گاؤ میں بریان کرکے پھر شیر گاؤ سوا سیر پختہ شہد ڈیڑہ سیر پختہ۔ مصری حسب ضرورت۔ اور بریان کیا ہوا آٹا ڈالکر حلوا بنائیں اور پھر سرد ہونے پر دانہ الائچی خرد۔ بسباسہ۔ زعفران ہر ایک چھ ماشہ کیوڑہ میں پیسکر دانہ الائچی کلاں ایکتولہ ڈالکر خوب حل کریں اگر زیادہ مقوی کرنا ہو تو مغز بادام مقشر۔ مغز نارجیل مقشر۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ حسب مزاج یہ چیزیں داخل کریں اور پھر صبح شام سات سات ماشہ دودھ سے کھائیں اور موافق مزاج کے خوراک زیادہ کرتے جائیں۔ یہ نسخہ

اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اس سے بہتر کوئی نسخہ نہیں (۵) فوائد زرد آب جو بوٹی سے نکلتا ہے قدرے زبان پر ملنے سے چند یوم میں لکنت کو آرام ہوتا ہے (۶) دودھ کو گھی میں ملا کر جالا دھند۔ ڈھلکہ۔ خارش سرخی چشم کو دور کرتا ہے (۷) برگ ستیاناسی کی رُتھا کی نخود برابر گولیاں بنائیں۔ دردشکم۔ دردسر۔ اسہال کہنہ۔ دمہ۔ کھانسی والے کو بدرقہ مناسب کے ساتھ دینے سے فائدہ ظاہر ہوتا ہے (۸) ستیاناسی کے پتوں کا دودھ چار تولہ کے قریب ہر روز پینے سے جذام۔ آتشک۔ مایوس العلاج کو ایک چلہ میں بالکل فائدہ ہو جاتا ہے۔ (۹) برگ ستیاناسی کے نگدہ کو زخم حیوانات پر باندھنے سے بہت جلدی فائدہ ہو جاتا ہے۔ (۱۰) کشتہ فلوس جو کہ مقوی باہ ممسک و مولد منی دافع دردکمر و پشت اوجاع مفاصل کیلئے اکسیر ہے۔ اس کے بنانے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ رافلاس۔ ولیفں ۶ ماشہ۔ ہڑتال ورقی ۶ ماشہ کو باریک کرکے فلوس موٹا کے زیروزبر رکھ کر آدھ سیر پختہ نگمدہ برگ ستیاناسی میں رکھ کر ایک سیر پختہ پارچہ سفید لپیٹ کر گجپٹ کی بند آنچ صحرائی اوپلوں کی دیں۔ سرد ہونے پر نکالکر نیم چاول سے ایک چاول تک مسکہ یا ملائی تازہ میں رکھکر کھلائیں ایک ہفتہ میں بفضل خدا کامل فائدہ ہوگا۔ پرہیز ترش و بادی اشیاء سے ضروری ہے

فوائد جڑ ستیاناسی

اسکی جڑ کا پوست لیکر سایہ میں خشک کرکے اس کے ہموزن شکر ملا کر پانچ یا سات ماشہ ہر روز ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ تقویت باہ۔ تغلیظ منی۔ سرعت انزال وغیرہ کیلئے مفید ہے۔ اور یہ یاد رہے کہ یہ بوٹی ہر جگہ دستیاب ہو جاتی ہے۔ عموماً جہاں سیلاب ہوتا ہے وہاں بکثرت ملتی ہے۔ اور اس بوٹی سے بعض بعض کاریگر اکسیر بھی بناتے ہیں اس لئے یہ بوٹی بدن کے لئے بھی اکسیر ہے +

(تمام شد)

فہرست مضامین کتاب گنجینۂ طبیب پانچواں اڈیشن

مختصر فہرست ادویات تیار کردہ کارخانہ محمد صغیر علی منیجر یونانی دواخانہ لودیانہ

سرمہ اعجاز نما - یہ سرمہ بفضل خدا ہر مرض آنکھ کیلیے مفید ہے اور پندرہ برس سے برابر بارہ آنے تولہ کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے نہایت مقوی بصر ہے اور ہزارہا پلٹن میں اور رئیسوں کے پاس جا رہا ہے قیمت ۱۲ ؍ تولہ

سفوف دافع جریان - یہ منحوس مرض آجکل عام جوانوں میں دیکھی جاتی ہے اسکے لیے ہمارا سفوف بفضل خدا اکسیر کا حکم رکھتا ہے قیمت چودہ خوراک ۲ ؍ کل حال فرمایش پر لکھنا چاہیے قیمت اسکی کم صرف فائدہ عام کے سبب رکھی ہے ورنہ یہ اکسیر نسخہ بھی ارزاں ہے

سفوف دافع سوزاک اس مرض کی تکلیف خدا دشمن کو بھی نہ دکھائے ہمارا سفوف اسکے لئے تیر بہدف ہے سب حال مرض کا مفصل لکھکر بارہ خوراک ۱ ؍ میں طلب کریں

سفوف مقوی معدہ - یہ سفوف ہر حصہ معدہ کو طاقت دیتا ہے اور معدہ کی کل بیماریوں کو مفید قیمت فی تولہ ۱ ؍

حبوب اسی سفوف کی فی درجن ۳ ؍

سفوف دافع دمہ یعنی ضیق النفس کھانسی دمہ بہت پرانی کھانسی کو کہتے ہیں یہ ایک مہلک مرض ہے اس مرض کا نسخہ کامل بنایا گیا ہے جو کئی برسوں سے تجربہ میں آ رہا ہے ۳ خوراک سے آرام ہوتا ہے لیکن ۱۴ خوراک کھا لینی چاہئے قیمت ۷ خوراک ۱ ؍ ۱۴ خوراک ۸ ؍ ۔

منجن دندان - اس منجن کے استعمال سے دانت اور مسوڑوں کا درد دور ہو جاتا ہے قیمت فی تولہ ۱ ؍

حبوب قبض کشا رات کو ایک گولی کھاؤ فی درجن ۳ ؍

سفوف دافع طحال اسکے کھانے سے چند روز میں طحال جس کو تلی کہتے ہیں آرام ہوتا ہے۔ خواہ کتنی مدت کی ہو چند مدت میں دفع ہو جاتی ہے قیمت ۱۲ ؍

حبوب دافع بواسیر خونی و بادی ہر قسم ان گولیوں کے کھانے سے مرض دور ہوتی ہے اور خون بند اور مسے خود بخود جھڑ جاتے ہیں قیمت ۲۰ خوراک عہ۔ سب حال اور عرصہ ضرور لکھو

ادرار حیض - یہ مرض آجکل عام ہو رہا ہے بفضل خدا ہماری گولیوں اور جوشاندہ کے استعمال سے باقاعدہ خون آنے لگجاتا ہے - اور اگر حمل بھی نہ ہوتا ہو تو حمل ہو جاتا ہے قیمت ۸ ؍

سفوف کشاف حیض کو روکے قیمت ۱۱ خوراک ۸ ؍

معجون و روغن - مقوی و دافع سستی عضو تحریری فضول تجربہ شرط ہے کل غلط کاریوں سے جو مرض سستی کی ہو کھانے اور لگانے سے آرام اس سے کوئی تکلیف اور پرہیز نہیں قیمت ۸ ؍ فرمایش کیوقت مفصل حال مرض کا لکھنا چاہئے

سیاحت ہند امیری

المعروف

سفرنامہ حبیبیہ مجلد سنہری قیمت مع محصولڈاک گیارہ آنے

حالات سیاحت امیری والئے افغانستان کا ایسا مفصل اور باتصویر سفرنامہ جناب نے نہ دیکھا ہوگا اور طرفہ یہ بھی کہ جلد سنہری اور سرورق سنہری رنگدار بطرز جدید چھپا کر کتاب کو نہایت عمدہ ابتدا ئر تاریخی حال افغانستان سے شروع کرکے کل حالات سیر ہند پر نہایت واضح طور پر لکھا ہے اور موقع بموقع تصویریں دکھائی ہیں مثلاً امیر عبدالرحمن خانصاحب مرحوم والد ہز میجسٹی حبیب اللہ خانصاحب تصویر دربار راولپنڈی ۔ تصویر سردار دوست محمد خان تصویر غلام حیدر خان کمانڈر انچیف تصویر وائسرائے کشور ہند لارڈ منٹو ۔ تصویر ہز مجسٹی حبیب اللہ خان والئے سلطنت خداداد افغانستان ۔ تصویر سردار نصر اللہ خانصاحب برادر کلاں ہز مجسٹی حبیب اللہ خانصاحب ۔ تصویر شہزادہ عنایت اللہ خاں فرزند کلان ہز مجسٹی ۔ غرضیکہ یہ سفرنامہ ہر طرح سے قابلِ تعریف بے نظیر ہے اور اس سفرنامہ کی بابت اِنڈیا کے نامی انگریزی اردو اخبارات نے بڑے زور سے ریویو لکھے ہیں کہ ایسی خوبصورت عمدہ کم قیمت پر کوئی کتاب نہ ہوگی اگر اسکی قیمت دو روپیہ ہوتی تو بھی کم تھی لیکن یہ مطبع قاسمی کا ہی حوصلہ ہے کہ صرف مع محصولڈاک ۱۱ر رکھے ہیں ۔ اگر شوق ہے جلد منگوائیں ۔ تھوڑی جلدیں باقی رہ گئی ہیں

اِطلاع ۔ شکر ہے خداوند کریم کا کہ وہ قرآن مجید ہفت رنگ منقش طلائی جو ہز مجسٹی حبیب اللہ خانصاحب بہادر والئے افغانستان کے اسم گرامی پر طبع ہو رہا تھا وہ اب مکمل ہوگیا ہے جسکا ہدیہ للعہ روپیہ بغیر جلد کے ہے جس صاحب نے لینا ہو جلد حاصل کریں ورنہ پھر اس ہدیہ کو ذرا ملنا مشکل ہوگا کیونکہ چند جلدیں اردو ترجمہ کی اور چند فارسی ترجمہ کی باقی ہیں ۔ نمونہ کا پرچہ ۔ ر ٹکٹ لفافے میں بھیجکر طلب فرمائیں بس ایک نادر قرآن مجید ہی جو پہلے ایسا شاید شاہی کتب خانوں میں بھی قلمی نہ ہوگا

المشتہر ۔ محمد صفدر علی محمد قاسم مالکان قاسمی پریس لودیانہ ۔ پنجاب

کیا آپ ہنر سیکھکر روپیہ پانا چاہتے ہو؟

تو

پانچسو بیوپار کتاب جوکہ ہمارے پاس لالہ بینی رام نے چھپواکر برائے فروخت بھیجی ہے طلب فرماکر اُسکو ملاحظہ کریں اور اُس میں طرح طرح کی چیزیں بنانے کی ترکیبیں درج ہیں مثلاً صابون۔ کاغذ۔ ربڑ۔ دیا سلائی۔ چار کی سفری ٹکیہ۔ بسکٹ۔ دودھ کا سفوف بیقوا دا ٹم کاغذ کے بٹن۔ بال سیاہ کرنا۔ جسم کا رنگ خوبصورت کرنا۔ چھاپہ کا کام۔ سیاہی وغیرہ بنانا۔ گوٹا بنانا۔ گلوبند بنانا۔ دس بوند سے ایک گلاس شربت بنانا۔ جواہر بھری ٹوکری بنانا طلسمی انگوٹھی۔ تار برقی۔ فوٹو گرافی۔ گھڑی سازی۔ عرق کافور۔ پوڈر۔ تیل بال اُڑانیکا عرق ہر قسم کھینچنے کی ترکیب اور بہت قسم کے چیدہ چیدہ ہنر تعدادی پورے پانچسو تحریر کیے ہیں۔ یہ کتاب آٹھویں دفعہ چھاپی گئی ہے مجلّد ہے قیمت مع محصولڈاک بجائے ایکروپیہ جلد آنے کے ہم صرف ۱۴ آنہ میں مع محصولڈاک روانہ کرتے ہیں۔ اگر جناب کو خواہش ہے تو جلد منگوائیں بعد ختم ہو جانے کے پھر افسوس ہوگا۔

حکمت کی نادر کتاب بنام گنجینہ طبیب

جوکہ پانچویں دفعہ مع ضمیمہ کے طبع ہوئی ہے قیمت صرف مع محصولڈاک ایکروپیہ۔ یہ کتاب ہر ایک کے گھر میں رکھنے کے لایق ہے جلد منگوائیں ایسا نہ ہو کہ فروخت ہو جائیں۔ مجموعہ قوالی دو حصے اِس نام کی کتاب جس میں ہر گانے کا نام اور وقت اور گلا صاف کرنیکا نسخہ اور چیدہ چیدہ نعتیں غزلیں دوہڑے پنجابی کافیاں درج ہیں آپکے دل خوش کرنیکیلیے طبع کرائی ہے قیمت ہر دو حصہ معہ محصولڈاک ۱۲ آنہ ایک حصہ ۸ آنہ اور کئی کتابیں چھوٹی چھوٹی غزلوں کی بھی تیار ہیں۔ جو فرمایش پر روانہ ہو سکتی ہیں +

المشتہر۔ محمد اصغر علی محمد قاسم مالکان قاسمی پریس لودیانہ (پنجاب)

لودیانہ کے نادر تحفے

ٹسری صافے - جن کا آجکل خوب رواج اس وجہ سے زیادہ ہوتا جاتا ہے کیونکہ یہ ایک عمدہ مضبوط اور بمثل ریشم سیل خور ہیں - برسوں پہنو پھٹنے میں نہیں آتا - زیادہ خوبی یہ بھی ہے کہ گھر میں جب چاہو ذرا صابون یا ریٹھو لیسے دھولو - بالکل نیا چمکدار معلوم ہونے لگ جاتا ہے - قیمت خاکی رنگ صاف ۳ - ۴ - ۵ - ۶ - ۸ دس روپے تک جس قیمت کا چاہو مل سکتا ہے - سفید رنگ صافے ۹ - ۱۰ سے ۱۵ تک طاؤسی رنگ کا صافہ ۳ سے لیکر سات روپیہ تک کا ہے - اور رنگدار چار خانے بھی ۳ سے لیکر ۴ روپیہ تک کے موجود ہیں اور بڑھیا فرمائش پر تیار ہو سکتے ہیں +

زردار ہر قسم کے ٹپکے - ساخت لودیانہ ہمارے ہاں موجود ہیں اور سادہ ہر قسم کے ٹپکے بھی موجود ہیں جناب کو جس رنگ اور قیمت کا مطلوب ہو تحریر فرمائیں اُسی قیمت کا روانہ ہوگا - خاکی - سرخ - عنابی - سیاہ - چینیا - ماشی - زردار ۳ - ۴ - ۵ - ۶ - ۸ - ۱۰ سے لیکر دو سو روپیہ تک کے کنار یدار بھی ہیں جس ناپ کا جیسا مطلوب ہو صاف صاف لکھو - سادہ ٹپکے بھی ہر قسم اور قیمت کے ہیں سوتی - ریشمی - جسکو گربھی کہتے ہیں یہ بھی ۹ سے پندرہ ۱۵ روپیہ تک کے موجود ہیں -

ریشمی زنانہ دوپٹے کنارا زردار - یہ خاص قسم کے خوبصورت دوپٹے عورتوں کیلئے ہیں جکے کنارا اور پلوؤں میں زری نہایت خوشنما بطرز بنارس ڈالی ہوئی ہے - قابل دید تحفہ قیمت زری دار ۸ سے ۱۰ اور سادہ بلا زری ۴ سے ۸ تک کے موجود ہیں معشوقوں کے دینے کو عمدہ کم خرچ بالا نشین تحفہ ہے -

ازار بند ریشمی ہر رنگ کے ۸ - ۱۰ - ۱۲ ایکروپیہ سے ۴ تک کے اور سوتی رنگدار سے ۴ تک سوتی سفیدار سے ۴ رنگ کے - **ڈوریاں - پراندے** ریشمی سوتی ۴ - ۶ - ۸ سے لیکر ۳ تک کے موجود ہیں -

سرمہ اصغری جو ہر مرض چشم کیلئے مفید ہے اور پندرہ برس سے برابر تیار کر کے ۲ روپیہ تولہ فروخت کر رہے ہیں اگر شوق ہو ضرور استعمال کر کے فائدہ دیکھیں مفصل فہرست کارخانہ کو ۰ کا ٹکٹ بھیجکر طلب کریں

المشتہر محمد اصغر علی سوداگر و پروپرائٹر قاسمی پریس لودیانہ پنجاب

سرمۂ اصغری

دافع جمیع امراضِ چشم

یہ سُرمہ قیمتی اجزاء سے مرکب ہے۔ جو بفضلِ خدا آنکھ
کی ہر مرض کو فائدہ بخشتا ہے۔ قوتِ باصرہ کو
زیادہ کرتا ہے۔ دُھند۔ غبار۔ جالا۔ ڈھلکہ کو روکتا
ہے۔ یہ سرمہ پندرہ سال سے برابر فروخت ہو رہا
ہے۔ جس نے ایک دفعہ اِس کا اِستعمال کیا
وہ ہمیشہ اِسی کا شیدا ہو گیا۔ ہزاروں سارٹیفکیٹ
موجود ہیں۔ تعریف فضول۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے
خود تجربہ فرمائیں۔ قیمت ہر خاص و عام سے بارہ آنے
فی تولہ۔ تجربہ کے لئے ۴ ماشہ تک بھی مِلسکتا ہے۔

المشتہر

پبلک کا خادم

محمد اصغر منیجر یونانی دواخانہ

دریابانہ ۲ پٹنہ